باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری لاہور ®

143

شعبان، رمضان 1439 ہجری

2018ء


گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل



پرچم عبقری

قیمت فی شمارہ 50 روپے

رمضان کریم
Ramadan Kareem



سات سال سے قائم روزہ تھا رمضان میں عمل کیا بہار آگئی!

باسی روٹی اور دہی کی حیرت انگیز طاقت کا خزانہ ٹھنڈی بہار

وقت افطار 40 بار زم زم کی تلاوت اور کمال ہوگیا!

- رمضان کی ایسی عبادات جنہیں ہم عبادات ہی نہیں سمجھتے
- شوہر کی 13 سال پرانی ڈسٹ الرجی 15 دن میں ختم
- جب سے جیب میں نقش ڈالا پیسے ختم نہیں ہوتے
- رتن جوت کا قہوہ پیا دل کے بند وا لوکھل گئے
- اللہ تعالیٰ کو درخواست لکھنے سے مکان مل گیا
- ٹھنڈی سحری اور افطاری کیلئے دو ٹوٹکے
- گھر بیٹھے حسن افزاء ہربل کاسمیٹکس بنائیں
- نزلہ زکام کھانسی کا آئس کریم سے علاج
- خونی بواسیر کے لئے بہترین ٹوٹکہ

ہمارے کمالات

بچے مساجد سے نکال دو! شور کرتے ہیں!

ستو! بہترین ذائقہ طاقتور اور ٹھنڈک کا بادشاہ

حضرت حکیم صاحب کی آمد
کراچی 6 مئی 2018 بروز اتوار دوپہر ایک بجے
صائمہ ٹریڈ ٹاور بالمقابل جنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی

ہمدرد عبقری ایجنسی ہولڈر درکار ہیں ادارہ عبقری کو درج بالا دو شہروں میں اپنی ادویات و رسالہ کی ایجنسی دینے ملال طور پر مخلص پارٹیاں درکار ہیں۔ پہلے آئیے پہلے پائیے کی بنیاد پر ایجنسی دی جائے گی

0332-7552384

Follow Ubqari موبائل پر لکھ کر 40404 پر میسج کریں

Youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari ماہنامہ عبقری ★ گھریلو الجھنیں میگزین ★ روزنامہ اینٹی کرپشن

facebook.com/ubqari www.ubqari.org اخبار عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ عبقری سوشل میڈیا

عبقری گروپ آف میڈیا

http://www.urdutube.net

عَبقَرِیِّ حِسَانٍ ﴿القرآن﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ

بیاد

حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

زیر سرپرستی

حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 11 | جلد نمبر 12 | مئی 2018ء شعبان/رمضان 1439 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور مئی 2018ء

مرکز روحانیت کا ترجمان

ایڈیٹر شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، ضیاء حیدر اعوان، راشد شمسی

قیمت فی شمارہ 50 روپے

سالانہ ممبرشپ 1080 روپے بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: میرے پیغام کا خلاصہ یہ ہے کہ ہر مسلمان کو دیانت داری، خلوص اور بے غرضی سے پاکستان کی خدمت کرنی چاہیے۔ (27 اگست 1940ء)۔ مزید فرمایا: قدرت نے آپ کو ہر نعمت سے نوازا ہے، آپ کے پاس لامحدود وسائل موجود ہیں، آپ کی ریاست کی بنیادیں مضبوطی سے رکھ دی گئی ہیں۔ اب یہ آپ کا کام ہے کہ نہ صرف اس کی تعمیر کریں بلکہ جلد از جلد اور عمدہ سے عمدہ تعمیر کریں اور آگے ہی آگے بڑھتے چلے جایئے۔ (پہلی سالگرہ پر پیغام)

کیا میں نے اس خاک داں سے کنارا	جہاں رزق کا نام ہے آب و دانہ
بیاباں کی خلوت خوش آتی ہے مجھ کو	ازل سے ہے فطرت میری راہبانہ

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے، وہاں سالہاسال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے، یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں شکریہ! (رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534)

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں، کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں، سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

فہرست مضامین

صفحہ نمبر	عنوان	صفحہ نمبر	عنوان
3	کالی بلی کے کمالات	27	صرف پہلا روزہ رکھنے والے بچے پڑھیں
4	درِ مصطفیٰ ﷺ کے موتی، آپ بھی چن لیں	28	میں سونا گھر میں اور ملتا صبح قبرستان سے ہوں
5	مقام علی ابن ابی طالبؓ احادیث نبوی ﷺ کی روشنی میں	29	قبر میں جنتی بہن کا تمام بہنوں کے نام ایک پیغام
6	بچے مساجد سے نکال دو! شور کرتے ہیں!	30	قارئین کے سوال، قارئین کے جواب
7	7 سال سے فاقہ زدہ تھا، رمضان میں عمل کیا بہار آگئی!	31	سحر و افطار میں اپنی غذائی عادات بہتر بنایئے
8	رمضان کی ایسی عبادات جنہیں ہم عبادت ہی نہیں سمجھتے	32	یہ تحریر صرف خواتین پڑھیں! اور حیران ہوجائیں
9	باسی روٹی اور دہی کی سحری! طاقت کا خزانہ ٹھنڈی بہار	33	خواتین پوچھتی ہیں؟
10	رمضان المبارک کے مشکل کشاء انوکھے وظائف	34	سنو! بہترین ذائقہ، طاقتور اور ٹھنڈک کا بادشاہ
11	مخلص رہیں! اس رمضان میں پیاس اور بھوک ہرگز نہ ستائے گی!	36	قارئین کے آزمودہ طبی چٹکلے، دعائی اعمال، تجربات اور مشاہدات
12	روحانی بیماریوں کا روحانی علاج	36	دل کے مریض کی بے چینی ٹوٹکہ سے ختم
13	طبی مشورے	37	موروثی بواسیر تین دن میں ختم
14	جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار)	39	رمضان میں قبض اور معدے کی گیس کے لئے
16	آیئے! جو منگتے نہیں پہلے ان کا برتن بھرتے ہیں!	39	رتن جوت کا قہوہ پیدائل کے بند دا کھل گئے
17	قارئین کی آزمودہ تحریریں	40	ایک راز تھا جو آج بتا رہا ہوں
19	گھر بیٹھے حسن افزاء ہربل کاسمیٹکس بنایئں	41	پیٹ اور ویٹ دونوں ٹھیک
20	رمضان میں کلونجی کا ساتھ ہرگز نہ چھوڑیں کیونکہ	42	چھوٹی الائچی اور میتھرے کے فوائد جو مجھے ملے
21	آپ کا سوال، حضرت علامہ لاہوتی کا جواب	43	آسان ٹوٹکہ اور کمی خون کا آزمودہ علاج
22	کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے	44	کسی کے عشق میں دیوانہ تھا
23	شوہر کی 13 سال پرانی ڈٹ الرجی 15 دن میں ختم	45	محمد رسول اللہ احمد رسول اللہ کے نقش کا فائدہ
24	ایک قصہ ایک حقیقت یا افسانہ	46	شرابی کی شراب چھوٹ گئی
25	لوگ [illegible] بتایا آپ کے مرض کا علاج روزہ ہے!	47	پرسکون نیند پانے کے بائیس آزمودہ راز
26	وقت افطار [illegible] پڑھی اور کمال ہوگیا!	49	روزگار کی وجہ سے پریشان تھا

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

عبقری کی تمام کتابیں دستیاب ہیں

[illegible] انٹرنیشنل

[illegible] 042-37552384

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803

E mail:contact@ubqari.org

http://www.urdutube.net/

محمد طارق محمود نے اظہار مسرت کیا کہ عبقری گلبرگ لاہور سے شائع ہوا کرے گا۔ مزنگ چونگی قرطبہ چوک کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔

Digitized by Google

مبارک گھریاں بجنے دیں گھر والوں کی خوشی دیدنی ہو ماہ مبارک کی پہلی رات کو ہی اپنی نسلوں کے تحفظ سے بچنے گھریلو الجھنوں سے نمٹنے روحانی اور دنیاوی فوری امداد کیلئے عبقری کی پرانی فائلیں پڑھیں اور گفٹ کریں۔

رمضان المبارک میں ہر گھر، ہر فرد کی ضرورت

سٹوڈنٹس، حفاظ کرام اور دماغی کام کرنے والے افراد کیلئے انوکھا تیر بہدف ٹانک

اکسیر البدن


بچے، خواتین، نوجوان اور بوڑھے افراد کیلئے بھرپور طاقت کا خزانہ



شدید گرمی کا روزہ جب آپ کو نڈھال کردے تو نماز عشاء اور تراویح سے پہلے اکسیر البدن دودھ کے ساتھ کھائیں لاجواب قدرتی توانائی پائیں۔ اگلے روزہ کیلئے بالکل فریش اور پراعتماد ہوجائیں۔ قیمتی ملٹی وٹامنز کا خزانہ

صرف 300 روپے میں
علاوہ ڈاک خرچ

رمضان کا بہترین ساتھی



فشاری۔۔۔ پریشان زندگی کو پرسکون بنانے والا لاجواب فارمولہ۔ ایسے مایوس مریض جو ہائی بلڈ پریشر سے بالکل بیزار ہوں ٹینشن، ڈیپریشن سے مایوس ہوں الرجی دانوں، کیل، مہاسوں اور جلد کی رنگت جلنے کے شاکی ہوں ان کو بھروسے سے "فشاری" استعمال کرنی چاہیے۔ چہرے کے سنجیدہ مسائل چند دنوں میں ہمیشہ کیلئے ختم۔ رمضان کریم میں فشاری گولیوں کو عرق گلاب کے ساتھ ملا کر چہرے پر لگائیں اور عید پر انوکھا کمال آپ خود نہیں دوسرے بتائیں گے۔ آپ کچھ عرصہ فشاری استعمال کرکے یقینی صحت اور شفاء یابی پاسکتے ہیں۔ سوفیصد ہربل کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں۔

"فشاری" گولیاں ہر قسم کا ٹینشن اور پریشان زندگی کو پرسکون بنادیتی ہے۔ اس کے استعمال سے تھکے اعصاب، جھکڑا جسم اور متاثر اعصاب پھر نئی زندگی پانے لگتے ہیں۔ زندگی سے الجھے بلڈ پریشر کے ہاتھوں الجھے ہوئے افراد فشاری جڑی بوٹیوں سے بنی "فشاری" کھا کر بالکل مطمئن زندگی گزارتے ہیں لاجواب، بااعتماد اور بے شمار دفعہ کی آزمودہ ہے۔


قیمت صرف 200 روپے

نورتن شفاء بیماروں کا شافی علاج

موٹاپا۔ بواسیر۔ گلٹی۔ خون صفاء۔ چہرے کے داغ۔ زخم۔ امراض پیٹ۔ اٹھرا۔ شوگر۔ [illegible]۔ اعصابی دردیں۔

آج ہی آرڈر بھیجیں اور شفاء پائیں۔ قیمت 150 علاوہ ڈاک خرچ





انسانیت بیماریوں سے پریشان اگر صرف دسترخوان کا قبلہ درست کرکے اسے مسنون طریقے پر لائیں تو بے شمار بیماریوں کا خاتمہ ہوجائے۔



آسان وظائف اور روحانی ٹوٹکے جو عبقری کے لاکھوں قارئین نے بار بار آزمائے ہر مشکل دکھ پریشانی سے نجات پائی۔



یورپی ترقی کا اسلام سے موازنہ دونوں رخ قارئین کے سامنے اس کتاب کا مطالعہ آپ کو بتائے گا کہ ہم تاریخ راہوں پر کیوں چل رہے

صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً کتابیں، (کلاسیکل اور صوفیانہ) برتن، نقش ونگاہ شدہ پرانے دروازے، کرسیاں، میز، الماریاں (جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو) لکڑی، تانبے، کانسی، پیتل کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتی کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت باامان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بڑی ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔ آپ کا بہت شکریہ! (ادارہ)

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد

کراچی: 6 مئی 2018 بروز اتوار دوپہر ایک بجے
صائمہ ٹریڈ ٹاور بالمقابل جنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی

کاغان: جولائی 2018 (تفصیلات آئندہ شمارہ میں)

چترال: ان شاء اللہ عنقریب درس ہوگا (تفصیلات آئندہ شمارہ میں)

سکھر اور اندرون سندھ: ان شاء اللہ عنقریب درس ہوگا (تفصیلات آئندہ شمارہ میں)

دائرہ دین پناہ ضلع مظفر گڑھ: یکم فروری 2019 بروز جمعۃ المبارک
جنڈوالا ضلع بہاولنگر: 2 فروری 2019ء بروز ہفتہ

مزید تفصیلات کیلئے 0322-4688313

پراسرار عملیات، وظائف اور تعویذات

کے راز اور کمال شیخ الوظائف سے سیکھنے کیلئے

عبقری روحانی کلاس فری

27 جنوری 2019ء بروز اتوار تسبیح خانہ لاہور میں ہوگی صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک

اجازت عام

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

انسان کے بُرا ہونے کیلئے صرف اتنا کافی ہے کہ وہ۔۔۔

حضرت معاذ بن انس جھنی رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ جو شخص کسی مسلمان (کی عزت و آبرو) کو منافق کے شر سے بچاتا ہے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ایک فرشتہ مقرر فرمائیں گے جو اس کے گوشت یعنی جسم کو دوزخ کی آگ سے بچائے گا اور جو کسی مسلمان کو بدنام کرنے کے لیے اس پر کوئی الزام لگاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو جہنم کے پل پر قید کریں گے یہاں تک کہ (سزا پا کر) اپنے الزام (کے گناہ کی گندگی) سے پاک صاف ہو جائے۔ (ابوداؤد) ☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ایک دوسرے سے حسد نہ کرو' خرید و فروخت میں خریداری کی نیت کے بغیر محض دھوکہ دینے کیلئے بولی میں اضافہ نہ کرو' ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو' ایک دوسرے سے بے رخی اختیار نہ کرو اور تم میں سے کوئی دوسرے کے سودے پر سودا نہ کرے۔ اللہ کے بندے بن کر بھائی بھائی بن جاؤ۔ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے' نہ اس پر زیادتی کرتا ہے اور (اگر کوئی دوسرا اس پر زیادتی کرے تو) اس کو بے یار و مددگار نہیں چھوڑتا اور نہ اس کو حقیر سمجھتا ہے۔ اس موقع پر رسول اللہ ﷺ نے اپنے سینہ مبارک کی طرف اشارہ کر کے تین مرتبہ ارشاد فرمایا: تقویٰ یہاں ہوتا ہے' انسان کے برا ہونے کیلئے اتنا کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو حقیر سمجھے۔ مسلمان کا خون' اس کا مال' اس کی عزت و آبرو دوسرے مسلمان کے لیے حرام ہے۔ (مسلم) ☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ رمضان کی رات میں ایک مومن بندہ نماز پڑھتا ہے جس نماز کے ہر سجدہ پر اس کیلئے ڈیڑھ ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور اس کیلئے جنت میں سرخ یاقوت کا ایک اتنا بڑا گھر بنایا جاتا ہے جس کے ساٹھ ہزار دروازے ہوتے ہیں اور ہر دروازے پر سونے کا ایک محل ہے۔ (یعنی گویا ساٹھ ہزار محل بنائے جاتے ہیں) اور پورے ماہ رمضان میں کسی بھی وقت خواہ رات ہو خواہ دن اگر سجدہ کرے تو اس کو ایک اتنا بڑا درخت [illegible] میں سوار پانچ سو سال تک دوڑتا ہے۔ (الترغیب والترہیب جلد ۲ صفحہ ۹۳)

ایڈیٹر کے قلم سے

حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

کالی بلی کے کمالات



ایک صاحب مسلسل روتے ہوئے رونا بھی ایسا کہ جس میں ہچکیاں ختم نہیں ہو رہی تھیں' اپنی زندگی کی ناکامیوں کی داستان مجھے سنا رہے تھے' ایک بات بار بار دہرا رہے تھے کہ میں جب بھی کہیں جاتا ہوں میرے آگے سے کالی بلی گزر جاتی ہے بس!!! یہ گزرنا ہوتا ہی ہے کہ میرا سب کچھ ختم ہو جاتا ہے اور میں ہر میدان' ہر قدم پر ناکام ہو جاتا ہوں' آخر یہ کالی بلی میرے پیچھے کیوں پڑ گئی ہے' میں نے ایک ملنگ بابا سے سنا ہے کہ جو بندہ کسی مقصد کیلئے جائے اور مقصد میں اگر کامیاب ہونا چاہتا ہے تو وہ اس بات کا خیال رکھے کہ اس کے سامنے کالی بلی کا گزرنا بس یوں سمجھ لیں ناکامی کی آخری دلیل ہے' ملنگ بابا نے مزید کہا راہیں بدل لینا' راستے بدل لینا' منزلیں بدل لینا کالی بلی کو سامنے نہ آنے دینا۔ اس کی ہچکیاں' آنسو اور روتی داستان جہاں دردناک اور غم ناک تھیں' وہاں حیرت انگیز بھی تھیں کہ اس کا یقین کالی بلی پر ایسا جم گیا تھا کہ وہ ہٹائے نہیں ہٹتا تھا اور مایوسیاں بظاہر اس کا مقدر تھیں' کاروبار کیا' ختم ہو گیا' کئی جگہ نوکریاں کیں ناکام' بیماریاں' گھر میں جھگڑے لڑائی' ناچاقی' مستقل کے مصائب' تکالیف اور مستقل کے مسائل یہ تمام چیزیں اس کے ساتھ لگی ہوئی تھیں [illegible] اس جادو کی رٹ لگانے والے' جنات کی رٹ لگانے والے' نظر بد کو بار بار پکارنے والے روز آتے ہیں لیکن کالی بلی والے اور کالی بلی سے ڈسے کوئی لاکھوں میں ایک آتا ہے' یہ بدقسمت انسان کئی لاکھوں میں ایک تھا جو دن رات کالی بلی کے خیال اور تصور میں اپنی ناکامیوں کا سبب تلاش کرتا رہتا تھا۔ قارئین! اللہ کے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بلی کو پسند اور ایسے کتے کو ناپسند کیا ہے جو [illegible] پالا جائے اگر وہی کتا رکھوالی اور حفاظت کیلئے ہو تو اس کی شریعت اجازت دیتی ہے لیکن بلی کا پیار تو دین اسلام میں بہت زیادہ ہے۔ مجھے اس بات کا احساس ہے کہ جنات بلی کی شکل میں آتے ہیں [illegible] ہوتے ہیں لیکن میں ان تمام قارئین سے آج وہ راز دارانہ باتیں کروں گا جو بظاہر کسی کے دل میں ہوتی ہیں لیکن اظہار نہیں کر پاتے اور بعض ایسے ہیں جو اس کا اظہار کرتے ہی رہتے ہیں۔ کالی بلی کا وجود بھی انہی رازوں میں سے ایک راز ہے۔ بلی کبھی انسان دشمن نہیں ہوئی اور نبی ﷺ کی پسندیدہ مخلوق کبھی شریر' خبیث اور ناپاک جنات کی شکل میں نہیں آتی۔ جنات نیک بھی ہوتے ہیں اور بد بھی ہوتے ہیں' لیکن بلی کا نظام جنات کے ساتھ بہت تھوڑا ہے' بعض لوگ یہ شکوہ کرتے ہیں کہ رات کو بلی ڈراؤنی آوازیں نکالتی ہے حالانکہ ان کی اپنی ایک مخصوص آواز ہے اور یہ بلی اس دوران میں نکالتی ہے جب اس کے بچے پیدا کرنے سے پہلے کا نظام شروع ہوتا ہے اور یہ اس نظام کے شروع ہونے کی مخصوص آوازیں ہوتی ہے' جنہیں ہم اپنے گھر میں جادو جنات اثرات ہونا کا نام پر لگا دیتے ہیں۔ بلی کا سامنے سے گزر جانا اس بات کی دلیل ہے کہ ہمیں بلی سے پیار کرنا چاہیے' نفرت نہیں کرنی چاہیے' اسے غذا دینی چاہیے' اس کی خدمت کرنی چاہیے اسے مارنا نہیں چاہیے' اس سے نفرت نہیں کرنی چاہیے۔ میں نے تو بلیوں کی خدمت کرنے والوں کو بہت زیادہ کامیاب' کامران' صحت مند اور دولت مند ہوتے دیکھا ہے۔ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے یہ خیال' گمان اور سوچ ذہن سے نکال دیں کہ بلی ہماری ناکامی کا ذریعہ ہے' ہماری ناکامیوں کا سبب ہمارے گناہ ہیں' نافرمانیاں ہیں حتیٰ کہ نظروں کا بھٹک جانا بھی انسان کی زندگی سے کامیابیاں چھین لیتا ہے اور ناکامیاں دے دیتا ہے۔ کتنے لوگوں نے مجھے خود یہ بات کہی کہ ہم نے نظروں کی حفاظت کی اور حیرت انگیز طور پر ہمارے کام بننا شروع ہو گئے' ہمارے مسائل حل ہونا شروع ہوئے اور ہماری الجھی مشکلات سلجھنا شروع ہوئیں' بلی پیار مانگتی ہے' محبت مانگتی ہے' خدمت مانگتی ہے' بے زبان ہے اس کے اندر کی خاموش دعائیں لینی چاہئیں۔ جو بادلوں سے اوپر چلی جاتی ہیں' جو پہلے آسمان سے نکل کر ساتویں آسمان پر پہنچ کر دستک دیتی ہیں اور عرش الٰہی میں اس کی شنوائی ہوتی ہے۔ صحابہؓ' اہل بیتؓ اور اولیاء صالحینؒ کی زندگیوں میں بلی سے محبت اور پیار کے واقعات سے تاریخ کے اوراق بھرے ہوئے ہیں۔ کبھی بلی کو اپنے لیے ناکامی کا ذریعہ نہ سمجھیں۔ ہمیشہ بلی کو اپنے لیے محبت' کامیابی اور عافیت کا ذریعہ سمجھیں۔ آئیں آج کے بعد بلی کا خوف اپنے دل سے نکال دیں' اگر راہ چلتے ہوئے آپ کے سامنے بلی آ جائے یا آپ کے آگے سے بلی گزر جائے تو اسے محبت کی نظر سے دیکھیں اسے پیار کی نظر سے دیکھیں اور علامہ لاہوتی صاحب کے صفحے میں آپ نے بھی ایک چیز پڑھی ہو گی میں نے بھی پڑھی کہ بے زبان جانوروں کو اعمال کا ہدیہ دیں' چاہے ایک بار درود پاک' کلمہ یا کوئی چیز پڑھ کر ان کو ہدیہ دیں اور دل ہی دل میں یہ خیال کریں کہ یہ ہدیہ پہنچا ہے اور انہیں اپنے مقصد کیلئے دعاؤں کا عرض کریں اس واقعہ کے بعد بے شمار لوگوں نے اس کے نتائج بیان کیے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے نام کی برکت سے بے زبان کی دعاؤں کی وجہ سے ان کے مسائل حل ہوئے ہیں۔ آیئے! بے زبان کی دعائیں لینے کیلئے بلی سے محبت کریں نا کہ نفرت!

http://www.urdutube.net/

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

درسِ روحانیت و امن

درِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے موتی، آپ بھی چن لیں

بھئی ایک مخلص کہنے لگے: ”جی ہمیں تو اس رسالے (ماہنامہ عبقری) نے بچا لیا۔“ میں نے پوچھا کیسے؟ کہنے لگے ہم نے ہر چیز کو کہا یہ شرک ہے اور اس میں شرکیہ چیزیں ہوتی بھی ہیں۔“ کہنے لگے: جب سے عبقری آیا ہے اس میں قرآن کی آیات، مسنون دعائیں، اللہ کا فرمان عطا کیا ہے کہنے لگے :ایک دفعہ ہم نے شرطیں لگائیں ایک کہنے لگا یہ بریلویوں کا رسالہ ہے، ایک کہنے لگا نہیں دیوبندیوں کا رسالہ ہے، ایک کہنے لگا نہیں شیعوں کا رسالہ ہے۔ یہ کہنے لگے شرطیں لگائیں کوئی ثابت نہ کر سکا۔ میں نے کہا ہماری سب سے بڑی کامیابی یہ ہے کہ ہمارے اوپر کسی مسلک کی چھاپ نہیں ہے، اسلام کی چھاپ ہے، کیا خیال ہے؟ ہم ایک جذبے کو لے کر چل رہے ہیں ہمارے سامنے فرقہ بندی نہیں ہے۔ علاقہ بندی نہیں ہے، نسل پرستی نہیں ہے قومیتیں نہیں ہیں۔ بس اسلام نے ہمیں ایک نام دیا ہے کہ ہم مسلمان ہیں بس اس کے علاوہ کوئی لفظ نہیں ہے اور ہم ایک جذبے کو پھیلا رہے ہیں اور اللہ کے فضل سے یہ جذبہ چل رہا ہے، مخلوق کی خدمت ہو رہی ہے، جہاں دنیا بن رہی ہے وہاں آخرت کے جذبے پیدا ہو رہے ہیں، موت کے قریب آنے کا اور موت کی تیاری کا ایک سلسلہ بن رہا ہے کہ مرنا ہے اللہ کو راضی کر کے مرنا ہے۔ قبر آخرت کی تیاری کرنا ہے۔ زندگی مختصر ہے، اس مختصر زندگی کے اندر دنیا کے گھمبیر مسائل بھی ہیں۔

وظائف کا ثبوت احادیث سے: میں نے ایک صاحب کو عرض کیا کہ: تم یَا بَارِئُ یَا وَهَّابُ یَا کَرِیْمُ پڑھا کرو۔ اس نے پڑھنا شروع کیا۔ اس کے کچھ مسئلے تھے اللہ پاک نے اپنے نام کی برکت سے مسائل حل فرمائے ایک دفعہ تو مجھ سے آ کر کہنے لگے: میں نے ایک بندے سے اس وظیفہ کے بارے میں کہا تو وہ کہتا ہے یہ وظیفہ پڑھنا شرک ہے۔ اب آپ مجھے بتائیں کہ یہ وظیفہ کہاں سے شرک ثابت ہے؟ میں نے کہا: میں صرف ایک حدیث سناتا ہوں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: عوف بن مالک اشجعی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میرے بیٹے سالم کو دشمن گرفتار کر کے لے گئے ہیں اس کی ماں سخت پریشان ہے، مجھے کیا کرنا چاہیے؟؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں اور لڑکے کی والدہ کو حکم دیتا ہوں کہ تم کثرت کے ساتھ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھا کرو۔ ان دونوں نے حکم کی تعمیل کی اور یہ کلمہ کثرت سے پڑھنے لگے اس کا اثر یہ ہوا کہ جن دشمنوں نے لڑکے کو قید کر رکھا تھا وہ کسی دن ذرا غافل ہوئے لڑکا کسی طرح ان کی قید سے نکل گیا۔ ان کا ایک اونٹ اس کو مل گیا۔ اس پر سوار ہوا اور دوسرے اونٹوں کو ساتھ لگا کر اپنے والد کے پاس پہنچ گیا۔ ان کے والد یہ خبر لے کر آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ کو سارا ماجرا سنایا۔

درِ مصطفی ﷺ کے موتی، آپ بھی چن لیں: سرور کونین ﷺ نے جو وظیفہ بتایا تھا وہ میں نے کثرت سے پڑھا اور اس کی برکت سے سب زنجیریں، سب قید خانوں کے دروازے سب کچھ ٹوٹ گئے اور میں خود بھی آیا اور یہ مال غنیمت بھی ساتھ لایا ہوں۔ اعمال کے ذریعے سے ہماری ضرورتیں پوری ہونگی، اعمال کے ذریعے سے ہم نفس اور شیطان کی قید سے، فقر کی قید سے، غلامی کی قید سے، تنگدستی کی قید سے، مقدمات کی قید سے، جیلوں کی قید سے، پریشانیوں کی قید سے نکلیں گے۔ صرف اعمال کے ذریعے نکلیں گے۔ یہ ایک پیغام ہے یہ ایک روحانی ہیلپ لائن ہے۔ یہ ہمارا درس ایک ہیلپ لائن ہے جو مخلوق خدا کو اللہ کی محبت، اللہ کے تعلق کا ایک پیغام پہنچاتی ہے کہ: جو لوگ ساری دنیا کے اسباب اختیار کر کے تھک چکے ہوں! جن لوگوں کے رو رو کر آنسو خشک ہو چکے ہوں! اب خون کے آنسو شروع ہو چکے ہوں! ہر بندے نے اپنا دروازہ بند کر دیا ہو! تنہائی کے مارے ہوئے لوگ! در در کی ٹھوکریں کھائے ہوئے لوگ!

آئیں!! ہم آپ کو ایک پیغام دیتے ہیں وہ پیغام یہ ہے کہ درِ مصطفی ﷺ سے ہمیں جو موتی ملے ہیں آئیں ہم لوٹا رہے ہیں آپ بھی اُس میں سے چند موتی چن لیں اور سرور کونین ﷺ نے جو ہمیں قرآن کے نام سے، احادیث کے نام سے نعمتیں اور تحفے دیئے ہیں اُن نعمتوں اور تحفوں کو ہم آپ تک پہنچا رہے ہیں۔ ہمارے اپنے گھروں کی داستانیں ہیں۔ ہم نے یہ وظیفے خود نہیں گھڑے یہ چیزیں خود نہیں چنیں بلکہ ہم قرآن و حدیث سے آپ کو دے رہے ہیں۔ اللہ کا فضل ہے مخلوق خدا کو فیض مل رہا ہے۔ مخلوق خدا کی آخرت بن رہی۔ ان کی قبر کی تیاری ہو رہی ہے۔

سبحان اللہ کی برکت: حدیث میں آتا ہے ایک جنتی اپنی جنت میں بیٹھا ہو گا تو ایک بہترین خوشبو آئیگی وہ چونک پڑے گا۔ وہاں بھی سبقت کا جذبہ ہو گا، تو وہ جنتی فرشتوں سے یہ پوچھے گا کہ یہ خوشبو کہاں سے آ رہی ہے؟ تو اس کے خدام فرشتے کہیں گے! آقا آپ سے بڑی ایک اور جنت ہے۔ میں تو سمجھا تھا کہ میری جنت سے بڑی جنت کسی کی نہیں ہے۔ فرشتے کہیں گے آقا جنت میں بھی درجات ہیں اور جہنم میں بھی درجات ہیں۔ ہر کسی کو اس کے کیے کا صلہ اس کے بقدر ملے گا۔ تو یہ جنتی کہے گا کہ اس کی نیکیاں کتنی ہیں؟ فرشتے کہیں گے کہ آپ کے برابر ہیں۔ تو جنتی پوچھے گا مجھے اتنی جنت کیوں ملی؟ فرشتہ کہیں گے اس کا ایک سبحان اللہ آپ سے زیادہ تھا۔ ووٹ سے ہار جیت کے فیصلے ہوتے ہیں کہ نہیں ہوتے؟ تو ایک سبحان اللہ سے بڑی جنت اور چھوٹی جنت کے فیصلے نہیں ہو سکتے؟ یہ سبحان اللہ ایسا عمل ہے کہ ہمیں وہاں بھی فریش رکھے گا۔ (جاری ہے)

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری کا مطالعہ کریں

دن رات بدلے بیماریاں ختم اور خوشحالی شروع

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت کے فضل سے اور آپ کی دُعاؤں اور درس سننے سے ہم کو کافی آرام ہے اور آپ کی نگاہ کرم سے دن اور راتیں بدل گئی ہیں اللہ تعالیٰ آپ پر آپ کی نسل پاک پر اور تسبیح خانے پر بے حساب اور بے شمار رحمتوں کا نزول فرمائے اور تا قیامت آپ اور آپ کی نسلوں کو خوش و خرم رکھے اور آپ کا ساتھ تا قیامت غریبوں اور پوری دُنیا پر تا قیامت رکھے۔ آمین۔ درس سننے کی برکت سے میری جو بھی مشکلات تھیں پریشانیاں تھیں ساری ختم ہو گئیں ہیں سارے بگڑے کام سنور گئے ہیں۔ میرا بیٹا قاسم علی تسبیح خانہ میں رمضان پاک گزارنے کے لئے آیا تھا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کافی بدل گیا ہے۔ اس کی عادات بھی تبدیلی آ گئی ہے ہم سب کی ساری بیماریاں ختم ہو گئی ہیں اور اللہ عزوجل کے فضل سے اور آپ کی مہربانی سے اُس کا چہرہ بھی صاف ہو گیا ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے دوبارہ مہک گیا ہے اور ہم سب بڑی توجہ سے اسبقم والا عمل کر رہے ہیں۔ سب سے ضروری بات تو یہ ہے کہ جو بھی مشکلات پریشانیاں آزمائشیں آئیں اور جو بھی بیماریاں آئیں ہم نے کبھی بھی ان پریشانیوں آزمائشوں کا ذکر کسی سے نہیں کیا اور کسی سے کوئی (باقی صفحہ نمبر 20 پر)

http://www.urdutube.net
Digitized by Google

مقام علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں

17 رمضان 40ھ کو بدبخت ابن ملجم خارجی نے نماز فجر کیلئے تشریف لے جاتے وقت سیدنا علی المرتضیٰ شیر خدا رضی اللہ عنہ پر حملہ کر دیا، جس سے آپ رضی اللہ عنہ تین دن موت وحیات کی کش مکش میں مبتلا رہنے کے بعد 21 رمضان 40ھ میں بعمر 63 سال جام شہادت نوش فرما گئے۔

علی کرم اللہ وجہہ کی منزلت ہارونؑ: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ روایت کرتے ہیں رسول اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم جب تبوک کے لئے روانہ ہونے لگے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو اپنا قائم مقام مقرر فرمایا۔ حضرت علیؓ نے عرض کیا کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ کو بچوں اور عورتوں میں چھوڑ رہے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علی! تم کو خوش ہونا چاہیے کہ تمہارا مرتبہ میرے نزدیک تمہارا مرتبہ یہ ہے جیسے حضرت موسیٰؑ کے نزدیک ہارونؑ کا مگر یہ کہ میرے بعد اب کوئی نبی نہیں آئے گا۔ (صحیح بخاری: جلد دوم: حدیث نمبر 1571)۔ حضرت ابن عمر سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار و مہاجرین کے درمیان مواخات قائم کی تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اشک بار آنکھوں کے ساتھ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرامؓ میں بھائی چارہ قائم فرمایا لیکن مجھے کسی کا بھائی نہیں بنایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم دنیا و آخرت میں میرے بھائی ہو۔ (مشکوٰۃ شریف: جلد پنجم: حدیث نمبر 708)۔ **محبت علیؓ مومن کی نشانی:** قتیبہ، جعفر بن سلیمان، ابو ہارون عبدی، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے ہم انصار لوگ، منافقین کو ان کے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بغض کی وجہ سے پہچانتے ہیں۔ (جامع ترمذی: جلد دوم: حدیث نمبر 1683)

علیؓ ابوتراب: عبداللہ بن مسلمہ عبدالعزیز بن ابی حازم حضرت ابوحازم سے بیان کرتے ہیں کہ ایک روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت فاطمہؓ سے) دریافت کیا تمہارے چچا کے بیٹے کہاں ہیں، انہوں نے کہا مسجد میں، پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس (مسجد میں) تشریف لے گئے تو دیکھا کہ ان کی چادر پیٹھ سے سرک گئی ہے اور ان کی پیٹھ پر مٹی ہی مٹی تھی، آپ مٹی پونچھتے جاتے تھے اور فرماتے جاتے تھے اے ابوتراب اٹھ بیٹھو، دو مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی فرمایا۔ (صحیح بخاری: جلد دوم: حدیث نمبر 917)۔ **علیؓ دعائے رسول صلی اللہ علیہ وسلم:** ابراہیم بن مستمر عروقی، صلت بن محمد، عثمان بن الاغر بن حصین نہلشی، زیاد بن حصین سے روایت ہے انہوں نے اپنے والد سے سنا جس وقت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے علی میرے پاس آ، چنانچہ وہ قریب آ گئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بالوں کی ایک لٹ پر ہاتھ رکھا پھر ہاتھ پھیرا اور اللہ تعالیٰ کا نام لیا اور ان کے واسطے دعا فرمائی۔ (سنن نسائی: جلد سوم: حدیث نمبر 1369)۔ **علیؓ منزل طہارت پر:** قتیبہ، محمد بن سلیمان صبہانی، یحییٰ بن عبید، عطاء بن ابی رباح، حضرت عمر بن ابوسلمہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ربیب ہیں فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی۔ (اللہ تو یہی چاہتا ہے اے نبی کے گھر والو کہ تم سے ہر ناپاکی دور فرما دے اور تمہیں پاک کر کے خوب ستھرا کر دے، الاحزاب: 33)۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ام سلمہؓ کے گھر میں تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فاطمہؓ، حسنؓ اور حسینؓ کو بلوایا اور ان سب پر ایک چادر ڈال دی۔ حضرت علیؓ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے تھے پھر ان پر بھی چادر ڈال دی اور عرض کیا یا اللہ! یہ میرے اہل بیت ہیں، ان سے گندگی کو دور کر دے اور ان کو ایسا پاک کر دے جیسا پاک کرنے کا حق ہے۔ ام سلمہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں بھی ان کے ساتھ ہوں (یعنی چادر میں آنے کا ارادہ کیا) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اپنی جگہ رہو تم خیر پر ہو۔ (جامع ترمذی: جلد دوم: حدیث نمبر 1153)۔ **علیؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت:** قتیبہ بن سعید، جعفر بن سلیمان، عن یزید رشک، مطرف بن عبداللہ، حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مجھ سے ہیں اور میں اس میں سے ہوں اور وہ میرے بعد ہر مومن کے دوست ہیں۔ (جامع ترمذی: جلد دوم: حدیث نمبر 1678)۔ **علیؓ محبوب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم:** سفیان بن وکیع، عبیداللہ بن موسیٰ، عیسیٰ بن عمر سدی، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک پرندے کا گوشت تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی یا اللہ! اپنی مخلوق میں سے محبوب ترین شخص میرے پاس بھیج تا کہ میرے ساتھ اس پرندے کا گوشت کھا سکے۔ چنانچہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھانا کھایا۔ (جامع ترمذی: جلد دوم: حدیث نمبر 1688)۔ حضرت ام عطیہؓ کہتی ہیں کہ (ایک مرتبہ) رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی جنگی مہم پر ایک لشکر روانہ فرمایا تو اس میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی شامل تھے۔ ام عطیہ کا بیان ہے کہ اس موقع پر (جب کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم لشکر کو رخصت کر رہے تھے یا لشکر کی واپسی کا دن قریب تھا) میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہاتھ اٹھا کر یہ دعا مانگتے سنا۔ الٰہی مجھ کو اس وقت تک موت نہ دینا جب تک کہ تو علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (عافیت وسلامتی کے ساتھ واپس لا کر) مجھ کو نہ دکھا دے (ترمذی، مشکوٰۃ شریف: جلد پنجم: حدیث نمبر 714)

"حضرت زید بن ارقمؓ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ، فاطمہؓ، حسنؓ، حسینؓ رضی اللہ عنہم اجمعین کے حق میں فرمایا کہ "جو کوئی ان سے لڑے میں اسے لڑوں گا اور جو کوئی ان سے مصالحت رکھے میں اس سے مصالحت رکھوں گا۔" (ترمذی، مشکوٰۃ شریف: جلد پنجم: حدیث نمبر 792)

محبت علیؓ جنت کی ضمانت: نصر بن علی جہضمی، علی بن جعفر بن محمد، موسیٰ بن جعفر بن محمد، علی بن حسین ان کے والد، حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسنؓ و حسینؓ کے ہاتھ پکڑے اور فرمایا جو مجھ سے محبت کرے گا اور ساتھ ہی ساتھ ان دونوں، ان کے والدین (یعنی علی اور فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما) سے بھی محبت کرے گا وہ قیامت کے دن میرے ساتھ میری جگہ میں ہوگا۔ (جامع ترمذی: جلد دوم: حدیث نمبر 1699)۔ **علیؓ کی منزلت:** حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے بیان کیا: رسول اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر میں مجھ کو ایک ایسی قدر و منزلت حاصل تھی جو خلقت میں کسی کو حاصل نہیں ہوئی۔ (مشکوٰۃ شریف: جلد پنجم: حدیث نمبر 730، نسائی)۔ **علی حکمت کا دروازہ:** اسماعیل بن موسیٰ، محمد بن عمر رومی بن شریک، سلمہ بن کہیل، سوید بن غفلہ، صنابحی، حضرت علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں حکمت کا گھر ہوں اور علی اس کا دروازہ۔ (جامع ترمذی: حدیث نمبر 1690)۔ **شہادت کے متعلق پہلے ہی علم تھا:** سیدنا علیؓ کو اپنی شہادت کے متعلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر کے مطابق پورا یقین تھا۔ ایک بار نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدنا علیؓ سے پوچھا: "اے علی کیا تم جانتے ہو کہ بعد میں آنے والوں میں سب سے زیادہ بدبخت کون ہے؟" سیدنا علیؓ نے عرض کیا: "اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں۔" حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "تیرا قاتل سب سے زیادہ بدبخت ہے۔" 17 رمضان 40ھ کو بدبخت ابن ملجم خارجی نے نماز فجر کے لئے جاتے وقت سیدنا علیؓ پر حملہ کر دیا۔ جس سے آپؓ تین دن موت وحیات کی کش مکش میں مبتلا رہنے کے بعد 21 رمضان 40ھ میں بعمر 63 سال جام شہادت نوش کر گئے۔ اللہ رب العزت امت مسلمہ کو سیدنا علیؓ کے ارشادات و تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

جلد شادی کیلئے: یَا عَزِیْزُ یَا لَطِیْفُ بِحَقِّ یَا قَائِمُ اس کو خاص کر رمضان میں ہر نماز کے بعد 200 مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ جلد شادی ہوگی۔

بچے مساجد سے نکال دو! شور کرتے ہیں!

(انجینئر توحید قمر)

کچھ نمازی تو ایسے ہیں کہ بچے دیکھ کر ہی غصے میں آجاتے ہیں صف میں بیٹھے دیکھا تو قمیص سے پکڑ کر پیچھے کر دیا۔ کسی بچے کو باتیں کرتا دیکھا تو جا کر ایک تھپڑ لگا دیا "بدتمیز یہ مسجد ہے چپ کرو" وہ نماز پڑھتے ہوئے ہل رہا تھا تو نماز کے دوران یا بعد میں سرعام تذلیل کر دی جاتی ہے

چھوٹا بچہ جب امی اور ابو کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھتا ہے تو اس کے دل میں بھی ویسا کرنے کی خواہش جنم لیتی ہے وہ بغیر کہے مصلے کے ساتھ آ کر کھڑا ہو جاتا ہے رکوع و سجود کی نقل اُتارتا ہے۔ بالکل سنجیدگی کے ساتھ ویسا ہی کرتا ہے جیسا وہ کرتے ہوئے دیکھتا ہے جب وہ دوسرے ابو کو مسجد میں جاتے دیکھتا ہے وہ بھی چاہتا ہے کہ میں بھی ان کے ساتھ وہاں جاؤں اور بغیر کہے وہ پیچھے پیچھے مسجد چلا جاتا ہے۔ کبھی کبھار سے کوئی نہ بھی جائے تو وہ خود مسجد پہنچ جاتا ہے وہ دیکھنا چاہتا ہے کہ یہاں آ کر لوگ کیا کرتے ہیں یہاں لوگ جمع کیوں ہوتے ہیں؟۔ وہ مسجد آتا ہے لیکن اسے مسجد کے آداب کا علم نہیں ہوتا وہ یہاں بھی گھر کی طرح دوڑتا بھاگتا ہے شرارتیں کرتا ہے کبھی اس صف میں جاتا ہے کبھی دوسری صف میں کبھی وضو خانے پر آ کر دوسروں کی طرح منہ ہاتھ دھوتا ہے وہ بھی ٹونٹی کھولتا ہے اور ویسا کرنے کی کوشش کرتا ہے ضرورت سے زیادہ ٹونٹی کھول بیٹھتا ہے۔ کافی دیر تک ہاتھ پاؤں دھوتا رہتا ہے کیونکہ اُسے ایسا کرنے میں مزا آتا ہے اُسے اچھا لگتا ہے وہ بھی دوسروں کی طرح "بڑے بڑے" کام کرنا چاہتا ہے اور وہ ان تمام کاموں میں بالکل سنجیدہ ہوتا ہے۔ دل سے کرتا ہے اپنی طرف سے ٹھیک کرنے کی کوشش کرتا ہے اور دل میں خوشی محسوس کرتا ہے۔ لیکن کوئی بابا جی اُسے وضو خانے پر جھڑکتے ہیں "اوئے ادھر کیا کر رہے ہو" "اتنی زیادہ ٹونٹی کیوں کھولی ہے؟" "اتنی دیر سے پانی ضائع کر رہے ہو" "چلو اُٹھو دفع ہو جاؤ یہاں سے" بعض اوقات تو ہاتھ سے پکڑ کر گھسیٹ کر اُسے وہاں سے نکال دیتے ہیں بعض بابے اُسے کھینچ کر مسجد سے نکال دیتے ہیں۔ بعض مساجد کے بزرگ تو بچوں کو دیکھتے ہی اُن کے پیچھے پڑ جاتے ہیں اور جب تک وہ مسجد سے نکل نہیں جاتے یا اُن کی مرضی کے مطابق "نک" کر نہیں بیٹھتے اُنہیں چین نہیں آتا۔ کچھ نمازی تو ایسے ہیں کہ بچے دیکھ کر ہی غصے میں آجاتے ہیں صف میں بیٹھے دیکھا تو قمیص سے پکڑ کر پیچھے کر دیا۔ کسی بچے کو باتیں کرتا دیکھا تو جا کر ایک تھپڑ لگا دیا "بدتمیز یہ مسجد ہے چپ کرو" وہ نماز پڑھتے ہوئے ہل رہا تھا تو نماز کے دوران یا بعد میں سرعام تذلیل کر دی جاتی ہے۔ جہاں دو تین بچے اکٹھے بیٹھے باتیں کرتے یا ہنستے دیکھے فوراً انہیں مسجد سے باہر نکال دیا جاتا ہے

کیونکہ مسجد کا ماحول "خراب" ہوتا ہے۔ وہ قرآن پکڑتا ہے تو چھین لیا جاتا ہے کہ چھوٹا بچہ ہے قرآن پھاڑ دے گا کوئی بچہ صاف ستھرا ہے تب بھی دھکے دے کر مسجد کے دروازے پر کر دیا جاتا ہے۔ دوران تراویح بچے لمبی نماز سے تھک کر بیٹھے یا ساری تراویح پڑھنے کی بجائے کوئی پڑھ لی کوئی چھوڑ دی تو اس پر کوئی صاحب انہیں گھوریں گے منہ بنائیں گے باتیں سنائیں گے کوئی بازو سے پکڑ کر یا جھپٹ کر اُسے زبردستی نماز میں کھڑا کریں گے یا کہیں گے نہیں نماز پڑھنی تو مسجد سے دفع ہو جاؤ اے سی والے ہال سے نکال کر گرم صحن میں بھیج دیا جاتا ہے یہی صورت حال خواتین کے ہال میں بچوں کے ساتھ ہوتی ہے ان سب دُرشت رویوں' گرم لہجوں' سخت لہجے والے مرد حضرات اور بچوں کے بے عزتی کرنے ڈانٹنے اور مارنے کا نتیجہ کیا نکلتا ہے؟ انہیں گھورنے' مارنے کے لئے دوڑنے اور گھسیٹنے کا انجام کیا ہوتا ہے؟۔ ہماری مساجد بچوں سے خالی رہتی ہیں حالانکہ یہی بچے کل کے نوجوان ہو کر پختہ نمازی بننا تھا" لیکن افسوس ان ننھوں پر جو ہی کھلے مُرجھا گئے" دوسرا سبب مساجد کے قاری صاحبان ہیں کہ کسی کے پاس بچے سپارہ/قاعدہ پڑھنے آتے ہیں اب یہاں کی نظم وضبط کا "عظیم مسئلہ" سامنے آتا ہے کسی بچے کی پڑھنے کی غلطی نکلی نہیں اور ٹھاہ کر کے ڈنڈا' مکا یا چپت اس کے جسم پر لگی نہیں۔ خوف اور جبر کا ماحول ہر غلطی پر سزا ہر بار سبق یاد نہ ہونے پر بے عزتی اور مار کٹائی یا کم از کم سرعام "انعام"۔

مجھے کتنے لوگ ایسے ملے کہ جنہوں نے کہا کہ میری بچپن میں خواہش تھی کہ میں عالم دین بنوں' حافظ قرآن بنوں' دین سیکھوں لیکن فلاں قاری صاحب کی وجہ سے میں ایسا متنفر ہوا کہ دوبارہ مسجد داخل نہیں ہوا" میں نے فلاں بچے کی خوفناک پٹائی ہوتے دیکھی اور میں وہاں سے بھاگ گیا" مجھ پر قاری صاحب کے رعب کی وجہ سے سبق یاد ہی نہیں ہوتا تھا یاد کیا ہوا بھی بھول جاتا تھا" قاریوں اور نمازیوں کے ان رویوں نے ہماری مساجد کو بے رونق کر رکھا ہے۔" حضور نبی کریم ﷺ کے دور میں کیا ہوتا تھا؟ مسجد نبویؐ میں کیا صورت حال تھی؟ بچے تو ہر دور میں شرارتی رہے' بھاگنے' دوڑنے باتیں کرنے' اچھلنے کودنے والے۔ ابھی انہیں کیا پتا کہ مسجد کے آداب کیا ہیں؟ مساجد میں آتے جاتے رہیں گے نمازیوں کو دیکھتے رہیں گے تو آہستہ آہستہ سب سیکھ جائیں گے کہ مسجد میں کس طرح رہا جاتا ہے۔ نبی ﷺ کے دور میں بھی بچے ایسا ہی کیا کرتے تھے۔ کبھی اس صف میں دوڑ کبھی اس صف میں' کبھی نبی کریم ﷺ کے اوپر چڑھ گئے' کبھی سجدے میں آپ ﷺ ہیں تو آپ ﷺ کی پیٹھ مبارک پر چڑھ کر کھیلنے لگے' کبھی منبر شریف پر چڑھ گئے' کبھی رونے لگے' کبھی کچھ' کبھی کچھ لیکن آپ ﷺ کا رویہ کیا تھا؟ سر مبارک سجدے میں ہے تمام صحابہ بطور مقتدی بھی سر بسجود ہیں۔ سجدہ طویل ہو گیا' طویل سے طویل تر۔ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے دل میں مختلف خیالات آ رہے ہیں کہ آج اللہ خیر کرے نبی ﷺ سر سجدے سے کیوں نہیں اُٹھا رہے' بہت دیر بعد سر اُٹھایا' نماز مکمل کی' سلام پھیرا' صحابہ کو متفکر پایا تو فرمایا بات دراصل یہ تھی کہ ایک بچہ میری پیٹھ پر چڑھ کر کھیلنے لگا میں نے اُسے اتارنا مناسب نہیں سمجھا جب وہ خود ہی اُترا تو پھر میں نے سر اُٹھایا۔ کتنی عزت' کتنا احترام' مسجد میں نماز کے دوران بھی ایک بچے کے کھیل یا اُس کی شرارتوں کا۔ بچے کے رونے کی آواز آتی تو آپ ﷺ نماز مختصر کر دیا کرتے تھے لیکن یہ کبھی نہیں کہتے تھے کہ لوگو یا عورتو! اپنے بچوں کو مساجد میں نہ لایا کرو' اس سے ہماری نمازیں خراب ہوتی ہیں کیا ہماری نمازوں کا خشوع و خضوع نبی ﷺ یا صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی نمازوں سے زیادہ ہے کہ جو کسی بچے کی آواز پر فوراً خراب ہو جاتا ہے بلکہ آپ ﷺ تو لوگوں کو کہتے کہ عورتوں کو مساجد میں آنے سے نہ روکو' اب عورتیں آئیں گی تو ان کے ساتھ بچے بھی آئیں گے اور وہ ہنسیں گے بھی روئیں گے بھی تو کیا کیا جائے؟ برداشت کیا جائے اپنے اندر صبر و تحمل پیدا کیا جائے لیکن ہم ہیں کہ پہلی دوسری صف کے پختہ نمازی بنتے جاتے ہیں ہمارا غصہ اتنا سخت ہوتا چلا جاتا ہے۔ اتنا ہی تکبر آ جاتا ہے مزاج گرم ہو جاتا ہے۔ یہ کیسی عبادت ہے؟ اس کا نتیجہ تو دل کی نرمی کی صورت میں نکلنا چاہیے اچھے اخلاق' نرم گفتگو بچوں سے محبت کی شکل میں ظاہر ہونا چاہیے ہونا تو یہ چاہیے کہ ہم بچوں کو مساجد میں آنے کی ترغیب دیں کوئی بچہ مسجد آئے اس کا استقبال کریں اُسے گلے لگائیں اُسے پیار دیں اسے اتنی محبت' اتنا پیار' اتنی عزت و احترام دیں کہ اُسے لگے کہ دنیا میں اس سے بہترین جگہ کوئی نہیں ایسے اعلیٰ لوگ کہیں نہیں اُس کی شرارتوں' غلطیوں' باتوں' اچھلنے کودنے کو برداشت کریں اور کبھی سمجھائیں تو علیحدگی میں نرمی اور شفقت سے اس طرح کہ اُس کی عزت نفس محفوظ رہے' غصے کی بجائے مسکرائیں اور اُنہیں دیکھ کر اپنے بچپن کو یاد کریں کہ ہم سب بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے۔ بچے شیطان نہیں ہوتے بلکہ یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ایک (باقی صفحہ نمبر 24 پر)

http://www.urdutube.net
Digitized by Google

حضور نبی اکرم ﷺ رمضان میں دس یوم کا اعتکاف فرمایا کرتے اور جس برس آپ ﷺ کا وصال ہونا تھا اس رمضان میں آپ ﷺ نے بیس یوم کا اعتکاف فرمایا۔ (بخاری)

سات سال سے فاقہ زدہ تھا رمضان میں عمل کیا بہار آگئی!

پہلے 200 ڈالر کی نوکری کرتی تھی۔ میں نے انٹرنیٹ سے ماہنامہ عبقری کا میگزین ڈاؤن لوڈ کیا ہوا تھا اس میں رمضان المبارک میں سورۂ کوثر کا ایک خاص عمل شائع ہوا تھا۔ میں نے وہ عمل کرنا شروع کردیا' الحمدللہ! پہلے میں 200 ڈالر مہینہ کماتی تھی اب میری تنخواہ ایک ہزار ڈالر ہے۔

محترمہ نخت حکیم صاحب السلام علیکم! میں 4 سال سے آپ کا [illegible] ہوں' آپ کے ماہنامہ عبقری اور درس نے تو میری زندگی ہی بدل دی جیسے منزل مل گئی۔ قارئین! میں امریکہ کے شہر نیویارک میں رہتی ہوں' میں پہلے 200 ڈالر کی نوکری کرتی تھی۔ میں نے انٹرنیٹ سے ماہنامہ عبقری کا میگزین ڈاؤن لوڈ کیا ہوا تھا اس میں رمضان المبارک میں سورۂ کوثر اور برکت والی تھیلی کا ایک خاص عمل شائع ہوا تھا۔ میں نے وہ عمل کرنا شروع کردیا' الحمدللہ! پہلے میں 200 ڈالر مہینہ کماتی تھی اب میری تنخواہ ایک ہزار ڈالر ہے۔ اس کے علاوہ میں ایک نوکری اور کرنا چاہتی تھی اس کیلئے میں نے سورۂ کوثر کے عمل کے ساتھ ساتھ ایک عورت کو سو ڈالر ماہانہ دیتی ہوں اور جیسی نوکری چاہی بالکل ویسی ہی ملی اور بہت برکت ملی۔ میں نے جب نوکری شروع کی تو مجھے وہاں بل بنانے ہوتے ہیں' میں چونکہ نئی نئی وہاں گئی تھی تو میں مشین کا رول بدلنا نہیں جانتی تھی' جب صبح کام پر گئی' رول ختم ہوچکا تھا میں نے سورۂ کوثر پڑھنا شروع کردی آپ یقین مانیں شام تک 1200 ڈالر کی سیل کردی مگر رول رُکا ہی نہیں۔ مالک کو معلوم ہوا تو بولا: میں نہیں مانتا' میں بولی: یہ سورۂ کوثر کا کمال ہے' میں آفس میں قرآن کریم کی تلاوت لگالیتی ہوں جو انگریز بھی آتا یہ کہتا ہم کو سمجھ نہیں آرہی کہ یہ کیا بول رہا ہے مگر دل کو اتنا سکون ملتا ہے آپ سوچ نہیں سکتے پھر میں انہیں گھروں میں قرآن کریم سننے کی ہدایت کرتی ہوں۔ (فرحت جبین' نیویارک)

فاقوں سے جان چھوٹی خوشحالی نے گلے لگالیا

محترم قارئین السلام علیکم! آج سے دس سال پہلے میری لاہور کی ایک مشہور مارکیٹ میں بچوں کے ریڈی میڈ گارمنٹس کی بڑی دکان تھی' الحمدللہ! میری دکان پر مارکیٹ میں سب سے زیادہ رش ہوتا تھا' اردگرد کی دکانوں اور مارکیٹ والے میری دکان کو رشک کی نظروں سے دیکھتے تھے' اس کی ایک وجہ یہ تھی کہ میں نے نقص شدہ اور دونمبر کپڑے سے تیار مال کبھی فروخت نہیں کیا تھا' میرا ریٹ بھی مناسب تھا' بہت خوشحالی کا دور تھا' گھر میں ہر طرح کی نعمت تھی' تنگدستی کا صرف نام سنا تھا یہ ہوتی کیا ہے کچھ علم نہ تھا' خوب کماتا خوب کھاتا' خاندان یا محلے میں سے کسی کو بھی پیسوں کی ضرورت ہوتی وہ بلاجھجک ہمارے گھر آتا کیونکہ انہیں معلوم تھا کہ اللہ کا ان پر خاص کرم ہے۔ الحمدللہ! میری اہلیہ انہیں دے بھی دیتیں جبکہ میں اکثر اسے منع ہی کرتا تھا کہ لوگ پھر واپس نہیں کرتے۔ منع کردیا کرو کہ ہمارے پاس نہیں ہیں جبکہ وہ اللہ والی یہی کہتی کہ جب ہیں تو دینے دیں' کسی کی ضرورت پوری ہوجائے یہ ہی بڑی بات ہے۔ نامعلوم کیوں مجھ میں تکبر بڑھتا جارہا تھا۔ پھر ایک مرتبہ یوں ہوا کہ میرے ایک جاننے والی جن کی دکان میری دکان سے چند دکانیں آگے تھی' وہ بھی گارمنٹس کا ہی کاروبار کرتے تھے' سیل نہ ہونے کی وجہ سے ان کی دکان ختم ہوگئی' وہ ایک دن میرے پاس آکر بیٹھ گئے اور حالات کا ''رونا رونے'' لگے' میں گاہکوں کو بھی نمٹا رہا تھا اور ساتھ ان کے ساتھ باتیں بھی کررہا تھا' میں ہر بات پر اس کا مذاق اڑاتا اور پھر میرے منہ سے وہ لفظ نکلے جن کا مجھے آج تک پچھتاوا ہے' میں نے شاید تکبر بھرے لہجے میں اسے کہا: ''پتہ نہیں لوگوں کی دکانیں کیسے اجڑ جاتی ہیں' سب انسان کی اپنی محنت ہے'' جبکہ وہ خاص میرے بول سن رہا تھا اور وہ کچھ دیر خاموش رہ کر بولا کہ نعیم! خدا کا شکر ادا کر' ایسی باتیں منہ سے مت نکالا کر' محنت کے ساتھ اللہ کا کرم ہو تو سب کچھ ملتا ہے' ورنہ دکانیں اجڑتے دیر لگتی'' میں دیکھ رہا تھا کہ اندر اندر اسے میری باتوں سے غصہ چڑھ رہا ہے مگر وہ صبر کرکے بیٹھا رہا اور کچھ دیر کے بعد خاموشی سے اٹھ کر چلا گیا' اس دن کے بعد میری دکان پر گاہکوں کا رجحان کم ہونا شروع ہوگیا اور صرف ایک سال کے اندر اندر میری سیل بالکل ختم ہوگئی' گاہک مارکیٹ میں تو آتے مگر میری دکان کے آگے سے گزر جاتے اور میں سارا دن فارغ بیٹھ کر رات کو گھر آجاتا۔ پھر یوں ہوا جمع پونجی آہستہ آہستہ ختم اور مجھ پر قرض چڑھنا شروع ہوا اور ایک وہ دن بھی آیا جب میں دکان چھوڑ کر گھر بیٹھ گیا۔

اس کے بعد جس کام میں ہاتھ ڈالا صرف نقصان ہوا' جہاں گیا ناکامی ملی۔ گھر میں فاقے شروع ہوگئے' بیوی کے ساتھ لڑائی جھگڑے' ناچاقی' بچے بیمار' اگر کہیں سے کچھ پیسے آبھی جاتے تو نامعلوم کہاں جاتے' برکت بالکل ختم ہوگئی۔ پھر یہ سلسلہ سات سال تک چلتا رہا۔ ڈیپریشن کا مریض بن چکا تھا' چھپ چھپ کر روتا تھا' بیوی بچوں کا فاقوں' تنگدستی سے بُرا حال تھا' ان سات سالوں میں کئی مرتبہ خودکشی کا سوچا اور کئی مرتبہ کرنے کی کوشش بھی کی مگر ہمت نہ پڑتی۔ میرے ایک کزن کو میرے تمام حالات کا پتہ تھا' ایک دن وہ مجھے دفتر ماہنامہ عبقری لے آیا' اس کے پاس اس دن شیخ الوظائف سے ملاقات کا ٹوکن تھا' وہ مجھے بھی اپنے ساتھ لے گیا' شیخ الوظائف نے انتہائی شفقت کے ساتھ میری ساری بات سنی اور مجھے سورۂ کوثر کا وظیفہ عطا فرمایا کہ سارا دن کھلا پڑھو اور آگے رمضان المبارک آرہا ہے اس میں اس (درج ذیل) ترتیب سے پڑھو' پھر دیکھو اللہ کیسے کرم فرماتے ہیں' میں نے سچے دل سے گناہوں اور متکبرانہ بول جو میرے منہ سے نکلے تھے (وہ آج تک مجھے غمگین رکھتے ہیں) ان سے توبہ کی اور سورۂ کوثر کا عمل شروع کیا' وہ رمضان المبارک میری زندگی کا یادگار رمضان تھا' میں نے اور میری اہلیہ نے یقین' توجہ اور دھیان سے یہ عمل کیا اور پھر حالات نے پلٹا کیا' آج بہتر اور کل مزید بہتری ہوئی۔ آج میں ایک بڑی کمپنی میں ملازمت کررہا ہوں' بہترین تنخواہ کے ساتھ رات کو ایک چھوٹا سا کاروبار بھی کرتا ہوں جس کی وجہ سے گھر میں خوشحالی آرہی ہے' برکت اور سکون ہے' گھریلو ناچاقی' لڑائی جھگڑے ختم ہوچکے ہیں۔ سب سے بڑھ کر زندگی میں دوبارہ لوٹ آیا ہوں' گزشتہ سات سال کا خیال بھی آتا ہے تو آنکھوں سے آنسو جاری ہوجاتے ہیں۔ بچوں کو اچھے سکولز میں داخل کروادیا ہے' نامعلوم کتنے سیزن گزر جاتے کبھی گھر میں موسمی پھل نہ آتا مگر آج فریج میں ہر وقت پھل موجود ہوتے ہیں۔ سورۂ کوثر کا عمل آج بھی میں اور میری اہلیہ کررہے ہیں اور شیخ الوظائف کو لاکھوں دعائیں دے رہے ہیں۔ قارئین! آپ بھی اگر کسی بھی وجہ سے پریشان ہیں وہ چاہے تنگدستی ہے' کاروبار کے مسائل ہیں' گھریلو ناچاقی' جادو' جنات' بے اولادی یا بیماری بس درج ذیل وظیفہ یقین' توجہ سے کیجئے پھر کمال دیکھئے۔ میں تو پاچکا آپ بھی آزمایئے اور پاجایئے۔ (محمد نعیم' لاہور)

رمضان المبارک کا خاص عمل: رمضان المبارک کی چاند رات کو 313 مرتبہ سورۃ کوثر مع تسمیہ پڑھیں۔ دسویں اور گیارہویں روزے کی رات 313 مرتبہ سورۃ کوثر مع تسمیہ پڑھیں۔ بیسواں روزہ اکیس رمضان المبارک کی رات بھی 313 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھیں۔ (ان تمام اعمال میں اول و آخر سات مرتبہ درود پاک ضرور پڑھیں) ستائیسویں شب 1100 مرتبہ سورۃ کوثر مع تسمیہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں (یہ عمل چند افراد مل کر بھی کرسکتے ہیں) اور عید کی نماز کے بعد 313 مرتبہ سورۃ کوثر مع تسمیہ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اگر یہ عمل کسی مجبوری کے پیش نظر رات میں نہ ہوسکے تو دن میں بھی کرسکتے ہیں۔ (سوائے 27 شب کے) قارئین! سارا سال آپ سارے وظیفے پڑھیں لیکن جو رمضان کا وظیفہ ہے جو رمضان کی عبادت ہے اس کی فضیلت نہیں مل سکتی۔ **رمضان کے علاوہ اس طرح عمل کریں:** برکت والی تھیلی میں اپنی جمع پونجی رکھیں اور روزانہ صبح وشام سورۂ کوثر 129 مرتبہ اول و آخر 7 مرتبہ درود شریف پڑھ کر روزانہ برکت والی تھیلی پر دم کریں۔ گھر کے تمام افراد مل کر پڑھیں اور جب بھی رقم نکالیں یا ڈالیں صرف ایک مرتبہ سورۃ کوثر پڑھ کر دم کردیں۔

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

آم کے چند فوائد: آم مولد خون ہوتا ہے' یہ آنتوں کو قوت دیتا ہے' معدہ' گردہ' مثانہ کو طاقت دیتا ہے' آم کو چوس کر کھانا بہتر ہوتا ہے' آم کو ہمیشہ ٹھنڈا کر کے کھانا چاہیے' اس کے کھانے سے جسم موٹا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

رمضان کی ایسی عبادات جنہیں ہم عبادت ہی نہیں سمجھتے

محمد احمد خان' راولپنڈی

روز محشر اللہ تعالیٰ فرمائیں گے اے آدم کے بیٹے میں بیمار تھا تو نے میری بیمار پرسی نہیں کی' کھانے کی ضرورت تھی تو نے کھانا نہیں کھلایا' مجھے پانی کی ضرورت تھی تو نے مجھے پانی نہ پلایا بندہ عرض کرے گا یا اللہ آپ تو کھانے سے' پینے سے' بیماری سے پاک ہیں' پھر میں کیسے یہ کرتا؟

اللہ تعالیٰ ایک بار پھر اپنے فضل و کرم سے ہمیں رمضان المبارک کی برکتوں' سعادتوں اور بے پناہ رحمتوں والا مہینہ نصیب فرمارہے ہیں' رمضان المبارک میں جہاں اور بہت سی سعادتوں کا نزول ہوتا ہے وہیں پر اللہ تعالیٰ مومنوں کے دلوں میں ایک دوسرے کے ساتھ ہمدردی و محبت کا جذبہ بھی بڑھا دیتے ہیں۔ حدیث میں ہے سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ نے "شھر المواساۃ" رمضان کا مہینہ کہا ہے۔ ہمدردی کا مطلب اپنے نفس کو مارنا اور غربا فقرا اور نادار لوگوں کا خیال رکھنا ہے تاکہ ان کی سحری و افطاری بھی قدرے اچھی ہو سکے اور وہ نعمتیں جو مالدار طبقہ کو قدرت نے نصیب فرمائیں ان سے غرباء کا دسترخوان بھی سج سکے۔

روح البیان میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا حضور نبی کریم ﷺ کے حوالے سے ارشاد ہے کہ میری امت میں ہر وقت پانچوں برگزیدہ اور چالیس ابدال رہتے ہیں ان میں سے اگر ایک کا انتقال ہو جاتا ہے تو فوراً اس کی جگہ دوسرا لے لیتا ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا ان کے خصوصی اعمال کیا ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ جو ان کے ساتھ ظلم کرے اسے درگزر کرتے ہیں جو برائی سے پیش آئے اس سے اچھائی سے پیش آتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے انہیں جو رزق دیا ہے اس میں سے لوگوں کے ساتھ ہمدردی و غم خواری کا برتاؤ کرتے ہیں۔ ایک دوسری حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص بھوکے کو کھانا کھلائے یا ننگے کو کپڑا پہنائے یا مسافر کو رات گزارنے کی جگہ دے تو اللہ تعالیٰ جل شانہ اس کو قیامت کی سختیوں سے محفوظ فرمادیں گے ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ روز محشر اللہ تعالیٰ فرمائیں گے اے آدم کے بیٹے میں بیمار تھا تو نے میری بیمار پرسی نہیں کی' کھانے کی ضرورت تھی تو نے کھانا نہیں کھلایا' مجھے پانی کی ضرورت تھی تو نے مجھے پانی نہ پلایا بندہ عرض کرے گا یا اللہ آپ تو کھانے سے' پینے سے' بیماری سے پاک ہیں' پھر میں کیسے یہ کرتا؟ تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے میرے بندے اگر تو فلاں مریض کی بیمار پرسی کرتا تو گویا میری بیمار پرسی کرتا کیونکہ مخلوق تو میری ہے اگر فلاں بھوکے شخص کو کھانا کھلاتا تو گویا مجھے کھلاتا اگر فلاں پیاسے شخص کو پانی پلاتا تو مجھے پانی پلاتا۔ طبرانی میں ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا اور جس شخص نے کسی مومن کو کھانا کھلایا حتیٰ کہ اس کو بھوک میں سیر کرا دیا تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت کے مخصوص دروازے سے داخل فرمائیں گے اور اس دروازے سے اس جیسا عمل کرنے والا شخص ہی داخل ہو سکتا ہے۔ صحیح ابن حبان میں آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے کہ جنت میں چند بالا خانے ایسے ہیں جن کا باہر کا حصہ اندر سے اور اندر کا حصہ باہر سے نظر آتا ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ ایسے لوگوں کو عطا فرمائے گا جو محتاجوں کو کھانا کھلاتے ہیں اور لوگوں کو سلام کرتے ہیں اور رات کو جب لوگ سو رہے ہوتے ہیں تو وہ خدا کے حضور قیام کرتے ہیں' تہجد ادا کرتے ہیں۔ ایک اور روایت میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس شخص نے اپنے مسلمان بھائی کو سیر کر کے کھانا کھلایا اور خوب پانی پلایا تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو جہنم سے سات خندقیں دور فرمادیں گے اور ان پر دو خندقوں کے درمیان پانچ سو سال کا فاصلہ ہوگا۔ (طبرانی)۔ ترمذی میں ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا تین عمل ایسے ہیں جس شخص میں پائے جائیں اور اللہ تعالیٰ اس پر خاص رحمت فرماتے ہیں اور اس کو جنت میں داخل فرمائیں گے۔ کمزور کے ساتھ نرمی کرنا' والدین کا احترام اور نوکر کے ساتھ احسان کرنا اور تین کام ایسے ہیں جس شخص میں پائے جائیں قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو عرش عظیم کا سایہ نصیب فرمادیں گے جیسے تکلیف دہ حالات اور مقامات میں وضو کرنا' تاریک راتوں میں مسجد جانا' بھوکے کو کھانا کھلانا۔ اسی سے تراویح کے ثواب کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

عبادات رمضان المبارک

بکثرت تلاوت قرآن پاک: بہتر یہ ہے کہ روزانہ دن یا رات میں سے کسی مناسب وقت میں درس قرآن ہو اور اگر یہ گھر کے افراد یا پڑوس اجتماع میں ہو تو اور زیادہ بہتر ہے تاکہ اس کا فائدہ زیادہ لوگوں کو پہنچ سکے۔ **جنتی پھل:** حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا "جس کو روزے نے کھانے یا پینے سے روک دیا کہ جس کی اسے خواہش تھی تو اللہ تعالیٰ اسے جنتی پھلوں میں سے کھلائے گا اور جنتی شراب سے سیراب کرے گا۔" **جہنم سے دوری:** حضرت ابوسعید خدریؓ سے مروی ہے کہ نبی پاک ﷺ کا ارشاد ہے: "جس نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں ایک دن کا روزہ رکھا اللہ تعالیٰ اس کے چہرے کو جہنم سے ستر سال کی مسافت دور کر دیگا۔"

سرخ یاقوت کا مکان: حضرت عمر فاروقؓ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے: "جس نے ماہ رمضان کا ایک روزہ بھی خاموشی اور سکون سے رکھا اس کے لئے جنت میں ایک گھر سرخ یاقوت یا سبز زبرجد کا بنایا جائے گا۔"

روزہ کی حالت میں مرنے کی فضیلت: ام المومنین حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ حضور پاک ﷺ نے فرمایا: "جو روزے کی حالت میں مرا اللہ تعالیٰ قیامت تک کے لئے اس کے حساب میں روزے رکھ دے گا۔" **ماہ رمضان میں مرنے کی فضیلت:** جو خوش نصیب مسلمان ماہ رمضان میں انتقال کرتا ہے اس کو سوالات قبر سے امان مل جاتی عذاب قبر سے بچ جاتا اور جنت کا حق دار قرار پاتا ہے۔ چنانچہ حضرات محدثین کرام کا قول ہے: "جو مومن اس مہینے میں مرتا ہے وہ سیدھا جنت میں جاتا ہے گویا اس کے لئے دوزخ کا دروازہ بند ہے۔" **قیامت تک کے روزوں کا ثواب:** ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ فرمایا نبی کریم ﷺ نے: "جس کا روزہ کی حالت میں انتقال ہوا اللہ تعالیٰ اس کو قیامت تک کے روزوں کا ثواب عطا فرماتا ہے۔"

بے نمازی کا روزہ مقبول نہیں: آج مسلمانوں میں نماز جیسے اہم فریضے سے غفلت عام ہے حالانکہ یہ ایسا فریضہ ہے کہ جس سے کفر و اسلام کے درمیان فرق و امتیاز ہوتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ کا فرمان ہے: "وہ عہد جو ہمارے مسلمانوں اور کافروں کے درمیان ہے وہ "نماز" ہے جس نے نماز کو ترک کر دیا اس نے کفر کا ارتکاب کیا۔" **جسم کی زکوٰۃ:** حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے: "ہر شے کے لئے زکوٰۃ ہے اور جسم کی زکوٰۃ روزہ ہے اور روزہ آدھا صبر ہے۔" **سونا بھی عبادت ہے:** حضرت عبدالرحمن ابی لیلیٰؓ سے روایت ہے کہ فرمایا نبی کریم ﷺ نے روزہ دار کا سونا عبادت اور اس کی خاموشی تسبیح کرنا اور اس کی دعا قبول اور اس کا عمل مقبول ہوتا ہے۔

جنت میں روزہ داروں کے مزے: حضرت سیدنا انسؓ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن روزے دار قبروں سے نکلیں گے تو وہ روزے کی بو سے پہچانے جائیں گے اور پانی کے کوزے جن پر مشک کے منہ ہوں گی انہیں کہا جائے گا کھاؤ کل تم بھوکے تھے پیو کل تم پیاسے تھے۔ آرام کرو کل تم تھکے ہوئے تھے پس وہ کھائیں گے اور آرام کریں گے حالانکہ لوگ حساب کی مشقت اور پیاس میں مبتلا ہونگے۔" حضرت عبداللہ بن رباحؓ سے روایت ہے کہ نبی پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا: "قیامت میں دسترخوان بچھائے جائیں گے سب سے پہلے روزے داران پر سے کھائیں گے۔"

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

باسی روٹی اور دہی کی سحری! طاقت کا خزانہ ٹھنڈی بہار

محمد عارف، لاہور

قارئین! میں ایک سیل مین ہوں' سوزوکی پک اپ چلاتا ہوں' سارا دن سخت گرمی میں ٹین کی چھت کے نیچے اور آگ اگلتے انجن کے اوپر روزے کے ساتھ بیٹھ کر سیل کرنا کسی جگرے والے کا ہی کام ہے۔ رمضان کی آمد کا سنتا تو میں پریشان ہو جاتا کیونکہ میرا کام ہی کچھ ایسا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا حکم گزشتہ شمارہ میں ملا کہ رمضان المبارک کے خاص شمارے کیلئے اپنے تجربات و مشاہدات بھیجیں۔ میرے پاس آپ کے بتائے ہوئے ٹوٹکے جو کہ خاص طور پر رمضان المبارک اور گرمیوں سے بچاؤ کیلئے ہیں' ان کے چند مشاہدات ہیں وہ میں قارئین کی نذر کر رہا ہوں' یقیناً اس سے قارئین کا رمضان المبارک کی گرمیاں پرسکون اور صحت بخش گزریں گی۔ قارئین! آپ نے جنوری کے ایک سابقہ شمارے میں (اگست 2010 کا تھا) حضرت حکیم صاحب کا ایک طبی آرٹیکل ''شاہی مرکب'' کے حوالے سے پڑھا' جس میں حضرت حکیم صاحب نے اس مرکب کے رمضان المبارک کے حوالے سے بے شمار فوائد لکھے تھے' پھر جون 2014ء میں ایک قاریہ نے اس کو استعمال کرنے کے بعد اس کے لاتعداد فضائل بیان کیے تو 2014ء کے رمضان المبارک میں میں نے بھی اس کو بنانے کا سوچا' لکھی گئی ترکیب کے مطابق اشیاء لاکر گھر میں بنالیا۔ قارئین! میں ایک سیل مین ہوں' سوزوکی پک اپ چلاتا ہوں' سارا دن سخت گرمی میں ٹین کی چھت کے نیچے اور آگ اگلتے انجن کے اوپر روزے کے ساتھ بیٹھ کر سیل کرنا کسی جگرے والے کا ہی کام ہے۔ رمضان کی آمد کا سنتا تو میں پریشان ہو جاتا کیونکہ میرا کام ہی کچھ ایسا تھا۔ بعض اوقات تو دو بجے کے بعد میری زبان ایسے ہو جاتی جیسے پتھر کی بن گئی ہو' کئی بار طبیعت خراب ہوئی اور روزہ چھوٹ گیا۔ مگر جب میں نے اس ٹوٹکہ کے بارے میں پڑھا تو بنا کر استعمال شروع کر دیا۔ جس دن میں نے کھایا' سارا دن شدید گرمی میں پک اپ چلائی' لوڈنگ کی' سامان اٹھایا مگر میں حیران تھا کہ عصر کا وقت قریب ہے جبکہ میرے جسم میں اب بھی اتنی جان ہے کہ میں پرسکون طریقے سے کام کر رہا تھا۔ روزہ تو محسوس ہو رہا تھا مگر پہلے جیسی کمزوری' بے چینی' نقاہت قریب بھی نہ تھا۔ چند دن استعمال کے بعد مجھ میں جو تبدیلیاں آئیں وہ یہ تھیں کہ پاؤں سارا دن جلتے' ہونٹ خشک' زبان خشک' سارا دن بے چینی' نقاہت' نڈھالی مگر اب ایسا نہ تھا۔ الحمدللہ! سارا رمضان المبارک بڑا خوشگوار گزرا۔ رمضان المبارک کے بعد بھی ساری گرمیاں میں نے اس ٹوٹکے کا استعمال جاری رکھا' ایسے محسوس ہوتا تھا جیسے پیٹ کے اندر کوئی ''اے سی'' لگ گیا ہو' ہر وقت ٹھنڈک کا احساس' واہ کیا کمال کی چیز حضرت حکیم صاحب نے ہم جیسے محنت کشوں کو عطا فرما دی۔ میں نے یہی ٹوٹکہ 2015ء میں بھی استعمال کیا اور ان شاء اللہ 2018ء میں بنانے کی تیاری بھی کر رہا ہوں۔ اس کے علاوہ گزشتہ رمضان اللہ نے مجھے بیٹے سے نوازا تو میری اہلیہ رمضان میں روزہ رکھنے سے گھبرا رہی تھی کہ بچہ کو سارا دن دودھ پلانا ہوتا تھا' معلوم کیا ہوا؟ میں نے اسے کہا کہ تم یہ مرکب استعمال کرو ان شاء اللہ تمہیں کچھ نہ ہوگا۔ اہلیہ سحری کے وقت یہ مرکب کھا کر روزہ رکھتی اور سارا دن فریش بھی رہتی اور بچہ بھی خوب [illegible] کر دودھ پیتا۔ قارئین یہ مرکب رمضان المبارک کا بہترین ساتھی ہے۔ رمضان المبارک میں سفر' کمزوری اور گرمی کی وجہ سے ہرگز روزہ نہ چھوڑیئے' بلکہ خود بھی کھائیں اور ان کو بھی جو عزیز ہیں' مشکل میں نہیں پڑ سکتے۔

اب وہ شاہی مرکب کے اجزاء لکھتا ہوں ہوا شافی: گل نیلوفر' گلاب کے خشک پھول' مغز بادام (ایرانی) ایک ایک پاؤ' دھنیا خشک' چار مغز آدھا پاؤ' سونف' بڑی الائچی اور چھوٹی الائچی تمام پچاس پچاس گرام۔ تنکے صاف کر کے باریک پیس لیں اب اس میں گل قند ایک کلو' مربہ سیب آدھا کلو' مربہ آملہ آدھا کلو' ورق چاندی دس دفتری۔

ترکیب تیاری: مغزیات اور باقی چیزیں باریک پیس لیں۔ مربع جات کی گٹھلیاں جدا کر کے باریک پیس لیں۔ بس چیزوں کو ملا کر خوب مکس کر لیں۔ آخر میں چاندی کے ورق ملا کر چند قطرے روح کیوڑہ ملائیں۔ فریج میں رکھیں یا کسی ٹھنڈی جگہ پر۔ نہایت خوشبودار مرکب شاہی تیار ہے۔ دو چمچ ہلکے ٹھنڈے پاؤ بھر دودھ سے لیں۔ یا ویسے کھا کر اوپر پانی بھی پی سکتے ہیں لیکن اگر دودھ سے لیں تو تقویت زیادہ ہوگی۔ سحری سے پہلے یا بعد میں شام کو بھی کھا سکتے ہیں۔

اس ٹوٹکے علاوہ حضرت حکیم صاحب نے اپنے ایک درس میں رمضان المبارک میں طاقت' صحت اور سارا دن پیاس نہ لگنے کا ایک راز اپنے درس میں بتایا کہ رات کی باسی روٹی (یعنی خالص گندم کے آٹے کی روٹی پکا کر رات کو رکھ لیں) صبح سحری کے وقت دہی کے ساتھ کھائیں۔ طاقت کا انوکھا خزانہ ہے۔ واقعی جسم جان آجاتی ہے۔ یہ صرف میرا نہیں بے شمار (جن کو میں نے بتایا) نے مجھے بتایا کہ واقعی یہ ٹوٹکہ استعمال کرنے سے سارا دن بھوک اور پیاس نہیں لگتی۔

کھجور کا شربت: اس شربت کے فوائد اور اس کو بنانے کا طریقہ حضرت حکیم صاحب نے جولائی 2012ء میں بتایا تھا' یہ میں نے تو نہیں آزمایا بلکہ میرے بڑے بھائی ہر سال بناتے ہیں اور اس کی گن گاتے نہیں تھکتے۔ ان کے بقول اگر صبح سحری کے وقت اور افطاری کرنے کے بعد یہ شربت پی لیا جائے تو پیاس گرمی' حدت' جلن سارے جسم کی نڈھالی پل بھر میں ختم ہو جاتی ہے۔ قارئین! رمضان میں اس سے بھرپور لطف اٹھائیں۔ میرے بھائی بتاتے ہیں کہ گرمی کے موسم کا رمضان' پیاس' لُو' حدت' اور حبس مجھ سے ویسے ہی برداشت نہیں ہوتا تھا پھر روزے کے ساتھ کیسے برداشت ہوگی؟ پھر حضرت حکیم صاحب کا یہ آرٹیکل پڑھا تو میرے دل کو سکون مل گیا کہ اب میرے مسئلے کا حل مل گیا ہے۔ میں بالکل اسی طرح جس طرح حکیم صاحب نے اپنے آرٹیکل میں لکھا ہے کہ روزہ رکھنے کے بعد دو بڑے چمچ گلاب کے پھولوں کا گلقند کھا کر اوپر سے ایک گلاس پانی پی لیتا ہوں یا پھر اس سے بہتر ہے کہ گلاب کے پھولوں کے دو چمچ کھا کر اوپر سے کھجور کا شربت پی لیں اسی طرح افطار کے وقت کھجور سے افطار کر کے چسکی چسکی کھجور کا شربت پئیں' گھونٹ گھونٹ نہ پئیں۔ واقعی سارے دن کی نڈھالی' سستی' کمزوری پل بھر میں ختم ہو جاتی ہے۔ کھجور کے شربت کو احادیث میں نبیذ کہا گیا ہے۔ **نبیذ بنانے کا طریقہ:** [illegible] مقدار کھجور لیکر شام کو (اگر کھجوریں خشک ہوں تو ان کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں اور گٹھلیاں نکال دیں) پانی میں بھگو دیں یعنی اگر کھجور ایک پاؤ ہو تو اس میں پانی تقریباً دو کلو ہو۔ صبح اٹھ کر کھجوروں کو ہاتھوں سے ملیں' ملتے ملتے تمام کھجور اور اس کے ریشے پانی میں حل ہو جائیں گے جی چاہے چھان لیں اور نوش جان کریں' ویسے چھانے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر کھجوریں تازہ ہوں تو ان میں گٹھلیاں اور ریشے ثابت ہی بھگو دیں صبح اٹھ کر مل چھان کر گٹھلیاں نکال دیں اور نوش کریں۔ چاہیں تو کھجور کے شربت میں دودھ ملا سکتے ہیں اس طرح اس کی افادیت بھی بڑھ جاتی ہے۔

احتیاط: نبیذ کا شربت بنا کر اگر گرمی کا موسم ہے ٹھنڈی جگہ یا فریج میں رکھیں۔ صبح کا بھگویا ہوا شام کو استعمال کریں اور شام کا بھگویا ہوا صبح استعمال کریں اگر فریج میں رکھیں تو خراب نہیں ہوتا لیکن احتیاطاً 12 گھنٹے سے زیادہ نہ رکھیں۔ اگر اس میں خمیر پیدا ہو جائے تو وہ اس کے استعمال کو مشکوک بنا دیتا ہے۔ لہٰذا اس تازہ بنا کر روزانہ استعمال کریں۔

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

رمضان المبارک کے مشکل کشاء انوکھے وظائف

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

روزہ اور نماز تراویح: رمضان المبارک کے مہینہ میں روزہ رکھنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے اس کے علاوہ نماز عشاء کے بعد تراویح پڑھنے کی بھی بہت زیادہ فضیلت ہے۔ چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور سرور کائنات ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص صدق دل اور اعتقاد صحیح کے ساتھ رمضان میں قیام کرے یعنی تراویح پڑھے تو اس کے پچھلے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ (بخاری شریف)

پہلی شب: رمضان المبارک کے مہینہ کی پہلی شب کو نماز عشاء کے بعد ایک مرتبہ سورۂ فتح پڑھنا ثواب عظیم حاصل کرنے کا باعث ہے۔ رمضان المبارک کی پہلی شب نماز تہجد کی ادائیگی کے بعد آسمان کی طرف چہرہ کر کے بارہ مرتبہ یہ دعا پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ بہت سی نعمتیں حاصل ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ خصوصی فضل و کرم نازل فرمائیگا۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اَلْقَآئِمُ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ

روزانہ کا وظیفہ: جو کوئی رمضان المبارک کے مہینہ میں ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یہ دعا پڑھے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ تَوْبَةَ عَبْدٍ ظَالِمٍ لَّا یَمْلِكُ لِنَفْسِهٖ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَیَاةً وَّلَا نُشُوْرًا ۝ اکیسویں شب: رمضان المبارک کی اکیسویں رات کو اکیس مرتبہ سورۂ قدر پڑھنے سے ثواب عظیم حاصل ہوتا ہے۔ رمضان المبارک کی اکیسویں رات کو دو نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورۃ القدر اور تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد ستر مرتبہ درُود پاک اور ستر مرتبہ استغفار پڑھے۔ بفضل باری تعالیٰ گناہوں کی معافی عطا ہوگی اور اللہ تعالیٰ اس رات کی برکات سے یہ نماز پڑھنے والے کو بخش دے گا۔ اکیسویں شب کو ہی چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ القدر اور ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد ستر مرتبہ درُود پاک پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے فرشتے اس نماز کے پڑھنے والے کی مغفرت کیلئے دعا کریں گے۔

تیسویں شب: رمضان المبارک کی تیسویں رات کو نماز عشاء و نماز تراویح کی ادائیگی کے بعد ایک مرتبہ سورۃ یاسین اور ایک مرتبہ سورۃ رحمن پڑھنا باعث برکت و فضیلت ہے۔

تیسویں رات کو چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ القدر اور تین تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ ستر مرتبہ درُودِ پاک پڑھے۔ بفضل باری تعالیٰ گناہوں کی معافی عطا ہوگی۔

پچیسویں شب: رمضان المبارک کی پچیسویں رات کو سات مرتبہ سورۃ فتح پڑھنا فضیلت و برکت کا باعث ہے۔ پچیسویں رات کو دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورۃ القدر اور پندرہ پندرہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ نماز سے فراغت کے بعد ستر مرتبہ درود پاک پڑھے۔ گناہوں سے معافی عطا ہوگی۔ ستائیسویں شب: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے رمضان المبارک کے مہینہ کی ستائیسویں رات صبح ہونے تک عبادت میں گزاری وہ مجھے رمضان المبارک کی تمام راتوں کی عبادت سے زیادہ پسند ہے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کی اے ابا جان! وہ ضعیف مرد اور عورتیں کیا کریں جو قیام پر قدرت نہیں رکھتے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "کیا وہ تکیے نہیں رکھتے جن کا سہارا لیں اور اس رات کے لمحات میں سے کچھ لمحات میں کھڑے ہو کر گزاریں اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں" لیکن یہ بات اپنی امت کے تمام ماہ رمضان کو قیام میں گزارنے سے زیادہ محبوب ہے۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی ﷺ نے فرمایا کہ جس نے شب قدر جاگ کر گزاری اور اس میں دو رکعت (نفل) نماز ادا کی تو اللہ تعالیٰ نے اسے بخش دیا ہے۔ اسے اپنی رحمت میں جگہ دیتا ہے اور جبرئیل علیہ السلام اس پر اپنے پَر پھیرتے ہیں اور جس پر جبرئیل علیہ السلام نے اپنے پَر پھیریں وہ جنت میں داخل ہوگا۔ رمضان المبارک کی ستائیسویں رات کو جو کوئی دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سات سات مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد ستر مرتبہ یہ تسبیح پڑھے۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ ۝ تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کے ماں باپ اور اس کے گناہوں کی بخشش ہو جائے گی۔ پروردگار عالم اس کے والدین کی مغفرت فرمائے گا اور اسے جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے گا اس کے علاوہ اس نماز کے پڑھنے والے کو نیکی کے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے گا۔ جو کوئی رمضان المبارک کی ستائیسویں شب چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورۃ قدر اور پچاس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور پھر نماز سے فارغ ہونے کے بعد بارگاہِ الٰہی میں سجدہ ریز ہو کر نہایت یکسوئی کے ساتھ دعا مانگے' جو بھی جائز حاجت ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ پوری ہوگی۔ رمضان المبارک کی ستائیسویں شب کو جو کوئی ساتوں حم والی سورتیں پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اسے گناہوں کی معافی عطا ہوگی۔ جو کوئی رمضان المبارک کی ستائیسویں شب کو دو دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورۂ الم نشرح اور تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ستائیس مرتبہ سورۂ القدر پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اسے ثواب عظیم حاصل ہوگا۔ **اٹھائیسویں شب:** جو کوئی رمضان المبارک کی اٹھائیسویں رات کو سات مرتبہ سورۂ الواقعہ پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ اس کے رزق میں خوب اضافہ ہوگا۔ رمضان کی اٹھائیسویں رات کو جو کوئی چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ القدر اور تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد ستر مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اُسے ایمان کی سلامتی اور ایمان کی مضبوطی عطا ہوگی۔

اور ناف درست ہوگئی! انوکھا ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا عبقری رسالہ عرصہ دراز سے پڑھ رہا ہوں ناف ٹھیک کرنے کا ایک ٹوٹکہ ارسال کر رہا ہوں' جو میرا تجربہ شدہ ہے' اس سے ناف سو فیصد ٹھیک ہو جاتی ہے۔ ٹوٹکہ: دونوں ہاتھوں کی شہادت کی انگلیوں اور انگوٹھوں کے درمیان والی جگہ کو مسل کر دیکھیں اگر کوئی گرہ وغیرہ ہے تو ناف پوری ہوئی ہے درود ابراہیمی تین مرتبہ پڑھ کر کہنی سے لے کر چھوٹی انگلی تک تین پھونکیں ماریں اور پھر اسی جگہ کو مسل کر دیکھیں وہ گرہ ختم ہو جائے گی۔ ناف درست ہوگئی۔ ان شاء اللہ۔ گرہ کو مسلنے سے کبھی سے درد ہوگی' پریشانی والی کوئی بات نہیں۔ (راؤ محمد صادق' ہارون آباد)

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں بھاری بھرکم بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہو جاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور مینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

مطمئن رہیں! اس رمضان میں پیاس اور بھوک ہرگز نہ ستائے گی!

حرا رحمٰن، کراچی

اس رمضان میں ایسا کیا کیا جائے کے گرمی کی شدت کم ہو جائے کون سی ایسی غذا لی جائے یا کون سے ایسے مشروبات لئے جائیں جس سے گرمی کی شدت میں کمی ہو۔ انہی سوالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے آج آپ کے لئے چند پھل تجویز کئے ہیں

رمضان المبارک خدا کی خاص رحمت اور نعمت کا مہینہ ہے جس میں انسان پر خدا کے خصوصی انعامات اور رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔ الحمدللہ موسم بھی دن اور مختصر رات لہٰذا ان ایام میں خوراک اور نیند کے ساتھ ساتھ مختلف صحت کے مسائل کو بہتر انداز میں کنٹرول میں رکھنا ضروری ہے افطاری کے اوقات میں سخت غذا جو دیر ہضم ہو نیند میں خلل ڈالتی ہے بلکہ سحری میں بھوک ختم کرنے کا باعث بنتی ہے لہٰذا صحت کے ماہرین سخت غذا جیسے حلیم، بڑا گوشت، تلے ہوئے گوشت اور ان جیسے دیگر سخت غذاؤں کے کھانے سے منع کرتے ہیں اس کے برعکس ماہرین نرم اور زود ہضم غذا جیسے یخنی، شوربہ، مرغی کا گوشت، کھیر اور دیگر نرم غذا کھانے کی تاکید کرتے ہیں اس کے علاوہ سبزی جات، فروٹ، سوپ وغیرہ بھی افطاری اور سحری دونوں میں بہت مفید ہے جو نہ صرف بدہضمی سے بچاتا ہے بلکہ آرام دہ نیند میں بھی مفید ہے البتہ افطاری کے بعد سونے کے وقت اگر بھوک لگے تو ایک گلاس دودھ، انگور کا شربت یا تربوز، آڑو، انگور وغیرہ بھی کھایا جا سکتا ہے۔ سحری کے وقت سخت غذا، بھنے ہوئے گوشت اور مصالحہ دار غذا، وغیرہ کھانے سے دن میں، پیاس لگنے کا امکان ہے۔ **سحری میں مشروبات:** سحری میں تازہ لیموں کا شربت، انگور کا شربت، ہلکی کم رنگ چائے، تربوز کا پانی وغیرہ پینے سے دن میں پیاس کم لگے گی جبکہ تیز یا سٹرانگ چائے، کافی، کوک، سیون اپ یا اس جیسی دیگر مشروبات، مصالحہ جات، تیز مرچ، نمکین غذا کھانے سے پیاس زیادہ لگنے کا امکان ہے۔ بہت زیادہ کمپیوٹر اور موبائل کے ساتھ کام کرنا اور تیز قسم کے پرفیوم وغیرہ لگانے سے بھی پیاس زیادہ لگ سکتی ہے۔

روزے کی حالت میں لباس: روزہ میں مناسب اور ڈھیلا ڈھالا لباس پہنیں جس میں پلاسٹک اور ریشم استعمال نہ ہوا اور تیز لال، کالا اور پیلا نہ ہو بلکہ سفید اور بلیو کلر وغیرہ لباس میں پیاس روکنے میں مددگار ہے خشک ہوا کی بجائے اگر ممکن ہو پانی والا پنکھا یا کولر استعمال کریں، شدید غصہ اور ناراضگی بھی پیاس اور بھوک میں اضافے کا سبب بن سکتی ہے لہٰذا ضروری ہے کہ رمضان المبارک میں نارمل رہا جائے افطار اور سحری کے دوران سبزی اور فروٹ، جیسے تربوز، آڑو وغیرہ دن کی بھوک اور پیاس سے بچانے میں مؤثر ہیں۔

رمضان میں گرمی سے بچاؤ اور پانی کی کمی کو پورا کرنے والے پھل: رمضان کا مہینہ اپنی تمام تر برکتوں کے ساتھ بس شروع ہونے ہی والا ہے جبکہ موسم بھی اپنی پوری شدت کے ساتھ اپنی طرف توجہ مرکوز کروائے ہوئے ہے اسی لئے بہت سے لوگ یہ سوچنے پر مجبور ہو گئے ہیں کہ اس رمضان میں ایسا کیا کیا جائے کہ گرمی کی شدت کم ہو جائے کون سی ایسی غذا لی جائے یا کون سے ایسے مشروبات لئے جائیں جن سے گرمی کی شدت میں کمی ہو۔ انہی سوالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے آج آپ کے لئے چند پھل تجویز کئے ہیں جو نا صرف بہت لذیذ ہیں بلکہ ان کا استعمال آپ کے لئے بہت ٹھنڈک ہے اس کے ساتھ ساتھ ان پھلوں کا استعمال جسم میں پانی کی کمی کو بھی دور کرتا ہے۔

تربوز: تربوز میں 92 فیصد تک پانی ہوتا ہے یہ پھل زیادہ تر پانی اور چینی پر مشتمل ہے اس میں میگنیشیم، کیلشیم، سوڈیم اور پوٹاشیم جیسے منرلز بھی وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں اور جو آپ کو بھرپور توانائی اور ہائڈریٹ احساس دیتا ہے۔ اس سال رمضان چونکہ مئی اور جون کے مہینے میں ہے اس لئے تربوز آپ کو وافر مقدار میں مارکیٹ سے ملے گا۔

انجیر: انجیر کا ذکر قرآن پاک میں بھی موجود ہے بس سے ثابت ہوتا ہے یہ پھل اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی کتنا پسندیدہ ہے۔ انجیر صحت کے لئے بھی مفید سمجھی جاتی ہے۔ انجیر کا روزانہ معتدل استعمال آپ کا بلڈ پریشر کنٹرول میں رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ انجیر سے ہاضمے کا نظام بھی بہتر رہتا ہے جس سے وزن میں بے جا اضافہ بھی نہیں ہوتا اور آپ تندرست اور چاق و چوبند رہتے ہیں۔ خصوصاً رمضان میں اس پھل کا استعمال انسانی دل کے لئے بھی بہت مفید سمجھا جاتا ہے اور خاص طور پر جب رمضان انتہائی گرم موسم میں آ رہا ہو تب تو اس پھل کا استعمال اور بھی ضروری ہو جاتا ہے۔

چکوترا: چکوترا میں 90 فیصد تک پانی ہوتا ہے ایک چکوترے میں کیلوریز اور ڈیٹو آکسیفائنگ لیمنو آئڈز کی موجودگی اسے آپ کے لئے اور بھی مفید بناتی ہے۔ رمضان میں چکوترے کا استعمال آپ کو یقیناً پانی کی کمی سے بچا سکتا ہے۔ **آم:** پھلوں کا بادشاہ آم آپ کو 135 کیلوریز فراہم کرتا ہے۔ گرمیوں میں نا صرف آم وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں بلکہ یہ کافی سستے بھی ہوتے ہیں اس لئے اس رمضان آموں کا استعمال بھرپور کریں اور صحت مند رہیں۔

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت تازہ وضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ پڑھیں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ”آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں“ یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آ جائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

میرا سب سے بڑا مسئلہ حل

محترمہ حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری بڑے شوق سے پڑھتا ہوں، میرا مسئلہ یہ تھا کہ مجھے رات رات بھر نیند نہ آتی، نیند کی دوائی کھاتا تو بمشکل نیند آتی، پہلے ایک گولی کھاتا تھا، پھر دو گولیاں پھر تین اور اب تو چار کھاتا پھر بھی تین سے چار گھنٹوں بعد جا کر نیند آتی اگر کبھی گولی نہ کھائی تو ساری رات کھلی آنکھوں کے ساتھ گزر جاتی۔ نیند نہ آنے کا مسئلہ سننے میں بہت معمولی لگتا ہے مگر یہ جس کو ہوتا ہے صرف وہ ہی جانتا ہے کہ یہ کتنا اذیت ناک ہے۔ ایک مرتبہ مرتبہ عبقری میں مراقبے سے فیض پانے والے“ کے نام سے ایک باکس پڑھا تو میرے دل میں بھی امید جاگی کہ میں بھی رات سوتے وقت مراقبہ کرتا ہوں شاید میرا مسئلہ بھی حل ہو جائے۔ میں نے روزانہ عشاء کی نماز کے بعد عبقری میں جس طرح مراقبہ کا طریقہ بتایا گیا اسی طرح مراقبہ کرنا شروع کر دیا، میں تو حیران ہی رہ گیا کہ ایک ہفتہ مراقبہ کرنے کے بعد ایک دن میں مراقبہ کرتے کرتے ہی سو گیا اور مجھے معلوم بھی نہ ہوا صبح اٹھا تو یقین ہی نہ تھا کہ میں بغیر کسی نیند کی گولی کے اتنا پرسکون سویا ہوں اور اتنا تازہ دم ہو کر اٹھا ہوں۔ وہ دن اور آج کا دن میں نے کبھی نیند کی گولی نہ کھائی بس مراقبہ کرتا ہوں اور فوری نیند کی وادی میں کھو جاتا ہوں۔ (شوکت علی، راولپنڈی)

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کیلئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ مختصر اور صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خطوط لکھتے ہوئے اضافی گوند ٹیپ یا سٹمپ زبان کا استعمال نہ کریں کیونکہ خط کھولتے ہوئے پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ اپنا نام شہر کا نام اور مکمل پتہ واضح کر کے جوابی خط پر ضرور لکھیں۔ ایڈریس نامکمل ہونے کی وجہ سے جواب نہیں دیا جائیگا۔

نظر بد سے حفاظت: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرا بیٹا سعودی عرب کی مقامی یونیورسٹی میں سافٹ ویئر انجینئر ہے' وہ اکثر نظر بد کا شکار رہتا ہے اس کے علاوہ اس کے دشمن اور حاسدین دن بدن بڑھتے جارہے ہیں' مجھے کوئی وظیفہ عطا فرمائیں کہ وہ حاسدوں کے شر اور بُری نظر سے محفوظ رہے اور اس کی زندگی میں آسانیاں پیدا ہوں' مزید اس کی شادی کیلئے کوئی نیک شریک حیات ملے اور مخلص لوگوں کے واسطہ پڑے' لالچی نہ ہوں۔ شکریہ! (والدہ فرحان' کراچی)

جواب: آپ خود بھی اور اپنے بیٹے سے بھی کہیں اللہ پر بھروسے کے ساتھ محنت اور منصوبہ بندی سے اپنا کام جاری رکھیں اور وساوس میں گرفتار نہ ہوں۔ روزانہ نماز فجر کے بعد سورۃ اخلاص کی تلاوت کر کے اس کے معانی پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ نماز عشاء کے بعد تین بار آیت الکرسی پڑھ کر دعا کیا کریں۔ اپنی حیثیت کے مطابق ضرورت مندوں کی کچھ نہ کچھ مالی مدد کیا کریں۔ اچھی شریک حیات کیلئے اپنے بیٹے سے کہیں نماز فجر کے بعد شمال رخ منہ کر کے کھڑا ہو جائے اور دعا کے انداز میں ہاتھ اٹھا کر ایک بار درود شریف اور گیارہ بار سورۃ اخلاص پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھ چہرے پر پھیر لے۔ دوبارہ دعا کے انداز میں ہاتھ اٹھا کر یہی عمل کرے اور کل تین بار یہ عمل کیا جائے۔ پھر دعا مانگ لیں۔ اس عمل کو نوے دنوں تک کریں۔ شادی کیلئے یہ عمل ہر قاری/قاریہ کر سکتا ہے۔

مناسب کرایہ پر مکان: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی عمر اور صحت میں برکت عطا فرمائے۔ حضرت! کاروباری مشکلات ہیں' بچے بیروزگار ہیں' چاروں بچوں کی عمر شادی کی ہے لیکن رشتوں کے سلسلے میں سخت پریشانی ہے' کرایہ کا مکان ہے' دونوں بہنیں اکٹھی ایک گھر میں رہتی ہیں' چھوٹا سا دو کمروں کا اور بے پردہ مکان ہے' آس پاس اونچی عمارتیں ہیں لیکن کوشش کے باوجود دوسرا مکان نہیں مل رہا' مزید بچے کہا نہیں مانتے' آپس میں لڑائی جھگڑا کرتے رہتے ہیں۔ تمام مسائل کے حل کیلئے کوئی وظیفہ عنایت فرمادیں۔ (پوشیدہ' راولپنڈی)

جواب: عبادت اور اوراد کے ورد کے ساتھ طرز فکر بھی منسلک ہوتی ہے اور فکر ہی سے نتائج سامنے آتے ہیں۔ جب تک آدمی کسی نہ کسی طور اپنا ارادہ شامل نہ کرے طرز فکر کو بدلنے میں کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی۔ طرز فکر میں پیچیدگی سے ہی اختلافات اور لڑائی جھگڑے جنم لیتے ہیں۔ آپ کسی عمدہ کاغذ یا چارٹ پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ خوشخط لکھوا کر کسی ایسی جگہ لگا دیں یا چوکھٹ پر کسی مناسب جگہ آویزاں کر دیں جہاں سب گھر والوں کی نگاہ پڑتی ہو۔ گھر والے بھی آتے جاتے اس نقش کو دیکھا کریں۔ ان شاء اللہ اس عمل سے گھر سے لڑائی جھگڑے اور آپس کی نااتفاقی ختم ہو جائے گی۔ کاروبار' بچوں کے رشتہ اور مکان کی تبدیلی کیلئے تمام گھر والے نماز کی پابندی کے ساتھ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد سورۃ شوریٰ کی آیت نمبر 19 کو اکیس بار پڑھ کر اللہ سے دعا کریں۔

ایک غریب لڑکے کا خط: محترم حضرت شیخ الوظائف السلام علیکم! میں ایک غریب لڑکا ہوں' الحمدللہ! شادی شدہ ہوں' ایک فیکٹری میں ملازمت کرتا ہوں' میری معقول تنخواہ ہے' اس سے میرے گھر کا گزر بسر ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے میں ایک آٹھ ماہ کی بچی کا باپ ہوں' میری بیٹی قدرتی طور پر دل میں سوراخ اور اس کے دل کی طرف سے تین نسیں دبی ہوئی ہیں جس کا علاج ڈاکٹروں نے آپریشن بتایا ہے' مجھ میں اتنی وسعت نہیں کہ میں اپنی پھول جیسی بیٹی کا علاج کروا سکوں' اس لیے آپ سے التجا ہے کہ آپ مجھ پر مہربانی فرما کر کوئی وظیفہ عنایت فرمادیں تاکہ اللہ تعالیٰ میری بچی کو بغیر آپریشن ہی شفاء سے نواز دے۔ (محمد عامر شیخ' فیصل آباد)

جواب: شیخ صاحب! آپ' آپ کی اہلیہ بچی کا سخت تصور کر کے سو فیصد یقین کے ساتھ لَھُمْ لَا یُنْصَرُوْنَ سارا دن وضو بے وضو کھلا پڑھیں۔ روزانہ سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں۔ الحمدللہ! بے شمار واقعات ہیں کہ اس چھوٹے سے مگر طاقتور ترین وظیفہ سے بے شمار لاعلاج بیماریوں میں مبتلا اور جادو و جنات کے مریض صحت یاب ہو چکے ہیں۔

بار بار رکاوٹ: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں گزشتہ دس سالوں سے بار بار ٹیچنگ کیلئے اپلائی کر رہی ہوں اب انہوں نے این ٹی ایس کی شرط رکھی ہے لیکن وہ کلیئر ہی نہیں ہو رہا۔ اب میں نے لیکچرار اسلامیات کیلئے بھی اپلائی کیا ہوا ہے۔ محترم! مجھے پتہ نہیں کیوں بار بار رکاوٹ ہو رہی ہے اور آپ مجھے کوئی ایسا وظیفہ بتادیں جس سے میرا ٹیسٹ کلیئر ہو جائے اور مجھے نوکری مل جائے' میں بہت پریشان ہوں' اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ میرے چار بچے ہیں اور بڑی بیٹی 12 سال کی ہے اور وہ بہت زیادہ ضدی اور نافرمان ہوتی جارہی ہے' خدارا مجھے کوئی وظیفہ عطا فرمادیں کہ مجھے نوکری مل جائے اور میرے بچے میرے فرمانبردار ہو جائیں' اللہ تعالیٰ انہیں دین کی توفیق دیں۔ (نادیہ نذیر' میلسی)

جواب: نماز عشاء کے بعد آیت کریمہ گیارہ بار اور آیت الکرسی تین بار پڑھ کر حالات بہتر ہونے کی دعا اور مشکلات کے خاتمے کی درخواست بارگاہ ایزدی میں پیش کیا کریں۔ اس کے علاوہ بِسْمِ اللّٰہِ الْوَاسِعُ الْوَدُوْدُ روزانہ نماز عشاء کے بعد 66 مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اپنی مشکلات کے لیے دعا کیا کریں۔ کم از کم 40 دن وظیفے کو پڑھیں۔ اس کیساتھ معمول کی عملی کوشش بھی جاری رکھیں۔ آپ کے حالات میں وسعت و فراخی بھی پیدا ہو جائیگی۔

بدبودار پسینے سے چھٹکارا ممکن ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عرصہ پانچ ماہ سے عبقری کا قاری ہوں' ماشاء اللہ بہت ہی اچھی اور اعلیٰ کاوش ہے' آپ مخلوق خدا کی طبی اور روحانی دونوں طرح سے خدمت کر رہے ہیں' اللہ تعالیٰ آپ کا عمل قبول فرمائے اور آپ کو دونوں جہانوں کی نعمتیں عطا فرمائے [illegible] دے' آمین۔ گرمیوں کا موسم ہے اور ایک سال پہلے میں اس موسم میں بند جوتا نہیں پہن سکتا تھا' مگر پھر ایک مخلص نے ایک ٹوٹکا بتایا اس پر عمل کرنے سے آج نہ میرے پسینے میں بدبو ہے اور نہ ہی میرے پاؤں سے بدبو آتی ہے۔ میں نے گزشتہ سال گرمیوں میں نیم کا استعمال کیا' نیم کو بیس پتے نیم کے ایک گلاس پانی میں بھگو دیتا ہوں اور صبح نہار منہ اس پانی کو پیتا ہوں اور پتے چبا لیتا ہوں' اس [illegible] بہت افاقہ ہوا ہے' ورنہ تو پندرہ منٹ میں پاؤں اور جوتے پسینہ سے تر ہو جاتے' نیم کی وجہ سے اب پاؤں میں پسینہ نہیں آتا اور نہ پاؤں بھیگتے ہیں اور نہ ہی جوتوں اور جرابوں میں بدبو پیدا ہوتی ہے۔ ورنہ میں آدھا آدھا گھنٹہ موٹر چلا کر نہاتا رہتا تھا۔ میں جس جگہ جوتا اتار دیتا تھا' اس جگہ بدبو ہی بدبو پھیل جاتی تھی' سخت شرمندگی اٹھانی پڑتی تھی۔ پسینہ آتا ضرور ہے مگر نارمل اور وہ بھی بدبو کے بغیر۔ (محمد عرفان کیانی' اسلام آباد)

http://www.urdutube.net
Digitized by Google

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلر زین استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

الرجی ہے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بہت عرصہ سے [illegible] کی وجہ سے سر میں بہت درد ہوتا ہے' سر بھاری رہتا ہے چکر آتے ہیں۔ سجدے میں سر جھکانے سے شدید تکلیف ہوتی ہے۔ الرجی ہے' نزلہ' زکام' چھینکیں' بلغم' دمے کی شکایت بھی ہے۔ کوئی ایسا نسخہ عطا فرمادیں کہ دمہ بالکل ختم [illegible] ہو جائے۔ ناشتہ ہضم ہوتا ہے۔ کھاتے ہی فوراً واش روم جانا پڑتا ہے۔ ٹانگیں اور جسم بے جان لگتا ہے' تیز بخار ہے لیکن بخار نہیں ہوتا' سمجھ نہیں آتی جسم بے جان اور تھکا ہوا کیوں ہے' ہر پوٹ کلیئر آتی ہے' مزید ہاتھوں اور پیروں میں بہت جلن رہتی ہے۔ (ج۔ز' لاہور)

مشورہ: آپ خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا لیں اور ایک چمچ چائے والا دن میں تین بار استعمال کریں۔ یاد رہے خمیرہ کسی اچھے دیانتدار طبیب کا بنا ہوا ہو اور اسکے ساتھ ساتھ اطریفل اسطخدوس ایک چمچ چائے والا اور کلونجی پاؤڈر ایک چوتھائی چمچ استعمال کریں۔ غذا میں کھٹی چیزیں، اچار وغیرہ سے پرہیز کریں۔ سرسوں کا تیل روزانہ صبح اور شام چند قطرے ناف، ناک کے نتھنوں میں اور مقعد کے اندر اور باہر لگائیں۔ میرے پاس بے شمار ایسے مریض آئے جو پرانی کھانسی یہاں تک کہ بچوں کی کالی کھانسی، پرانی الرجی، دمہ اور دماغی کمزوری میں مبتلا تھے جب ان کو یہ تیل لگانے والا نسخہ بتایا گیا تو انہیں یقینی فائدہ ہوا۔

جوڑوں میں درد: محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کی عمر میں برکت فرمائے اور آپ پر رحمت کا سایہ رکھے۔ میں نے رسالہ عبقری پڑھا' بہت مفید شمارہ ہے۔ میری عمر پچاس سال ہے' میری کمر' گھٹنوں اور جوڑوں میں اور دائیں طرف کے چوکنے کے جوڑ میں بہت زیادہ درد رہتا ہے' کمر درد کی وجہ سے نیچے کو وزن بھی بہت زیادہ رہتا ہے' جس وجہ سے جھک کر چلتی ہوں' ایکسرے کروائے' جوڑ میں خلا آیا' ادویات کھائیں مگر کوئی فرق نہیں پڑا۔ مہربانی فرما کر کوئی دوا' نسخہ وغیرہ تجویز فرمادیں۔ (ب' سرگودھا)

مشورہ: کالے چنے دیسی 20 گرام، رات کو ایک کپ تیز گرم پانی میں ابال کر رات کو بھگو دیں۔ صبح اٹھ کر وہ پانی پی لیں اور چنے تل کر کھالیں' 2 ماہ ایسا کریں۔ مزید کلونجی باریک کی ہوئی آدھا چمچ پانی کے ہمراہ صبح و شام استعمال کریں اور جوڑوں پر ذیل نسخہ کی مالش کریں۔ **ھوالشافی:** ست پودینہ 6 گرام، ست اجوائن 6 گرام، کافور 12 گرام، تیل دارچینی 6 گرام، تیل لونگ 6 گرام، تمام ادویات آپس میں ملا کر بوتل میں محفوظ رکھیں اور بوتل کا منہ خوب بند رکھیں پھر ایک پاؤ تل کا تیل لے کر تمام ادویات ملی ہوئی اس میں ملا دیں اور محفوظ رکھیں۔ اس تیل کی تھوڑی سی مقدار لیکر مالش کریں [illegible] پر اونی کپڑا باندھیں، ٹھنڈی ہوا نہ لگے۔ کھٹی، ٹھنڈی، بادی چیزوں سے مکمل پرہیز کریں۔

ہڈیوں کا ڈھانچہ: میری عمر 18 سال ہے' میں بہت ہی دبلا پتلا ہوں' لوگ مجھے ہڈیوں کا ڈھانچہ کہہ کر بلاتے ہیں' میں موٹا اور صحت مند ہونا چاہتا ہوں مجھے کوئی نسخہ عنایت فرمائیں۔ دوسرا مسئلہ پیشاب کا ہے اور اہم مسئلہ یہ ہے کہ مجھے پیشاب کے بعد قطرے آتے ہیں جب بھی پیشاب کرتا ہوں تو بعد میں قطرے گرتے رہتے ہیں جس کی وجہ سے ناپاک ہو جاتا ہوں۔ بہت علاج کروایا مگر فائدہ نہ ہوا۔ آج ہمت کر کے آپ کو لکھ رہا ہوں' خدارا میری [illegible] آپ کا رسالہ عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں' اس میں موجود وظائف بھی پڑھتا ہوں بہت فائدہ ہوتا ہے' اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر دے۔ آمین۔ (زاہد اقبال' مانسہرہ)

مشورہ: آپ کمزوری کیلئے ایک عمدہ سیب لے کر رات سوتے وقت اس میں بڑی سوئی (جس سے رضائی وغیرہ سیتے ہیں) لے کر اس سے سیب میں چاروں طرف سے جتنے زیادہ سوراخ ہو سکتے ہیں کر لیں' پھر یہ سیب اتنے دودھ میں بھگوئیں کہ سیب دودھ کے اندر ڈوب جائے۔ ساری رات سیب اسی طرح پڑا رہے' صبح اٹھ کر وہ سیب دودھ سے نکال کر کھالیں اور دودھ پی لیں۔ تقریباً گھنٹے بعد ناشتہ کریں۔ یہ سادہ سا ٹوٹکہ طاقت کا خزانہ ہے۔ دوسرے مسئلہ کیلئے آپ گرم' تلی ہوئی چیزوں سے پرہیز کریں' اپنی سوچ کو پاک رکھیں اور عبقری دواخانہ کی "نوجوان شفاء" چند ہفتے' چند مہینے لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔

تین سال سے خارش: محترم حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے عرصہ تین سال سے خارش ہے' کافی علاج کروا چکا ہوں کوئی فرق نہیں پڑا' اب بیماری تبدیل ہو چکی ہے' گزشتہ گرمیوں میں ہاتھ اور پاؤں پر پانی والے چھالے نکل آئے تھے' کافی ڈاکٹروں اور حکیموں کے پاس چکر لگائے کوئی فرق نہیں پڑا' کوئی ڈاکٹر کہتا ہے سورائسز ہے' کوئی کہتا ہے چنبل ہے اور سر میں بھی تکلیف ہے۔ چھوٹے چھوٹے دانے نکلتے ہیں اور ان میں سے پیلے رنگ کا پانی نکلنا شروع ہو جاتا ہے' علاج کروا کروا کر بے بس ہو چکا ہوں' کچھ سمجھ نہیں آ رہی کیا کروں؟ آپ کا ماہنامہ عبقری ہر ماہ بڑے شوق سے پڑھتا ہوں' مہربانی فرما کر کوئی دوا تجویز کریں یا نسخہ بتائیں اور ساتھ پرہیز بھی بتادیں۔ (طاہر محمود' چیچہ وطنی)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی دوا "خون صفاء اور ٹھنڈی مراد" چند ڈبیاں استعمال کریں اس کے ساتھ یہ نسخہ بنائیں۔ **ھوالشافی:** سفید ویزلین آدھا کلو' سلفاڈایا ڈین گولیاں پچاس عدد' چالیس لاکھ کے انجکشن دو عدد' کورو فینی کال کیپسول پچاس عدد' سپڑ ان ڈی ایس گولیاں پچیس عدد ان سب چیزوں کو کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔ پھر سفید ویزلین کو ہلکی آنچ پر گرم کر لیں پھر سفوف ڈال کر چھڑی نما لکڑی سے آہستہ آہستہ مکس کرتے جائیں پھر نیچے اتار لیں ٹھنڈی ہونے پر چھوٹی چھوٹی ڈبیہ میں بھر لیں۔ دن میں دو مرتبہ متاثرہ جلد پر لگائیں۔ خارش' داد' چنبل اور زخم کیلئے مجرب نسخہ ہے۔

اٹلی کی ڈاکٹر نے کہہ دیا: آپ ماں نہیں بن سکتیں مگر رمضان آیا' عبقری ملا اور۔۔۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو صحت' تندرستی' درازی عمر بالخیر عطا کرے' عبقری سے ملتے ہوئے تقریباً 2 سال ہو گئے ہیں' عبقری کے بہت سے وظائف آزمائے' ایک سے بڑھ کر ایک پایا' مشکلات کے پہاڑ ہٹے اور سکون نصیب ہوا۔ میں بیرون ملک اٹلی میں مقیم ہوں' میں اولاد کی وجہ سے پریشان تھی' اٹلی کی ڈاکٹرز نے کہا کہ آپ کی ٹیوبز بند ہیں آپ ماں نہیں بن سکتیں' دو دفعہ ٹیسٹ ٹیوب بے بی ٹرائی کیا لیکن کامیابی نہ ہو سکی۔ دو سال پہلے جب عبقری [illegible] میں درج ذیل وظائف دل لگا کر پڑھے۔ یا نہار 1100 مرتبہ یا اول آخر سات مرتبہ درود شریف' سورہ شمس 40 مرتبہ صبح و شام کلمہ کا نصاب 5 یا 7 مرتبہ (ایک نصاب 70 ہزار کا ہے) اور گزشتہ رمضان میں 10 لاکھ مرتبہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ گزشتہ سال دسمبر میں جب پاکستان گئی تو تمام ٹیسٹ دوبارہ کرائے تو حیران کن طور پر میری تمام رپورٹس الحمدللہ ٹھیک آئیں حتیٰ کہ میری ٹیوبز بھی بالکل کلیئر کھل چکی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں خیر و عافیت کیساتھ سلامتی والی اولاد عطا فرمائے۔ آمین! (ش، اٹلی)

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

آم اور احتیاط: کھٹا آم کھانے سے گلے اور دانتوں کو نقصان ہوتا ہے' اس سے زکام اور خون کی خرابی بھی ہو سکتی ہے' نہار منہ آم کبھی بھی نہیں کھانا چاہیے' اس سے معدے کو نقصان پہنچتا اور گرمی پیدا کرتا ہے۔

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 103

جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے' اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے سامنے پر اسرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پر اسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

جنات کہاں رہتے ہیں؟ کیسے رہتے ہیں؟: جنات کہاں رہتے ہیں' کیسے رہتے ہیں؟ کس طرح رہتے ہیں؟ ایک سوچ ہے' ایک خیال ہے' ایک گمان ہے' صدیوں اس پر بہت لکھا گیا' پڑھا گیا' سوچا گیا' مفروضے' افسانے' خیالات' تصورات' حد سے کہیں زیادہ' لیکن کسی اس نتیجے پر نہیں پہنچا کہ جنات رہتے کہاں ہیں؟ اور جنات کا مسکن کیا ہے؟ قارئین! جنات ہر اس جگہ رہتے ہیں جہاں انسان رہتے ہیں' اور ہر اس جگہ رہتے ہیں جہاں اللہ تعالیٰ کا نظام ہے۔ فضاؤں میں' ہواؤں میں' پہاڑوں میں' دریاؤں میں' غاروں میں' پانی کے اندر' پانی کے نیچے' زمین کے اندر' زمین کے نیچے' ہر اس جگہ جہاں آپ کا گمان اور خیال نہیں اور تصور نہیں' آئیے! پھر آپ کو ایک واقعہ سناتا ہوں۔ **مریدین کا شیخ سے شکوہ:** ایک درویش کا کسی گاؤں میں آنا جانا تھا' اللہ والے تھے' خدا رسیدہ تھے' سال کے بعد اپنے مریدین کے ہاں تشریف لاتے تھے' انہیں اللہ اللہ سکھاتے' اعمال کی تلقین دیتے' ایک دفعہ مریدین نے شیخ سے شکوہ کیا کہ دریا کا پانی بہت چڑھا ہوا ہے' بند جتنے بھی ہیں سب ٹوٹ چکے ہیں' اردگرد کے تمام علاقے زیر آب آ گئے' مکان گر گئے' جانور بہہ گئے' کئی انسانی جانیں ختم ہو گئیں اب دریا کا رخ ہماری طرف ہے' آپ دعا فرمائیں اور کوئی ایسی ترتیب بتائیں کہ ہم دریا کے پانی اور طغیانی سے بچ جائیں۔ شیخ سر جھکا کر مراقبہ میں اللہ تعالیٰ کی ذات کی طرف متوجہ ہوئے بہت دیر کے بعد سر اٹھایا تو فرمانے لگے کہ مجھے کوئی ایک جوان چاہیے' اس کو کشتی میں بٹھا دیں اور کشتی جس طرف چلے چلتی جائے' آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ نہ پوچھتے تو اچھی بات تھی: ایک مرید نے جرأت کرتے ہوئے پوچھا کہ شیخ یہ فرمائیے کہ جوان پھر جائے گا کہاں؟ فرمایا: نہ پوچھتے تو اچھی بات تھی اب پوچھ لیا تو تمہیں بتائے دیتا ہوں' دراصل ہم اس جوان کو شاہ جنات کے پاس بھیجنا چاہتے ہیں جو دریاؤں کی تہہ کے نیچے تخت بچھائے' محفل لگائے' مخلوق خدا کے مسائل میں مسلسل فکرمند ہیں' جب ان کے پاس ہم اپنا قاصد بھیجیں گے تو یقیناً پانی کی طغیانی میں ٹھہراؤ آئے گا اور طوفان تھم جائے گا۔ انہوں نے ایک جوان کو تیار کیا' چوبیس پچیس سال کا ایک جوان' وہ نہایا دھویا' صاف ستھرے کپڑے پہنے خوشبو لگائی۔ **شیخ کی تھپکی اور دم:** شیخ نے اسے تھپکی دی اور دم کر کے اسے کشتی پر بٹھا دیا تمام بستی دیکھتی رہی کہ کشتی جا رہی اور وہ بیٹھا ہوا حتیٰ کہ اتنا دور کہ کشتی نظر آنا بند ہو گئی اور وہ واپس چلے گئے' کئی سوچیں' کئی باتیں مگر تین دن کے بعد وہ جوان اپنے گھر واپس آیا' آنکھیں پھٹی' زبان بند' وہ فضاؤں اور خلاؤں میں گھور گھور کر دیکھتا تھا آتے ہی وہ سو گیا بہت لمبی نیند سویا' جب لمبی نیند کے بعد اٹھا تو اس نے اپنے جسم کو پرسکون محسوس کیا' سب اکٹھے اس انتظار میں تھے کہ یہ کہاں گیا تھا؟ کیونکہ واقعی اس کے جانے کے بعد دریا کی طغیانی میں کمی آئی اور تین دن کے اندر اندر دریا کی سطح نیچے چلی گئی اور طوفان تھم گیا بلا ختم ہو گیا۔ **تین دن کی آپ بیتی:** تین دن کے اس لڑکے نے اپنی طلسم' تڑپ' توجہ کو اور بڑھا دیا' وہ جوان بولا کہ میں جا رہا تھا ایک جگہ مجھے غنودگی محسوس ہوئی اور مجھے ایسا محسوس ہوا کہ میں پانی کے اندر نیچے ڈبکی لگانے کے انداز میں نیچے ہی نیچے جا رہا ہوں اور اتنا گہرا جا رہا ہوں کہ شاید میں نے میلوں سفر کر دیا تو اتنے گہرے نہیں ہوتے شاید سمندر اتنے گہرے ہوں' اچانک مجھے آوازیں آنا شروع ہوئیں اور ایک دم میری آنکھ کھل گئی میں نے محسوس کیا کہ میں کرسی نما نشست پر بیٹھا ہوں' ہر طرف عجیب و غریب شکلوں والے لوگ بیٹھے ہیں' سامنے تخت پر بھی ایک عجیب غریب شکل کے شخص تھے جن کی آواز میں رعب اور گرج تھی ان کی گفتگو چلتی رہی' مختلف موضوعات پر باتیں ہو رہی تھیں اور آخر کار ایک صاحب نے کھڑے ہو کر شہنشاہ اعظم سے عرض کیا فلاں درویش نے فلاں گاؤں سے ایک قاصد آپ کی خدمت میں بھیجا ہے دریا کی طغیانی سے ان کے گاؤں اور بستی کو نقصان پہنچ سکتا ہے اور انسانی جانوں کو نقصان حد سے زیادہ بڑھنے والا ہے اور پورا گاؤں ڈوب سکتا ہے آپ توجہ اور مہربانی فرمائیں کہ جنات کی حفاظت کا ایک دستہ ایسا ہو کہ جو پانی کے رخ کو ان کے گاؤں کی طرف سے موڑ دے' اس طرح کی فریاد کی' درخواست کی اور شہنشاہ اعظم سے عرض کیا' ان کی اس فریاد اور درخواست پر شہنشاہ اعظم نے سر ہلایا اور ایک اشارہ سے اپنا حکم سنایا اور ساتھ یہ کہا کہ یہ ہمارا مہمان ہے' اسے تین دن اپنے پاس مہمانی اور میزبانی کا اچھا شرف دو اور تین دن کے بعد بہترین تحائف کے ساتھ اسے اس کے گاؤں پہنچاؤ کیونکہ وہ درویش ہمارے بہترین دوست ہیں اور ان کا ہر حکم ہمارے سر آنکھوں پر ہے اور ایک رعب دار اور وزن دار لہجے میں ان شاء اللہ کہہ کر فرمانے لگے کہ اللہ نے چاہا تو وہاں طوفان اور طغیانی نہیں آئے گی۔ وہ جوان کہنے لگا: مجھے کچھ عجیب و غریب مخلوقات کے لوگوں نے وہاں سے اٹھا لیا اور میں وہاں سے چلا ایک شاہی محل نما مہمان خانہ تھا' اس شاہی محل نما مہمان خانہ میں مجھے ٹھہرایا گیا ایسے اعلیٰ کھانے' ایسے بہترین بستر اور ایسا اچھا نظام کے میں نے دنیا میں شاید نہ کبھی دیکھا' نہ سنا' واقعی میری وہاں زندگی جو تین دن گزری' بادشاہوں اور شہزادوں کی طرح گزری' نہ وہاں غم تھے' نہ روگ تھے' نہ پریشانیاں' دکھ نام کی چیز وہاں بالکل نہیں تھیں' غم اور مشکلات وہاں بالکل نہیں تھیں۔ تین دن میں میں نے وہ کھانے کھائے جو شاید مغل بادشاہوں نے بھی نہ کھائے ہوں اور تین دن میں مجھے وہ پوشاکیں پہنائی گئیں اور ایسے بہترین لباس سجائے گئے کہ میری عقل اور سوچ حیران اور تین دن میں میں نے اپنی زندگی میں شہنشاہیت دیکھی ہے۔ جب تیسرا دن ہوا تو کچھ خدام میرے پاس آئے کہ آپ کے جانے کا وقت ہے اور روانگی ہے۔ آپ ہمارے ساتھ چلیں' جب میں ان کے ساتھ گیا تو کچھ ایسا سامان تھا جو بطور ہدیہ کچھ میرے لیے اور کچھ اس درویش اور شیخ کیلئے تھا۔ بس پھر اسی طرح میں نے محسوس کیا کہ میں پانی کا سفر طے کر رہا ہوں اور پانی کے سفر سے پھر میں نے اپنے آپ کو اپنے گھر دیکھا۔ **مکلی کا قبرستان اور بوڑھا جن:** قارئین! جنات پانی کے نیچے بہت رہتے ہیں' پانی کے کنارے رہتے ہیں' کھلی قبروں میں رہتے ہیں۔ مکلی ٹھٹھہ کے سفر کے دوران میری ایک بوڑھے جن سے ملاقات ہوئی مجھے بعد میں پتہ چلا کہ وہ بوڑھا جن ہے' میں بیٹھا سورۂ فاتحہ پڑھ رہا تھا اور خاص جذبے اور کیفیت کے ساتھ خاص وجد اور وجدان کیساتھ میں پڑھ رہا تھا' اسی طرح پڑھتے پڑھتے میرے سامنے ایک جوگی آیا جو بین بجا رہا تھا اور میرے سامنے آ کر بیٹھ گیا' ادھر میری سورۂ فاتحہ ادھر اس کی بین میں محسوس کر رہا تھا کہ اس کی بین کی آواز بڑھتی چلی جا رہی تھی اور ایسے ہے کہ اس کی بین کے سوراخوں سے بجلیاں نکل رہی ہوں اور حیرت انگیز بین نکل رہی تھیں پھر تھوڑی دیر کے بعد مجھے محسوس ہوا کہ شاید یہ اپنی بین کی آواز کے ذریعے میری سورۂ فاتحہ کا ربط ختم کرنا چاہتا ہے' نامعلوم اچانک میرے اندر کیا خیال آیا اور میں نے بلکہ میری سورۂ فاتحہ کی توجہ اس کی بین کی طرف کر دی اور بین کے تصور کے ساتھ سورۂ فاتحہ کو وجد' وجدان' کیف' کیفیات اور سچے جذبے کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا۔ ابھی تھوڑی ہی دیر پڑھی تھی تو دھماکہ کے ساتھ اس کی بین پھٹی اور ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی اور کچھ ٹکڑے میرے سامنے بھی آ کر گرے' اس نے دونوں ہاتھ منہ پر مارے اور کہنے لگے کہ کس بندے کے سامنے میں آ گیا اور اپنے آپ کو کوسنے لگا' حتیٰ کہ اپنے آپ

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

کو گندی گالیاں دینے لگا' میں مسلسل سورۂ فاتحہ پڑھ رہا تھا اور اللہ کے نام کے سچے جذبے کے ساتھ پڑھ رہا تھا۔ تھوڑی ہی دیر میں میرے سامنے آکر بیٹھ گیا اور کہنے لگا مجھے معاف کردیں۔ میں اللہ تعالیٰ کے کلام سے واقف تھا مگر اس کی طاقت سے واقف نہیں تھا۔ میں دراصل ایک جن ہوں اور میں جن کے روپ میں یہاں لوگوں کو بین بجا کر نیولے اور سانپ کی آواز میں جھڑپ دکھا کر لوگوں کی جیبیں صاف کرتا ہوں اور اچھا خاصا پیسہ روز کما کر جاتا ہوں۔ میں نے آپ کو ایسے بیٹھے ہوئے دیکھا تو میں نے کہا کہ آپ سے بھی مال حاصل کروں لیکن میں نے بین بجائی آپ نے توجہ کی پھر میں نے اپنی بین کو اپنی خاص طاقت کے ساتھ بجایا اور جب میری خاص طاقت ہوتی ہے تو بین سے بجلیاں نکلتی ہیں حتیٰ کہ میں خاص طاقت اور استادی کے ساتھ بین بجاتے ہوئے اس بات کا خیال رکھتا ہوں کہ میرے قریب خشک لکڑیاں اور گھاس پھوس نہ ہو' کئی بار میرا تجربہ ہوا ہے کہ بین کی آواز سے بجلیاں خشک لکڑیوں اور گھاس پھوس کو آگ لگا دیتی ہیں' میں کی آواز سے خود میرا اپنا لباس جلا اور کئی لوگوں کے لباس جلے' پھر میں نے اپنی طاقت کے ساتھ بین بجانی شروع کی لیکن آپ جو پڑھ رہے تھے اس پڑھنے نے مجھے ناکام کردیا اور حتیٰ کہ میری بین پھٹ گئی اور یہ میری زندگی کا سرمایہ تھا۔ **کسی فقیر سے نہ الجھنا:** میں نے اس بین پر بہت مشق اور ریاض کیا ہوا تھا اور یہ بین ایسی تھی جس کے ذریعے سے میں نے بہت مال کمایا' آپ نے بین کو توڑ دیا پہلے مجھے آپ پر غصہ آیا' پھر پیر استاد کا ایک قول یاد آیا کہ کسی فقیر سے الجھنا نہیں' ورنہ تمہاری زندگی بہت مشکل ہوجائے گی۔ بس! پھر میں آپ کے قدموں میں گر گیا اب مجھے بتائیں کہ اب میں کیا کروں' میری بین ٹوٹ گئی ہے' میری روزی کا ذریعہ ختم ہوگیا ہے' اگر یہ روزی کا ذریعہ تھا تو میں اپنا نظام چلا رہا تھا۔ آج وہ روزی کا ذریعہ ختم ہوگیا' اب میں کروں تو کیا کروں؟ وہ مجھ سے بیٹھا باتیں کر رہا تھا اور میں مسلسل بیٹھا سورۂ فاتحہ پڑھ رہا تھا' میں نے اس کی کسی بات کا جواب نہ دیا پھر اچانک شاید سورۂ فاتحہ کی برکت تھی میرے دل میں خیال آیا یہ جن ہے اور کافر جن ہے' کیوں نہ سورۂ فاتحہ کی توجہ اور اثر اس کے دل پر ڈالا جائے اور اس کے دل میں ایمان داخل ہو' اور کفر ختم ہو اور کفر ٹوٹ جائے۔ بس خیال آتے ہی میں سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس کے تصور کو اس کے دل پر ڈال دیا اور بہت ڈالا تھوڑی ہی دیر میں اس نے اپنا سینہ پکڑ لیا ایسے جیسے کسی کو دل کا دورہ پڑتا ہے' لوٹ پوٹ گیا تڑپ گیا۔ آوازیں تھیں جو نکل رہی تھیں لیکن سمجھ نہیں آرہی تھیں کہ وہ آوازیں کیا ہیں؟ بس اس کے اندر ایک ہلچل تھی' اس کے اندر ایک بے چینی تھی' میں مسلسل سورۂ فاتحہ پڑھتا رہا اور سورۂ فاتحہ کے ہی تصور کو توجہ بنا کر اس کے دل پر ڈالتا رہا اور اس تصور کے ساتھ کہ اس کے اندر کا کفر ٹوٹ جائے اور وہ تالا کھل جائے جو ہدایت کی راہ میں رکاوٹ بنا ہوا ہے میرا تجربہ کامیاب ہوا۔ **جوگی نے کلمہ پڑھ لیا:** یہ جوگی جو کہ جن بھی تھا تھوڑی ہی دیر میں ہوش میں آیا اور پریشان ہوکر کہنے لگا جو آپ پڑھ رہے ہیں' وہ مجھے بھی پڑھا دیں' اسکی لذتیں آپ لے رہے ہیں' وہ لذت میں بھی چاہتا ہوں اب میں بولا اور میں نے اس سے کہا اس لذت کو لینے کیلئے ایمان کا کلمہ پڑھنا پڑے گا اور ہدایت کی زندگی پر آنا ہوگا۔ بے تاب اور بے چین ہوکر کہنے لگا: جو چاہیں گے میں کروں گا' اور میں بس! آپ کے بغیر نہیں رہ سکتا اور جو آپ پڑھ رہے ہیں اس کے بغیر نہیں رہ سکتا' مجھے یہی تسبیح' یہی ذکر' یہی منتر' یہی جاپ' یہی چھن چاہیے' میں نے اس کو ساتھ لیا' ایک جگہ پانی کا انتظام تھا اس سے کہا کہ غسل کرو' اس سے کہا کوئی اور کپڑے ہیں' کہا: نہیں' میں نے کہا: انہی کپڑوں سمیت غسل کرو کہ جسم بھی دھل جائے اور کپڑے بھی دھل جائیں غسل کے بعد فرض اس سے پورے کروائے اور اس کے بعد اسے کلمہ شہادت پڑھایا' پھر میں نے اس سے کہا کہ آپ سورۂ فاتحہ کی عظمت انگیز طور پر چند بار سورۂ فاتحہ دہرانے سے وہ سورۂ فاتحہ سیکھ گیا اور سورۂ فاتحہ کو اس نے یاد کرلیا۔ مجھ سے کہنے لگا کہ مجھے کیا کرنا ہے' میں نے کہا: بس تو اللہ کا نام لیتا جا' تیرا رزق روزی غیب سے تجھے ملتی جائے گی اور تجھے اور تیرے بچوں کو اللہ غیب سے پال کر کھائے گا۔ وہ بہت خوش ہوا' میں نے کچھ کھانے پینے کی چیزیں اس کے سامنے رکھیں' اس کا جسم دراصل توجہ کی وجہ سے نڈھال ہوچکا تھا' وہ کھاتا چلا گیا حتیٰ کہ میری تمام چیزیں کھا گیا پی گیا' مجھے کوئی پریشانی نہ ہوئی مجھے اک بات کی خوشی تھی کہ میری تھوڑی سی محنت اور کاوش سے اس کو کلمہ نصیب ہوگیا۔

قارئین! اللہ کی توفیق سے ایک بات کہہ رہا ہوں کہ اب تک میرے ہاتھوں ہزاروں لاکھوں جنات مسلمان ہوئے ہیں۔ کوئی بھی ڈنڈے کے زور پر مسلمان نہیں ہوتا' محبت اور کلام الٰہی کی تاثیر کی برکت سے ہوتا ہے۔ **میں پرانی قبر میں رہتا ہوں:** میں اس سے باتیں کرنے لگا: میں نے اس سے پوچھا تو کہاں رہتا ہے؟ دور اشارہ کرکے کہنے لگا میں اس قبر کے اندر رہتا ہوں' میں نے پوچھا: نئی ہے یا پرانی کہنے لگا صدیوں پرانی قبر ہے۔ یہاں کے بادشاہ کے ایک وزیر کی قبر ہے۔ میں نے کہا آپ لوگ کہاں کہاں رہتے ہیں۔ کہنے لگا: جہاں انسان رہتے ہیں' وہاں بھی رہتے ہیں' جہاں پرندے رہتے ہیں وہاں بھی رہتے ہیں' جہاں مچھلیاں رہتی ہیں وہاں بھی رہتے ہیں اور جہاں کائنات کی کوئی ذی روح مخلوق نہیں رہتی وہاں بھی رہتے ہیں۔ ہر درز میں' ہر درخت میں' جب درخت میں کہا تو میں چونک پڑا۔ **ہم درختوں اور عبادت گاہوں میں بھی رہتے ہیں:** میں نے پوچھا: درخت سے مراد' میں نے اس کا موجودہ نام واسع رکھا تھا۔ یعنی عبدالواسع' میں نے پوچھا کہ درخت میں کیسے رہتے ہیں؟ کہا: درخت کے تنوں کے اندر بھی ہم رہتے ہیں اور درخت کی جڑوں کے اندر بھی ہم رہتے ہیں' پھر وہی درخت خود ہماری غذا ہوتی ہے اور ہم ہر طرح کی غذا کھاتے ہیں بعض جنات ایسے ہیں جو صرف ہواؤں اور فضاؤں میں رہتے ہیں بعض جنات ایسے ہیں جو صرف مساجد کے میناروں' مندروں میں' کلیساؤں میں' چرچوں میں یا مذہبی عبادت گاہوں میں رہتے ہیں۔ ان کی عبادت گاہیں رہائش ہوتی ہیں' ان کے بیوی بچے وہاں رہتے ہیں' ہاں اس بات کا ہم نے خیال کیا ہوتا ہے جو جس مذہب کا فرد ہوتا ہے' وہ اسی مذہب کی عبادت گاہوں میں رہتا ہے۔ میں نے اچانک سوال کیا مسلمانوں کی بڑی عبادت گاہ کعبہ اور مکہ ہے کیا جنات وہاں رہتے ہیں؟ مجھ سے کہنے لگا: میں آج تک وہاں گیا نہیں لیکن چونکہ ہم جنات ہر جگہ آتے جاتے رہتے ہیں' اسی مکلی کے قبرستان میں مکہ سے آئے ہوئے بے شمار جنات اپنے رشتہ داروں سے ملنے آتے جاتے ہیں' اچانک چونک کر کہنے لگا کہ دور فلاں بادشاہ کے گنبد کے نیچے خاندان آباد ہے اب بھی وہاں مکہ سے ان کے رشتہ دار آئے ہوئے ہیں جو صرف اور صرف مکہ میں ہی رہتے ہیں اور ان کا قیام مکہ اور کعبہ کے اردگرد ہے۔ (جاری ہے)

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے بنوایا تھا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد' عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کرکے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج ذیل نمبر پر صرف میسج کے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ 0343-8710009

مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض لوگوں نے خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی خلیفہ ظاہر کیا ہے ایسا ہرگز نہیں ہے۔

حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 56 پر دیا گیا کوپن پُر کرکے بھجوادیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

آئیے! جو مانگتے نہیں پہلے ان کا برتن بھرتے ہیں!

بشریٰ زہرہ میانوالی

ہم کتنے سیاہ کار ہیں' خطا کار ہیں گناہوں میں پورا دن اور رات گزار کر بھی جب ہم اپنے اس پاک رب کے سامنے سجدہ کرتے ہیں تو اس لالچ میں کہ وہ ہمیں بس عطا کر دے' نواز دے' ہماری دُعا' ہماری نماز' ہمارے نیک اعمال (جو کہ بہت کم ہیں) قبول کر لے اور ہمیں صلہ دے دے

بیٹا نا! مانگنے سے ہوتا' کبھی میں نے آپ سے اس طرح کچھ مانگا نہیں مگر اب مجبوری میں دست سوال دراز کر رہی ہوں' اگر ایک پیالی چینی لا دے گی بیٹا دُعا دوں گی صبح چائے پھیکی بنا کے پی ہے بیٹا'' یہ اس عورت کے منہ سے نکلے شرمندہ سے الفاظ تھے' جو ہمارے گھر آٹا لینے (بھیک مانگنے) کبھی کبھی آ جاتی ہے اور اس کے یہ الفاظ مجھے شرمندہ کر گئے بہت سی سوچوں اور غور و فکر میں ڈال گئے۔ بے ساختہ اُسے چینی دیتے ہوئے میرے دل میں سوال پیدا ہوا کہ ہم کتنے سیاہ کار ہیں' خطا کار ہیں گناہوں میں پورا دن اور رات گزار کر بھی جب ہم اپنے اس پاک رب کے سامنے سجدہ کرتے ہیں تو اس لالچ میں کہ وہ ہمیں بس عطا کر دے' نواز دے' ہماری دُعا' ہماری نماز' ہمارے نیک اعمال (جو کہ بہت کم ہیں) قبول کر لے اور ہمیں صلہ دے دے' مگر یہ سب سوچتے اور چاہتے ہوئے ہم یہ کیوں بھول جاتے ہیں کہ ہم اپنے اُسی خالق و مالک کے کتنے نافرمان بندے ہیں اس کے احکام اور اپنی وجہ تخلیق کو جانتے اور سمجھتے ہوئے بھی یہ بھول جاتے ہیں کہ ہماری سیاہ کاریوں کے باوجود بھی اس کی عطائیں کتنی ہیں اور ہماری خطائیں کتنی؟ کیا ہم نے کبھی دُعا مانگنے کا یہ طریقہ اپنایا ہے جو آج اس سائلہ نے مجھے سکھایا؟ کہ اس طرح شرمندہ ہو کر اپنے رب سے کچھ مانگا جائے تو وہ کیونکر خالی لوٹائے گا جبکہ ہم حقیر بندے بھی اگر اس طرح کسی کے آگے شرمندہ ہوں تو وہ بخیل ہوتے ہوئے بھی سخی ہو جائے تو میرے رب کی سخاوت کی تو مثال کہیں نہیں ملتی نہ ملے گی۔

اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہم اس کے بندے تو ہیں مگر شکر گزار نہیں۔ قناعت و شکر گزاری ایک ایسی چیز ہے جو کسی بندے میں ہو تو کچھ نہ ہوتے ہوئے یا تھوڑا ہوتے ہوئے بھی بہت امیر ہوتا ہے۔ وہ اپنے رب کا پیارا بندہ ہوتا ہے۔ وہ اپنے رب سے مانگتا تو ہے مگر نہ ملنے پر اپنے رب کی مصلحت اس کی قدرت' اس کا فیصلہ' اس کی حمیت' اور اس کی رضا سمجھ جاتا ہے اور دُعا پوری نہ ہونے پر بھی صابر و شاکر رہتے ہوئے ان بندوں میں شامل ہو جاتا ہے جن کے بارے میں قرآن فرماتا ہے۔

1۔ ''بے شک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔'' (سورۃ آل عمران 146)۔

2۔ ''بے شک اللہ تعالیٰ ان سے محبت کرتا ہے جو اس پر بھروسہ کرتے ہیں۔'' (آل عمران 159)۔

وہ پاک رب جو ہم سے ماں سے بھی ستر گنا زیادہ محبت کرتا ہے اور ہمارے اتنے قریب جتنے کہ ہم خود بھی اپنے قریب نہیں اور ہم اپنی سیاہ کاریوں کے باوجود بھی اس کے آگے دست سوال دراز کرتے ہوئے شرمندہ نہیں ہوتے مگر وہ اتنا عظیم اتنا سخی ہے کہ کبھی ہم سے یہ نہیں پوچھتا کہ اے میرے بندے! تو نے اتنے گناہ کئے ہیں' میری نافرمانیاں کی ہیں اور اب مجھ سے مانگنے آ کھڑا ہوا ہے تو کس منہ سے؟ وہ کبھی ہم سے تنگ نہیں ہوتا کبھی خالی نہیں لوٹاتا' ہاں! مگر ہماری وہ دُعائیں جو ہمارے حق میں بہتر نہیں ہوتیں اور جس کے پورے ہونے والے دکھ یا کم نعمتوں سے زیادہ اس نے ہمارے لئے انعام رکھا ہوتا ہے بے شک اُن دُعاؤں کا صلہ تو اس پیارے رب کے پاس ہے۔ وہ صلہ جب ہمیں آخرت میں دیا جائے گا تو بے ساختہ ہمارے دل میں خیال آئے گا کہ کاش جس طرح یہ دُعا قبول نہ ہوئی اس کا اتنا انعام ملا' ہماری باقی دُعائیں بھی قبول نہ ہوئی ہوتیں۔

سبحان اللہ! یہ ہے میرے اس پیارے خالق و مالک عزوجل کی شان ذوالجلال! کہ وہ اپنے بندوں کو کبھی مایوس نہیں کرتا۔ اس کے پیارے محبوب محمد مصطفیٰ ﷺ بھی ہمیشہ اپنے منگتوں کی جھولیاں بھر کر لوٹایا کرتے ہیں اور اُن کی پیروی کرنے والے ان کے امتیوں کا بھی فرض ہے اپنے مسلمان بھائی کی حاجت پوری کرنے میں دیر مت کریں۔ اللہ پاک ہم کو توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)۔

ہاتھوں کی الرجی سے شفاء پانے والے متوجہ ہوں!

اکثر لوگوں کو ہاتھوں کی انگلیوں کی پوروں کی جڑیں بن جاتی ہیں خاص طور پر موسم سرما میں' جو کہ سوج جاتی ہیں' دُکھتی ہیں اکثر اس میں سے جلد باہر نکل آتی ہے پھر اس کو اکھیڑنا پڑتا ہے۔ قارئین اس کیلئے کوئی مشاہدہ تجربہ ٹوٹکہ ضرور لکھیں۔ مخلوق خدا پریشان ہے آپ کا لکھا کوئی ایک لفظ لاکھوں کیلئے شفاء کا ذریعہ بن جائے گا اور آپ اور آپ کی نسلوں کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ عبقری)

چند قطرے تیل ناف اور حیرت انگیز ریسرچ

السلام علیکم قارئین! کیا آپ جانتے ہیں؟ ہماری ناف اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک خاص تحفہ ہے۔ 62 سال کی عمر کے ایک بوڑھے آدمی کو لیفٹ آنکھ سے صحیح نظر نہیں آ رہا تھا' خاص طور پر رات کو تو اور نظر خراب ہو جاتی تھی' ڈاکٹروں نے انہیں بتایا کہ آپ کی آنکھیں تو ٹھیک ہیں بس ایک مسئلہ ہے کہ جن رگوں سے آنکھوں کو خون فراہم ہوتا ہے وہ سوکھ گئی ہیں' سائنس کے مطابق سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی تخلیق انسان میں ناف بنتی ہے جو پھر ماں سے جڑ جاتی ہے اور اس ہی خاص تحفے سے جو بظاہر ایک چھوٹی سی چیز ہے ایک پورا انسان قائم ہو جاتا ہے' سبحان اللہ' ناف کا سوراخ ایک حیران کن چیز ہے۔ سائنس کے مطابق ایک انسان کے مرنے کے تین گھنٹے بعد تک ناف کا یہ حصہ گرم رہتا ہے وجہ اس کی یہ بتائی جاتی ہے کہ یہاں سے بچے کو ماں کے ذریعے خوراک ملتی ہے بچہ پوری طرح سے 270 دن میں بن جاتا ہے یعنی 9 مہینے میں' یہی وجہ ہے کہ ہماری تمام رگیں اس مقام سے جڑی ہوتی ہیں' اس کی اپنی ایک خود کی زندگی ہوتی ہے' ناف کے سوراخ کے پیچھے 72 ہزار رگیں موجود ہوتی ہیں۔ آنکھ اگر سوکھ جائے' صحیح نظر نہ آتا ہو' پتا صحیح کام نہ کر رہا ہو' پاؤں یا ہونٹ پھٹ جاتے ہوں' چہرے کو چمک دار بنانے کیلئے' بال چمکانے کیلئے' گھٹنوں کے درد' سستی' جوڑوں میں درد' آنکھوں کا سوکھ جانا' صحیح نظر نہ آنا' سکن کو چمک دار بنانا' سکن کا سوکھ جانا' کھال اور بال کے لیے روزانہ رات کو سونے سے پہلے تین قطرے خالص دیسی گھی کے یا ناریل کے تیل کے ناف کے سوراخ میں ٹپکائیں اور تقریباً ڈیڑھ انچ ناف کے اردگرد لگائیں۔ گھٹنوں کی تکلیف دور کرنے کیلئے تین قطرے ارنڈ کے تیل کے ناف میں ٹپکائیں اور اردگرد لگائیں۔ سستی و کاہلی دور کرنے کیلئے سرسوں کے تیل کے تین قطرے ناف کے اندر ٹپکائیں اور اردگرد لگائیں۔ ناف کے سوراخ میں تیل کیوں ڈالا جاتا ہے؟ ناف کے سوراخ میں اللہ رب العزت نے یہ خاصیت رکھی ہے کہ جو رگیں جسم میں اگر کہیں سوکھ گئی ہیں تو ناف کے ذریعے ان تک تیل پہنچایا جا سکتا ہے جس سے وہ دوبارہ کھل جاتی ہیں۔ بچے کے پیٹ میں اگر درد ہو تو ہینگ پانی اور تیل مکس کر کے ناف کے اردگرد لگائیں' چند ہی منٹوں میں اللہ کے کرم سے آرام آ جائے گا۔ دعاؤں میں پوری امت کو یاد رکھیں۔

(راشد شمسی' رائل لیبارٹریز لاہور)

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

رمضان المبارک اور نمک کے ٹوٹکے	رزق کی برستی بارش اپنی آنکھوں سے دیکھی	رمضان المبارک میں حرمین کا سفر	مہینہ ختم ہوجائے گا مگر راشن نہیں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں' آپ نے کوئی روحانی' جسمانی نسخہ' ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں' اپنے معمولات سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے' یہ دوسروں کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ' چاہے بے ربط ہی لکھیں' صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

رمضان المبارک اور نمک کے ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب ہم اپنا لکھا ہوا خط ماہنامہ عبقری میں پڑھتے ہیں تو ہمیں اس میں اپنائیت کا احساس زیادہ ہوتا ہے اس لئے ہر گھریلو مسائل کا حل ہے' میں کئی ماہ سے خط لکھنے کی کوشش کرتی ہوں پر لکھ نہ پاتی۔ مگر آج میں قارئین عبقری کو نمک سے کچھ فوائد اور دوسرے ٹوٹکے بتاتی ہوں۔ ہوسکتا ہے کسی کو فائدہ ہوجائے۔

میری والدہ کے گھٹنے سوج گئے تھے اور درد بھی بہت ہوتا تھا۔ ڈاکٹرز نے چیک اپ کے بعد کہا' پانی ہے وہ گھٹنوں سے پانی نکالنا چاہتے تھے لیکن ہم نے پانی نہیں نکلوایا کیونکہ سب کہتے ہیں ایک بار پانی نکلوالو تو پھر پڑ جاتا ہے اور پانی نکالنے سے طاقت کے دوسرے ذرات بھی نکل جاتے ہیں پھر کسی حکیم صاحب کو دکھایا اس نے کہا نمک گرم کر کے کپڑے میں باندھو اور بار بار ٹکور دو۔ مسلسل عمل دھرانے سے پانی ختم ہوگیا سوزش اتر گئی ایک بار میں گری تو گھٹنے پر بہت سخت چوٹ لگی میں پائیوڈین لگا کر بے فکر ہوگئی پھر مجھے درد ہونے لگا میں نے دیکھا تو وہ کالا نیلا ہو چکا تھا میں نے فوراً خالص گھی تھوڑا سا گرم کر کے اس میں چٹکی نمک کی ڈال دی اور روئی سے گھٹنے پر لگایا۔ دوسرے دن دیکھا تو خون پگھل کر ادھر اُدھر پھیل رہا تھا میں نے تین چار دن گرم گھی نمک ملا کر لگاتی رہی گھٹنا بالکل صاف ہوگیا۔ درد ختم ہوگیا جب میں گری تھی تو شروع میں لاپرواہی کی' مہینہ بعد درد زیادہ بڑھا تو خون جما نظر آیا پھر کچھ عرصہ بعد اسی گھٹنے پر سوجن ہوگئی' اُدھر گومڑ سا بن گیا' درد نہیں تھا لیکن جب میں انگلی لگاتی تو وہ اندر گھس جاتی جیسے پانی پڑ گیا ہو' بالکل نرم تھا' ڈاکٹر کو دکھایا تو اس نے کہا پانی پڑ گیا ہے اور وہ سرنج نکال کر لائے اور پانی نکالنے لگے۔ میں نے منع کر دیا پھر میں نے نمک گرم کر کے کپڑے باندھ کر حسب برداشت گرم کی ٹکور کئی دن تک دن میں تین مرتبہ دی' پھر پانی خشک ہوگیا اور سوجن اتر گئی۔ ہمارے گھر جس کو بھی چوٹ لگتی ہے فوراً خالص گھی گرم کر کے نمک ملا کر روئی سے لگاتے ہیں' خون نہیں جمتا درد سوجن ختم ہوجاتی ہے اگر دانتوں کے مسائل ہوں تو نیم گرم پانی میں نمک ملا کر کلی کر دیں تو بہت فائدہ ہوگا' اگر پودینہ دھو کر چبا لیا جائے تو منہ کے اندر اور دانتوں کے بہت سے مسائل حل ہوجاتے ہیں۔

اب ماہ رمضان آچکا ہے' سحری کے وقت اگر ایک چھوٹے گلاس میں دودھ پانی ملا کر (جیسے کچی لسی بناتے ہیں) چٹکی نمک' مشروب عبقری شربت اور ستو کی 2 چمچ ملا کر سحری کھا کر اوپر سے پی لیا جائے تو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ گیس نہیں ہوگی' شدید پیاس نہ لگے گی۔ افطاری کرتے ہوئے نمک ملی کچی لسی اور کھجور ساتھ پانچ چھ دانے کھا لیے جائے تو توانائی فوراً بحال ہوجاتی ہے اور ساتھ تخم بالنگو (ملنگا) میں نمک تھوڑا سا ڈال کر بھگو کر گھنٹہ بعد پی لیں تو بھی اس کا بہت فائدہ ہوگا میں [illegible] استعمال کرتی ہوں۔ ہڈیاں چٹخنے' کمر درد کے لئے بہترین ہے' دل میں وٹامن کمی ہے اور اگر سالن کے ساتھ روٹی نہیں کھائی جاتی تو نمک کی ڈلی یا دہی کی لسی کے ساتھ روٹی کھا لیں تو افطاری کے وقت معدہ میں بالکل جلن نہیں ہوگی۔

رزق کی بارش اپنی آنکھوں سے دیکھی: اس کے علاوہ پچھلے ماہ رمضان کو 27 کی رات کو 7 نے جو الگ الگ 70 بار یَارَزَّاقُ پڑھا' یہ ٹوٹکہ میں مجھے عبقری [illegible] سروس کے ذریعے ملا۔ میں نے سات دانے جَو لے کر ہر دانے پر رمضان المبارک کی ستائیسویں شب کو 70 مرتبہ یَارَزَّاقُ پڑھا۔ پڑھنے کے بعد میں نے ان دانوں کو کچن میں رکھا اور سو گئی' خواب میں دیکھا میں کچن میں کھڑی ہوں اور گندم کی بارش ہو رہی ہے میں ہاتھ آگے کر کے کھڑی ہوں دانوں کی بارش میرے ہاتھ پر ہو رہی ہوتی ہے' نیند کھلی تو بہت خوشی ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے عمل قبول کرلیا۔ (قاریہ عبقری' لاہور)

ہزاروں رحمتوں' نعمتوں اور جنت کی نشانیوں کیساتھ رمضان آپہنچا

یا اللہ! رمضان المبارک آرہا ہے اور اللہ تعالیٰ کی ہزاروں رحمتوں اور نعمتوں کے ساتھ آرہا ہے جنت کی نشانیوں کے ساتھ آرہا ہے اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ تمام گناہوں کو معاف فرمادیں گے۔ یا اللہ رمضان المبارک کی جتنی رحمتیں ہیں جتنے انعامات و احسانات ہیں جتنے انوار و تجلیات ہیں ہم سب کو ان کے حاصل کرنے کی استعداد و صلاحیت عطا فرما۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ رمضان شریف کے متعلق میری امت کو خاص طور پر پانچ چیزیں دی گئی ہیں جو پہلی امتوں کو نہیں ملیں۔ روزہ دار کے منہ کی بدبو جو بھوک کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک سے زیادہ پسندیدہ ہے۔

ان کے لئے دریا کی مچھلیاں تک دُعائے مغفرت کرتی ہیں اور افطار کے وقت تک کرتی رہتی ہیں۔ جنت ہر روز ان کے لیے سجائی جاتی ہے پھر حق تعالیٰ شانہ فرماتے ہیں کہ قریب ہے کہ میرے بندے دُنیا کی مشقتیں اپنے اوپر سے پھینک کر تیری طرف آئیں۔ اس ماہ مبارک میں سرکش شیاطین قید کر دیئے جاتے ہیں۔ رمضان کی آخری رات میں روزہ داروں کے لئے مغفرت کی جاتی ہے صحابہؓ نے عرض کیا کہ کیا یہ شب مغفرت شب قدر ہے فرمایا نہیں بلکہ دستور یہ ہے کہ مزدور کو کام ختم ہونے کے وقت مزدوری دے دی جاتی ہے۔

سات کا عدد اور شب قدر: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے شب قدر معلوم کرنے کے لئے اعداد میں غور کیا تو سات کا عدد اس کے لئے زیادہ موزوں نظر آیا جب سات کے عدد میں غور کیا تو معلوم ہوا کہ آسمان بھی سات ہیں اور زمینیں بھی سات اور دریا بھی سات صفا اور مروہ کے درمیان بھی سات ہی مرتبہ سعی کی جاتی ہے کعبہ کا طواف بھی سات ہی مرتبہ کرتے ہیں سنگریزے بھی سات ہی پھینکے جاتے ہیں انسان کی تخلیق پیدائش بھی سات اعضاء سے ہوئی انسان کا رزق بھی سات دانے ہیں' آدمی کے چہرے میں بھی سات ہی سوراخ بنائے گئے ہیں یعنی دو کان دو نتھنے دو آنکھیں ایک منہ رحم کی مائیں بھی سات ہیں' قرآن کی قرات بھی سات ہیں' سجدہ بھی سات اعضاء سے کیا جاتا ہے۔ دوزخ کے دروازے بھی سات ہیں دوزخ کے طبقے بھی سات' ہیں اصحاب کہف بھی سات تھے عاد کی قوم بھی سات راتوں میں ہوا سے ہلاک ہوئی۔ یوسف علیہ السلام بھی سات برس تک جیل خانے میں رہے سورۃ یوسف میں جن گایوں کا ذکر آیا ہے وہ بھی سات تھیں قحط بھی سات سال دیا' سات ہی سال فراخی اور کشادگی رہی' پانچ وقت کی نماز کی سترہ رکعتیں ہیں اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ حج کے بعد سات روزے رکھو نسب کی رو سے سات قسم کی عورتوں سے نکاح کرنا حرام ہے۔ سات عورتیں ہی سسرال

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

قضائے حاجات وادائے قرض: قضائے حاجات وادائے قرض کیلئے آیۃ الکرسی 150 مرتبہ روزانہ پورا رمضان تک پڑھنا بہت مفید ہے۔

میں حرام ہیں۔ آنحضور ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ کتا برتن میں منہ ڈال دے تو سات دفعہ اسے دھونا چاہیے پہلی مرتبہ مٹی سے پھر پانی سے سورۃ انا انزلناہ میں سلام تک 27 حروف ہیں حضرت ایوب علیہ السلام مصیبت میں سات برس گرفتار رہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب آنحضرت ﷺ نے مجھ سے نکاح کیا تو میں سات برس کی تھی مہینوں کے دن بھی سات ہی ہیں تین دن ماہ شباط یعنی پھاگن اور چار دن تیر یعنی چیت کے پہلے پس یہ سات دن گرمیوں کو کاٹ دیتے ہیں یعنی ختم کر دیتے ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا میری امت کے شہید بھی سات طرح کے ہیں۔ 1۔ وہ جو خدا کی راہ میں مارے جائیں۔ 2۔ وہ جو طاعون کی بیماری میں مریں۔ 3۔ جو سل کی بیماری سے مریں۔ 4۔ جو پانی میں ڈوب کر مر جائیں۔ 5۔ جو آگ میں جل جانے سے مریں۔ 6۔ جو اسہال یعنی دستوں کی بیماری سے مریں۔ 7۔ اور وہ عورت جو نفاس کی حالت ولادت میں مر جائے۔ **اللہ تعالیٰ نے قسم بھی سات چیزوں کی کھائی ہے۔** 1۔ آفتاب۔ 2۔ چاشت کا وقت۔ 3۔ چاند۔ 4۔ دن۔ 5۔ رات۔ 6۔ آسمان۔ 7۔ اور جس نے آسمان و زمین کو بنایا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قد بھی سات گز لمبا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا بھی سات گز لمبا تھا۔ اس بیان سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اکثر چیزوں کو اللہ تعالیٰ نے سات کے حساب سے بنایا ہے اگر شب قدر رمضان کے آخری عشرہ میں ہے تو اوپر کے بیان سے یہ استدلال ہوتا ہے کہ شب قدر ستائیسویں شب کو ہوگی۔ (رشیدہ خانم لاہور)

رمضان المبارک میں حرمین کا سفر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کافی دنوں سے یہ بات سوچ رہا تھا کہ عبقری والوں کو خط لکھوں جو کچھ فائدہ ہوا اس کے متعلق بتاؤں تو عرض ہے کہ تقریباً 7 سال ہو گئے برکت والی تھیلی میرے پاس ہے اس کی برکات کا مشاہدہ بھی کیا کہ پہلے رقم ختم ہو جاتی تھی مگر اب الحمد اللہ کبھی پریشانی نہیں ہوئی اور گزشتہ رمضان میں خود عمل کیا جس سے اور زیادہ یقین بڑھ گیا۔ خاص کر مسجد کے ائمہ حضرات ضرور اس عمل کو پڑھیں کیونکہ میں خود امام ہوں احساس ہے کہ ائمہ حضرات کیسے مختصر سی تنخواہ پر گزارا کرتے ہوں گے۔ دوسرا عمل جو میں نے کیا وہ عمرے کا عمل ہے جو سورۃ توبہ کی آخری دو آیات کا ہے وہ بھی ماہنامہ عبقری میں چھپا تھا بہت فائدہ ہوا دو بار حرمین کا سفر ہوا۔ آپ کے رسالے میں جن صاحب نے لکھا تھا کہ سات ماہ عمل کیا میں نے تو دونوں مرتبہ 2 بار کیا تھا آگے بھی یہ عمل دو تین لوگوں کو بتایا وہ بھی عمرہ کر کے واپس آ گئے مزید یہ صدقہ جاریہ جو بھی یہ عمل کر کے جائے یا ویسے حرمین کا سفر کرے تو دعا میں سب کو یاد رکھے اللہ تعالیٰ سب کو حاضری نصیب فرمائے۔ سورۃ توبہ کی آخری دو آیات ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھ کر اپنے مقصد کیلئے دعا کریں اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ۔ بہرحال زندگی عمل سے ہے اور خاص کر حکیم صاحب دامت برکاتہم اور ان کی ساری ٹیم مبارک باد کی مستحق ہے جو لوگوں کو بلکہ ضرورت مند لوگوں کو فائدہ پہنچا رہے ہیں۔ (عبداللہ، ملہ گنگ)

نکسیر کیلئے آزمودہ اور لاجواب ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے پیارے حبیب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے صدقے آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے تاکہ آپ یوں ہی دکھی اور پریشان انسانیت کی مدد کرتے رہیں، تسبیح خانے کا ذکر کچھ عرصہ پہلے ہی سنا تھا ایک عجیب شوق جذبہ اٹھا کہ دیکھیں آخر کیا ہے؟ وہاں پہ لوگ خالی ہاتھ جاتے ہیں اور سرسبز و شاداب ہو کر باہر نکلتے ہیں۔ یہاں آنے کے بعد اس کا صحیح معنوں میں ادراک ہوا تسبیح خانہ پر اللہ تعالیٰ کا خاص کرم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس تفرقے کے دور میں آپ کو ایک کام دیا، وسیلہ بنایا دکھی انسانیت کو اُس واحد لاشریک کے راستے پر چلنے کا طریقہ سکھانے کے لئے ہم تسبیح خانہ میں خالی ہاتھ آئے تھے لیکن آج ہم یہاں سے زندگی گزارنے کا صحیح طریقہ پا گئے۔ اللہ پاک سے دعا ہے اللہ پاک آپ اور آپ کی نسلوں سے راضی رہے اور یہی بھلائی کا کام لیتا رہے اللہ پاک سے اللہ پاک رمضان میں تسبیح خانہ میں ہمارے قیام کو قبول فرمائے اور زندگی کے باقی تمام رمضان المبارک تسبیح خانہ میں گزارنے کی سعادت نصیب فرمائے۔ **ٹوٹکہ:** وہ افراد جن میں اکثر کسی بیماری یا چوٹ کی وجہ سے وائٹ سیلز سفید خون کی کمی ہوتی ہے ان کے لئے آزمودہ نسخہ ہے سفید خون کی کمی کے شکار افراد کو اگر ذرا سی چوٹ لگ جائے تو ان کا خون روکنا مشکل ہو جاتا ہے۔ یہ نسخہ اس کام کے لئے بہترین ہے، پپیتے کے سبز پتے لے کر اُن کا رس نکال کر مریض کو تھوڑا تھوڑا کر کے پلائیں ان شاء اللہ جسم میں سفید خلیوں کی کمی دور ہو جائے گی۔ **نکسیر کیلئے آزمودہ اور لاجواب ٹوٹکہ:** جن افراد کی نکسیر بہتی ہو اور کسی طرح نہ رُک رہی ہو وہ تھوڑے سے بھینس کے دودھ کے مکھن میں چاہور کی 3 ٹکیاں پیسی ہوئی ملا کر کھائیں تو اس سے ناک سے بہنے والی نکسیر رُک جاتی ہے۔ یاد رکھیے کہ چاہور کی ٹکیاں وہ ہوتی ہیں جنہیں پنجابی زبان میں ٹھنڈی ٹکیاں اور کچھ لوگ پودینے کی ٹکیاں بھی کہتے ہیں۔ پنساری کے پاس جا کر پودینے کی ٹکیاں مانگیں گے تو مل جائیں گی۔ فروزی رنگ کی ہوتی ہیں، یہ دونوں ٹوٹکے آزمودہ ہیں۔ (محمد اسد محمد اقبال، نواب شاہ)

مہینہ ختم ہو جائے گا مگر راشن نہیں

جنوری 2011ء میں درج ذیل چودہ نورانی حروف درج ہیں۔ ا۔ ح۔ ص۔ س۔ ک۔ ع۔ ط۔ ق۔ د۔ ھ۔ ن۔ م۔ ل۔ ی۔ اُن حروف کو اپنے راشن یعنی سودا سلف پر انگلی کی مدد سے لکھنے سے میرے راشن پر بڑی برکت ہے، مہینہ ختم ہو جاتا ہے مگر گھر کا راشن الحمدللہ باقی ہو گا۔ اسی طرح سورۃ کوثر والا عمل (ص 7 پر تفصیل سے لکھا گیا ہے) اور خاص کر میں وضو کے دوران والی دعا اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ اس دعا کو میں نماز میں سلام پھیرنے کے بعد تین تین مرتبہ پڑھتی ہوں اس سے رزق میں بے حد برکت ہے۔ میرے ہاتھ پر موسکے جسے مسے بھی کہتے ہیں وہ بہت زیادہ بن گئے تھے، وضو کے تین گھونٹ سے ختم ہو گئے۔ **شادی کی رکاوٹ کے لئے:** میں اپنی بہن کو محترم حکیم صاحب کے پاس لے کر آئی تھی جسے طلاق ہوئی سات سال ہو گئے تھے۔ شیخ الوظائف نے سورۃ الم نشرح سارا دن پاک حالت میں باوضو کھلا پڑھنے کو دیا اور کہا کہ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت اچھا رشتہ ہو گا اور اللہ تعالیٰ اُن کے مُنہ سے نکلے ہوئے بُول پورے کرتا ہے اور واقعی ہی میری بہن نے سورۃ الم نشرح لاکھوں کی تعداد میں پڑھی اور بہت ہی اچھا رشتہ ہوا اور رشتہ بھی اس جگہ ہوا جو تسبیح خانہ سے جڑے ہوئے ہیں۔ ماشاء اللہ دونوں بہت خوش و خرم زندگی گزار رہے ہیں۔ میں خود پہلے اتنا زیادہ ذکر نہیں کرتی تھی تقریباً 5 سال پہلے سے محترم حکیم صاحب سے مُلاقات میری ایک دوست نے رسالے کے ذریعے سے کروائی اُس وقت سے [illegible] عبادت میں بے حد اضافہ ہوا ہے اور جب تک میں [illegible] کے وظائف نہ پڑھ لُوں تب تک مجھے سکون نہیں آتا۔ [illegible] صاحب کے بہت ہی زیادہ مشکور ہیں اللہ تعالیٰ ان کی عمر [illegible] تسبیح خانے کو ہمیشہ آباد رکھے۔ حکیم صاحب کو اُن کے اہل خانہ کو اُن کی آنے والی نسلوں کو تسبیح خانے کے پورے عملے کو اپنے حفظ و امان میں رکھے اور ہم سب کو عمل کرنے کی توفیق دے۔ (نصیر لاہور)

رمضان کیا بروز قیامت بُری پیاس نہ لگے گی

محترم قارئین السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری گزشتہ چار سال سے پڑھ رہا ہوں، میرے پاس پیاس سے حفاظت کا ایک عمل جو میں آپ کی نذر کرتا ہوں:۔ صبح کی نماز کے بعد صرف ایک مرتبہ سورۃ تکاثر پڑھنے سے قیامت کے دن پیاس سے حفاظت رہے گی تو جس عمل سے بروز قیامت پیاس سے حفاظت رہے گی اگر رمضان المبارک میں فجر کی نماز کے بعد یہ عمل کیا جائے تو ان شاء اللہ پورا دن پیاس سے حفاظت رہے گی۔ (بندہ خدا، کراچی)

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

گھریلو بیوٹی سیکرٹس

حسن افزا ہربل کاسمیٹکس بنائیں

شازیہ فاروق' اسلام آباد

گھریلو کاسمیٹکس: آپ کے لئے قطعی ضروری نہیں کہ آپ از خود مہنگے داموں ملنے والی کاسمیٹکس کا استعمال ہی کریں بلکہ اگر آپ ہربل یا گھریلو طریقوں سے گھر پر موجود اشیاء سے مختلف حسن افزا کاسمیٹکس بنائیں تو خوبصورتی کو نکھارنے میں قیمتی کاسمیٹکس سے کئی گنا زیادہ اچھا کام یہ روزانہ استعمال میں آنے والی مختلف چیزیں کرتی ہیں۔ ان میں زیادہ تر یہ چیزیں آپ کو اپنے گھر میں ہی مل جائیں گی اس طرح آپ کے وقت اور پیسے دونوں کی بچت ہوگی۔

گھریلو شیمپو بنانا: ریٹھے آملے اور سیکا کائی کی مساوی مقدار میں تینوں سو سو گرام لے کر باریک پیس لیں اس چورن کو دو کلو پانی میں آدھا گھنٹہ ابالیں۔ آخر میں برتن کو آگ سے اتار کر رکھ دیں۔ ٹھنڈا ہو جانے پر پانی کو چھان کر بوتل میں بھر لیں اور ضرورت کے مطابق شیمپو کی طرح استعمال میں لائیں۔

مہاسوں کیلئے مڈ ماسک: ایک چمچ ملتانی مٹی ایک چمچ ایلوویرا جیل یا کسی بھی قسم کا لیموں کے چند قطرے (اگر اسکن ڈرائی ہو تو لیموں کا استعمال مت کریں) ان سب اشیاء کو مکس کر کے چہرے پر ماسک کے طریقے سے لگا دیں اور بیس منٹ کے بعد منہ دھو دیں اس ماسک کو روزانہ استعمال کرنے سے مہاسوں کے ساتھ ساتھ ان کے نشانات بھی ختم ہو جاتے ہیں۔ **پلکیں لمبی کرنے کیلئے:** شہد اور کیسٹر آئل (ارنڈی کا تیل) دونوں برابر مقدار میں لیں اور رات کو سونے سے قبل پلکوں پر لگائیں۔ پلکیں لمبی اور گھنی ہو جائیں گی۔ **چہرے پر جھریاں:** زیتون کا تیل اور بادام روغن ہم وزن لے کر پکائیں اور رات کو سونے سے قبل استعمال کریں۔ آزمودہ ہے اور یہ نسخہ ایک بہت پرانی کتاب سے لیا گیا ہے۔ **داغ دھبے دور کرنا:** داغوں اور مساموں کی وجہ سے چہرے پر گڑھے پڑ جائیں تو روغن زیتون اور روغن کدو ہم وزن ملا کر لگائیں۔ اس سے چیچک کے داغ تک دور ہو جاتے ہیں مگر شرط یہ ہے کہ مستقل مزاجی سے کام لیا جائے۔ **سیاہ رنگت کو سفید کرنا:** چرونجی پنسار کی دکان سے مل جاتی ہے دودھ میں پیس کر ہلکا گرم کریں اور رات کو سونے سے پہلے اس کی مالش کر کے سو جایا کریں۔ صبح اچھے صابن سے چہرہ دھوئیں۔ **ہونٹوں کیلئے:** زعفران باریک پیس کر رات کو بالائی میں تھوڑی سی زعفران ملا لیں اور ہونٹوں پر ملیں۔ کچھ دنوں کے بعد ہونٹوں پر قدرتی لالی آ جائے گی۔ اس کے علاوہ چقندر ہونٹوں کے لئے بہترین چیز ہے۔ یہ قدرتی لپ اسٹک کا کام بھی دیتا ہے یعنی اس کو قتلے کر کے ہونٹوں پر رگڑیں۔ ہونٹوں پر سُرخی آ جائے گی ان قتلوں کے ملنے سے ہونٹ جو پھٹ جاتے ہیں یا ان پر جھریاں پڑ جاتی ہیں تو وہ ٹھیک ہو جاتی ہیں۔ **بال لمبے کرنے کیلئے:** رات پانی میں املی ڈال کر بھگو دیں اور پھر صبح اس پانی سے بال دھو ڈالیں۔ بال اس طرح دھونے کا عمل کم از کم ایک ہفتہ ضرور کریں۔ اس کے ساتھ ناریل یا بادام کے تیل کی مالش بھی کرتے رہیں۔ بال لمبے ہو جائیں گے۔ **قدرتی ٹانک:** تازہ پانی چہرے کے لئے قدرتی ٹانک ہے لیکن چشمے کا پانی اس سے بھی بہتر قدرتی ٹانک ہے روزانہ اس سے چہرہ دھوئیں۔ **بالوں کیلئے:** چائے بنانے کے بعد جو پتی بچ جاتی ہے آپ اسے پھینک دیتے ہیں اسے پھینکنے کی بجائے اس میں دو لیٹر پانی ڈال کر بوائل کر لیں اس میں ایک عدد لیموں نچوڑ لیں اس پانی سے بال دھوئیں بال گرنا بند ہو جائیں گے۔ **گلاب جیسی رنگت کیلئے:** دو کلو پانی میں ایک کلو گلاب کی پتیاں ڈال کر پکائیں برتن سٹیل کا ہونا چاہیے جب ایک کلو پانی رہ جائے تو اسے نتھار لیں یہ پانی عرق گلاب تیار ہو جائے گا روزانہ منہ دھونے والے پانی میں دو چمچ ملائیں اور چہرہ دھوئیں نہانے کے پانی میں چھ چمچ ملا لیں پھر دیکھیں کیسی گلابوں جیسی رنگت ہوتی ہے۔ **رنگت صاف کرنے کیلئے:** آدھ کپ آٹا اور دودھ ملائیں اور پیسٹ بنا کر آدھ گھنٹہ پڑی رہنے دیں اب یہ لئی آپ چہرے اور ہاتھوں پر لگائیں اور سوکھنے پر مل مل کر مروڑیاں بنا کر اتار دیں روزانہ کرنے سے رنگت صاف ہو جائے گی اور سکن فریش ہو جائے گی۔ **چکنی جلد کی صفائی:** جلد چکنی ہو تو سارا دن جلد پر گرد و غبار اور دھواں مٹی پڑنے سے چہرے پر دانے نکل آتے ہیں۔ ایسے میں جلد کی صفائی نہایت ضروری ہے۔ جلد کی صفائی کے لئے تھوڑا سا بیسن لیں۔ اس میں تھوڑا پانی ڈال کر پیسٹ بنا لیں اور چہرہ پر لیپ کر کے ہلکے ہاتھ سے ملیں بعد میں ٹھنڈے پانی سے چہرہ دھو لیں۔ بیسن میں پانی کی جگہ دودھ بھی ڈالا جا سکتا ہے اس سے جلد بہت نرم و ملائم ہو جائے گی۔ **کیل مہاسے کیلئے:** کچھ لڑکے اور لڑکیوں کے چہرے مہاسوں سے خراب ہو جاتے ہیں۔ ان کو چاہئے تازہ سبز ترکاریاں کچی پکی کھائیں۔ قبض نہ ہونے دیں ایسی غذا لیں جس سے بالکل ہی قبض نہ ہو۔ قبض سے مہاسے زیادہ نکلتے ہیں۔ 1۔ نیم کی چھال پتھر پر گھس کر لگائیں۔ نیم کی 11 عدد کونپلیں 3 عدد کالی مرچ روز صبح پیس کر پانی میں ملا کر پئیں۔ 2۔ زرد کوڑیاں بازار سے لیں۔ ان کو جلا کر پانی میں بجھائیں پھر ان کو باریک پیس لیں دودھ میں ملا کر پانچ قطرے لیموں کا رس ڈالیں۔ رات کو لگا کر سو جائیں۔ 3۔ بڑی بوڑھیاں نیم کی چھال سرس کے درخت کی چھال اور ہلدی ہم وزن لے کر اس کا ابٹن بنواتی تھیں رات کو اس کا لیپ چہرے پر کر دیں۔ رنگ بھی صاف ہوگا اور مہاسے بھی دور ہوں گے۔ سفوف کو پانی میں ملا کر لگائیں۔

بالوں کو لمبا کرنا: بالوں کو لمبا کرنے کے لئے نہایت آسان ترکیب پانی میں چائے کی پتی کو جوش دے لیں جب یہ ذرا ٹھنڈا ہو جائے تو اچھی طرح بال دھو کر اس قہوے کو سارے بالوں میں لگا لیں۔ قہوہ لگانے کے بعد بالوں کو دوبارہ مت دھوئیں اس سے یقیناً آپ کے بال بڑھیں گے مگر مستقل مزاجی پہلی شرط ہے۔

بہن کا بالچھڑ ختم' پندرہ دن میں بال آ گئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تبارک وتعالیٰ کی بے شمار رحمتیں آپ پر نازل ہوں' آپ کا یہ شمارہ اپنی مثال آپ ہے' 2009ء سے پڑھ رہے ہیں جسم میں سکون اور قلب کو اطمینان بخشتا ہے۔ میری بہن کو بالچھڑ یعنی بالوں کا ختم ہونا' کی بیماری ہوگئی' کافی علاج کروایا لیکن پھر بھی کوئی خاص فرق نہ پڑتا' پھر ماہنامہ عبقری میں ایک نسخہ آیا کہ آم کے اچار کا ایک سال پرانا تیل یعنی جو آم کا اچار ایک سال پرانا ہو اس کا تیل بالچھڑ والی جگہ پر روزانہ لگائیں۔ بہن نے گھر میں پڑھا' میری بہن نے لگایا جس سے اس کے بال دوبارہ اگ آئے اور وہ بالکل ٹھیک ہوگئی۔ حتیٰ کہ صرف پندرہ سے بیس دنوں میں ایک انگلی کے برابر بال بڑھ گئے۔ (م، گھانکھر' لنڈیارہ)

یقین کیجئے سارا رمضان پیاس نہیں ستاتی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ذیل نسخہ عبقری 2013ء کے رمضان ایڈیشن میں پڑھا تھا آج تک آزما رہے ہیں' سارا رمضان پیاس بالکل نہیں لگتی۔ سحری میں کھجور کا شربت (کھجور کا شربت بنانے کا مکمل طریقہ صفحہ نمبر 9 پر درج ہے) کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد صرف ایک گلاس پینا ہے اور کچھ دیر بعد تھوڑی سی سبز چائے اور سبز الائچی کا قہوہ آدھ پیالی پینے سے سارا دن پیاس بالکل بھی محسوس نہیں ہوتی۔ گزشتہ چار سال سے آزما رہے ہیں۔ (کاشف' چونیاں)

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

چہرے کا رنگ نکھرتا ہے: انگور کے رس میں' شہد اور آم کا گودا تینوں ہم وزن ملا کر روزانہ کھایا جائے تو نہ صرف چہرے کا رنگ نکھرتا ہے بلکہ آنکھوں کے گرد حلقے بھی غائب ہو جاتے ہیں۔

رمضان میں کلونجی کا ساتھ ہرگز نہ چھوڑیں کیونکہ

عائشہ حیات' ساہیوال

کلونجی یرقان کے مریضوں کے لئے سُود مند چیز ہے۔ اگر 250 ملی لیٹر پانی میں 25 گرام مہندی کے پتے اور 25 دانے کلونجی کے رات کو بھگو دیں صبح کو مل چھان کر حاصل شدہ مرکب میں ایک چمچ خالص شہد اور آدھا چمچ کلونجی کا تیل ملا کر مریض کو پلائیں۔

کلونجی کے بارے میں ارشاد نبوی ﷺ ''ایک ایسا دانہ کلونجی ہے جس میں موت کے سوا ہر بیماری کے لئے شفاء ہے۔'' کلونجی ایک بیحد بیش بہا چیز ہے۔ شاید ہی کوئی ایسا گھر ہو جس میں کلونجی استعمال نہ ہوتی ہو عام طور پر یہ اچاروں میں زیادہ استعمال ہوتی ہے۔ کلونجی کے بیج' تیل' ٹہنیاں' فرمان مصطفیٰ ﷺ کے مطابق [illegible]

کلونجی یرقان کے مریضوں کے لئے سُود مند چیز ہے۔ اگر 250 ملی لیٹر پانی میں 25 گرام مہندی کے پتے اور 25 دانے کلونجی کے رات کو بھگو دیں صبح کو مل چھان کر حاصل شدہ مرکب میں ایک چمچ خالص شہد اور آدھا چمچ کلونجی کا تیل ملا کر مریض کو پلائیں۔ علاج پندرہ یوم جاری رکھیں انشاء اللہ پھر زندگی بھر یرقان نہیں ہوگا۔ اس کے علاوہ بواسیر خواہ خونی ہو یا بادی اس کے لئے مہندی 50 گرام کو ایک پاؤ زیتون کے تیل میں ملا کر پانچ منٹ کے لئے اُبال لیں صبح اور رات کو سونے سے قبل 4 سے 5 قطرے خالص کلونجی کے تیل کے ملا کر روئی کی مدد سے بواسیری مسوں پر لگائیں اور ہر صبح بھیگے ہوئے پانچ دانے انجیر 12 قطرے کلونجی کے تیل کے ساتھ کھائیں انشاء اللہ کچھ دنوں میں مسئلہ حل ہو جائے گا۔

کلونجی کے بیج اور کلونجی آئل ایک ایسا تیل ہے جس میں ایسے اجزاء پائے جاتے ہیں جو حقیقی معنوں اسے ایک باکمال دوا بنا دیتے ہیں جیسا کہ رال دار مادے کاروٹین' ظیلین' ٹے نین' سی پونین' نامیاتی تیزاب اور گلوکوز وغیرہ۔ اب محترم قارئین کی خدمت میں کچھ امراض بیان کرتا چلوں جن کلونجی بطور تیل کے مفید و کارگر ہے ان امراض میں کھانسی' نزلہ' دمہ' مرگی' رعشہ' فالج' قولنج' ضعف اعصاب' پیٹ کے درد' سر کا آدھا درد' نسیان' نفخ شکم اور خواتین کی عوارض چند ایک مثالیں ہیں۔ اب ذیل میں کچھ امراض اور کلونجی کے تیل کا تفصیلاً استعمال درج کرتا ہوں۔ **1۔ گرتے اور کمزور بال:** کلونجی کا تیل سر پر لگائیں نہ صرف گرتے بالوں کو روکتا ہے بلکہ انہیں مضبوط' سیاہ اور چمکدار بھی بناتا ہے۔ **2۔ گنج اور بالخورہ:** اس میں سرکہ اور ادرک کا پانی ہم وزن ملا کر متاثرہ جگہ پر لگائیں اور رات سونے سے پہلے کلونجی کے بیج پیس کر کلونجی کے تیل میں ملا دیں یہ ایک گاڑھا لیپ بن جائے گا اب متاثرہ جگہ پر لگائیں۔ **3۔ معدہ کی اصلاح کے لئے:** ایک گرام نمک' 10 قطرے کلونجی کا تیل آدھے کپ نیم گرم دودھ میں ملا کر پئیں۔ **4۔ دمہ:** ناشتے سے پہلے اور سوتے وقت نیم گرم دودھ میں آدھا چمچ کلونجی کا تیل ملا کر پئیں اور بھاپ کے لئے اُبلتے پانی میں ایک کھانے کا چمچ کلونجی کا تیل ملا کر دن میں دو مرتبہ اس کی بھاپ لیں' سینے اور گلے پر نیم گرم تیل کی 3 سے 4 بار مالش کریں۔ **5۔ کینسر:** گاجر کے تازہ جوس میں آدھا چمچ کلونجی کا تیل ملا کر دن میں دو مرتبہ پئیں اور یہ علاج تین ماہ تک جاری رکھیں۔ **6۔ دماغی امراض و اعصابی کمزوری:** دماغی و اعصابی تناؤ' جسمانی و اعصابی کمزوری میں 7 قطرے تیل کے خالص شہد میں ملا کر لیں۔ **7۔ قوت باہ کے لئے:** کلونجی کا تیل 7 قطرے شہد یا شربت کے ساتھ پئیں **8۔ مرگی:** کلونجی کے تیل کا ایک قطرہ دائیں نتھنے میں اور ایک قطرہ بائیں نتھنے میں ڈالیں اور دو قطرے کلونجی کا تیل دو چمچ شہد کے ساتھ استعمال کریں۔ **9۔ سوکر:** کلونجی کے بیج 12 گرام' کاسنی کے بیج 6 گرام' میتھی کے بیج 6 گرام ہر ایک کو پیس لیں اب اس سفوف میں سے 3 گرام اور 3 گرام شام کو 5 قطرے کلونجی تیل کے ہمراہ استعمال کریں بلکہ ہر تیسرے دن ایک کپ کریلے کا پانی پئیں۔ **10۔ جنسی کمزوری:** کلونجی' قسط شیریں اور حب الرشاد ان تین کے بیج 25' 25 گرام لیں اور گرائنڈ کر کے سفوف بنا لیں رات کے وقت 6 گرام سفوف میں دو قطرے کلونجی کا تیل شامل کریں اور ایک بڑا چمچ خالص شہد ایک گلاس دودھ میں ملا کر پی لیں۔

(بقیہ: دن رات بدلے' بیماریاں ختم اور خوشحالی شروع)

شکوہ شکایت نہیں کی۔ اللہ پاک کی بھیجی ہوئی آزمائشوں کو رحمت سمجھ کر اس کی رحمت پر اور ذات پر شاکر رہے اور آج ہم سب بہت خوش ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اُن تمام آزمائشوں میں پاس فرمایا جن کا ہمیں وہم و گمان بھی نہیں تھا کہ ہم فلاں فلاں آزمائشیں آنے والی ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ہمارے مدینے والے سرکار حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کالی کملی والے کی نسبت سے ہم پر رحمت کی وہ بارشیں برسائیں کہ بس ہم اُس میں نہاتے چلے گئے۔ (عابدہ پروین منڈی بہاؤالدین)

(بقیہ: مجھے ان دیکھی چیزوں سے ڈر لگتا تھا)

سے پر کرنا شروع کر دی۔ الحمدللہ! ابھی صرف چھ ماہ ہی بیتی گئی تاریخوں اور وقت پر ماہنامہ محفل گھر بیٹھ کر ہی کہ میرے سارے وہم' وساوس' ڈر' خوف' چیخیں' کپکپاہٹ دور اور میں اب نارمل زندگی گزار رہی ہوں۔ میرے پاس الفاظ نہیں ہیں کہ میرے کیسے حضرت حکیم صاحب آپ کا شکریہ ادا کروں۔ مجھے تو ایسے لگتا ہے کہ میں دنیا میں ہی اب آئی ہوں' مجھے نئی زندگی ملی ہے' میری پریشانیاں ختم ہو رہی ہیں' زندگی میں سکون آ گیا ہے۔ (عائشہ ناز لاہور)

رمضان المبارک میں رزق کے بند دروازے کھلوانے کا آزمودہ عمل!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری اور اس میں دیئے گئے وظائف بہت شوق سے پڑھتی ہوں' 2015ء کے رمضان المبارک میں میں نے ماہنامہ عبقری میں نے سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 کا وظیفہ بتائے گئے طریقے سے پڑھنا شروع کر دیا۔ واقعی یہ بڑا زبردست اور آسان ترین وظیفہ ہے' میں اس وظیفہ کو افطار سے پہلے پڑھ کر دعا مانگتی اور جو مانگتی اللہ رب العزت عطا فرما دیتے' ہمارے رزق میں خوب برکت ہوئی۔ میرے گھر میں اللہ تعالیٰ کی نعمتیں آنا شروع ہو گئیں' اس رمضان اور اس کے بعد آنے والے اب تک کے رمضان ہم نے جو کھانے کو مانگا ہمیں ملا' جو نعمت گھر کیلئے چاہیے تھی وہ آج ہمارے گھر میں موجود ہے۔ میرے سارے کام ایسے ہوتے ہیں کہ پتا ہی نہیں چلتا' دعا مانگتے ہوئے پرامید رہتی ہوں اور دل سے مانگتی ہوں اللہ تعالیٰ کرم فرما دیتے ہیں۔ میری قارئین عبقری سے بھی گزارش ہے کہ افطاری کے وقت اس عمل کا اہتمام آپ کے رزق میں بہت زیادہ کشادگی اور بہتری کا سبب ہوگا۔ معاشی مشکلات، رزق کی تنگی اور گھریلو پریشانیوں میں گھرے افراد کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ عبادات میں رغبت اور گناہوں سے نفرت حاصل کرنے کیلئے دن میں ایک مرتبہ ضرور اس عمل کو کریں۔ عمل: افطاری سے پہلے اول' آخر طاق (تین' پانچ یا سات) تعداد میں درود شریف پڑھیں اور گیارہ مرتبہ سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 کا ورد کریں جب پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک ماریں اور اللہ پاک سے دعا مانگیں۔ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿مائدہ ۱۱۴﴾ قارئین! اس آیت نے مجھے جو کچھ دیا وہ میں جتنا بھی لکھوں کم ہے۔ افطاری کے وقت جیسی بھی کو دل کرے بس یہ آیات پڑھیں آسمان کی طرف پھونک ماریں اور اگلے دن وہ پھل گھر آ جاتا ہے' آپ آزمائیں بس دل میں رکھیں اور اللہ تعالیٰ سے یہ وظیفہ درج بالا بتائے گئے طریقے کے مطابق پڑھ کر دعا مانگ لیں' وہ چیز آپ کے سامنے ہوگی۔ میں نے گزشتہ رمضان جس طرح کا سوٹ' جوتا' کھانے مجھے مل گئے۔ اس وظیفے کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے جو میرے حق میں بہتر تھا مجھے فوری عطا فرما دیا۔ (نازیہ' اسلام آباد)

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

بواسیر کا علاج: ایک بار سورۂ اعلیٰ پ 30 پڑھیں اس سورۂ کے شروع میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے بواسیر خونی سے نجات مل جائے گی۔

آپ کا سوال ۔۔۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ **2**۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ **3**۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفے کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ **4**۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ **5**۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ **6**۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ **7**۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ **8**۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

طوبیٰ' لاہور۔ فرزانہ کوثر' خان گڑھ۔ محمد ایوب ناصر' جہلم۔ شمیلہ کوثر' فیصل آباد۔ مقصود احمد' کراچی۔ سید فراز فرید بخاری' لاہور۔ عشرت سلطانہ' واہ کینٹ۔ ساجد سلطانہ' راولپنڈی۔ ارم حامد' لاہور۔ مزار خان' کوئٹہ۔ شمع امیر خان' اسلام آباد۔ زرتاج فاطمہ' تونسہ شریف۔ سید [illegible] خانیوال۔ سید عباس علی' رینالہ خورد۔ ملک محمد [illegible] یانوالی۔ نورین عمر بلوچ' کراچی۔ محمد نوید صادق' بھکر۔ [illegible] رسول۔ حمیرہ حیات' حلہ گنگ۔ محمد عبداللہ جان' [illegible]۔ تانیہ خالد حسین' وڈارہ۔ ثمینہ شہزاد' کراچی۔ فرزانہ بلقیس [illegible] عظمیٰ شجاد' بھمبر۔ شائستہ' فیصل آباد۔ میمونہ شوکت' پیر محل۔ فرزانہ' حیدر آباد۔ ارشاد احمد' ہری پور۔ حافظ جواد عباسی' ہری پور۔ سمیع اللہ' حضرو اٹک۔ محمد عثمان جاوید' پتوکی۔ شبنم' لاہور۔ رانا محمد صدیق' لاہور۔ محمد رمضان' سیالکوٹ۔ حفیظ الرحمان' گوجرانوالہ۔ محمد علی' گوجرانوالہ۔ نوشین کنول' کنجہ۔ سمیع اللہ' اٹک۔ شہباز حیدر' ملتان۔ جاوید اظہر قریشی' کراچی۔ فائزہ غفور' راولپنڈی۔ عائشہ قریشی' ایبٹ آباد۔ حمیرہ عمر' راولپنڈی۔ آمنہ حور العین' گوجرانوالہ۔ نور ارم' پشاور۔ حنا ملک' پشاور۔ شاہدہ پروین' چنیوٹ۔ شمیم اختر' سلیم بی بی' فیصل آباد۔ فاطمہ ندیم' اسلام آباد۔ عمار انسیم' ننکانہ صاحب۔ صومیہ صدف' کوئٹہ۔ روشان ہارون' لاہور۔ محمد عرفان' مظفر گڑھ۔ سعدیہ' میاں چنوں۔ اظہر نواز' کوہاٹ۔ ڈی آئی خان۔ یاسمین رضا' ڈیرہ اسماعیل خان۔ محمد الیاس' روڈو سلطان۔ روبینہ زاہد' فیصل آباد۔ سرفراز اختر' لاہور۔ عمر مسعود شاہ' سرگودھا۔ ش' عیسیٰ خیل۔ محمد احمد خان' راولپنڈی۔ محمد عمر منیر' کامونکی۔ صبا منیر' راولپنڈی۔ نگہت ناز' اسلام آباد۔ محمد جاوید' گوجرانوالہ۔ فائزہ انعام' کراچی۔ محمد کاشف بھٹی خان' کٹورہ۔ عارفہ بانو' حیدر آباد۔ سعدیہ' فیصل آباد۔ نادرہ بتول' کراچی۔ ریان سہیل' راولپنڈی۔ شاکرہ یونس' اسلام آباد۔ محمد امین' کراچی۔ محمد اسماعیل' مظفر آباد۔ نسیم بانو منگی' خیر پور میرس۔ ہارون الرشید' لکی مروت۔ بازغہ ترنم' واہ کینٹ۔ ربیہ زین' کراچی۔ عائشہ خاتون' حیدر آباد۔ نورین زین اور نازلی تبسم' مردان۔ محمد زاہد' محمود والا۔ طاہر پروین' مظفر گڑھ۔ جمیلہ مزمل' میاں چنوں۔ محمد اسلم' کراچی۔ مسرت' لاہور۔

روبینہ ندیم' لاہور۔ احمد اکرم' فیصل آباد۔ خلیل الرحمان' فیصل آباد۔ محمد یامین خان' ملتان۔ گلشن فاطمہ' مظفر گڑھ۔ محمد سعید' فتح جھنگ۔ فاطمہ' لاہور۔ ملک رستم اعوان' راولپنڈی۔ نادیہ شاہین' سیالکوٹ۔ شاہدہ پروین' شکر گڑھ۔ زرینہ کوثر' کراچی۔ ندیم ہمدرد لیبارٹری' کراچی۔ محمد عمیر صدیقی' حافظ آباد کراچی۔ سید یاسمین فاطمہ نقوی' چونیاں۔ زکاء الرحمان' رحیم یار خان۔ فاطمہ ابرار' گوجرانوالہ۔ قرۃ العین عینی' کراچی۔ انیلہ عبدالرزاق' کراچی۔ محمد عدنان اکبر' مظفر آباد۔ محمد یوسف' گوجرانوالہ۔ ہمایوں اکبر' کراچی۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

آپ تمام صبح اور صرف وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ ﴿والضحیٰ﴾ ہر وقت ہزاروں' لاکھوں کی تعداد میں تلاوت کریں۔ یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنی جلد مشکلات' پریشانیاں' دکھ الجھنیں دور ہوں گی۔

اکبری بیگم' خیر پور ٹامیوالی۔ محمد آصف' کراچی۔ نوشین' راولپنڈی۔ عفت جبین' قلعہ دیدار سنگھ۔ زید سعید' گوجرانوالہ۔ ریحانہ' بکھر۔ شیخ اظہر قریشی' کراچی۔ ثاقب فاروق' لاہور۔ یاسمین فیض' منڈی یزمان۔ محمد عدیل آصف' ملتان۔ یاسمین بی بی' کامرہ اٹک۔ شکیلہ رانا' کراچی۔ عبدالرافع' کراچی۔ شفیقہ' فیصل آباد۔ رمشا کنول' جڑانوالہ۔ عائشہ کنول' جڑانوالہ۔ شہناز' پشاور۔ ثمینہ طارق' راولپنڈی۔ محمد نثار' ٹیکسلا۔ مسز عاصمہ رضوان' کوٹ ادو۔ سلمیٰ بی بی' ملتان۔ طارق جاوید' فیصل آباد۔ حاجی محمد مصطفیٰ عباسی' راولپنڈی۔ ارشی' کراچی۔ سمائدہ ناہید' چکوال۔ محمد فرمان علی' راولپنڈی۔ محمد نوید احمد' عیسیٰ خیل۔ سہیلا بنت عبدالمجید' نوشہرہ فیروز۔ حاجی راجہ عبدالجبار' اسلام آباد۔ کوثر پٹھانی' سلانوالی۔ ثمینہ سعید' بھلوال۔ محمد قندیل خان' باغ۔ تانیہ جمال' پشاور۔ افسر اللہ خان' بنوں۔ رفعت سلطانہ' کراچی۔ در ایمان' تونسہ۔ سائرہ یاسمین' لالہ موسیٰ' کوثر' تلاگنگ۔ زوبیہ نواز' خانیوال۔ عالیہ بیگم' کراچی۔ عروج' کراچی۔ عزیز فاطمہ' خان پور۔ شاہینہ راشد' راولپنڈی۔ بشریٰ عباسی' مری۔ ناہید ناز' کراچی۔ میر فیاض احمد' وزیر آباد۔ فرحت بی بی' عیسیٰ خیل۔ خضر حیات' اسلام آباد۔ صفیہ بی بی' جنڈ۔ فرحت بیگم' واہ کینٹ۔

نگہت' ٹنڈو جام۔ رضیہ شفیق' لاہور۔ میمونہ ناز' راجن پور۔ نبیلہ کوثر' جہلم۔ خواجہ اختر حسین' باغ۔ ماریہ' منڈی بہاؤالدین۔ بھائی شہزاد' عظمت کرک۔ شہزاد عصمت' کرک۔ شاہ جہاں' ڈی جی خان۔ شبیر احمد' راولپنڈی۔ اشفاق احمد' ڈیرہ غازی خان۔ محمد فیاض میر پور' آزاد کشمیر۔ محمد نصر اللہ' منڈی وار برٹن۔ شمیم اختر' چکوال۔ کشور جہاں' کراچی۔ مسلمہ' ڈیرہ اسماعیل خان۔ ہما جاوید' کراچی۔ سعدیہ کرن' ملتان۔ بلاول خان' راولپنڈی۔ نسرین کوثر' بہاولپور۔ یاسمین کوثر' فیصل آباد۔ عثمان نعیم خان' جھنگ۔ صدف سردار میو' ملتان۔ صوبیہ' ساہیوال۔ شاہدہ یوسف' مظفر آباد۔ نورین' کراچی۔ طارق جاوید' فیصل آباد۔ شہزاد واجد عرف منا' حیدر آباد۔ شہزاد' حیدر آباد۔ شہزاد احمد' لاہور۔ انور بیگ جاوید' قصور۔ صائمہ پروین' ہارون آباد۔ جمیلہ' حافظ آباد۔ محمد الیاس جاوید' وزیر آباد۔ محمد حق نواز لنڈ' شادن لنڈ۔ محسن النساء' ہری پور۔ صبا غلام نبی' مظفر آباد۔ صفینہ بیگم' مظفر آباد۔ ریحان جاوید' مظفر آباد۔ شاہر بانو' ملیر۔ شائستہ تسلیم' راجن پور۔ فیاض احمد' میانی۔ محمد علی' میر پور خاص۔ محمد عماد الحق' راولپنڈی۔ عروسہ' راولپنڈی۔ شگفتہ ب' ملتان۔ افتخار احمد [illegible] کوئٹہ۔ عمران احمد فاروقی' لاہور۔ آغا طاہر علی خان' [illegible] عظمیٰ تنویر' مظفر گڑھ۔ شاہد رسول' عارف والا۔ ناصر علی [illegible] بشارت علی' ملتان۔ گلناز اختر' ٹھٹھہ ٹوانہ۔ محمد ناصر ٹھٹھہ ٹوانہ۔ آفتاب احمد' سرگودھا۔ طاہر سہیل' سرگودھا۔ ولی احمد' کراچی۔ نصیر محمود' ہری پور ہزارہ۔ والد ذوالفقار علی' میاں چنوں۔ فوزیہ نور' ہری پور۔ خانہ فاطمہ' کراچی۔ نیلم یوسف' فیصل آباد۔ شاہ زیب [illegible] طاہر یاسمین' شاہکوٹ۔ محمد سعید' بھکر۔ [illegible] مصطفیٰ' چکوال۔ محمد صادق' چکوال۔ تنزیلہ قمر' ڈھکیکوٹ۔ عرفان علی [illegible] خان' کراچی۔ لبنہ مجیب الرحمان' لاہور۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

آپ اٹھتے بیٹھے' چلتے پھرتے ہزاروں' لاکھوں' کروڑوں مرتبہ درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔ حَلِيمٌ كَرِيمٌ، عَفُوٌّ كَرِيمٌ۔ یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنی جلد مشکلات' پریشانیاں' دکھ الجھنیں دور ہوں گی۔

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

قسط نمبر 20

کسان کی خوشحالی کا راز آپ بھی جان لیں!

(وجد بخاری، احمد پور شرقیہ)

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

انسان ساری عمر مغالطے میں گزار دیتا ہے اور جب اپنی آخری منزل کے قریب پہنچتا ہے تو اللہ کے فضل سے مغالطے ختم ہونا شروع ہوتے ہیں مگر اس وقت انسان کے پاس وقت نہیں ہوتا۔ انسان کو سب سے بڑا مغالطہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے زورِ بازو سے رزق کما رہا ہے اور جو کچھ کما رہا ہے اس کی صلاحیتوں کے سبب ہے اور جس قدر کمایا ہے سارا میرا ہے۔ حالانکہ یہ بالکل غلط ہے۔ انسان کو اللہ کی برکت سے ملتا ہے۔ اللہ پاک اس میں برکت ڈال دیتے ہیں۔ اگر انسان یہ چاہتا ہے کہ اسی طرح اللہ کا فضل قائم و دائم رہے تو وہ زیادہ سے زیادہ اللہ پاک کے نام پر دیتا رہے جتنا اللہ پاک کے نام پر دے گا۔ اللہ اتنا زیادہ اس کے مال میں برکت ڈالیں گے اور مال بڑھتا ہی چلا جائے گا۔ ایک مہربان ہیں، زمیندار گھرانے سے تعلق ہے۔ کاشتکاری خود کرتے ہیں اور پورے علاقے میں مشہور ہیں کہ ان کی فصل زیادہ ہوتی ہے اور فصل چاہے وہ گندم ہو یا کپاس وزن بہت زیادہ نکلتا ہے۔ انہوں نے عجیب بات بتائی کہ اگر دو کھیت کھڑے ہوں۔ ایک میرا ہو اور دوسرا کسی اور شخص کا ہو۔ فصل بالکل ایک جیسی ہو تو اندازہ لگانے والے برابر اوسط پیداوار کا اندازہ لگاتے ہیں۔ مگر جب فصل کاٹنے کو تیار ہوتی ہے تو میری فصل کا وزن زیادہ ہوتا ہے اور پیداوار بھی زیادہ ہوتی ہے۔ وہ کہنے لگے کہ شروع میں بے شک فصل کمزور ہوتی ہے مگر جب فصل پک کر تیار ہوتی ہے تو پیداوار سب سے زیادہ ہوتی ہے۔ میں نے ان سے پوچھا کہ کپاس کی فصل کیسے ہوتی ہے؟ وہ صاحب کہنے لگے کہ جب کپاس کی فصل کا بحران تھا تو میری فصل سب سے زیادہ ہوتی تھی اور علاقے کے لوگ میری فصل کو دیکھنے کے لئے آتے تھے۔ میری فصل میں ایک بھی سنڈی نہیں تھی۔ ساتھ والے کھیت میں سنڈیاں ہی سنڈیاں تھیں مگر وہ میرے کھیت کا نبہ بھی عبور نہیں کرتی تھیں۔ لوگ جان بوجھ کر سنڈیاں میرے کھیت میں ڈال دیتے تھے مگر سنڈیاں میرے کھیت سے واپس چلی جاتی تھیں۔ میں نے عرض کیا کہ آپ کا کونسا ایسا عمل ہے جو اللہ کے ہاں مقبول ہے جس کی وجہ سے اللہ کا حفاظت کا نظام آن ہے۔ وہ صاحب کہنے لگے کہ میں عشر پورا دیتا ہوں۔ جیسے ہی فصل تیار ہوتی ہے۔ اللہ کے حکم کے مطابق سب سے پہلے عشر نکالتا ہوں۔ چاہے جتنا بنے۔ میرے دل میں یہ بات بالکل نہیں آتی کہ اس قدر گندم یا کپاس اللہ کے نام پر دینے سے کمی آجائے گی۔ بلکہ اس سے اگلے سال فصل پچھلی فصل سے زیادہ ہوتی ہے۔ جب تک عشر نکال کر چلا نہ دوں اس وقت تک فصل گھر نہیں لے جاتا۔ یہ سچ ہے کہ جو بھی اللہ کی مان کر چلتا ہے اللہ اس کا مان بڑھاتے ہیں۔ برکت اور حفاظت کا خودکار نظام خود بخود چلنے لگتا ہے مگر انسان مغالطے میں ہے۔ آج سے تہیہ کریں کہ زکوٰۃ و عشر پورا پورا دیں گے۔ پھر دیکھیں اللہ کیسے برکت ڈالتا ہے۔

جانور شفاء: سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند، ہمیشہ بیمار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ قیمت 1300 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا جانوروں، فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو، یا آپ کے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو ضرور آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

شوگر کنٹرول کرنے کا آزمودہ فارمولہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس شوگر کا آزمودہ فارمولہ ہے چونکہ ہمارے خاندان میں سب شوگر کے مریض یہی نسخہ استعمال کرتے ہیں اور ان کی شوگر کنٹرول رہتی ہے۔ ھوالشافی: کالے جَو، کوڑ تمہ کے بیج دونوں ہم وزن کوٹ کر درمیانے سائز کے کیپسول بھر لیں اور روزانہ نہار منہ ناشتے سے آدھ گھنٹہ پہلے استعمال کریں، ان شاء اللہ شوگر آہستہ آہستہ ختم ہو جائے گی۔ چہرے کے **غیر ضروری بال ختم:** چہرے کے غیر ضروری بال ختم کرنے کیلئے انڈے کی سفیدی لے لیں، پہلے منہ پر اچھی طرح لیپ کریں، پھر ٹشو پیپر رکھ کر برش سے دوبارہ لیپ کریں، تھوڑا خشک کرنے کے بعد منہ سے ٹشو پیپر اتار لیں۔ (مسز جمیل، لاہور)

قسط نمبر 20

حکیم ضیاء الرحمٰن، ملتان

جسم کو ڈھیلا مت چھوڑیے

اگر چارپائی ڈھیلی ہو جائے تو آرام وہ نہیں رہتی، اگر بوٹ کے تسمے ڈھیلے ہوں تو آپ کا چلنا محال و مشکل ہو جاتا ہے، اگر مشین کا کوئی نٹ بولٹ ڈھیلا ہو جائے تو خرابی واقع ہو گی، اسی طرح اگر جسم ڈھیلا ہو جائے تو نت نئی بیماریاں جنم لیتی ہیں اور یہ ایسا ذاتی کام ہے جو آپکو مجھے خود کرنا ہے، کوئی آکر آپ کو مجھے یاددہانی نہیں کرائے گا۔ حتیٰ کہ آج کا مصروف معالج بھی بہ مشکل آپ کو کہے گا لہٰذا ہمیں خود مستعد رہنا ہوگا۔ آج معالج، کتابیں بڑے بوڑھے رہ نہیں گئے۔ ہماری لاعلمی یا سستی چھوٹی سی عمروں میں کیسی کیسی کاہلانہ بیماریوں میں مبتلا کر رہی ہے۔ اللہ نے گاڑی دی ہے وہ دو پہیوں والی یا چار پہیوں والی، اس کے تقاضے پورے کرنے اور رکھنے کو ہم فرض عین سمجھتے ہیں۔ کار کے گوڈے ہوتے ہیں مکینک حضرات خوب جانتے ہیں، جب یہ ان بیلنس ہو جائیں تو دوبارہ مرمت یا تبدیلی ہوتی ہے۔ کیا ہمارے ''گوڈے'' نہیں ہیں۔ ان کا حق، ان کی صحت کیلئے ہمیں آگاہی اور عمل سے گزرنا ایک دوسرے کو یاددہانی کرانا ضروری ہے۔ جسم کو کس کر رکھیے اس کو مالش، مساج، ورزش، غذائیت، روحانیت اور دیکھ بھال سے رواں دواں رکھئے، زنگ مت لگنے دیجئے، فزیو تھراپی خود سیکھئے، سمجھئے، عمل کیجئے۔ ایک دوسرے کو یاددہانی کرائیے، حکیم فیروز الدین اجملی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے: 1۔ (نماز) ملاقات یعنی اللہ سے رابطہ ہے یا منقطع ہے۔ 2۔ ورزش، یعنی اپنی [illegible] دیکھ بھال۔ 3۔ گھر میں کیسے ہو، وہاں تمہارے اخلاق [illegible] باتیں نہیں پوچھیں تو ملاقات ادھوری ہے۔ فرماتے [illegible] دیکھنا ہے تو دیہات میں جاؤ، دیکھو وہ لوگ کیسے حال احوال دریافت کرتے ہیں اور ایک دوسرے کے کاموں میں، حالوں میں ہاتھ بٹاتے ہیں، ہم روایتی چند جدید جملے بول کر ملاقات ادھوری چھوڑ دیتے ہیں، دوسرے کے حالات تو نہیں بدل سکتے، سن سکتے، دعا کر سکتے ہیں، دوسرے کا بوجھ ہلکا کر سکتے ہیں، توفیق اللہ پاک کی طرف سے دی گئی تنخواہ ہے، نیت کر لو اپنا لو تو وہ خالص [illegible] کریم کا حق ہے۔ اپنی دیکھ بھال (مین ٹیننس) خود کرو، کسی کو یاددہانی کی ضرورت نہیں، آپ نے دن میں دو منٹ کیلئے بازو آگے پیچھے گھمانے ہیں، ایک منٹ گردن گھمانی ہے، ایک منٹ چہرے کی مالش کرنی ہے، ایک منٹ کمر سیدھی کرنی ہے۔ اسی طرح دیگر اعضاء کو بھی وقت دیں تو پندرہ سے بیس منٹ کیا ہیں؟ جسم کیسے خوشگوار تبدیلی محسوس کرتا ہے، قدرت کی عطاؤں کا شمار تو ممکن نہیں بس یہ ہوتا ہے کہ الحمدللہ بے اختیار منہ سے نکلتا ہے اور طبیعت مطمئن ہو جاتی ہے۔

http://www.urdutube.net

Digitized by Google

رمضان المبارک کا خاص الخاص تحفہ: بھوک اور پیاس ختم کرنے کیلئے بادام مقشر (چھیلے ہوئے بادام) گوند کتیرا ہموزن لیکر لعاب اسپغول میں گولیاں بنالیں۔ سحری و افطار میں 2،2 گولیاں کھالیں۔

شوہر کی 13 سال پرانی ڈسٹ الرجی 15 دن میں ختم

قارئین! میرے میاں ہومیوڈاکٹر ہیں' سڑک کے اوپر کلینک ہے' جب میری شادی ہوئی تو میں دیکھتی کہ اکثر بیمار رہتے تھے' صبح صبح کھانستے رہتے' پھر سانس رکنے لگتا۔ میں دیکھ دیکھ کر پریشان رہنا شروع ہوئی' ایک دن میں نے پوچھا کہ آپ تو خود ڈاکٹر ہیں پھر کیا وجہ ہے کہ آپ کی کھانسی ٹھیک ہی نہیں ہو رہی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے نانا ابو بہت بزرگ تھے' میرے والد صاحب نے دیہاتی پور طبیہ کالج سے حکمت کی ڈگری حاصل کی' نانا کی وفات کے بعد میرے والد نے یہ مطب بنالیا' کچھ نسخہ جات تیار کر کے بیچتے اور کچھ فی سبیل اللہ دیتے۔ مطب چلتا تھا' پھر حالات نے کروٹ بدلی' میرے والدین کے حالات خراب ہو گئے' زمین جائیداد سب بک گئی' ایک بھائی کی نااہلی نے میرے والدین کو آسمان سے زمین پر لے مارا' ہم تین بہنیں نوکری کرتی ہیں اور اپنے اپنے گھروں میں ہیں۔ چونکہ میرا تعلق ایک حکیم گھرانے سے ہے اس لئے میرے پاس بہت نایاب نسخہ جات بھی ہیں۔ جو میں وقتاً فوقتاً عبقری قارئین کو ہدیہ کرتی رہوں گی۔ اب جو میں نسخہ لے کر حاضر ہوئی ہوں وہ ہے پولن الرجی' ڈسٹ الرجی' دھوئیں کی الرجی' چیسٹ انفیکشن وغیرہ الرجی کیسی بھی ہو یہ نسخہ اس کیلئے سو فیصد کام کرتا ہے۔ یہ نسخہ میرے والد صاحب کو کسی اللہ والے نے بتایا تھا' لاتعداد لوگوں کو فی سبیل اللہ بنا کر دیا' میرے والد میری والدہ کو سامان لا کر دیتے اور میری والدہ بنا کر دیتی تھیں۔ پہلا نسخہ نوٹ فرمالیں پھر اس کے فوائد بتاتی ہوں۔ ھوالشافی: ایک درمیانے سائز کا گلاس شہد کا لیں' ایک درمیانے سائز کا لیموں اور ایک کھانے کا چمچ گلیسرین سفید۔ لیموں کو ہلکی آنچ پر پانی میں ابال لیں' پھر ٹھنڈا ہونے دیں' پھر کاٹ کر بیج نکال کر شہد ایک گلاس میں نچوڑ دیں پھر ایک چمچ گلیسرین شہد میں ڈال کر کم از کم پندرہ منٹ تک مکس کریں۔ یہاں تک کہ یک جان ہو جائے' رات سوتے وقت آدھی چمچ کھا کر سونا ہے' پانی نہیں پینا ہے۔

قارئین! میرے میاں ہومیوڈاکٹر ہیں' سڑک کے اوپر کلینک ہے' جب میری شادی ہوئی تو میں دیکھتی کہ اکثر بیمار رہتے تھے' صبح صبح کھانستے رہتے' پھر سانس رکنے لگتا۔ میں دیکھ دیکھ کر پریشان رہنا شروع ہوئی' ایک دن میں نے پوچھا کہ آپ تو خود ڈاکٹر ہیں پھر کیا وجہ ہے کہ آپ کی کھانسی ٹھیک ہی نہیں ہو رہی' تو بتانے لگے کہ کیا کروں؟ مجھے دھوئیں سے الرجی ہے' مین روڈ کے اوپر کلینک ہے' کتنی ادویات کھاؤں' سانس لیتا ہوں تو کھانسی شروع ہو جاتی ہے۔ پھر خود ہی مجھے کہنے لگے: تم تو حکماء کے گھر میں پلی بڑی ہو تم ہی کوئی نسخہ بتاؤ کہ میری جان اس الرجی سے چھوٹ جائے۔ میں نے اپنی امی جان سے بات کی تو انہوں نے اسی دن مجھے درج بالا نسخہ بنا کر بھجوا دیا۔ الحمدللہ! میرے شوہر صاحب نے صرف 15 دن ہی استعمال کیا آج 13 سال ہو گئے ہیں مجھے دوبارہ ان کے کھانسنے کی آواز نہیں آئی۔ میرے ایک بہنوئی وارڈن پولیس ہیں' سارا دن چوک میں کھڑے ہو کر ٹریفک کے نظام کو چلاتے ہیں' ہمارے چھوٹے شہروں میں ڈسٹ اور دھواں بڑے شہروں کی نسبت زیادہ ہی ہوتا ہے۔ ماسک لگانے کے باوجود اکثر بیمار رہتے' دھوئیں کی وجہ سے کھانسی' سانس والی نالی کی الرجی' اکھڑ کر سانس آتا۔ میری بہن نے ان کو بھی یہی نسخہ استعمال کروایا۔ ماشاء اللہ بالکل ٹھیک ٹھاک ہیں بلکہ ان کے گھر کے ہی دو مزید (پیٹی بھائی) ہیں جو یہ نسخہ استعمال کرتے ہیں الحمدللہ بالکل ٹھیک ہیں۔ وہ بچے جن کو دودھ اور دودھ سے بنی چیزیں مثلاً پنیر' کسٹرڈ وغیرہ سے چیسٹ میں انفیکشن اور بلغم جم جانے کا مسئلہ بنتا ہے اس کیلئے بھی یہ نسخہ بہت ہی کمال کا ہے۔ بس بچے کو تھوڑا سا یہ چٹا دیا جائے بس! کام ہو گیا۔ میرے ایک بھائی (کزن) ہیں' ان کو بھی میں ہوتے ہیں' ان کو کھیر بہت پسند تھی مگر جب بھی کھاتے بلغم جام ہو جاتی' بیمار ہو جاتے' پریشانی کی حالت میں والدہ کے پاس آئے والدہ نے یہی نسخہ بنا کر ڈبے میں ڈال کر دے دیا' وہ اپنے بیڈروم میں رکھتے ہیں' ہر چیز کھاتے ہیں' کبھی کوئی مسئلہ نہیں ہوا۔ آج کل گندم کی کٹائی کا موسم ہے' اس موسم میں اکثر لوگوں کو الرجی ہوتی ہے' اس کیلئے یہ نسخہ زبردست ہے اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ "شفائے حیرت سیرپ" اس سیزن میں بے شمار لوگوں کو منگوا کر استعمال کروایا۔ لاجواب چیز ہے یہ بھی۔ ماہنامہ عبقری میں جو نسخہ جات چھپتے ہیں ان میں سے اکثر میرے والد صاحب اور نانا مرحوم کی پریکٹس میں تھے۔ محترم حکیم صاحب! آٹھ ماہ ہوئے ہیں تسبیح خانہ کا در ملا ہے' لگتا ہے پہلے مردہ تھے اب ہی زندہ ہوئے ہیں۔ ماہنامہ عبقری میں نسخہ جات پڑھ کر ہم ان نسخوں پر اکثر بحث کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اعلیٰ درجات سے نوازے اور عبقری کو دن دگنی اور رات چگنی ترقی نصیب کرے۔ آمین! (شگفتہ نازیہ' پتوکی)

صرف تین خوراکوں سے بواسیر یقینی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مارچ 2015ء کا شمارہ عبقری میرے لیے زندگی کی نوید بن کر آیا' ہوا کچھ یوں کہ مجھے گزشتہ ایک ماہ سے بواسیر ہو گئی تھی اور شدید قسم کی تھی' رفع حاجت کے وقت سخت تکلیف ہوتی' ایک بار خون بھی آیا مگر تکلیف اتنی تھی کہ باتھ روم جانا ایک عذاب لگنے لگا' رفع حاجت کے بعد مقعد میں شدید قسم کی جلن اور کولہوں میں درد کی ٹیسیں اٹھتیں' گھنٹوں یہ تکلیف جاری رہتی تھی' چلنا پھرنا دوبھر' نماز پڑھنا مشکل' بیٹھنا مشکل' ہر مہینے باکر رسالہ عبقری دس تاریخ تک دے جاتا تھا مگر اس بار اللہ کا کرم ہونا تھا کہ وہ یکم مارچ کو ہی رسالہ عبقری دے گیا' رسالے کا تو مجھے بے چینی سے انتظار ہوتا تھا' فرصت ملتے ہی پڑھنے بیٹھ گئی' خاص طور پر بواسیر کے ٹوٹکے ڈھونڈنے لگی اور صفحہ نمبر 24 پر ایڈیٹر عبقری (یعنی آپ کا) مضمون "زیتون اور اسپغول ضرور آزمائیں" پڑھا' میں نے مکمل مضمون پڑھا' مجھے امید کی کرن نظر آئی' میں نے فوراً بیٹے سے زیتون کی ایک ڈبی اور اسپغول منگوا لیا اور واقعی تین خوراکوں نے ہی مجھے تندرست کر دیا' یقین ہی نہیں آرہا تھا کہ میں ٹھیک ہو گئی ہوں' تمام تکالیف کافور ہو گئیں' دل و دماغ پرسکون ہو گئے' جسم کا بھاری پن ختم ہو گیا' گھٹنوں کا درد ختم ہو گیا' طبیعت میں سکون آ گیا ہے' واقعی چھوٹے سے ٹوٹکے نے میری زندگی بدل دی' میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا' دو نفل شکرانے اور 500 روپے صدقہ دیا اور حضرت حکیم صاحب' ان کے اہل و عیال' ان کی نسلوں کیلئے دعائیں مانگیں کہ یا اللہ جیسے انہوں نے بخل سے کام نہیں لیا تو بھی ان کے معاملات میں فراخی کرنا اور ان کو اور ان کی نسلوں کو کبھی کوئی بیماری یا تکلیف نہ دینا۔ عبقری میں جو لکھا تھا لفظ بہ لفظ سو فیصد سچ ثابت ہوا' اب میں ہر وقت اللہ کا شکر ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے حضرت حکیم صاحب کو ہم جیسوں کی رہنمائی کیلئے پیدا کیا' ان کی بیعت کرنے کے بعد وہ بیماری سے باہر ہے' اللہ تعالیٰ عبقری کو دن دگنی رات چگنی ترقی دے۔ (ر۔ک' لاہور)

ٹھنڈی سحری اور افطاری کیلئے دو ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! قارئین عبقری کیلئے دو ٹوٹکے لیکر حاضر ہوا ہوں۔ سحری کیلئے ٹوٹکہ: ٹغلہ کسی پنسار اسٹور سے لیکر مٹی کے برتن میں آدھی چمچ رات کو پانی میں بھگو دیں اور سحری کھا کر چھان کر اس کو پئیں۔ ان شاء اللہ گرمی اور پیاس ختم' شدید گرمی میں سارا دن سکون سے گزرے گا' آزمودہ ہے۔ افطاری کیلئے ٹوٹکہ: ھوالشافی: بادام چار عدد' خشخاش ایک چمچ' چھوٹی الائچی ایک عدد' کالی مرچ پانچ دانے' ان چیزوں کو پیس کر رکھ لیں اور افطاری میں بنا کر نوش فرمائیں۔ آزمودہ ہے۔ (ابوفضل الرحمٰن سومرو' بھریا روڈ)

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

ایک ٹوٹکہ ایک حقیقت یا افسانہ

بس یہ اعلیٰ درجہ کا ایسا مشروب تیار ہے جو گرمی اور کمزوری میں نے دو لفظ لکھے ہیں 'گرمی اور کمزوری' موسم کی گرمی اور روزے کی بھوک 'لو کی شدت' اس کی وجہ سے پیدا ہونے والی کمزوری کا بہترین علاج ہے' عام دنوں میں جب آپ روزے سے نہیں اس مشروب کی مہمانوں اور آنے جانے والوں کی تواضع کریں۔

فوائد: آپ کیلئے فیتی ہوتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

قارئین! زندگی میں بعض تجربات ایسے ہوتے ہیں جو بیان تو کیے جاتے ہیں اور اس کے فوائد بھی نظر آتے ہیں لیکن اس کی کوئی دلیل نہیں ہوتی' ویسے ہر تجربہ دلیل کا محتاج نہیں ہوتا' تجربہ تجربہ ہے' وہ دلیل نہیں مانگتا بس ضرورت یہی مانگتا ہے کہ کرتے چلے جاؤ اور اس سے نفع و فائدہ اٹھاتے چلے جاؤ۔ کچھ اس طرح کے ایسے ٹوٹکے آپ کی زندگی میں بھی آئے میں نے سنے بھی' آزمائے بھی اور حقیقتاً وہ کامیاب ہوتے ہیں اور ایسے کامیاب ہوتے ہیں کہ بڑے بڑے تجربات' بڑے بڑے کمالات دے جاتے ہیں۔ انسان جب ناکام ہوجاتا ہے وہیں سے یہ تجربات اور فوائد شروع ہوتے ہیں۔ بے شمار لوگوں نے مجھے ایسے ٹوٹکے بتائے بظاہر ان کی سمجھ نہیں آتی تھی لیکن جب وہی ٹوٹکے آزمائے تو حقیقت واضح نظر آئی کہ واقعی باکمال تحفہ تھا۔ آیئے! ایک ٹوٹکہ آپ کو ایسا بتاتے ہیں جو ہم سالہا سال سے تسبیح خانہ کے افطار میں پوری دنیا سے آئے ہوئے اپنے مہمانوں کو دیتے ہیں اور اسی سے ان کی تواضع اور افطاری کرواتے ہیں۔

بس آپ ایسا کیجئے املی' آلو بخارا اور تخم بالنگو خرید لیجئے' بہت سستی چیزیں ہیں' مہنگی نہیں۔ ایک پاؤ املی' ایک پاؤ آلو بخارا اور ایک چھٹانک تخم بالنگو (جسے تخم ملنگا) بھی کہتے ہیں۔ ان کو صاف کرلیجئے صبح رمضان المبارک کے بعد اگر رمضان نہیں ہے تو آپ یہ مشروب تمام گرمیوں میں بہترین پینا چاہتے ہیں تو رات کو املی آلو بخارہ پانی میں تھوڑا تھوڑا بھگو دیں اور پھر صبح اٹھ کر اس کو اچھی طرح ملیں' ملنے میں بہت زیادہ مبالغہ کریں ہلکے ہاتھوں سے بہت دیر تک ملتے رہیں' لیکن ملنے والا فرد ایسا ہو جس کے ناخن بڑھے ہوئے نہ ہوں کیونکہ ناخن کے نیچے بہت زہر اور بیماریاں ہوتی ہیں جو سائنس مسلسل متوجہ کیے جارہی اور اسلام نے تو پہلے ہی متوجہ کردیا ہے اور بہترین صابن کے ساتھ ہاتھوں کو خوب پہلے کہنیوں تک اچھی طرح دھولیا جائے' اب ان صاف ہاتھوں سے املی اور آلو بخارا کو خوب ملیں' اچھی خاصی دیر اتنا کہ یہ تمام اجزاء خود مشروب میں حل ہوجائیں' مناسب یہی ہے کہ آپ چھانیں نہیں بس اس میں سے گٹھلیاں نکال لیں اور گٹھلیاں نکال کر اس میں چاہیں تو شکر دیسی جو بہت گہرا رنگ رکھتی ہو کیونکہ شکر جتنی سفید ہوگی اتنا زیادہ اس میں کیمیکل ہوگا اور جتنا گہرا رنگ ہوگا اتنا وہ صحت اور تندرستی کی علامت ہوگی۔ حسب ضرورت شکر ملائیں' آپ چاہیں تو اس میں میٹھے کی جگہ شہد ملائیں تو اور حیرت انگیز کمال ہوگا اس کو جتنا پتلا کرنا چاہیں یا جتنا گاڑھا رکھنا چاہیں آپ کی مرضی ہے پھر اس میں ایک چمچ یا دو چمچ بڑے تخم بالنگو ڈال کر اچھی طرح ہلائیں اور کچھ دیر رکھ لیں۔ بس یہ اعلیٰ درجہ کا ایسا مشروب تیار ہے جو گرمی اور کمزوری میں نے دو لفظ لکھے ہیں 'گرمی اور کمزوری' موسم کی گرمی اور روزے کی بھوک' لو کی شدت' اس کی وجہ سے پیدا ہونے والی کمزوری کا بہترین علاج ہے' عام دنوں میں جب آپ روزے سے نہیں اس مشروب کی مہمانوں اور آنے جانے والوں کی تواضع کریں۔ گھر میں استعمال کریں اپنی نسلوں کو ان دیسی مشروبات سے شناسائی دیں' کیونکہ یہ وہ چیزیں ہیں جن کے کوئی مابعد اثرات نہیں یعنی سائیڈ ایفیکٹس نہیں اور یہ وہ چیزیں ہیں جو معدہ کی تیزابیت کا بہترین علاج ہیں۔ موجودہ کیمیکل والی غذائیں' گوشت برائیلر کا بکثرت استعمال اور اس کی وجہ سے انسانی زندگی میں جو افسوسناک زوال صحت کے نام آرہا ہے وہ فاسٹ فوڈز کا ہی کمال ہے فاسٹ فوڈز کیمیکل ملے مشروب یا غذا جن کا نقصان آپ کی صحت میں شروع ہوچکا ہے یا اچانک دل کا دورہ' ہیپاٹائٹس یا کسی بھی شکل میں ہوسکتا ہے ان تمام کا حل اسی مشروب میں ہے جو لوگ گرمیوں کا روزہ رکھتے ہوئے گھبراتے ہیں وہ اسی مشروب کو بنالیں' چاہیں تو سحری میں بھی پی سکتے ہیں' افطاری میں بنائیں' ساری رات صبح سحری تک پیتے رہیں۔ جسم تروتازہ' صحت مند چہرہ' نظر میں تیزی' یادداشت میں بہت زیادہ بڑھوتری' ویسے بھی یہ مشروب ایسے مریض کو پلا سکتے ہیں جو ہیپاٹائٹس' جگر کے امراض' معدہ کا کوئی بھی مرض ہو' گیس' تبخیر' بادی' تیزابیت' قبض' بواسیر اس کیلئے نہایت لاجواب چیز ہے۔ ایسے لوگ جو دل کی گھبراہٹ کو بہت زیادہ محسوس کرتے ہیں یا گرمی کا موسم جن کیلئے مصیبت اور وبال جان ہے اور وہ گرمی کے موسم سے بہت زیادہ گھبراتے ہیں بلکہ گرمی کے آنے سے پہلے ہی انہیں وحشت شروع ہوجاتی ہے' ایسے لوگوں کیلئے یہ مشروب انتہائی مفید اور صحت مند ہے اور اس کا استعمال بہت لاجواب ہے۔ آپ بھی یہ مشروب بنایئے روزانہ کی بنیاد پر بنائیں اور تازہ بنائیں تازہ چیز اور مشروب کی صحت اور توانائی الگ ہوتی ہے۔ کتنے لوگ ایسے تھے جو مجھے ملے میں نے انہیں یہی مشروب بتایا اور ہزاروں لاکھوں کے تجربات نے سب کو صحت مند اور مطمئن پایا۔ رمضان کے دنوں میں ہمارے ہاں بڑا مجمع ہوتا ہے جو تسبیح خانہ میں قیام کیلئے دور پرے سے ایک سچے جذبے اور شوق کے ساتھ آتا ہے' ہم اس مجمع کو تندرست اور صحت مند رکھنے کی تدبیریں مختلف انداز سے کرتے رہتے ہیں' اس میں یہ چیز بہت فائدہ مند ثابت ہوئی ہے املی آلو بخارا اور تخم بالنگو کا مشروب۔ اگر کبھی مجبوراً تخم بالنگو نہ بھی ملے تو صرف املی' آلو بخارا اس میں شہد شکر یا چینی آپ استعمال کرسکتے ہیں اور صحت کے دروازے پر دستک دیں۔ یقیناً آپ کو صحت ملے گی اور صحت سے آپ کو حیرت انگیز تندرستی اور توانائی ملے گی۔ قارئین! یہ مشروب میرا نہیں بلکہ صدیوں سے نسل در نسل چلا آرہا ہے اور جس دور میں یہ مشروب استعمال ہوتا ہے اس دور میں بیماریاں اور ہسپتالوں میں رش نہیں ہوتا تھا اور اسی مشروب کے استعمال نہ ہونے کی وجہ سے بیماریاں' رش اور پھر رنگارنگ گولیاں اور پھر اس کے بعد نت نئی تکالیف۔ آیئے! فطرت کی طرف لوٹ کر صحت اور تندرستی کے ہر پہلو پر نظر رکھیں کہ صحت اور تندرستی کے ہر پہلو سے ہی ہمیں زندگی کا سچا اور نیا انداز ملے گا ورنہ تو اسی میں ڈوب جائیں گے اور گھوم جائیں گے۔ کیا خیال ہے؟ یہ مشروب کہیں ایسا تو نہیں کہ آپ بنا ہی نہ سکیں یقیناً ایسا نہیں آپ اس کو خود بنا سکتے ہیں اور استعمال کرسکتے ہیں اور میں تاکید اً پھر لکھوں گا کہ یہ مشروب نئی نسلوں کو ضرور استعمال کرائیں اور انہیں اس کے فوائد بتا بتا کر انہیں ضرور پلائیں۔

(نوٹ: بچے مساجد سے نکال دو! شور کرتے ہیں!)

نشانی ہیں [illegible] کرتے ہیں' گناہوں سے پاک لیکن ناتجربہ کار ہوتے ہیں [illegible] کرکے سیکھنا چاہتے وہ آگے بڑھنا چاہتے ہیں وہ ان [illegible] کے کسی بھی شعبے میں جائیں گے تو مساجد کو اعلیٰ مقام دیں گے مساجد کے ائمہ قاریوں کو عزت دیں گے' علماء کا احترام کریں گے بلکہ خود بھی عالم بنیں گے وہ دنیا کے دیگر اداروں کی بجائے مساجد کو بنیادی مقام دیں گے۔ اکثر بچوں کو تو کئی سال اور بڑا ہونے پر علم ہوتا ہے کہ انہوں نے کیا غلط [illegible] کی وجہ سے انہیں مسجد میں بے عزت کیا گیا۔ حقیقت یہ ہے [illegible] جس وقت بچوں کے ساتھ ایسا سلوک ہوتا ہے تو وہ بے خبر ہوتے ہیں کہ انہوں نے کیا غلط [illegible] کوئی سمجھاتا ہے۔ ایک دو بار سمجھانا بھی کافی نہیں ہوتا بلکہ دس [illegible] بھی نہیں! بس اپنے عمل اور ماحول سے سمجھائیں وہ خود [illegible] یہاں کا ماحول مختلف ہے اور یہاں مجھے کیسے آنا جانا ہے اور کس طرح کرنا ہے؟ نبی [illegible] نے بچے تو درکنار کسی بڑے انسان کے مسجد میں پیشاب کرنے کو بھی برداشت کیا اور لوگوں کو اُسے مارنے یا ڈانٹنے سے منع کیا پھر اُسے بلا کر شفقت سے سمجھایا کہ مساجد نماز کی ادائیگی کے لئے ہوتی ہیں نہ کہ ایسے کاموں کے لئے' وہ اس سلوک سے اتنا متاثر ہوا فوراً کلمہ پڑھ کر مسلمان ہوگیا۔ جب سے ہماری مساجد میں قیمتی قالین بچھانے اور شیشے والی کھڑکی اور دروازوں کا رجحان پیدا ہوا ہے اس وقت سے مساجد کی انتظامیہ بچوں کے حوالے سے اور زیادہ حساس ہوگئی ہے انہیں ہر وقت یہ خدشہ رہتا ہے کہ بچے قیمتی قالین خراب کردیں گے شیشے والے دروازے نوٹ سکتے ہیں۔ ہم یہ سوچ لیں کہ بچے زیادہ قیمتی ہیں یا قالین؟

http://www.urdutube.net
Digitized by Google

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ جب پہلا لقمہ لیتے تو یَاوَاسِعَ الْمَغْفِرَۃ (اے وسیع مغفرت والے) کہتے۔ (سیرت الشامی)

ٹورنٹو میں چائنیز ڈاکٹر نے بتایا آپ کے مرض کا علاج روزہ ہے!

تسمیہ، ٹورنٹو کینیڈا

ان نے یہ کہہ کر مجھے حیران کر دیا کہ وہ جو تم مسلم لوگوں کا fast یعنی روزہ ہوتا ہے وہ کرو تم ٹھیک ہو جاؤ گی اس وقت مجھے شرم سے ڈوب جانے کا خیال آیا کہ ہم مسلمان ہو کر بھی اس حدیث سے غافل ہیں کہ حدیث پاک کا مفہوم ہے۔ ''روزہ رکھو تندرست رہو گے''

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اکتوبر 2014ء میں میں بیمار ہو گئی میں ٹورانٹو میں تھی کہ اچانک میرے دل کی دھڑکن انتہائی تیز ہو گئی جسم بالکل ٹھنڈا ہو گیا اور پسینے آ گئے مجھے ایسے لگا شاید میں مرنے لگی ہوں میں نے بچوں اور شوہر کو اکٹھا کر لیا ان سے معافی مانگ لی کلمہ طیبہ پڑھنے لگی اللہ تعالیٰ سے توبہ استغفار کرنے لگی اور بیہوش ہو گئی۔ میرے شوہر نے ایمرجنسی کال کی دو منٹ میں ایمبولینس ہمارے دروازہ پر تھی۔ مجھے ہسپتال لے گئے وہاں پر کوئی ایسا ٹیسٹ نہ تھا جو نہ ہوا ہو پورے جسم کا ایم آر آئی ہوا اور آخر میں ڈاکٹر نے جب بیماری سمجھ میں نہ آئی تو یہ کہا کہ ان کو ڈیپریشن ہے جبکہ میرے معدے اور آنتوں میں شدید تیزابیت تھی جو کہ بعد میں مجھے پتہ چلا۔ 15 دن میں شدید بیمار رہی کچھ نہیں کھا سکتی تھی حتیٰ کہ پانی بھی پیتی تھی تو گیس کا گولہ دل کی طرف جاتا تھا اور میں بیہوش ہو جاتی تھی۔ میرے بچے اور شوہر سخت پریشان تھے۔ میں اپنی زندگی سے بالکل ناامید ہو گئی تھی اور اللہ تعالیٰ سے رو رو کر یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ پڑھ کر دعا مانگتی رہی۔ آپ تو خود ماشاء اللہ نامور حکیم ہیں میری اس وقت کیا حالت ہو گی آپ سوچ سکتے ہیں۔ میرا وزن 85 کلو سے کم ہو کر 63 ہو گیا کیونکہ کچھ نہیں کھا سکتی تھی اور آپ کو پتہ ہے وہاں (ٹورنٹو) سارا کام عورت کو کرنا ہوتا ہے ملازم نہیں ہوتے پورے گھر کا شیرازہ بکھر کر رہ گیا تھا۔ آخر اللہ تعالیٰ سے رو رو کر دعا مانگی کہ یا اللہ مجھے وہ کھلا پلا جس سے میری صحت اچھی ہو جائے بکرے بھی صدقہ کئے۔ ایک دن روتے روتے سورۃ مائدہ کی آیات 114 پڑھتی پڑھتی سو گئی۔ خواب دیکھا کہ کوئی کہہ رہا ہے کہ 1۔ صلوٰۃ الحاجت۔ 2۔ دودھ۔ 3۔ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ پڑھو۔ میں نے صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر جمعرات والے دن سورۃ فاتحہ والا وظیفہ شروع کر دیا جو آپ 70، 60، 50، یعنی ہر دن دس کم کرتے جانا ہے یہ شروع کر دیا اور الحمد اللہ آج تک پڑھتی ہوں۔ دودھ پینا شروع کر دیا اور اذان اور اقامت والا عمل (یعنی سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات سات مرتبہ اول آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں) ہر نماز کے بعد شروع کر دیا۔ 4۔ صدقہ روزانہ نکالنا شروع کر دیا۔ اللہ تعالیٰ نے شفاء عطا فرما دی جب بد پرہیزی کرو تو پھر کبھی کبھی طبیعت خراب ہو جاتی ہے لیکن اللہ تعالیٰ کی رحمت اور فضل سے اب بہت بہتر ہوں۔ انہی دنوں میں ایک چائنیز ہربلسٹ کے پاس گئی کیونکہ ڈاکٹروں سے میں مایوس تھی اس نے یہ کہہ کر مجھے حیران کر دیا کہ وہ جو تم مسلم لوگوں کا fast یعنی روزہ ہوتا ہے وہ کرو تم ٹھیک ہو جاؤ گی اس وقت مجھے شرم سے ڈوب جانے کا خیال آیا کہ ہم مسلمان ہو کر بھی اس حدیث سے غافل ہیں کہ حدیث پاک کا مفہوم ہے ''روزہ رکھو تندرست رہو گے'' میں نے روزے رکھنا شروع کئے تو میں ٹھیک ہونا شروع ہو گئی پھر کیا میں نے تقریباً ڈیڑھ مہینے کے روزے رکھے اور اللہ پاک نے شفاء عطا کر دی۔ اپنی رحمت کے ساتھ میرے اللہ مجھ پر بہت مہربان ہیں میں سارا دن بھی سجدے میں پڑی رہوں تو شکر ادا نہیں کر سکتی۔ اب میں روزے کے فوائد میں جو خود مشاہدات کیے وہ یہ ہیں:۔ 1۔ اس سے پیٹ کے تمام امراض السر، معدے کی تیزابیت آنتوں کی سوزش سب ٹھیک ہو جاتے ہیں، جسم بالکل فریش اور تازہ دم ہو جاتا ہے۔ 2۔ میں سمجھتی ہوں کہ جسم کی ہر بڑی سے بڑی بیماری دور ہو سکتی ہے اگر انسان رمضان المبارک کے علاوہ بھی سردیوں کے ایک یا دو مہینے کے روزے رکھ لیں یہ میرا مشاہدہ ہے۔ **میں ایسا کیوں کہہ رہی ہوں کہ سارے مسائل حل ہو جائیں:** ایک دن سوتے وقت میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ یا اللہ مجھے خواب میں دکھائیں کہ میں کیا کروں میرے سارے مسئلے حل ہو جائیں۔ خواب دیکھتی ہوں کہ ایک پیاری سی لڑکی ہے جس نے شال پہنی ہوئی ہے اور ہاتھ میں قرآن پاک ہے اور منبر جیسے ڈائس ہوتا ہے اس کے ساتھ کھڑی ہوئی ہے اور کہتی ذکر اور شکر کرو جیسے کوئی درس دے رہی ہے۔ مجھے نہیں معلوم وہ کون ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے مجھے ایک راز، ایک نعمت، ایک خزانہ عطا فرما دیا۔ کم از کم میں یہ سمجھتی ہوں کیونکہ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ فرما رہے ہیں ''اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کثرت سے کرو تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ'' ایک اور جگہ فرمایا: ''تم میرا ذکر کرو میں تمہارا ذکر کروں گا اور میرا شکر ادا کرو اور کافر نہ ہو جاؤ'' مزید فرمایا: ''اگر تم شکر ادا کرو گے تو میں بڑھا دوں گا'' یہ آیات میرے پاس ایک راز کی طرح ہے جو میں یہاں آپ کو دے رہی ہوں، میں نے آپ کے ''شکر'' پر درس سنے ہیں لیکن مجھے اتنا یقین اس وقت نہیں ملا جتنا مجھے اس خواب کے ذریعے ملا۔ اب میں ہر کسی کو کہتی ہوں اٹھتے بیٹھتے اللہ تعالیٰ کا ذکر اور شکر کرو کامیاب بھی ہو جاؤ گے، سب کچھ ملے گا اور ہاں ایک اور بات اس میں اللہ تعالیٰ کی محبت بھی ملے گی کیونکہ اللہ پاک فرما رہے ہیں تم میرا ذکر کرو میں تمہارا ذکر کروں گا اور میرے خیال میں ذکر بندہ اُسی کا کرتا ہے جس سے محبت ہوتی ہے اللہ تعالیٰ کو ہم سے محبت ہو گی تو وہ ہمارا فرشتوں میں ذکر کریں گے، میں سمجھتی ہوں کہ ذکر اللہ تعالیٰ کی محبت پا لینے کا راز ہے اور پھر میرے سامنے یہ حدیث آئی مفہوم ہے: ایک شخص نبی ﷺ کے پاس گیا اور کہا کہ میں اللہ تعالیٰ کا خاص بندہ بننا چاہتا ہوں آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کا ذکر کثرت سے کرو اللہ تعالیٰ کے خاص بندے بن جاؤ گے اور جو میرے خیال میں اللہ تعالیٰ کا خاص ہو جاتا ہے اُسے اور کسی چیز کی حاجت نہیں رہتی اللہ تعالیٰ سے دعا ہے اللہ تعالیٰ پوری امت کو ساری مخلوقات کو ساری انسانیت کو ذکر کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور یہ نعمت ذکر اور شکر کبھی نہ چھینے، یہ نعمت جو اللہ تعالیٰ نے مجھے دی ہے الحمد اللہ! اللہ تعالیٰ مجھ سے بلکہ کسی سے بھی کبھی نہ چھینے۔ آمین۔ **یا رقیب کے فائدے: 1۔** 2007ء میں میں بیمار ہوئی، میرے پیٹ کے اوپر چنے کے دانے کے برابر گلٹی تھی جب میں ٹورانٹو گئی تو اس کے اندر پس پڑ گئی اور میں بیمار ہو گئی۔ بخار رہنے لگا، طبیعت بہت خراب، اس پھوڑے والی جگہ پر شدید درد ہوتا۔ اس وقت بچے چھوٹے تھے میرے شوہر مجھے کینیڈا اکیلے چھوڑ کر واپس 3 ماہ کے لئے پاکستان چلے گئے کیونکہ ان کو چھٹی نہیں مل رہی تھی۔ میرے پاس اس وقت ڈرائیونگ لائسنس بھی نہیں تھا کہ میں گاڑی ڈرائیو کر سکوں اور باہر مائنس 30 ٹمپریچر تھا شدید سردی اور برف کے ڈھیر تھے، رو رو کر برا حال کر لیا۔ ایک شوہر کی جدائی، دوسرا بیماری تیسرا دیارِ غیر، سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی پرسان حال نہیں، چوتھا پاکستان میں اچھے سیٹ تھے جب بندہ ملک میں نیا جاتا ہے تو ہر لحاظ سے پریشان ہوتا ہے مختصراً [illegible] تکلیف میں تھی ان دنوں آپ فون سنا کرتے تھے میں نے آپ کو فون کیا اور آپ کی کتاب ''گھریلو الجھنوں کا روحانی علاج'' میں سے پڑھا کہ کوئی زخم ہو تو اول آخر درود شریف کے ساتھ 300 مرتبہ یَارَقِیْبُ پڑھ کے پھونکیں تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ٹھیک ہو جاتا ہے یہ میں نے پڑھنا شروع کر دیا آپ کو فون کیا [illegible] ہوئی آپ نے یہی بتایا اور کنوار گندل Aloevera کی پٹیاں کرنے کے لئے کہا (کنوار گندل کو ایک کپڑے کی پٹی پر اچھی طرح [illegible] کر کے وہ لیپ زخم پر باندھ لیں) میں نے دونوں باتوں پر عمل کیا، اللہ پاک نے صرف 3 دن میں شفاء دے دی جبکہ 3 ماہ سے اس کا چھوٹا سا آپریشن بھی کروایا 3 ماہ اینٹی بائیوٹک اتنی کھائی کہ ڈاکٹر حیران تھے کہ اتنی زیادہ اینٹی بائیوٹک کسی کو نہیں میں ڈالیں تو کنواں خشک ہو جائے۔ یہ کیوں ٹھیک نہیں ہو رہا؟ الحمد اللہ! اللہ پاک آپ کو آپ کی نسلوں کو اپنی شان کے مطابق ہر دنیاوی اور آخروی نعمتیں عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

http://www.urdutube.net
Digitized by Google

وقتِ افطار 40 بار زم زم کی دعا پڑھی اور کمال ہوگیا!

لائقہ عامر' گوجرانوالہ

رمضان میں بابا کے پرانے کاروبار کا تیزی سے صفایا ہونا شروع ہوا جو چیزیں کئی سال سے پڑی کی پڑی رہ گئی ہوئی تھیں سب بیچ دیا اور اتنے نئے کاروبار کرنے کا انتظام ہوگیا۔ رمضان میں کوئی کاروبار نہیں تھا لیکن ہمیں ہر نعمت سوچ سے کہیں بہتر اور زیادہ ملتی تھی

ماہ رمضان سے کچھ دیر پہلے بابا (والد) کا کاروبار بالکل ختم ہونے کے قریب ہوگئے۔ ہم نے سورۃ النسآء کا درس میں سنا اور آپ کی اجازت سے پڑھنی شروع کر دی اس دوران رمضان آگیا۔ رمضان میں بابا کے پرانے کاروبار کا تیزی سے صفایا ہونا شروع ہوا جو چیزیں کئی سال سے پڑی کی پڑی رہ گئی ہوئی تھی سب بیچ دیا اور اتنے نئے کاروبار کرنے کا انتظام ہوگیا۔ رمضان میں کوئی کاروبار نہیں تھا لیکن ہمیں ہر نعمت سوچ سے کہیں بہتر اور زیادہ ملتی تھی اب بھی پڑھتے ہیں ہر جمعہ 7 مرتبہ اور زندگی میں ترتیب آگئی ہے ایسا کھانا اور اس طرح ملتا ہے کہ اس تک سوچ نہیں جاتی پہلے میں کچھ نہیں تھا ایک جمعہ کو اور پھر ایسی سبیل بنی کہ ناشتے میں گوشت کا شوربہ کھایا ہم ہر چیز پر سورۂ پڑھ کر پھونکتے رہے' اگر کوئی الماری بے ترتیب ہے تو سورۃ النساء کی پھونک کے بعد اُس کو ایک دن میں ترتیب آجاتی ہے ہر چیز کو اس طرح ترتیب دیتی ہے اور اچھی سے اچھی نعمتیں اس طرح ملتی ہیں کہ آنکھوں کو یقین نہیں آتا اور ذہن کو سمجھ نہیں آتا کہ ہُوا تو ہُوا کیسے۔

سورۃ المائدہ کی آیت کے فائدے: سورۃ المائدہ کی آیت نمبر 114 افطاری کرنے سے پہلے صرف 11 دفعہ پڑھنے سے کسی مشکل میں آسانی مانگی مل گئی' نعمت مانگی ملی' کامیابی مانگی مل گئی' جس قسم کا کھانا مانگا مل گیا۔

زم زم کی دُعا نے حیران کر دیا: میں دو سال رمضان میں افطاری کے وقت زم زم کی دُعا 40 دفعہ پڑھ کر 40 گھونٹ پیتی تھی۔ میٹرک تو ہوگیا آگے تعلیم پر سب کی نظر تھی کہ اتنی مہنگی تعلیم کیسے حاصل کرے گی۔ دُعا سے انٹرمیڈیٹ اکیڈمی کے ذریعے مناسب فیس میں کر رہی ہوں۔ ددھیال میں سب حیران ہوگئے ہیں کیونکہ میں کالج والے اسٹوڈنٹس کی نسبت بہت سستے طریقے سے تعلیم حاصل کر رہی ہوں۔ زم زم کی دعا: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا وَاسِعًا

جو اس سال کنوارے ہیں وہ اگلے سال نہ رہیں گے! یہ عمل ضرور کریں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ بالکل سچ ہے کہ جو اس سال کنوارے ہیں وہ اگلے سال کنوارے نہ رہیں گے۔ میں گزشتہ پانچ سال سے ماہنامہ عبقری کا مطالعہ کر رہا ہوں' لوگ کہتے ہیں کہ اس ماہنامہ میں ہر مسئلہ کا حل مل جاتا ہے' میرا ایک بہت بڑا مسئلہ تھا جو حل ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا اور وہ مسئلہ تھا شادی' بے شمار رشتے دیکھے' بے شمار دیکھنے آئے مگر کہیں بات پکی ہی نہ ہوتی۔ میں تو پریشان تھا ہی میرے والدین مجھ سے زیادہ پریشان ہوچکے تھے کہ نامعلوم کیا وجہ ہے کہ شادی نہیں ہو رہی۔ حالانکہ الحمدللہ! کھاتے پیتے گھرانے سے تعلق ہے' کاروبار بھی اپنا اور کسی قسم کا کوئی عیب یا نشہ وغیرہ بھی نہ کرتا مگر پھر بھی ہمیشہ کسی نہ کسی وجہ سے رشتہ ہوتے ہوتے رہ جاتا۔ ایک دن انٹرنیٹ پر سرچنگ کر رہا تھا کہ عبقری ویب سائٹ پر نظر پڑی' ماہ رمضان کی آمد آمد تھی اور وہاں شادی کیلئے ایک عمل لکھا ہوا تھا میں نے مکمل عمل پڑھا' بات دل کو لگی۔ میں نے اپنی والدہ کو عمل بتایا اور کہا کہ آپ بھی کریں میں بھی کرتا ہوں ان شاءاللہ تعالیٰ ضرور فرمائیں گے۔ میں نے اور میری والدہ نے یہ عمل مقررہ دن کیا اور چند مہینوں میں ہی اسباب بنے اور آج جب میں تحریر لکھ رہا ہوں میری اہلیہ میرے ساتھ بیٹھی مسکرا رہی ہے اور میں ایک خوشگوار زندگی گزار رہا ہوں۔ عمل اس طرح ہے: رمضان المبارک کی 11 اور 12 ویں درمیانی رات کو عشاء کی نماز کے بعد 2,2 رکعت کے 12 نوافل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے ساتھ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ 12 نفل پڑھ کر 100 مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھیں اور پھر اس کا ثواب نبی پاک ﷺ کو پہنچا کر ان کے وسیلے سے اپنے لئے یا اپنی بہن، بیٹی کے اچھے رشتے کی دعا کریں۔ واقعی اس عمل کے کرنے سے جیسا ہم چاہتے تھے ویسا ہی رشتہ ملا۔ جن والدین کی بچیاں یا بچے شادی کے انتظار میں بوڑھے ہو رہے ہیں' وہ ضرور یہ عمل کریں، گھر کا کوئی بھی فرد اپنی بہن یا بیٹی کے لئے یہ عمل کرسکتا ہے۔ قارئین! یہ عمل بارہا نے آزمایا اور جس نے بھی کیا الحمدللہ آج وہ شادی شدہ ہے۔ یہ عمل ہر رمضان المبارک کی گیارہویں اور بارہویں درمیانی شب کو تسبیح خانہ میں خاص طور پر یہ عمل حضرت حکیم صاحب کی زیرنگرانی کروایا جاتا ہے۔ (جر، قصور)

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

کیا میں بھی روزہ رکھ سکتا ہوں؟

چند سال پہلے رمضان المبارک میں ایک شخص میرے پاس آیا اور کہنے لگا: رمضان المبارک آگیا' بہت عرصے سے روزے رکھنے کی چاہت ہے' کیا میں اس بار روزے رکھ لوں؟ میں نے کہا بالکل روزے رکھیں' آپ ایسا کریں آپ رات کو تین چھوٹے چمچ تخم بالنگو اور تین بڑے چمچ شکر بھگو کر رکھ لیں' صبح پہلے نہار منہ گھونٹ گھونٹ یہ لیکوئڈ پئیں پھر جو چاہیں کھائیں پئیں' تین دن یہ کر کے پھر مجھے بتائیں۔ آپ یقین جانیے انہوں نے پہلے دن ڈرتے ڈرتے اس دوا کو استعمال کیا۔ تین دن کے بعد مجھے اطلاع دی کہ اتنی سخت گرمی میں اور اتنی سخت لو میں مجھے روزے کا احساس نہیں ہوا۔ قارئین! یہ فارمولہ ان لوگوں کیلئے واقعی بہت آزمایا جو پرانے ٹائیفائیڈ بخار کے مارے ہوئے یا جن کو ہر سال یا سال میں دو تین مرتبہ ٹائیفائیڈ بخار کا حملہ ہوتا ہے' جن کو طرح طرح کی رنگ، برنگی گولیاں اور ڈرپیں لگا لگا کر ڈاکٹر عاجز آگئے تھے اور خود مریض بے زار ہوگئے تھے۔ ان لوگوں کو جب بھی یہ مشروب بالنگو استعمال کرایا تو نہایت فائدہ مند اور مفید رزلٹ نکلے۔ ایسے مریض جو دائمی قبض' آنتوں کے سدے' آنتوں کی خشکی اور پرانا السر لے کر پھرتے تھے بلکہ ایک مریض تو مجھے ایسے ملے جو صرف اور صرف دودھ استعمال کرتے تھے دنیا کی کوئی چیز انہیں موافق نہیں تھی۔ میں نے انہیں مشروب بالنگو استعمال کرنے کا مشورہ دیا ایسے صحت مند ہوئے کہ عقل بھی انسان کی شاید حیران ہو کہ ان کا السر کہاں گیا' السر کے جلن کہاں گئی' گیس تبخیر اور قبض کہاں گئی؟ پیاس کی شدت ہو' گرمی کا ہو اور گرمی اپنے جوبن پر ہو ادھر روزہ بھی ہو پھر آپ سے کنارہ کش ہونا حیرت ہے!۔ **رمضان کا بہترین ذکر:** رمضان میں سب سے بہترین ذکر جو سارا دن کھلا آپ پڑھیں رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَ اَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿مومنون ۱۱۸﴾ صبح وشام اور اذکار بھی کرسکتے ہیں لیکن سارا دن اگر لاکھوں پڑھیں اس سے رزق' برکت' جادو کا توڑ' بیماریوں کا حل' بندشوں کا توڑ' اشتہار کے مسائل' گھریلو الجھنیں' روزی کے مسائل' دشمنوں کا دفعیہ حالات کا پریشان کن حل اور زندگی کے مسائل کا آخری حل یہی ذکر ہے۔ (عبقری جلد 9)

گھر بیٹھے کتب اور ادویات منگوانے کیلئے صرف یہی نمبر
0332-7552382

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی' جسمانی' نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔
قیمت فی جلد 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

گھریلو ناچاقیوں' رزق کی تنگی' پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

http://www.urdutube.net
Digitized by Google

بچوں کا صفحہ

صرف پہلا روزہ رکھنے والے بچے پڑھیں

نسرین شاہین لاہور

اس رمضان میں جو بچے اپنا پہلا روزہ رکھیں گے، وہ مبارک باد کے مستحق ہیں۔ ساتھ ہی سراہے جانے کے قابل بھی ہیں کہ وہ روزے جیسی عبادت کا آغاز کررہے ہیں، لیکن روزہ رکھنے سے پہلے وہ نماز کی پابندی اپنالیں۔ اگر آپ کو نماز پڑھنی آتی ہے تو یہ بہت اچھی بات ہے،

پیارے بچو! السلام علیکم! رمضان المبارک کا انتظار بڑوں کے ساتھ ساتھ یقیناً آپ کو بھی ہے رمضان بھر افطاری کے لیے [illegible] چیزیں تیار کی جاتی ہیں۔ دہی بڑے، چنا چاٹ، فروٹ چاٹ، کبھی سموسے، پکوڑے، طرح طرح کے پھل اور مزے مزے کے شربت سے دسترخوان سجائے جاتے ہیں۔ یہ سب چیزیں سب بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔ گھر کے بڑوں کو صبح سحری [illegible] افطاری کا اہتمام کرتا دیکھ کر آپ میں بھی یہ خواہش پیدا ہوتی ہے کہ آپ بھی روزہ رکھیں؟ بچو! روزہ عبادت بھی ایسی ہی ہے کہ اس کی عادت تو بچپن سے ہی ڈالنی چاہیے، جو بچے ابھی چھوٹے ہیں اور ان پر عبادت فرض نہیں، انھیں روزے سے متعلق چند مفید باتیں بھی بتاؤں گی تاکہ وہ روزہ رکھنے کیلئے خود کو پہلے سے ہی تیار رکھیں۔۔

پیارے بچو! آپ کی ضد پر آپ کے بڑے شاید آپ کو یہ کہہ دیتے ہوں کہ "آج چڑیا والا روزہ رکھ لو" یا ایک ڈاڑھ کا روزہ رکھ لو" اس طرح آپ سارا دن کھاتے بھی رہتے ہیں اور پورے اہتمام کے ساتھ گھر والوں کے ساتھ افطاری بھی کرتے ہیں۔ اس طرح آپ اگلے سال حقیقی روزے کے قریب آنے لگتے ہیں اور جلد ہی روزہ رکھنا شروع کردیتے ہیں۔ اس رمضان میں جو بچے اپنا پہلا روزہ رکھیں گے، وہ مبارک باد کے مستحق ہیں۔ ساتھ ہی سراہے جانے کے قابل بھی ہیں کہ وہ روزے جیسی عبادت کا آغاز کررہے ہیں، لیکن روزہ رکھنے سے پہلے وہ نماز کی پابندی اپنالیں۔ اگر آپ کو نماز پڑھنی آتی ہے تو یہ بہت اچھی بات ہے، لیکن زیادہ اچھی بات یہ ہوگی کہ لڑکے اپنے بڑوں کے ساتھ مسجد میں اور لڑکیاں گھر پر اپنی امی اور بہنوں کے ساتھ پانچ وقت نماز ادا کریں۔ نماز کے عادی بچوں کو روزے میں نماز ادا کرنے میں مشکل پیش نہیں آئے گی، بلکہ وہ روزے میں نماز ادا کرکے خوشی اطمینان محسوس کریں گے اور ہاں میرے عزیز بچو! نماز کے ساتھ ساتھ قرآن پاک کی تلاوت بھی کریں۔ جن بچوں نے قرآن مجید ختم کرلیا ہے، وہ رمضان میں اپنا پورا قرآن دہرالیں۔ جن بچوں نے ابھی قرآن مجید ختم نہیں کیا ہے، وہ بھی روزانہ پڑھے ہوئے پارے دوبارہ پڑھ لیں تو انھیں قرآن خوب اچھی طرح یاد ہوجائے گا اور پڑھنے میں روانی آجائے گی۔ وہ بچے جو روزے رکھتے ہیں، انھیں معلوم ہونا چاہیے کہ روزے کی حالت میں ہر برے کام سے بچنا ضروری ہے۔ برے اور ناپسندیدہ کام تو ویسے بھی نہیں کرنے چاہئیں، لیکن روزہ رکھ کر ان سے بچنا زیادہ ضروری ہوجاتا ہے۔ جھوٹ بولنا، غیبت کرنا، چغلی کرنا، برا کہنا، گالی دینا، والدین کا کہنا نہ ماننا، دوسرے بچوں سے مار پیٹ کرنا، غصہ کرنا، چوری کرنا، کسی کی چیز چھین کر کھا جانا یہ سب برے کام ہیں۔ روزہ انسان کو ناپسندیدہ کاموں سے روکتا ہے۔ بچے دین کی اچھی باتیں سیکھیں اور رمضان المبارک کے بعد بھی ان پر عمل کرتے رہیں۔ اس سال بھی رمضان میں اسکول کی چھٹیاں ہوں گی اور گرمی بھی خوب ہوگی۔ روزہ رکھنے والے بچے غیر ضروری گھر سے باہر نہ نکلیں۔ دوپہر میں آرام ضرور کریں اور دھوپ میں [illegible] کھیلنے باہر نکلنے اور کھیلنے کودنے سے تھکن ہوجائے گی اور [illegible] بھی شدت سے لگے گی۔ اس پریشانی سے بچنے کے لیے گھر میں زیادہ سے زیادہ وقت گزاریں۔ اس طرح آرام بھی ملے گا اور روزہ بھی اچھا گزرے گا۔ جن بچوں کی روزہ کشائی ہے، ان کے پہلے روزے کا اہتمام بھی ہوگا۔ افطار کے موقع پر قریبی رشتے دار بھی آئیں گے اور بچے کے رشتے کے بہن بھائی بھی شامل ہوں گے۔ اس کا مقصد روزہ رکھنے والے بچے کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ ساتھ ہی دوسرے بچوں میں بھی شوق پیدا ہوتی ہے وہ بھی جلد سے جلد روزے رکھنا شروع کریں۔

پہلا روزہ رکھنے والے بچے یہ بات بھی جان لیں کہ روزہ صرف اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لیے رکھا جاتا ہے۔ اچھے کاموں سے اللہ خوش ہوتا ہے۔ آپ بھی اچھے کام کریں۔ اپنی روزہ کشائی، میں اپنے ان دوستوں اور پڑوسیوں کو بھی شامل کریں جو غریب ہیں ان کو افطار میں شامل ہونے کی دعوت دے دیں یا ان کے گھر افطاری بھجوادی۔ آپ کے محلے میں جو غریب اور نادار لوگ ہیں اپنی امی اور ابو سے کہہ کر ان کی مدد لازمی کریں۔ ان کے گھر پیسے یا پھل وغیرہ ضرور بھجواتے رہیں۔ دوران روزہ دوسروں کو خوشی دینے سے آپ کو بھی خوشی ملے گی۔ کیوں کہ روزہ رحمت ہی رحمت ہے۔ پیارے بچو! آیئے اب روزہ کے بے شمار فوائد میں چند آپ کو احادیث کی روشنی میں بتاتی ہوں:۔

پیارے بچو! رمضان ایک نعمت ہے اور ہمیں اس نعمت کو سمیٹنے کا بھرپور اہتمام کرنا ہوگا۔ اس مبارک مہینے میں قرآن کریم نازل ہوا جو لوگوں کو ہدایت کرنے والا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دیگر الہامی کتابیں یعنی زبور، توریت اور انجیل بھی اسی مقدس مہینے میں نازل ہوئیں۔

اس مہینے میں نیکیوں کی قیمت بڑھ جاتی، گناہ بخشوانا آسان ہو جاتا ہے، جنت کے دروازے کھل جاتے ہیں، جہنم کے دروازے بند ہوجاتے ہیں اور شیاطین بند کر لئے جاتے ہیں۔ ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے ثواب کی اُمید کے ساتھ رمضان کا روزہ رکھا، اُسکے تمام گزرے گناہ معاف کردیئے گئے (بخاری) اور جس نے ایمان واحتساب کے ساتھ رمضان میں قیام کیا، اسکے تمام گزرے گناہ مٹ گئے (بخاری و مسلم) پیارے بچو! ہر مسلمان کیلئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے رمضان کا مہینہ گراں قدر تحفہ اور عظیم نعمت ہے، زندگی کے نشیب وفراز سے گزرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے ہمیں رمضان تک پہنچایا ہے، اس لئے ہمیں سب سے پہلے اُس رب کا شکر ادا کرنا چاہیے اور محض زبانی شکر کافی نہیں ہے بلکہ اپنے اعمال وکردار سے بھی اس کا اظہار کرنا چاہیے۔ اور آپ کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ ناشکری زوال نعمت کے ساتھ ساتھ عذاب الٰہی کو للکارتی ہے۔ خود کو مسنون ذکر واذکار کا عادی بنائیں اور زیادہ سے زیادہ مسنون و ماثور دعاؤں کا اہتمام کریں۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ روزہ کا بدلہ سوائے جنت کے کوئی چیز ادا نہیں کرسکتی۔ عام دنوں میں بھی لغویات سے بچنا چاہیے مگر رمضان میں تو ہر ممکن طور پر لغویات سے گریز کرنا چاہیے۔

پیارے بچو! اس مبارک مہینے میں اللہ کے رسول اور ہمارے پیارے نبی ﷺ کثرت سے قرآن پاک کی تلاوت کیا کرتے تھے اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کبھی اُن سے سنتے اور کبھی اُن کو سناتے۔ آپ کو بھی یقیناً چھٹیاں ہیں اس ماہ زیادہ سے زیادہ قرآن پاک کی تلاوت کیجئے اور ذکر اور درود شریف کی کثرت کیجئے۔ پیارے بچو! رسول اللہ ﷺ یوں تو ہمیشہ صدقہ وخیرات کیا کرتے تھے خود بھوکے رہ کر دوسروں کو کھلاتے تھے۔ رمضان مبارک کے مہینے میں آپ ﷺ کے ہاتھ میں کوئی چیز نہیں رُکتی تھی، ہاتھ آتے ہی فوراً صدقہ کردیتے۔ آپ بھی خود بھی اپنے بڑے بہن بھائیوں اور والدین کو اس بات پر آمادہ کیجئے کہ اس ماہ زیادہ سے زیادہ غریبوں کی مدد کی جائے۔ آپ میں سے کئی بچے تو اس وقت یہ بھی سوچ رہے ہوں گے کہ اُن پر تو رمضان کے روزے ابھی فرض نہیں ہوئے تو پھر اتنی گرمی کے روزے کیوں رکھیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اس مہینے میں جس قدر بھی عبادت اور ریاضت کی جائے اس کا پورا پورا اجر ملے گا۔ آپ لوگ اگر ان باتوں پر عمل کریں گے تو یقیناً آپ کا رمضان کا مہینہ تو اچھا گزرے گا ہی اس کے ساتھ ساتھ موسم گرما بھی سکون سے گزر جائے گا۔

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

میں سوتا گھر میں اور ملتا صبح قبرستان سے ہوں

قسط نمبر 8

حبیب بلوچ' گوجرانوالہ

ملٹری آرمی آفیسر' آرمی ایجوکیشن کالج میں سنٹر' ایس ایم آرمی پبلک سکول اور مردان کالج میں پرنسپل۔ گریژن اکیڈمی گوجرانوالہ میں کمانڈنگ آفیسر رہے۔ ان کے ذاتی اور خاندانی چشم دید پراسرار و حیران کن جنات کے ساتھ گزرے سچے واقعات' قسط وار قارئین کی نذر

قارئین! ایک خاتون میرے پاس علاج کیلئے آئی' اس نے بتایا کہ میں اپنے گھر میں سے جنات کو دیکھتی ہوں۔ میں ذکر کر رہی ہوتی ہوں تو ایک لڑکی بالکل میری ہم شکل مجھے گرا دیتی ہے' میری نیچ چھین کر لے جاتی ہے' کچھ دیر بعد دو بچے اور ایک لڑکی مزید مجھے نظر آتے ہیں' لڑکی میرے سر کی طرف اور بچے دائیں بائیں کھڑے ہو جاتے ہیں پھر یہ سب غائب ہو جاتے ہیں۔ وہ خود کو جنات کہتے ہیں' کبھی کبھی مجھے پانچ فٹ کی مخلوق نظر آتی ہے میں آیۃ الکرسی پڑھتی ہوں تو وہ غائب ہو جاتی ہے' میرے ساتھ یہ معاملات اکثر ہوتے رہتے ہیں' میں بہت زیادہ خوفزدہ ہوتی ہوں اور اب تو مجھے لگتا ہے کہ میں نفسیاتی مریضہ بنتی جا رہی ہوں' میرا علاج کیجئے تاکہ میں اس الجھن سے نجات پاؤں۔ اسی طرح ایک میاں بیوی میرے پاس آئے اور آ کر کہنے لگے کہ جب ہم میاں بیوی ازدواجی تعلق قائم کرنا چاہتے ہیں کوئی چیز درمیان میں آ جاتی ہے' عورت نے مزید بتایا کہ جناتی چیزیں عورت کی شکل میں میرے شوہر کے سامنے آ جاتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان شریر جنات نے ہمارا جینا دوبھر کر رکھا ہے' ہم آپس میں لڑتے جھگڑتے رہتے ہیں' ہمارا گھر جہنم بن چکا ہے' اکثر ہمارے گھر سے قہقہوں کی آوازیں آتی ہیں' ہم بے بس ہو چکے ہیں۔ ایک نوجوان میرے پاس آیا اور بتایا کہ میرے اوپر ایک جنی عاشق ہے' جس کی وجہ سے میں بہت زیادہ پریشان ہوں' اکثر ایسا ہوتا ہے کہ جب میں گھر میں سوتا ہوں تو ایک جنی آتی ہے اور یہ حقیقت ہوتی ہے خواب نہیں' مجھے اٹھا کر قبرستان میں لے جاتی ہے' عمل بد کرتی ہے اور میں بے ہوش ہو جاتا ہوں' جب مجھے ہوش آتا ہے تو میں قبرستان میں ہوتا ہوں' اکثر تو اس طرح ہوتا ہے کہ صبح جب لوگ قبرستان کے پاس سے گزرتے ہیں تو دور سے دیکھ کر یہ سمجھتے ہیں کہ مردہ قبر سے نکل آیا ہے' لوگ بھاگ کر مزید لوگوں کو بلا کر لاتے ہیں جب قریب آتے ہیں تو مجھے دیکھ کر حیران رہ جاتے ہیں۔ جب مجھے ہوش میں لا کر سارا معاملہ سنتے ہیں تو حیران ہو جاتے ہیں کہ کیا ایسا بھی ہو سکتا ہے؟ بہت سے لوگ میری باتوں کو جھوٹ اور فراڈ کہتے ہیں جبکہ کچھ کہتے ہیں کہ ہاں واقعی یہ جنات کا معاملہ ہے۔ کوئی کچھ بھی کہے مجھے فرق نہیں پڑتا مجھے تو صرف اتنا پتا ہے کہ میری زندگی عذاب بن چکی ہے۔ میں بہت اذیت میں ہوں۔ خدارا کوئی وظیفہ بتائیے کہ میں اس مشکل سے نکل آؤں۔

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو' اطلاع دیں' شکر گزار رہوں گا۔ کیونکہ اس سے پہلے مختلف ادارے میری کتب شائع کرتے تھے اب اکثر کتب عبقری ادارہ شائع کر رہا' مختلف اداروں نے بہت سے جملے چھوڑ دیئے' یاد رکھیں! کتاب اگر حوالہ کے ساتھ ہو تو سچی' اور تالیف اگر حوالہ کے بغیر ہو تو سرقہ اور چوری ہوتی ہے اس لیے اب پھر سے میں اپنی کتب کی غلطیاں درست کر شائع کر رہا ہوں تاکہ میری اور کتب کی اصلاح ہوتی رہے۔ **کتاب نمبر 47: قدرتی ٹانک اور علاج نبویؐ:** سائنس جتنی بھی ترقی کرے لیکن حقیقت روز روشن کی طرح عیاں رہے گی کہ سائنسی ترقی نبوی ترقی پر آ کر ختم ہو گی کیونکہ صدیوں قبل جو نبویؐ پھل اور پھول نبوی دوائیں اور غذائیں مروج تھیں ان کی افادیت آج بھی میری تالیف دراصل ان نبوی اور قرآنی غذاؤں کی افادیت کی افادیت صدیوں سے آج کی تحقیق تک ہمیشہ روشن رہے گی آج کے دور جدید میں تو ان کی اہمیت اور ضرورت اور بھی زیادہ ہو گئی ہے جب لوگ ان غذاؤں اور دواؤں کو چھوڑ کر رنگ برنگے کیمیکلز اور فاسٹ فوڈز کے دلدادہ ہو رہے ہیں۔ اس کتاب کی تیاری میں جن محترم شخصیات اور رسائل سے مواد اکٹھا کیا ان کے نام درج ذیل ہیں:۔ حکیم محمد سعید شہید۔ سید نعمان غفر عالم۔ عذرا کرن۔ حکیم آفتاب احمد قرشی۔ طاہر احمر' سید محمد معظم جاوید بخاری۔ افضل کامران۔ ابوحماد۔ حکیم راشد نقوی۔ احمد خاں خلیل۔ حکیم راحت نسیم سوہدروی۔ فضل الرحمٰن۔ حکیم محمد عثمان۔ عقیلہ آرزو خان۔ گلشن پروانہ۔ حکیم منصور العزیز۔ اقبال احمد قرشی۔ ڈاکٹر سید شفاعت علی۔ حکیم چوہدری عارف حسین۔ صغیرہ بانو شیریں۔ ماہ جبیں دانی۔ خالد محمود وارثی' محمد رمضان مرزا۔ ظفر احمد سیال۔ خالد محمود جنجوعہ۔ ڈاکٹر عبدالعزیز قریشی الہاشمی۔ رضا سید۔ حکیم نعیم علی شمسی۔ سیدہ فرحانہ خاتون۔ حکیم جاوید ارشد۔ حافظ افروغ حسن۔ حکیم ممتاز الحسن مخدوم رشید۔ سید نیر رضا رضوی۔ ڈاکٹر خالد محمود جنجوعہ۔ رضوان خان۔ رسائل دیمگزین: ہمدرد صحت۔ روحانی ڈائجسٹ۔ قومی صحت۔ حکایت۔ سیارہ ڈائجسٹ۔ غازی۔ کرن۔ رہنمائے صحت۔ ضیاء الحکمت۔ اردو۔ الحسنیف۔ **نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں' میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)**

رمضان میں قرآن پاک کے چودہ سجدوں کا عمل اور حاجت پوری

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے آپ کا شمارہ عبقری بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس میں موجود چھوٹے چھوٹے ٹوٹکوں سے ہمارے بڑے بڑے مسائل حل ہوتے ہیں۔ ہم جس کو بھی وظائف یا ٹوٹکے بتاتے ہیں تو اگر وہ سچے جذبے اور یقین کے ساتھ کرے تو اس کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ میں عبقری قارئین کیلئے عمل لکھ رہی ہوں تاکہ قاری پڑھ کر مستفید ہوں۔ چودہ سجدوں کا عمل: یہ عمل پاکستان کے بہت بڑے مفتی صاحب نے ٹی وی پر رمضان المبارک میں بتایا تھا' پھر میں نے اور کئی کتب میں بھی پڑھا' خود بھی کیا خوب فائدہ ہوا۔ عمل یہ ہے:۔ اگر کوئی حاجت ہو تو قرآن پاک میں موجود چودہ سجدوں پر نشان لگا کر رکھ لیں اور ترتیب وار ہر سجدہ ادا کریں' پہلے سجدہ کی آیت پڑھنے کے بعد سجدہ میں جا کر سجدہ کی تسبیح (سبحان ربی الاعلیٰ) سات بار پڑھ کر' سجدہ سے اٹھ کر دعا کریں' پھر دوسرے سجدہ کی آیت پڑھ کر سجدہ میں جائیں' تسبیح سات مرتبہ پڑھیں اور اٹھ کر دعا مانگیں اسی طرح چودہ سجدوں کی آیات پڑھیں' سجدے میں جائیں سات مرتبہ تسبیح پڑھیں اور اٹھ کر دعا مانگ لیں۔ چند دن' چند ہفتے عمل کرنے سے اللہ تعالیٰ حاجت پوری فرما دیں گے۔ بہت طاقتور عمل ہے۔ اگر کوئی چیز نہ مل رہی ہو تو: اگر کوئی چیز نہ مل رہی ہو تو دیوار پر قلم سے یا مویٰ کلیم اللہ لکھ دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی وہ چیز مل جائے گی' جب چیز مل جائے تو انگلی سے لکھے ہوئے کو مٹا دیں۔ یہ میرا اور جس جس کو بتایا سب کا آزمودہ ہے۔ **گھر سے کھٹملوں کا خاتمہ:** قارئین! درج ذیل عمل میں نے خود تو نہیں آزمایا مگر ایک ڈائجسٹ میں کسی کا آزمودہ پڑھا ضرور ہے' اس ڈائجسٹ میں ایک مولانا صاحب نے کسی قاری کو کھٹملوں سے نجات کا بہترین حل بتایا تھا۔ وہ حل یہ ہے کہ اگر گھر میں کھٹمل زیادہ ہو جائیں اور آدمی کے اندر فرنیچر بدلنے کی حالت نہ ہو تو فرنیچر کیلئے کوئی ذریعہ نہ ہو تو فرنیچر اور دروازوں کے جوڑ اچھی طرح سے بھر کر پالش کر لیں اور کھجور کے پتوں کی جھاڑو سے گھر میں جھاڑو دے کر سات دن تک اس جھاڑو کو بلا ناغہ گھر میں استعمال کریں آٹھویں دن مسجد میں رکھوا دیں۔ اگر کسی کو ایسا مسئلہ ہے تو اس ٹوٹکہ کو ضرور آزمائیں اور ماہنامہ عبقری میں آزمانے کے بعد ضرور لکھیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب پر اپنا کرم فرمائے۔ (سیدہ ماہ رخ بانو' کراچی)

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

روزہ داروں کیلئے بہترین افطاری: روزے داروں کیلئے دودھ میں شہد ملا کر کھجوروں کا استعمال بہترین افطاری ہے' سارے دن کی بھوک پیاس ختم اور ٹھنڈک کا خوشگوار احساس ہوگا۔

قبر میں جاتی بہن کا تمام بہنوئوں کے نام ایک پیغام

حلف اٹھانے سے پہلے بہنوئی نے (ش) کو کہا تھا کہ دیکھ میں تجھے سچے دل سے معاف کردوں مگر تو جھوٹی قسم نہ اٹھا۔ جب میری بہن نے جھوٹی قسم اٹھائی تو میرے بہنوئی کی آنکھ میں آنسو تھے۔ پھر کچھ عرصہ بعد میری بہن فوت ہوگئی' بہنوئی بھی فوت ہو چکے ہیں

معزز قارئین! ایک لرزہ خیز داستان میری آپ بیتی ہے' یہ میرے ساتھ ہوا تھا' مگر اس کہانی کا انجام دیکھ کر میں نے سوچا اس داستان کو دنیا کی ہر عورت تک پہنچاؤں' شاید کسی کی اصلاح ہوجائے اور وہ انجام بد سے بچ جائے۔ یہ تحریر میں انتہائی احتیاط سے لکھ رہی ہوں' بہت سے پہلو چھپا بھی رہی ہوں مگر میرا جو مقصد ہے ان شاء اللہ سب کو سمجھ آجائے گا۔

یہ 1990ء کی بات ہے جب میں میٹرک میں پڑھتی تھی' اس وقت ہم ایک چھوٹے سے شہر میں رہتے تھے' میری بڑی بہن (ش) کی شادی کو ایک سال ہو چکا تھا' میرے بہنوئی ایک معمولی سے سرکاری ملازم تھے' چھٹی کے بعد وہ ایک پرائیویٹ ادارے میں چند گھنٹے کیلئے نوکری کرتے اور رات گئے گھر لوٹتے۔ میٹرک کے بعد میں نے کالج میں داخلہ لیا تو (ش) نے مجھے اپنے گھر رکھ لیا کیونکہ کالج اس کے گھر کے قریب تھا دوسرے بہنوئی کے دفتر جانے کے بعد سارا دن اکیلی ہوتی تھی' میری بہن کا ایک سال کا بیٹا تھا جسے میں بہت زیادہ پیار کرتی تھی۔ ایک دن بہنوئی کے جانے کے بعد گھر میں ہمارا ایک رشتہ دار آگیا' (ش) نے اسے اپنے کمرے میں بٹھایا اور مجھے کہا کہ منے کو لیکر اپنے کمرے میں چلی جاؤ' میں نے (م) سے کچھ باتیں کرنی ہیں' میرا خیال تھا کہ یہ انتہائی غریب رشتہ دار ہے' پیسے وغیرہ مانگنے آیا ہوگا' میں نے منے کو پکڑا اور ہنستی کھیلتی اپنے کمرے میں چلی گئی۔ تقریباً آدھ گھنٹے کے بعد وہ چلا گیا' (ش) میرے پاس آئی اور کہا کہ تم اپنے بہنوئی کو نہ بتانا کہ (م) آیا تھا' تمہارے بہنوئی کو تو ہمارے غریب رشتہ داروں سے ویسے ہی دشمنی ہے' میں چپ کر گئی' باجی نے نہا کر ظہر کی نماز پڑھی اور کھانا پکانے لگ گئی' (ش) شروع سے ہی نماز' روزے کی پابند اور تہجد گزار تھی' چند دنوں بعد (م) پھر آگیا' مجھے پھر حکم ملا کہ اپنے کمرے میں چلی جاؤ' منا سو رہا تھا' لیکن نجانے کیوں میرے دل میں تجسس بڑھ رہا تھا' پھر مجھ سے رہا نہ گیا' میں باہر آئی' (ش) کے کمرے کا دروازہ بند تھا' میرا شک یقین میں بدل گیا' میں نے سوراخ میں سے دیکھا تو میرا دل و دماغ سن ہوگیا' میں اپنے کمرے میں آکر لیٹ گئی' کافی دیر روتی رہی کہ یہ میری بہن کو کیا ہوگیا۔ میں لاکھ کوشش کرتی مگر اپنے بہنوئی کو کچھ نہ بتا سکی کہ آخر گھر تو میری بہن کا ہی اجڑے گا۔ پھر ایسا کئی بار ہوا' (م) گھر میں آتا اور مجھے اپنے کمرے جانے کا حکم ملتا۔ آخر میں بھی عورت تھی' مجھ سے برداشت نہ ہوتا۔ ایک دن بہنوئی گھر میں تھے' چھٹی کا دن تھی' (ش) باہر گئی ہوئی تھی' میں بہنوئی کے کمرے میں گئی اور بہنوئی کو غلط راہوں کیلئے اکسایا' میری بات سن کر وہ کہنے لگے: دیکھو تم میری بہن کی طرح ہو' میں اپنی بیوی کے علاوہ کسی کے بارے میں کبھی سوچ بھی نہیں سکتا۔ میں جذبات میں تھی' میں نے کہا کہ تم جسے پاکباز بیوی سمجھتے ہو اور پھر میں نے جو کچھ دیکھا اور بار بار دیکھا سب اپنے بہنوئی کو بتا دیا' آخر میں پھر اس عظیم شخص کو گناہ کیلئے اکسایا مگر وہ مطمئن رہا اور مجھے ہی سمجھاتا تھا اتنے میں میری بہن کمرے میں آگئی اس کے آتے ہی میں کمرے سے باہر چلی گئی' اس کو شک ہوا اور وہ میرے پیچھے میرے کمرے میں آئی اور آکر مجھ سے پوچھا' میں نے انکار کردیا' مگر اس دن کے بعد میری بہن نے میرے بہنوئی پر مجھ سے روزانہ جھگڑا کرنا شروع کردیا اور ہم پر طرح طرح کے الزامات لگاتی' مگر میرے بہنوئی نے کبھی اس سے بدتمیزی نہ کی' لڑائی ہوتے ہوتے عروج پر پہنچ گئی' (ش) نے مجھ سے کہا تم اپنے بہنوئی سے قرآن پر حلف لے دو تم دونوں پاک ہو تو میں جھگڑا بند کردوں گی' آخر میں ہمارے امی' ابو اور بھائی بھی آگئے' میرے بہنوئی نے میرے بہنوئی سے کہا: بیٹا اگر تم بے قصور ہو تو حلف دے دو' مگر سوچ لو یہ آسان کام نہیں' یہ بہت بھاری پڑتا ہے' جتنی بات ہے میں حلف دینا' میں تمہیں ایک موقع دے رہا ہوں تم میری چھوٹی بیٹی سے ایک بار پھر مشورہ کرلو' تم دونوں لان میں چلے جاؤ اور بات کرلو' اگر تم اقرار گناہ کرلو گے تو میں گارنٹی دیتا ہوں تم دونوں کو معاف کردیا جائے گا اور گھر کی بات گھر میں ہی ختم ہوجائے گی' بہنوئی اور میں لان میں آگئے' بہنوئی نے مجھ سے کہا: میں بے قصور ہوں اب تم بتاؤ کیا کرنا ہے' میں نے بہنوئی سے کہا: میری تو زندگی برباد ہوجائے گی' گھر والے مجھے طعنے مار مار کر ماردیں گے' میں نے کہا ہم نے گناہ نہیں کیا' آپ سچے ہیں' آپ حلف دیدیں کہ میں نے گناہ نہیں کیا' اگر میں نے اس خاتون کیساتھ کچھ غلط کیا تو میں برباد ہوجاؤں۔ اس طرح حلف دینے سے میری زندگی بھی برباد ہونے سے بچ جائے گی اور تم حلف بھی سچا دو گے۔ میں نے اسے کہا کہ تم اس محفل میں (م) کا نام لے دو' میں اس بات کی چشم دید گواہ ہوں' میرے بہنوئی نے کہا تم اس عورت کا پردہ رکھو' اللہ تمہارا اور میرا پردہ رکھے گا۔ آخر بہنوئی نے حلف دے دیا' امی ابو مجھے گھر لے آئے' مگر میں شیطان کے بہکاوے میں آکر غلط راہوں میں چلنے لگی اور پھر میری شادی ہوگئی۔ اس عرصہ میں میری بہن (ش) کا بیٹا مر گیا اور اس کی تین بیٹیاں بھی ہو چکی تھیں مگر وہ پھر بھی اپنے نیک اور مخلص شوہر کو میرا نام لے کر گاہے بگاہے ذلیل کرتی رہتی۔ آخر ایک دن میرے بہنوئی کا صبر کا پیمانہ لبریز ہوگیا اور اس کے زبان پر (م) والی بات آگئی' پھر ایک نیا طوفان کھڑا ہوگیا' کئی ماہ لڑائی چلی' پھر ایک دن طے ہوا کہ (ش) قرآن پر حلف دیگی' مگر میں تو جانتی تھی کہ وہ جھوٹی ہے' مجھے اور میرے گھر والوں کو بلایا گیا' میں نے علیحدگی میں (ش) کو سمجھایا: اس نے مجھے کہا تم چپ کرو' میں نے اتنی عبادات کی ہیں کہ تم سوچ بھی نہیں سکتی' میرا اللہ مجھے معاف کردے گا۔ آخر (ش) نے قرآن پر ہاتھ رکھ کر جھوٹی قسم اٹھائی اور کہا کہ اگر کسی غیر محرم نے مجھے کبھی ہاتھ بھی لگایا ہو تو مجھے مرنے کے بعد بھی سکون نصیب نہ ہو' میرے بہنوئی نے لڑائی بند کردی۔ حلف اٹھانے سے پہلے بہنوئی نے (ش) کو کہا تھا کہ دیکھ میں تجھے سچے دل سے معاف کردوں گا مگر تو جھوٹی قسم نہ اٹھا۔ جب میری بہن نے جھوٹی قسم اٹھائی تو میرے بہنوئی کی آنکھ میں آنسو تھے۔ پھر کچھ عرصہ بعد میری بہن فوت ہوگئی' بہنوئی بھی فوت ہو چکے ہیں۔ (ش) مرنے کے تین ماہ بعد مجھے خواب میں چیختی چلاتی ہوئی دکھائی دی' اور کہنے لگی: ''بہن! میں نے اپنے خاوند سے دھوکہ کیا' اگر میں اس عظیم شخص سے معافی مانگ لیتی تو مجھے سزا نہ ملتی' اب مجھے سزا مل رہی ہے' مجھے کہہ دیا گیا ہے کہ تم نے قرآن پاک پر ہاتھ رکھ کر جھوٹی قسم اٹھائی' اس لیے تم مرتد ہو' تمہاری عبادات' ریاضت' صدقات' خیرات کچھ بھی قبول نہیں۔''

اب ہر جمعرات (ش) مجھے عذاب میں مبتلا نظر آتی ہے' اس کو عذاب ہوتے دیکھ کر مجھے اپنا خیال آیا کہ میں نے بھی شادی سے پہلے غلط راہوں کو اختیار کیا' اپنے شوہر کو دھوکہ دیا' جھوٹی قسم نہیں اٹھائی مگر عذاب تو ملے گا۔ کئی ماہ کشمکش میں گزرے کہ اپنے میاں کو کیسے بتاؤں' کیسے معافی مانگوں' کتنی شرمندگی ہوگی' میں قرآن پاک پڑھتی روتی' اللہ سے معافی مانگتی' ایک دن قرآن پڑھتے ہوئے خیال آیا کہ اگر (ش) کو معافی نہ ملی تو میرا کیا حال ہوگا؟ میں نے فیصلہ کیا کہ آج رات میں اپنے شوہر کو سب کچھ بتا دوں گی' شام کو میں نے اپنے بچوں کو بٹھایا اور اپنے میاں کو اپنی زندگی کے تمام گناہ بتا دیئے اور کہا میں مجرم ہوں' جو سزا دیں گے مجھے قبول ہے۔ میرے شوہر میری بات سن کر کافی دیر سوچ میں ڈوبے رہے' اٹھ کر باہر چلے گئے' کسی مفتی سے مشورہ کیا' تو انہوں نے کہا: اب طلاق دینے کا کوئی فائدہ نہیں' بہتر ہے آپ اسے معاف کردیں' میرے میاں نے (باقی صفحہ نمبر 33 پر)

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

ان شاء اللہ جن بھاگ جائے گا: جن کو بھگانے کے لیے مریض کے کان میں اذان دیں انشاء اللہ تعالیٰ جن بھاگ جائے گا۔ سورۂ طارق مکمل سورۂ پڑھ کر مریض پر دم کردے اس سے بھی انشاء اللہ تعالیٰ جن بھاگ جائے گا۔

گردہ کی مریضہ اور روزہ	جلدی مسائل اور آزمودہ ٹوٹکہ	آٹھ جوان بیٹیوں کی شادی کا مسئلہ
دکان نہ چلتی ہو تو یہ پانی چھڑکیں	سنگین مقدمہ قتل اور یتیم بچی	میری شادی ہونیوالی ہے!

قارئین! زیر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ، تجربہ، کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک پوسٹ ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے، کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

اپریل کے جوابات

1۔ صباء بہن! آپ نے پوچھا تھا کہ گردہ کے امراض میں مبتلا ہوں تو کیا روزہ رکھ سکتی ہوں بہن! روزہ گردہ کی بیماری کا بھی علاج ہے اور روزہ رکھنے والے شخص کا جسم سب بیماریوں کا خود علاج کرلیتا ہے۔ آپ سحری و افطاری میں پانی کا استعمال زیادہ سے زیادہ کریں بلکہ روزہ افطار کرنے کے بعد سحری تک کم از کم 10 گلاس پانی کے وقفے وقفے سے پئیں۔ اگر ایک گلاس پانی میں دو چمچ شہد ملا کر پئیں تو اس سے آپ کی کمزوری بھی دور ہوگی اور آپ کے گردے بھی صحت مند رہیں گے۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی ''گردہ فیل شفاء'' استعمال کریں۔ میرے انکل کو گردہ میں سوجن تھی انہوں نے چند ہفتے متواتر یہ سستی سی دوا استعمال کی آج الحمدللہ! ان کے ٹیسٹ بالکل کلیئر آئے ہیں۔ بہن! آپ بلا جھجک روزہ رکھیں ان شاء اللہ اللہ تعالیٰ کرم فرمائیں گے۔ (ماریہ شفیق، اوکاڑہ)

2۔ عزیز صاحب! آپ چہرے پر نمودار ہونے والے کالے نشان اور داغوں کی وجہ سے پریشان ہیں تو میری بہن اور میرا آزمودہ روحانی ٹوٹکہ آزمالیں۔ یہ میں نے عبقری سے ہی پڑھا تھا، آپ بھی آزمائیں، یقین مانیں چہرے اور جلد کا کوئی بھی مسئلہ ہو اس روحانی عمل سے ٹھیک ہوجاتا ہے اور جلد روشن اور خوبصورت ہوجاتی ہے۔ آپ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح یَاخَالِقُ یَامُصَوِّرُ یَابَجِیْلُ کی اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ لیا کریں۔ اس کے ساتھ آپ چٹ پٹی، گرم اور تلی ہوئی چیزوں سے پرہیز کریں۔ (کلیم اللہ، ڈیرہ غازیخان)

3۔ آپ نے بتایا کہ آپ کی آٹھ بیٹیاں ہیں اور سخت بندش ہے، آپ روزانہ نماز عشاء کے بعد تین سو بار یَااَللّٰہُ یَالَطِیْفُ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ جلد فضل و کرم فرمادیں، اس وظیفے کو کم از کم نوے دنوں تک پڑھیں۔ اس کے ساتھ رمضان المبارک کی بارہویں شب 12 نوافل دو دو کرکے پڑھیں، 12 نوافل کے بعد ایک تسبیح درود شریف کی پڑھ کر اس کا ثواب حضور نبی کریم ﷺ کو ہدیہ کردیں۔ ان شاء اللہ اگلے رمضان سے پہلے شادی کے اسباب پیدا ہوجائیں گے۔ (ن، قصور)

4۔ آپ سورۃ الضحیٰ ایک تسبیح صبح شام اور سارا دن کھلا روزانہ یَالَطِیْفُ یَاوَھَّابُ پڑھا کریں اور دم شدہ پانی دکان اور گھر کے چاروں کونوں میں ڈالا کریں۔ (شہلا، لاہور)

مئی کے سوالات

ہرنیا کا مسئلہ: قارئین! میرا بیٹا جس کی عمر تقریباً دس ماہ ہے، اس کو پیدائشی ہرنیا کا مسئلہ ہے۔ جس کی وجہ سے اس کا بایاں فوطہ (تھیلی) بہت بڑا ہوچکا یا سوجا ہوا ہے اور دائیں طرف بھی بہت زیادہ سوجن ہے، جب بچہ روتا ہے تو بایاں فوطہ مزید بڑا ہوجاتا ہے۔ ہمارے خاندان میں کسی کو یہ مرض پہلے نہیں ہوا، میڈیکل ڈاکٹر صاحبان آپریشن کا مشورہ دیتے ہیں۔ بچہ کھاتا پیتا ٹھیک ہے اور صحت بھی ماشاء اللہ کافی اچھی ہے، میری عبقری قارئین سے گزارش ہے کہ اگر اس بیماری کے علاج کے سلسلے میں کسی کے پاس ہربل ٹوٹکہ یا روحانی علاج ہو براہ مہربانی عبقری سلسلہ قارئین کے سوال، قارئین کے جواب میں ضرور ارسال کریں، تاکہ مزید مریضوں کو فائدہ ہو اور میرے بچے کو بھی اللہ صحت سے نوازے۔ (محمد وحید، ہری پور ہزارہ)

ظلم عظیم: قارئین! ہماری ایک عزیزہ پر سنگین مقدمہ درج ہوگیا ہے، اس کے ظالم چچاؤں نے زمین اور شہری پراپرٹی جو کہ کروڑوں میں ہے کی وجہ سے عزیزہ کے بھائی کو قتل کرکے الٹا اس یتیم معصوم مظلوم پر مقدمہ قتل درج کروادیا ہے جو کہ ظلم عظیم ہے، قارئین! کوئی تیر بہدف عمل عطا فرمائیں۔ جس سے اس یتیم مظلومہ کی جان چھوٹ جائے۔ بیچاری صوم وصلوٰۃ کی پابند اور بالکل بے گناہ اور قابل رحم ہے۔ (ش، لاہور)

میری شادی ہونے والی ہے: قارئین! میں اپنا مسئلہ کیسے بیان کروں، بس اتنا کہوں میری غلط کاریوں نے میرا کچھ نہیں چھوڑا، پانچ ماہ بعد میری شادی ہے لیکن میں اس قابل نہیں ہوں، اب جوں جوں دن گزر رہے ہیں، میری پریشانی بڑھ رہی ہے، براہ کرم کوئی نسخہ تجویز کردیں تاکہ میں آئندہ خوشگوار زندگی گزار سکوں۔ (ع، کراچی)

سر کے سفید بال: میری عمر 20 سال ہے، میرے سر کے بال سارے کے سارے سفید ہوگئے ہیں، اس کی وجہ سے مجھے بہت شرمندگی ہوتی ہے، کالج میں تمام لڑکوں کے بال کالے ہیں صرف میں ہی ہوں جو سفید بالوں کے ساتھ وہاں موجود ہوتا ہے۔ میرے منہ پر پیمپ والے سفید دانے بھی ہیں اور دانوں کے داغ بھی۔ براہ مہربانی قارئین کوئی نسخہ بتادیں شکریہ! (ج، راولپنڈی)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: کمی احمد پوری

یعلی بن مُرّہ سے روایت ہے کہ وہ نبی ﷺ کے ساتھ آپ ﷺ کیلئے کھانے کی ایک دعوت میں شریک ہوئے چنانچہ حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک گلی میں کھیل رہے تھے تو نبی ﷺ نے باقی ساتھیوں سے آگے ہوکر ہاتھ پھیلا لئے بچہ کبھی ایک طرف بھاگتا کبھی دوسری طرف، نبی کریم ﷺ اس کو ہنسا رہے تھے پھر پکڑ لیا تو ایک ہاتھ ٹھوڑی کے نیچے اور دوسرا سر کے پیچھے ابھری ہڈی پر رکھا اور بوسہ دیا اور فرمایا: ''حسین مجھ سے اور میں حسین سے ہوں، اللہ اس سے پیار کرے گا جو اس سے پیار کرے گا۔ حسین خود ایک قبیلہ ہے بڑے قبیلوں سے۔ (ابن ماجہ)۔ اسامہؓ بن زید کہتے ہیں کہ ایک رات میں نبی کریم ﷺ کے پاس کسی ضرورت کے تحت گیا تو نبی کریم ﷺ جب نکلے تو کوئی چیز اٹھائی ہوئی تھی، مجھے نہ پتہ تھا کہ کیا چیز ہے تو جب میں اپنی ضرورت سے فارغ ہوا تو میں نے پوچھ لیا یہ کیا ہے جو آپ ﷺ نے اٹھا رکھی ہے۔ تو آپ ﷺ نے سامنے کیا تو آپ ﷺ کے کولہو مبارک پر حسن اور حسین رضی اللہ عنہم تھے۔ پھر فرمایا: یہ دونوں میرے اور میری بیٹی کے بیٹے ہیں۔ اے اللہ! میں ان سے محبت کرتا ہوں تو بھی ان سے محبت کر اور جو ان سے محبت کرے ان سے بھی محبت کر۔

کمر درد اور ہرنیا کا آزمودہ روحانی علاج

محترم حضرت مفتی صاحب السلام علیکم! مخلوق کی خدمت کیلئے اور صدقہ جاریہ کے حوالے سے اپنا تجربہ لکھ رہا ہوں، شاید کسی دکھیارے کے دل سے نکلی ہوئی آہ سے میرا بھی خاتمہ ایمان پر ہوجائے۔ (آمین) کمر درد اور ہرنیا کے درد سے نجات کیلئے میں ہر فرض نماز کے بعد اپنا دایاں ہاتھ کمر کے پیچھے رکھ لیتا ہوں اور دونوں تکالیف سے نجات اور شفاء کی نیت کرکے 35 مرتبہ محمد رسول اللہ احمد رسول اللہ اور ایک مرتبہ انمول خزانہ نمبر 1 پڑھتا ہوں۔ الحمدللہ! بہت فائدہ ہورہا ہے اور صبح و شام الحسبتم اور اذان کا عمل بھی کرتا ہوں، بہت بڑی نعمتیں ہیں۔ الحسبتم اور اذان کا عمل: سورۂ مؤمنون کی آخری چار آیات اور اذان کو 7، 7 مرتبہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے دونوں کندھوں پر دم کریں۔ (مرزا فاروق بیگ، کینیڈا)

http://www.urdutube.net

Digitized by Google

سحر و افطار میں اپنی غذائی عادات بہتر بنائیے

بیگم اسماء ممتاز، راولپنڈی

پھر پیاس کی شدت اور افطار کے وقت بے تحاشا ٹھنڈے مشروبات یا پانی کے استعمال کی وجہ سے جسم کی غذائی ضروریات پوری نہیں ہو پاتیں دسترخوان پر بہت کچھ سجا ہے مگر پیاس اتنی شدید ہے کہ غٹاغٹ کئی گلاس پی جاتے ہیں یوں کچھ کھانے کی نوبت ہی نہیں آتی

رمضان المبارک میں سحر و افطار کے اوقات میں غذا کا استعمال کچھ اس طرح نہیں رہ پاتا جو ہماری جسمانی ضروریات کے عین مطابق ہو اس لئے اکثر رمضان کے آخری عشرے تک کمزوری غالب ہونے لگتی ہے جو روزہ مرہ مصروفیات کی راہ میں حائل رہنے کے ساتھ ساتھ عبادت میں بھی رکاوٹ بنتی ہے۔ اس سلسلے میں اگر کچھ بہتر طریقہ اپنا لیا جائے تو کافی حد تک جسمانی چستی کو برقرار رکھا جا سکتا ہے۔ روزے کا آغاز سحری سے ہوتا ہے اور پہلی ہی سحری میں بے وقت بیداری اور کھانے سے مطابقت پیدا نہیں ہو پاتی نتیجتاً معدہ غیر متوقع اوقات میں ناشتے کے برابر بھی غذا کا عمل نہیں ہوتا یوں پہلے ہی دن دوپہر کے بعد سے گرے پڑے انداز میں جیوں توں کر کے دن گزرتا ہے پھر پیاس کی شدت اور افطار کے وقت بے تحاشا ٹھنڈے مشروبات یا پانی کے استعمال کی وجہ سے جسم کی غذائی ضروریات پوری نہیں ہو پاتیں دسترخوان پر بہت کچھ سجا ہے مگر پیاس اتنی شدید ہے کہ غٹاغٹ کئی گلاس پی جاتے ہیں یوں کچھ کھانے کی نوبت ہی نہیں آتی جس کے بعد نماز مغرب کے لئے مرد مساجد اور خواتین جائے نماز کی طرف رواں دواں ہیں نماز مغرب سے فارغ ہو کر آئے تو پانی کے بے جا استعمال کی بنا پر بیچ جانے والی افطاری آپ کی منتظر ہے پکوڑے چھولے چاٹ وغیرہ تناول کی جاتی ہے جس کے بعد جسم کافی بھاری اور بے جان سا ہو جاتا ہے جی چاہتا ہے کہ لیٹ جائیں اور بیشتر لوگ تو کم وقت میں ایک نیند پوری بھی کر لیتے ہیں۔ اذان عشاء کے وقت بمشکل اٹھنے کو تیار ہوتے ہیں اور ٹانگوں میں درد کی شکایت کرتے ہیں۔ نماز عشاء سے واپسی پر کھانے کی رغبت نہیں ہوتی بار بار ٹوکنے پر لگے بندھے انداز میں چند لقمے حلق سے اتارے اور پانی کے کئی گلاس پی ڈالے اور بستر پر جا سوئے صبح سحری میں جاگے تو پھر وہی پیٹ بھرا بھرا محسوس ہوتا ہے یوں سحری کے وقت موجود ایسی اشیاء جن میں غذائیت ہوتی ہے یعنی روٹی سالن وغیرہ کے بجائے پھینی کھجلہ یا ہلکی پھلکی اشیاء پر قناعت کر لیتے ہیں جو بعد دوپہر کمزوری کا باعث بنتا ہے۔

مسئلہ یہ ہے کہ ہم سحری و افطاری میں جسمانی ضرورت کے مطابق غذا لینے کا اہتمام نہیں کرتے۔ مثلاً سحری میں سویاں پھینی کھجلہ وغیرہ مقدار میں کتنے ہی ہوں جسمانی ضرورت کے مطابق غذائیت فراہم کرنے کے قابل نہیں ہوتے اس موقع پر اگر سالن روٹی کھانا ممکن نہ ہو تو گندم یا جو کا دلیہ دودھ میں پکایا جائے جس کے ساتھ کھجوریں بھی تناول کی جائیں جو ایک دو نہیں کم از کم پانچ سے سات ہوں۔ اس طرح غذا مقدار میں کم ہی سہی مگر جسمانی ضرورت کے مطابق ہو گی جو آپ کی روزمرہ مصروفیات کی راہ میں زیادہ رکاوٹ کا باعث نہیں بنے گی اسی طرح افطاری کے وقت انتہائی بے صبری کے ساتھ غٹاغٹ پانی یا مشروبات پینے کی بجائے مزید صبر و ضبط کا مظاہرہ کریں۔ ابتداً کم از کم تین کھجوریں کھائیں پھر فروٹ چاٹ یا چھولے وغیرہ لیں اس دوران اگر حلق بہت خشک محسوس ہو تو تھوڑا تھوڑا پانی پی لیں۔ کوشش کریں کہ نماز مغرب سے قبل ایک گلاس سے زیادہ پانی نہ پئیں تلی ہوئی چیزوں سے اعراض کریں یہ معدے میں بھاری پن پیدا کرتی ہیں۔ نماز مغرب کے بعد دو گھنٹے کے وقفے سے ایک ایک گلاس کر کے پانی پی لیں اگر ممکن ہو تو عشاء کی نماز کو جانے سے قبل کھانا کھا لیں ورنہ تراویح سے فارغ ہو کر کھانے کا اہتمام کریں اور پھر کچھ چہل قدمی بھی کریں تاکہ نظام ہاضمہ درست رہے۔ افطاری کے وقت پانی یا مشروبات کا بے تحاشا استعمال جسم کو کوتاہ کرنے کے بجائے کھنچاؤ اور درد کا باعث ہوتا ہے۔ خاتون خانہ اگر اپنی اور خاندان کی صحت کا شعوری ادراک کرتے ہوئے بہترین انداز میں سحری و افطاری کا انتظام کریں گی تو مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔

اللہ تعالیٰ کو درخواست لکھنے سے مکان مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے آپ کے درس میں ایک عمل اللہ تعالیٰ کو درخواست لکھنے کا سنا تھا' اس آسان عمل کے کمال پڑھے تو میں حیران رہ گیا' میرا ایک مسئلہ تھا کہ وراثتی بٹوارے کے بعد ہمارے حصے میں جو مال آیا اس میں ہم اپنا گھر نہیں بنا سکتے تھے' جس کی وجہ سے پورا گھر شدید پریشانی کا شکار تھا' میں نے اللہ تعالیٰ کو درخواست لکھنے والا عمل کیا' چند ہفتوں بعد ہی مکان بنانے کیلئے وسائل میسر ہو گئے' الحمدللہ مکان مکمل ہونے کے قریب ہے۔ عمل یہ ہے: ایک ریاضی کی ڈبوں والی کاپی لیں' ہر ڈبے کے اندر یا اللہ لکھیں۔ جب کاپی مکمل ہو جائے تو ہر صفحے کو پھاڑ کر آٹے کے پیڑے میں بند کر دیں' پھر یہ آٹے کے پیڑے کو پاک پانی' سمندر' دریا' نہر جہاں مچھلیاں ہوں' وہاں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ جو نیت کر کے عمل کیا گیا ہو گا اللہ تعالیٰ پورا فرمائیں گے۔ (سعد سلیمان' لاہور)

ایک عمل دس آزمودہ کرشمے

قارئین! یہ عمل 2010ء کے عبقری رمضان ایڈیشن میں شیخ الوظائف نے مخلوق خدا کو عطا کیا۔ 2018ء سے لے کر آج تک ہر رمضان المبارک میں اس کے بے شمار کمالات خطوط' ٹیلی فون اور انٹرنیٹ کے ذریعے ادارہ کو مل رہے ہیں۔ درج ذیل وظیفہ کے دس فوائد پڑھنے والے کو ضرور ملتے ہیں۔

1۔ رمضان المبارک میں اس عمل کے پڑھنے والے کی دعائیں قبول ہوں گی۔ 2۔ غم دور' خوشیاں ملیں گی اور مقدمات سے خلاصی ہو گی۔ 3۔ شادیوں اور رشتوں کے اٹکے مسائل حل ہو جائیں گے۔ 4۔ رزق پوری برکت کیساتھ آپ کی طرف متوجہ ہو گا' اتنا رزق ملے گا کہ بھوکی پیاسی نسلیں سیراب ہو جائیں گی۔ 5۔ لاعلاج بیماریاں قابل علاج ہو جائیں گی' شفاء آپ کے دروازے توڑ کر آجائے گی۔ 6۔ جن کی ساری زندگی کرائے کے مکان میں گزر گئی مگر اس وظیفہ کی برکت سے اپنا گھر ملے گا' کئی آزما چکے آپ بھی آزما لیں۔ 7۔ بیروزگار افراد کیلئے روزی کا بند دروازہ کھل جائے گا۔ 8۔ حج بیت اللہ کی چاہت رکھنے والے اس سال پڑھ کر ان شاء اللہ ضرور جائیں گے۔ 9۔ خیر کی غائبانہ دعائیں ملیں گی۔ 10۔ ایسے افراد جن کے بچوں' کاروبار کو نظر بد لگی ہو' زندگی میں زوال اور پریشانی ہے' اس مسئلے کا بہترین حل یہ وظیفہ ہے۔ ان شاء اللہ اس وظیفہ کی برکت سے آپ کی ہر نامرادی مراد میں بدلے گی۔ عمل نوٹ فرمالیں: اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ ہر پل ہر سانس کھلی تعداد میں دن رات بکثرت سے اس کو پڑھیں کوشش ہو کہ رمضان المبارک میں ایک سو لاکھ، دو سو لاکھ، تین سو لاکھ ورنہ ایک سو لاکھ ہو جائے اگر مجبوری کی وجہ سے کچھ تعداد رہ جائے تو رمضان کے بعد پورا کر سکتے ہیں گھر کا ہر فرد پڑھے ورنہ جتنے افراد پڑھ سکتے ہیں پڑھیں ہر بندہ اپنی تعداد پوری کرے۔ بندہ کی طرف سے ہر پڑھنے والے کو اجازت ہے۔

محبت کا تجربہ شدہ تعویذ

قارئین! اگر آپ دکھی انسانی کی سو فیصد خدمت کرنا چاہتے ہیں تو میاں بیوی کے روٹھنے یا کوئی بندہ بھاگ گیا اسے واپس لانے' شوہر بیوی کی نفرتوں کو ختم اور جھگڑوں کو ختم کرنے کیلئے کوئی محبت کا تعویذ' صرف تعویذ لکھیں جو آپ کا آزمودہ ہو' تجربہ شدہ ہو' ضرور لکھیں اور اپنا ساتھ موبائل نمبر اور مکمل پتہ تاکہ انسانیت کو نفع پہنچے اور مخلوق خدا کو فیض پہنچے امید ہے کہ آپ اپنا تعویذ تجربہ شدہ اور مشاہدات جلد سے جلد لکھیں گے

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

رمضان میں کھجور کا ٹوٹکا: چند کھجوریں لیں، دھو کر گٹھلیاں نکال دیں، اب بلینڈر میں ڈال کر حسب ضرورت دودھ ڈال کر چند منٹ تک چلائیں، جب کھجور اور دودھ اچھی طرح مکس ہو جائیں تو افطاری میں نوش فرمائیں، بہت طاقتور مشروب ہے۔

یہ تحریر صرف خواتین پڑھیں! اور حیران ہو جائیں

شہناز کوثر، فیصل آباد

پچھلے گناہوں کی مغفرت، زبان کی حفاظت، صبر، شکر، گھر والوں سے حسن سلوک، لڑائی جھگڑے سے پرہیز کرے گی۔ پردے کی نہایت سختی سے حفاظت کرے گی، ورنہ اس کا اپنا روزہ بھی خراب ہوگا اور خدانخواستہ بے پردہ باہر نکلی تو پرائے مردوں کا روزہ بھی خراب ہوگا۔

رمضان میں عورت کی ایک خوش نصیبی تو یہ ہے کہ وہ روزے رکھواتی اور کھلواتی (سحری و افطاری) ہے۔ اس محنت پر اللہ تعالیٰ اس کو مردوں کا اجر عطا کرتا ہے (جس کا وعدہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے) بغیر اس کے کہ ان کے اجر میں کوئی کمی ہو۔ عورت بھی اسی طرح نماز پانچ وقت پابندی سے ادا کرے گی، قرآن پڑھے گی یاد کرے گی، اپنی نماز اور تراویح کو نئی نئی سورتوں سے سجائے گی۔ تراویح عورت کیلئے بھی اسی طرح ضروری اور باعث اجر و ثواب ہے جس طرح مرد کیلئے، عورت گھر میں ادا کرے وہ ثواب پائے گی۔ پچھلے گناہوں کی مغفرت کا، زبان کی حفاظت، صبر، شکر، گھر والوں سے حسن سلوک اور لڑائی جھگڑے سے پرہیز کرے گی۔ پردے کی نہایت سختی سے حفاظت کرے گی، ورنہ اس کا اپنا روزہ بھی خراب ہوگا اور خدانخواستہ بے پردہ باہر نکلی تو پرائے مردوں کا روزہ بھی خراب ہوگا۔ آخری دس راتوں میں لیلۃ القدر کیلئے 21ویں، 23ویں، 25ویں، 27ویں اور 29ویں رات کیلئے خود گھر میں عبادت کا اہتمام اور مردوں کو مسجد میں بھیجنے کے ذریعے پورا خاندان مل کر جنت کے باغات کی کمائی کرے گا، ان شاء اللہ۔ غرباء و مساکین سے یہ مہینہ ہمدردی اور محبت کے اظہار کا ہے جس پر حوضِ کوثر پر پانی ملنے کا وعدہ (جس کے بعد کبھی پیاس نہ لگے گی) پیٹ بھر کر انہیں کھلایئے صرف اور صرف اللہ کی رضا کیلئے، ریاکاری اور دکھاوے سے بچتے ہوئے، رمضان دعاؤں کا مہینہ ہے، اپنے لیے، اپنے پیارے ملک پاکستان کی سلامتی کیلئے، دنیا بھر کے مسلمانوں کیلئے خوب دعائیں کریں۔ یاد رکھیں بعض کتب میں لکھا ہے کہ بلاوجہ روزے چھوڑنے، کھانے پینے والا نبی کریم ﷺ کو دکھایا گیا، ایسے لوگ الٹے لٹکے ہوئے ان کے جبڑے پھاڑ دیئے گئے، جن سے خون بہہ رہا تھا۔ (نعوذ باللہ)

شعبان میں عید کی تیاری: جب شوال کا چاند طلوع ہو جاتا ہے تو یہ لیلۃ الجائزہ ہے یعنی انعام کی رات، عید کی صبح طلوع ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ تمام شہروں میں فرشتے بھیجتا ہے اور وہ اتر کر تمام گلیوں کے سرے پر کھڑے ہو کر امت کیلئے خوشخبری سناتے ہیں کہ اے محمد ﷺ کی امت، اس رب کریم کی طرف چلو جو بہت زیادہ عطا فرمانے والا ہے اور بڑے بڑے قصور معاف فرماتا ہے (اس آواز کو انسانوں اور جنوں کے سوا باقی مخلوق سنتی ہے)

اللہ تعالیٰ کی طرف سے روزے اور تراویح کے بدلے اللہ تعالیٰ کی رضا عطا ہوتی ہے، عید کی صبح، لیلۃ الجائزہ کو شیطان نے ''چاند رات'' کا نام دے کر پورا مہینہ رب کی فرمانبرداری کرنے والوں کو ٹیلی ویژن، بازاروں اور غفلت میں ڈبو کر ان کی کمائی سے محروم کرنے کا سامان کر رکھا ہے، وہ جکڑا ہوا آزاد ہوتا ہے اور بندوں کی کمائی لوٹتا ہے، لہٰذا اس اس ڈاکو سے محتاط رہیے، عید کی تیاری کیجئے لیکن عشاء کی نماز کے بعد اللہ کے حضور مغفرت، نجات، مانگنا نہ بھولیے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بہترین ایمان والا رمضان اور جہنم سے رہائی والی عید نصیب فرمائے۔ آمین!۔ میری تمام خواتین بہنوں سے التجا ہے کہ عید کیلئے اپنے بچوں کے کپڑے اور دیگر ساز و سامان وغیرہ شعبان المعظم کے مہینے میں ہی سہولت کے ساتھ خریداری کر لیں، کیونکہ ان دنوں بازار میں انتشار بھی نہیں ہوتا اور چیز بھی مناسب ریٹ پر مل جاتی ہے۔ آپ روزہ سے بھی نہیں ہوتیں اور تھکاوٹ کا احساس بھی نہ ہوگا۔ سب سے اچھی بات یہ ہوگی کہ آپ کا رمضان المبارک پرسکون گزرے گا، آپ صرف گھریلو کام اور عبادات کی فکر ہوگی اور مبارک گھڑیاں بدترین جگہوں (بازار) پر ضائع بھی نہ ہوں گی اور آپ کو عبادات کا مزہ بھی بھرپور آئے گا۔

مٹھی بھر سونف اور ایام کے درد کا گارنٹی کیساتھ علاج

قارئین! ایام کے دردوں کیلئے سونف بہت ہی مفید ہے، مجھے دوران ایام بہت درد ہوتا تھا، پھر میں نے سونف مٹھی بھر کھانا شروع کر دی، ایام آنے سے دو تین دن پہلے مٹھی بھر سونف کھانا، چبانا اور اس کا پانی نگلنا شروع کر دیا، خاص کر نہار منہ زیادہ فائدہ ہوتا ہے، اس میں کوئی بھی نقصان نہیں، حالانکہ مجھے معدہ کی تکلیف ہے لیکن میں نے تو فائدہ ہی فائدہ پایا ہے، اس ٹوٹکہ کو آزمانے سے پہلے ایام کے دوران مجھے اتنی تکلیف ہوتی کہ میں چارپائی کے ساتھ لگ جاتی، میں نے بہت ہی تکالیف اٹھائیں ہیں مگر اب اللہ کا شکر ہے کچھ بھی پروا نہیں، جتنے زیادہ دن سونف کھائیں اتنا ہی فائدہ ہے، مٹھی بھر سونف آزما کر تو دیکھیں، یقین جانیے آپ کی تکالیف دور ہو جائیں گی۔ سونف کا ٹوٹکہ آزمانے کے بعد جو مرضی کھائیں کوئی پرہیز نہیں، بس آنے سے دو دن پہلے اور آنے کے دو دن بعد تک مٹھی بھر چبائیں۔ ہمیشہ کیلئے نجات، میں نے کار خیر سمجھ کر لکھا ہے، میرے لیے خاص دعا کریں۔ (ص، کنڈیارو)

پورا رمضان نہ کمزوری ہوئی نہ شدید گرمی میں پیاس کا احساس ہوا! یہ ٹوٹکہ آپ بھی آزمالیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ رمضان المبارک میں گرمی کی وجہ سے بہت پریشان تھا کہ رمضان کیسے گزاروں گا؟ مجھے تو گرمی اور پیاس ہی بہت لگتی ہے۔ مجھے کسی جگہ سے عبقری رمضان کیلنڈر ملا، اس میں سے میں نے ایک ٹوٹکہ دیکھ کر آزمایا وہ اس طرح ہے کہ رات کو پانی یا دودھ میں پانچ یا سات عدد کھجوریں گٹھلیاں نکال کر بھگو دیں، صبح اٹھ کر ہاتھ اچھی طرح دھو کر ان کو ہاتھ سے اچھی طرح مل کر وہ پانی یا دودھ پی لیں۔ اسی طرح افطاری کیلئے صبح ہی بھگو کر رکھ دیں اور افطاری میں بھی یہی کھجور کا شربت پی لیں۔ میں نے جب یہ آزمایا تو یقین جانیں مجھے بھوک پیاس کا کوئی احساس ہی نہیں ہوتا تھا اور میرا رمضان سکون سے گزرا۔ ورنہ اس سے پہلے مجھے رمضان میں پانی کی کمی ہو جاتی تھی اور میرے گردے میں درد شروع ہو جاتا تھا جو کہ پچھلے رمضان بالکل بھی نہیں ہوا اور میں نے آسانی اور سہولت سے روزے رکھے اور آپ کو خوب دعائیں بھی دیں۔ **پڑھ لیں! اب بچے مٹی ہرگز نہ کھائیں گے:** عبقری کے ایک سابقہ شمارے میں بچوں سے مٹی چھڑوانے کے لئے کا ٹوٹکہ پوچھا گیا آپ نے بچوں کو مٹی چھڑوانے کے لئے پوچھا ہے تو بچوں میں جب کیلشیم کی کمی ہو جاتی ہے تو وہ مٹی کھانی شروع کر دیتے ہیں اس کے لئے ایک تو بچوں کو کیلا زیادہ کھانے کو دیا جائے اور دوسرا ایک سیرپ جو کہ کیلشیم سینڈوز کے نام سے ملتا ہے کہ وہ بچوں کو پلایا جائے تو بچے مٹی کھانی چھوڑ دیتے ہیں یا اس کے علاوہ بچوں کو کوئی بھی کیلشیم کی گولیاں یا سیرپ دیا جائے تو بچے مٹی کھانی چھوڑ دیتے ہیں۔ میں نے یہ سیرپ اپنے بچوں کو پلایا تھا تو انہوں نے بھی کھانی چھوڑ دی ہے۔ (ش، لاہور)

رمضان، جمعۃ المبارک اور آیت الکرسی کا خاص عمل

قارئین! یہ خاص عمل ایڈیٹر انچیف کے تسبیح خانہ لاہور میں جمعہ کے خطبہ کے دوران بتایا گیا، جس پر عمل کر کے بھی کیا اللہ تعالیٰ نے اسے اس کی امید سے زیادہ دیا، آپ بھی اس رمضان المبارک اور علاوہ رمضان اس عمل سے اپنی مرادیں پوری کر لیں۔ **عمل:** جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد بیٹھ کر آیت الکرسی پڑھیں اور جب اذان مغرب کی ہو تو سجدے میں جائیں اور اللہ سے اپنی فریاد مانگتے رہیں، ایک جمعہ مانگیں، تین جمعے اس طرح مانگیں، ضرورت پڑے تو سات، چودہ اور اکیس جمعہ تک یہ عمل دہرا کر دعا مانگتے رہیں، انشاء اللہ اللہ ضرور دے گا۔ (م۔ط، لاہور)

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

عبقری رمضان کیلنڈر 2018ء

پورے سال کا رزق چند لمحوں میں پانے کی گھڑیاں آگئیں

رمضان کی چاند رات (جس رات رمضان کا چاند نظر آجائے) کو مغرب کی نماز کے بعد 21 مرتبہ سورۂ قدر پڑھیں ان شاء اللہ پورے سال کا رزق آپ کے پیچھے اس طرح سے بھاگے گا جیسے کہ پانی گہرائی کی طرف۔

اس رمضان اشفاء کیلئے پڑھیے سورۂ تغابن اور رحمٰن

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا ذاتی تجربہ ہے کہ جسم کی کوئی بیماری ہو سورۂ تغابن اور سورۂ رحمٰن پڑھنے سے وہ بیماری دور ہوجاتی ہے۔ میں نے خود دانت درد، پیشاب کے قطرے، گردن کی گرہیں، دل کی بے چینی کیلئے سورۂ رحمٰن اور سورۂ تغابن پڑھی مجھے لاجواب فائدہ ہوا۔ رمضان المبارک آرہا ہے اس میں تو ویسے بھی اللہ کی رحمتیں، برکتیں بے بہا ہوتی ہیں اس میں تو اس کی تاثیر ستر گنا زیادہ ہوجاتی ہے۔ کسی کو کوئی مسئلہ ہو، پریشانی ہو، الجھن ہو، کسی بیماری ہو صبح وشام شام تین تین مرتبہ یہ سورتیں پڑھیں اور سارا دن گھر میں اس کی تلاوت چلائیں، پھر کمال دیکھیں۔ (م۔ف، اسلام آباد)

رمضان میں چڑچڑے پن کا شکار ٹوٹکہ لے لیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ رمضان المبارک آرہا ہے اور ابھی جون میں رہا ہے، عموماً رمضان المبارک میں روزہ دار نماز ظہر کے بعد سے ہی چڑچڑے پن کا شکار ہوجاتے ہیں اور یہ چڑچڑاپن نماز عصر کے بعد تو اپنے عروج پر پہنچ جاتا ہے اور دیکھنے میں آیا ہے رمضان میں جھگڑے بھی زیادہ تر نماز عصر کے بعد ہی ہوتے ہیں اور بہت شدید ہوتے اور حیران کن بات چھوٹی چھوٹی باتوں پر ہوتے ہیں۔ میرے پاس خود کا آزمودہ روحانی ٹوٹکہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتی ہوں اگر کسی کو بہت زیادہ غصہ آنا شروع ہوجائے تو وہ یَاعَزِیْزُ یَاوَدُوْدُ کو کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ افطاری میں مشروب کا گلاس پینے تک اس کو غصہ نہیں آئے گا۔

رمضان المبارک میں چہرہ پر رونق بنانے کا آسان ترین عمل

چہرے کیلئے: چہرے کیلئے بھی ماہنامہ عبقری میں پڑھا تھا کہ وضو کرکے ایک بار درود ابراہیمی پڑھ کر شیشے پر پھونک دیں یا دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر پھونک کر منہ پر مل لیں۔ یہ عمل کیا تو دانے، داغ، دھبے سب ختم ہوگئے بلکہ اب تو نشان بھی ختم ہورہے ہیں۔

رمضان کیا پورا موسم گرما ٹھنڈا ٹھار اور پرسکون

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ نسخہ بہت ہی مجرب ہے۔ خاص کر گرمی سے پریشان افراد کیلئے تو اس سے بہتر کوئی نسخہ ہو ہی نہیں سکتا۔ بارہا لوگوں کا آزمودہ ہے۔ رمضان المبارک میں استعمال کریں یا بعد از رمضان لاجواب چیز ہے۔ گرمی کو جسم سے نکال باہر کرتا ہے اور پرسکون ٹھنڈک کا احساس دلاتا ہے۔ ھوالشافی: عرق مکو اور جوارش انارین لے لیں۔ صبح کھانے (یا سحری) کے بعد آدھ پیالی عرق مکو پی لیں اور رمضان میں افطاری کے بعد اور علاوہ رمضان ایک چھوٹا چمچ جوارش انارین عصر کے بعد پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ اس سے جگر کی سوجن، معدے، مثانہ کی گرمی جڑ سے ختم ہوجائے گی اور گرمی بالکل نکل جائے گی، جگر دوبارہ خون بنانے کے قابل ہوجائے گا اور چہرے کی رنگ گلابی اور صحت لاجواب بن جائے گی۔ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں جن کو گرمی کے مسائل ہیں ضرور استعمال کریں۔

قبض، بواسیر اور شوگر کے وہ نسخہ جات جو کتابوں سے نہ ملیں گے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رمضان المبارک میں اکثر لوگوں کو قبض کی شکایت ہوجاتی ہے اور بعض پہلے سے دائمی بواسیر کے شکار ہوتے ہیں جس کی وجہ سے رمضان میں ان کی پریشانی مزید بڑھ جاتی ہے۔ میرے پاس چند نسخہ جات ہیں جو قارئین عبقری کیلئے خاص طور پر لایا ہوں۔ یہ نسخہ جات کسی کتاب سے نہ ملیں گے۔ **نسخہ برائے بواسیر:** تارامیرا کا بیج (جن سے کڑوا تیل نکلتا ہے) 200 گرام، نیم کی نمولی کا اندرونی مغز 200 گرام۔ دونوں کو پیس کر مکس کرلیں اور چائے والا ایک چمچ صبح وشام استعمال کریں۔ چند ماہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں بواسیر کا نام ونشان بھی ختم ہوجائے گا۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔ شوگر کیلئے نسخہ: ھوالشافی: تخم سرس 100 گرام، گوند کیکر 100 گرام، تمبہ خشک 100 گرام، کلونجی 100 گرام۔ تمام کو پیس کر ایک بڑا کیپسول بھرلیں اور ایک کیپسول صبح وشام دودھ کے ساتھ۔

میری کزن کا چھوٹا قد کیسے بڑھا؟ ابھی پڑھیں

میرے پاس ایک قد بڑھانے کا خاص عمل ہے جو میں نے ایک مرتبہ ایک میگزین میں پڑھا تھا۔ میری ایک کزن جس کا قد بہت چھوٹا تھا، اس نے عمل کیا، اس عمل کی برکت سے اس کا قد بڑھ گیا ہے۔ عمل درج ہے:۔ بعد از نماز فجر گیارہ بار سورۂ طارق اول وآخر پانچ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ عمل مدت صرف 90 روز ہے۔ (ام حمزہ، ٹانگوالی)

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

عبقری رمضان کیلنڈر 2018ء

داہنے بازو پر تعویذ باندھیں اولاد نرینہ پائیں

جس شخص کا بیٹا نہ ہوتا ہو اور اسے اس کی تمنا ہو، رمضان المبارک کے پہلے جمعہ کو جمعہ کی نماز کے بعد یا واحد کو ایک سو ایک مرتبہ کاغذ پر لکھے پھر اس کو بطور تعویذ اپنے داہنے بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ اسی سال فرزند صالح پیدا ہوگا۔ نہایت مجرب عمل ہے۔

ایک رات، تین سجدے اور ہر حاجت پوری

اگر کوئی شخص جس کو کوئی حاجت درپیش ہو ٹھیک آدھی رات کو مسجد یا گھر کے صحن میں تین بار سجدہ کر کے پھر سجدے سے سر اٹھا کر سو بار یَا وَھَّابُ پڑھے تین روز کے اندر انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔ رمضان المبارک میں یہ عمل کرنا بھی آسان ہے اور اس کے اثر بھی سوگنا زیادہ بڑھ جاتا ہے۔

افطاری کیلئے انوکھا ڈرنک، صحت لاجواب چہرہ خوبصورت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس افطاری کیلئے انوکھا ڈرنک کا ٹوٹکہ ہے۔ ھوالشافی: دو سے اڑھائی کپ دودھ، دو چمچ سورج مکھی کے بیج، دو چمچ سفید تھوڑ سا لیمن، دو انجیر، ایک چمچ کھانے والے تل، ایک چٹکی زعفران، ایک چٹکی ہلدی اور تھوڑی سی برف۔ ان سب چیزوں کو بلینڈر میں بلینڈ کر لیں اور اس کو پئیں۔ اس سے آپ میں بھرپور انرجی آئے گی، چہرہ خوبصورت اور چہرے کے غیر ضروری بال کم ہو جائیں گے اور چہرہ بہت خوبصورت ہو جائے گا۔ (بحوالہ ماہنامہ عبقری)

رمضان میں خاص عمل سے نیک سیرت وصورت شوہر ملا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو عزت، شہرت اور ڈھیر ساری خوشیاں اور لمبی عمر برکت والی عطا فرمائے۔ حضرت صاحب آپ نے رمضان میں شادی والا جو عمل بتایا تھا کہ رمضان شریف کی گیارہویں اور بارہویں روزے درمیانی رات کو بعد نماز عشاء دو دو رکعت کر کے 12 نفل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۂ اخلاص پڑھیں۔ 12 نفل پڑھ کر 100 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر تمام نفل اور درود شریف کا ثواب حضور نبی کریم ﷺ کو پہنچائیں اور پھر حضور نبی کریم ﷺ کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر خلوص دل، انکساری، عاجزی سے کم از کم 15 منٹ تک دعا کریں۔ میری بہن (ف) نے کیا، گزشتہ رمضان کیا تو عید کے بعد اسکی منگنی ہوگئی اور اس رمضان سے پہلے اس کی شادی ہوگئی، اس وظیفے کی برکت سے میری بہن کے شوہر بہت نیک اور اچھی سوچ والے انسان ہیں۔

(بحوالہ ماہنامہ عبقری)

یکم رمضان سے 5 منٹ کا وظیفہ شروع کریں اور 40 دن میں اپنا گھر پالیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا بہت زیادہ شکرگزار ہوں کہ اس دور میں بھی لوگ عبقری کی وجہ سے اللہ سے دور نہیں ہیں۔ ہمارا اپنا گھر نہیں تھا، ہم اپنی باجی کے گھر میں رہتے تھے۔ اپنے گھر کے حصول کیلئے میں نے ایک جگہ پڑھا تھا کہ عشاء کی نماز کے بعد آیۃ الکرسی اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ سے دعا کریں اور یہ عمل چالیس دن کرنا ہے۔ ناغہ کے دن بعد میں پورے کر لیں۔ ابھی یہ وظیفہ کر رہی تھی کہ اللہ نے ہمیں اپنا گھر دے دیا۔ قارئین! اگر یکم رمضان المبارک سے یہ وظیفہ شروع کیا جائے تو ان شاء اللہ 10 شوال المکرم کو آپ کی دلی مراد پوری ہو جائے گی۔ (بحوالہ ماہنامہ عبقری)

اس رمضان کاروبار کو چار چاند لگانے کا عمل! بے شمار آزما چکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک آٹا چکی کی دکان پر ملازم تھا، چھ ہزار میری تنخواہ تھی، بہت مشکل سے گزارہ ہوتا تھا، کرائے کے مکان میں رہتا ہوں، دو میرے بچے ہیں، وقت کی روٹی بمشکل پوری ہوتی۔ کبھی کسی سے ادھار، کبھی کسی سے ادھار لے کر میں گزارہ کرتا۔ مجھے جادو اور بندش بتایا گیا۔ پانچ وقت نماز پڑھتا ہوں اور آہستہ آہستہ میں نے تہجد بھی شروع کر دی اس دوران رمضان المبارک آگیا، میں نے یہ عمل رمضان المبارک میں سحری (تہجد) کے وقت میں اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھتا تھا۔ رمضان کے علاوہ بھی تین سال پڑھتا رہا پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنی چکی دے دی، جب میں نے اپنی آٹا چکی لگائی، شروع شروع میں سارا دن میں دکان پر بیٹھا رہتا، سارے دن کی سیل دو ہزار سے تین ہزار تک ہوتی۔ جب سے سورۂ مزمل والا عمل شروع کیا میں تو حیران ہی رہ گیا۔ معمول کا کام ہوتا مگر جب شام کو دکان بند کر کے گھر جاتا اور پیسے گنتا تو سیل کبھی پندرہ ہزار اور کبھی بیس ہزار ہوتی اتنی برکت اللہ تعالیٰ نے سورۂ مزمل کی برکت سے دی، تین چار ماہ میں ہی میرے حالات بہت بہتر ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے تسبیح خانہ پر کروڑوں برکتیں اور رحمتیں نازل فرمائے۔ (محمد یٰسین، فیصل آباد)

پائیں رنگت میں نکھار اور سیاہ حلقوں سے نجات

رات کو پانچ عدد بادام کی گریاں پانی میں بھگو دیں، سحری میں چھلکا اُتار کر نہار منہ ایک ایک بادام چبا کر اس طرح کھائیں کہ لعاب دہن (تھوک) کے ساتھ مل جائے۔ اس کے بعد ایک کپ دودھ بغیر بالائی کے پی لیں، رنگت نکھرے گی اور ان شاء اللہ آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے آہستہ آہستہ دور ہو جائیں گے۔

آئیے! رزق کی کمی کا حل ہم بتاتے ہیں!

جو کوئی رمضان المبارک کی انتیسویں رات کو سات مرتبہ سورۃ الواقعہ پڑھے، بفضل باری تعالیٰ اس کے رزق میں خوب اضافہ ہوگا۔

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

بچہ کچھ نہیں کھاتا	گرمی کے مسائل اور رنگ کالا	موٹاپے سے تنگ ہوں
جسم گرم رہتا ہے	ناک کی ہڈی بڑھ گئی!	اکٹھے بیٹھ کر کھانے کا رواج کدھر گیا

نوٹ: خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور شیئر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

کالا رنگ: مجھے پیشاب میں سخت جلن ہے پیشاب سخت پیلے رنگ کا آتا ہے ہاتھ پاؤں ہر وقت جلتے رہتے ہیں رنگ کالا ہوگیا ہے ہر وقت گرمی کا احساس رہتا ہے۔ ایلوپیتھک دوا سے اور گرمی ہو جاتی ہے۔ دواؤں سے سخت تکلیف ہوتی ہے۔ (ب' گوجرانوالہ)۔

مشورہ: صبح کا ناشتہ تربوز سے کریں جتنی ناشتے کے طور پر تربوز کھائیں غذا میں صرف لوکی کا سالن بغیر مرچ گرم مسالے کے بنا کر چپاتی سے کھائیں سلاد کے طور پر کھیرا کھائیں غذا کے بعد دونوں وقت گرما یا سردا یا بڑا سفید گو بیج نکال کر کھائیں اگر اصلی عرق گلاب ماءالورد دستیاب ہو آدھی پیالی عرق گلاب ماءالورد ایک گلاس پانی تھوڑی سی چینی سے میٹھا کر کے پی لیں دو بار کافی ہے گاجریں پانی میں ابال کر بطور ناشتہ کھا سکتی ہیں۔ اگر گاجر کا مربہ مل جائے تو پانی سے دھو کر ناشتہ کے طور پر صرف یہی کھا لیا کریں۔

بچہ کچھ نہیں کھاتا: میرا بچہ چار سال کا ہے تمام دن میں بمشکل آدھا کلو دودھ فیڈر کے ذریعے پیتا ہے اور کچھ کھاتا نہیں میں اس کی وجہ سے سخت پریشان رہتی ہوں اب اسے سکول میں داخل کرایا ہے۔ ناشتے کے بغیر سکول جاتا ہے ماشاء اللہ اس کی صحت ٹھیک ہے۔ طبی معائنہ کرایا تو کوئی خرابی نہیں آپ مجھے بتائیے کیا کروں؟ (صائمہ اشرف فیصل آباد)

مشورہ: بی بی! بچوں کا یہ مسئلہ صرف آپ کا نہیں بلکہ ہر دوسرے تیسرے گھر کا مسئلہ ہے۔ ہر ماں اپنے بچے سے شاکی ہے کہ وہ کچھ نہیں کھاتا پیتا۔ آپ دودھ میں سیب کیلا یا آم ڈال کر ملک شیک بنائیے اور اسے فیڈر میں دیجئے۔ ناشتہ مختلف قسم کا بنائیے۔ صرف ڈبل روٹی کے سلائس اور جام نہ دیں۔ مثلاً چھوٹا سا پراٹھا پکا دیجئے۔ آٹے میں دو ونمک چینی اور گھی ملا کر گوندھ لیجئے اس کی چھوٹی ٹکیاں تل کر دیجئے بچے کے سکول میں آپ خود پھل یا سینڈوچ بنا کر لے جائیے بچے کی استانی سے کہئے کہ وہ دوسرے بچوں کو بھی کھلائے اور آپ کے بچے کو بھی! شہد بڑی اچھی غذا اور دوا ہے۔ ایک چمچہ شہد روزانہ کھلانے یا دودھ میں ملا کر پلانے سے بہت فائدہ ہوگا۔ آپ جب بھی سودا لینے بازار جائیں بچے کو ہمراہ رکھیں اور اسے بتائیں کہ کارن فلیکس اور دلیہ کھانے سے طاقت آتی ہے۔ بچے کو آہستہ آہستہ متفرق چیزوں سے متعارف کرائیے تاکہ اسے کھانے سے رغبت ہو۔ بچے کو ڈانٹ ڈپٹ نہ کریں بلکہ اسے پیار سے غذا کے بارے میں بتائیے جب بھی اسے کھانا کھلائیں اپنے ساتھ بٹھا کر کھلائیے۔ پہلے زمانے میں دسترخوان پر اکٹھے بیٹھ کر کھانے کا رواج تھا جواب ختم ہوگیا ہے۔ اکٹھے بیٹھ کر کھانے سے برکت ہوتی تھی پسند ناپسند کا سوال بھی ختم ہو جاتا بچے ہر چیز رغبت سے کھاتے تھے۔ آپ اس مسئلے کو سنگین نہ بنائیے بچہ جلد کھانا رغبت سے کھانے لگے گا۔

موٹاپے سے تنگ ہوں: میری عمر بیس سال اور وزن سو کلو ہے کھانے پینے کی شوقین ہوں صبح دوپراٹھے دوپہر کو تین روٹیاں اور شام کو ڈیڑھ روٹی کھاتی ہوں۔ اسی باعث پھول کر کپا ہو چکی ہوں ایک ہومیو پیتھک ڈاکٹر سے دوا لے کر کھائی کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ پریشان ہو کر آپ کو خط لکھ رہی ہوں۔ (سویرا' لاہور)۔

مشورہ: سویرا بی بی! ماشاء اللہ آپ کی خوراک اچھی خاصی ہے دوا کھانے سے کچھ نہیں بنے گا بلکہ کلو [illegible] پراٹھے آلو کے چپس پکوڑے اور چاول نہ کھائیے صبح ناشتے سے پہلے آپ ایک پیالی گرم پانی میں ایک چمچہ شہد اور ایک لیموں کا رس ڈالیئے اور چٹکی بھر کلونجی کے دانے منہ میں ڈال کر پی لیں۔ جو کا دلیہ پکا کر کھائیے دوپہر کے کھانے میں سالن کے ساتھ ڈیڑھ روٹی کھائیے زیادہ کھانا صحت کے لئے اچھا نہیں۔ یاد رکھیئے وزن آہستہ آہستہ کم ہوگا۔

ناک کا مسئلہ: میرے دائیں نتھنے کی ہڈی بڑھ گئی تھی آپریشن کے ایک ماہ بعد تک ٹھیک رہی پھر ڈاکٹروں کے چکر شروع ہوگئے آپ یقین کریں اتنا تھک گئی ہوں کہ آپ سے بھی گزارش ہے مجھے کسی ڈاکٹر کا پتہ نہ لکھئے گا براہ مہربانی خود کوئی دوا تجویز فرمایئے تمام عمر دعائیں دوں گی دوسری بات یہ کہ میری ابھی شادی ہوئی ہے' شوہر تھوڑے موٹے ہیں' چاہتی ہوں وہ دبلے ہو جائیں۔ (اہلیہ اشفاق' کراچی)۔

مشورہ: نیم کے پتے مٹھی بھر لے کر دھوئیں اور پھر ڈھائی گلاس پانی میں ڈال کر ہلکی آنچ پر سین لیس سٹیل کی پتیلی میں خوب پکائیے' آدھا پانی رہ جائے تو چولہا بند کر دیجئے' چھلنی میں چھان کر گلاس میں چٹکی بھر نمک ملائیے جس طرح وضو کرتے ہوئے ناک میں پانی ڈالتے ہیں اسی طرح ناک میں پانی ڈالیئے' پانی ذرا نیم گرم ہو رات کو سوتے وقت یہی عمل کیجئے تین ہفتہ مسلسل کرنے سے ناک کے غدود کا ورم ختم ہو جائے گا۔ نیم کے بہت فوائد ہیں آپ اس ٹوٹکے کو معمولی نہ جانیے تین ہفتے بعد رابطہ کیجئے۔ دوسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ کچھ مردوں کے جسم کی بناوٹ موٹاپے کی طرف مائل ہوتی ہے' بہرحال آپ اپنے شوہر سے کہیے کہ کھانے پینے میں تھوڑا سا اعتدال رکھیں' گوشت اور تلی ہوئی چیزیں زیادہ نہ کھائیں' صبح کی سیر معمول بنالیں۔ ان شاء اللہ وزن کم ہو جائے گا۔

جسم گرم رہتا ہے: پہلے میرے بازو پر چیچک نما گول داغ تھے اب وہ چہرے پر بھی نمودار ہو رہے ہیں۔ میرا جسم ہر وقت گرم رہتا ہے لگتا ہے تیز بخار ہے۔ پاؤں کی ایڑیاں تپ جاتی ہیں غسل خانے جا کر بار بار پانی ڈالتی ہوں مجھے بتائیے کہ اس حالت سے کیسے چھٹکارا ملے گا؟ (زویا' ملتان)

مشورہ: بی بی! آپ کے مزاج میں بہت حدت ہے ہو سکے تو عبقری دواخانہ سے ٹھنڈی مراد منگوا کر دن میں پانچ سے سات مرتبہ کھائیں۔ داغوں پر تو آپ گھیکوار کا گودا ایلوویرا صبح شام لگائیں منڈی بوٹی کے گیارہ بارہ دانے اور عناب کے سات دانے رات کو ایک گلاس پانی میں بھگو دیجئے۔ صبح مل چھان کر تھوڑی سی چینی ملا کر پانی پی لیجئے' بعد میں تھوڑے سے بھنے ہوئے کالے چنے کھالیں تاکہ منہ کا ذائقہ درست ہو جائے ایک ماہ پی کر دیکھئے منڈی کے دانے گول گول ہوتے ہیں تازہ منڈی خریدیئے۔ عناب ایرانی لیں جن میں [illegible] ہوں۔ دوپہر کے کھانے میں گھیا اور دہی ضرور استعمال کیجئے اس میں تھوڑا سا پودینہ ڈال لیں تو بہتر ہے گھیے کو کدو سمجھ کر آپ ان کی ایڑی پر بھی رگڑ سکتی ہیں روزانہ یہ عمل کریں مرچ مسالے والی اشیاء نہ کھائیے گھیا اور پودینہ کھانے سے جسم میں ٹھنڈک کا احساس ہوگا امید ہے آپ کی تکلیف دور ہو جائے گی۔

(بقیہ: قبر میں جلتی بہن کا تمام عزیزوں کے نام ایک پیغام)

گھر آ کر سارے بچوں کے سامنے مجھے معاف کرایا اور ہنستے ہوئے کہا کہ آج کے بات اس موضوع پر کبھی کوئی بات نہ ہوگی۔ بیٹا نے کہا کہ ہم نے کچھ سنا۔ اس دن کے بعد میری روح کو سکون آ گیا۔ مجھے آج بھی (ش) ہر جمعرات کو چیختی چلاتی ہوئی ملتی ہے' اس کی قبر آگ سے بھری ہوئی ہے۔ میں اس کیلئے پڑھ پڑھ کر ہدیہ کرتی ہوں مگر وہ مجھے خواب میں کہتی ہے کہ جو تحفے تم مجھے بھیجتی ہو وہ کچھ فاصلے پر اس طرح رکھ دیئے جاتے ہیں جیسے بھوکے انسان سے کھانا دور کر دیا جائے اور وہ دیکھ دیکھ کر تڑپتا رہے۔ قارئین! میری ہاتھ جوڑ کر گزارش ہے کہ خدارا جھوٹی قسم نہ اٹھایئے اور اپنے شریک حیات کو کبھی بھی دھوکہ مت دیجئے۔ عبقری پڑھتے پڑھتے میری آخرت سنوارنے کی خواہش پوری ہوگئی' میرے شوہر نے مجھے معاف کر دیا' اب اللہ تعالیٰ سے ہر وقت استغفار کرتی رہتی ہوں یا اللہ مجھے معاف کر دے۔ (پوشیدہ)

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

ستو! بہترین ذائقہ طاقتور اور ٹھنڈک کا بادشاہ

علی اسامہ لاہور

ستو صرف گرمی کی شدت کو ہی کم نہیں کرتا بلکہ کئی امراض میں دوا کا کام بھی دیتا ہے۔ ستو قبض سے چھٹکارا پانے کے لئے بہترین دوا ہے۔ خاص طور پر رمضان المبارک میں قبض نہیں ہونے دیتا۔

چنا مکئی جو جوار کو ریت میں بھوننے کے بعد چکی میں پیس کر بنائے گئے پاؤڈر کو ستو کہا جاتا ہے۔ گرمیوں کا موسم شروع ہوتے ہی ملک بھر میں اکثر لوگ ستو کا استعمال کرتے ہیں۔ خاص کر دُور دراز کے قصبوں اور دیہاتوں میں یہ بطور کھانا استعمال ہوتا ہے۔ چنے کے ستو میں پروٹین کے اجزاء کافی مقدار میں موجود ہیں اور مکئی کے ستو میں کاربو ہائیڈریٹس کی مقدار کافی ہوتی ہے۔ ان دونوں چیزوں کے ستو میں برابر برابر مقدار میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ستو بنا بنایا بازار سے بھی دستیاب ہو جاتا ہے۔ گڑ اور شکر کا ستو بھی لوگوں میں مقبول ہے۔ جسم کی تندرستی کے لئے فائدہ مند ہے۔ خاص طور پر رمضان المبارک کی سخت گرمی کے بعد جب افطاری کے بعد اس کا ایک گلاس پیا جائے تو سارے دن کی گرمی، پیاس اور تھکن پہلے گھونٹ میں ہی ختم ہو جاتی ہے۔ سب سے خاص بات یہ ہر قسم کے مضر اثرات سے پاک ہے ستو کی کئی اقسام ہیں جو یہاں درج کی جا رہی ہیں:۔

جو کا ستو: ٹھنڈا، گرمی کا دشمن، ہلکا، دست آور، قبض کشا، بلغمی امراض میں تسکین دیتا ہے روکھا ہوتا ہے اسے پانی میں گھول کر شکر ملا کر پینے سے یہ مقوی، طاقت پہنچانے والا، بلغم اور کف کو ختم کرنے والا فرحت بخش، ذائقہ دار اور پیاس کی شدت کم کرنے والا مشروب بن جاتا ہے۔ جو اور چنے کا ستو: چنے کو بھون کر چھکا اُتار کر پسوا لیتے ہیں اور چوتھائی حصہ جو کے ستو میں ملا لیتے ہیں۔ یہی جو اور چنے کا ستو ہے اس ستو کو پانی میں گھول کر گھی، شکر ملا کر پینا گرمی کے موسم میں بہت فائدہ مند ہے۔ یہ لو میں فرحت بخش ہے اور ٹھنڈک کا احساس دیتا ہے۔ چاول کا ستو: چاول کا ستو بھی گرمی کا دشمن، ہلکا، ٹھنڈا، میٹھا، ذائقہ دار اور مقوی ہے۔ گرمیوں کے موسم میں اس کا کھانا اور پینا بہت مفید ہے۔ جو، گیہوں اور چنے کا ستو: چنے کی دال ایک کلو گیہوں آدھا کلو اور جو 200 گرام لے کر تینوں کو الگ الگ سات آٹھ گھنٹے تک پانی میں بھگو کر سکھا لیں اور پھر تینوں کو الگ الگ بھنوا لیں۔ پھر تینوں کو ایک ساتھ پیس کر سفوف بنا لیں گیہوں جو اور چنے کا ستو تیار ہے۔

استعمال: ان تمام اشیاء کے ستو کو شربت بنا کر بھی پیا جا سکتا ہے اور کھیر کی طرح گاڑھا بنا کر چمچ سے بھی کھایا جاتا ہے اگر اسے میٹھا کرنا ہو تو اس میں شکر یا گڑ بھی ملا سکتے ہیں اور نمکین ستو بنانا ہو تو حسب ذائقہ نمک اور زیرہ پانی میں ڈال کر اس میں ستو گھول دیں۔ **ستو کے فوائد:** ستو صرف گرمی کی شدت کو ہی کم نہیں کرتا بلکہ کئی امراض میں دوا کا کام بھی دیتا ہے۔ ستو قبض سے چھٹکارا پانے کے لئے بہترین دوا ہے۔ خاص طور پر رمضان المبارک میں قبض نہیں ہونے دیتا۔ تیزابیت کے مریضوں کے لئے چنے کا ستو زیادہ مفید ہے اس میں موجود اجزاء تیزابیت دور کرتے ہیں۔ گرمیوں کے موسم میں چنے کا ستو اور تھوڑا سا نمک، بھنا ہوا زیرہ ملا کر پینے سے جسم کو طاقت ملتی ہے یہ مشروب لُو لگنے سے محفوظ رکھتا ہے۔ چنا بلغم کو کم کرتا ہے اس لئے رات کو سوتے وقت ایک پاؤ دودھ میں دو بڑے چمچ چنے کا ستو ملا کر پینے سے حلق میں جما بلغم نکل جاتا ہے اور کھانسی میں بھی آرام ملتا ہے۔ گڑ ملا کر چنے کا ستو روزانہ پینے سے بار بار پیشاب آنے کی شکایت سے نجات ملتی ہے۔ ڈیڑھ دو چمچ چنے کا ستو اور بادام کی پانچ گرام گری کھا کر اوپر سے ایک پاؤ دودھ پینے سے مردانہ کمزوری میں فائدہ پہنچتا ہے۔ روزانہ رات سوتے وقت چنے کا ستو کا استعمال بواسیر کے مسوں کی رطوبت ختم کرنے کے لئے بہت مفید ہے۔ اگر کہیں گہرا زخم لگ جائے تو ستو میں السی کا تیل ملا کر مرہم کی طرح بنا لیں۔ اس مرہم کو زخم پر لگانے سے زخم بھر جاتا ہے۔ **کچھ احتیاط بھی ضروری ہے:** ستو کے فوائد تو بہت ہیں مگر اس کا غیر ضروری اور بے تحاشہ استعمال نقصان دہ بھی ہو سکتا ہے اس لئے زیادہ استعمال حسب ضرورت ہی کیا جائے۔ چنے کے ستو کا مسلسل استعمال پیٹ میں گیس پیدا کر دیتا ہے اس لئے زیادہ استعمال نہ کیا جائے۔ پتھری کے مریضوں کے لئے چنے کے ستو کا استعمال مضر ہوتا ہے۔ کوڑھ کے مرض میں بھی چنے کا ستو نقصان کرتا ہے اس لئے کوڑھ کے مریض اس سے احتیاط کریں۔ برسات کے موسم میں چنے کا ستو کم سے کم کھائیں اور ہو سکے تو اس کا استعمال اس موسم میں نہ کریں۔ ستو کھاتے وقت درمیان میں پانی نہیں پینا چاہیے۔ ایک دن میں صرف ایک بار ہی ستو کا استعمال کیا جائے۔ کھانا کھانے کے بعد بھی ستو کا استعمال نہ کیا جائے۔ صرف ستو کھانا بھی مضر ہو سکتا ہے اس لئے چاہئے کہ اس کے ساتھ نمک شکر گڑ زیرہ وغیرہ ملا لیں۔

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 10 مئی بروز جمعرات 2 بجکر 10 منٹ سے لیکر 3 بجکر 25 منٹ تک، 20 مئی بروز اتوار صبح 10 تا 11 بجکر 17 منٹ تک، 29 مئی بروز منگل عصر تا مغرب تک اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا، اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کر لیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

مجھے ان دیکھی چیزوں سے ڈر لگتا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے اندر انجانا خوف اور ڈر تھا، اکیلے کمرے میں سو نہیں سکتی تھی، اگر کوئی کمرے میں نہ ہوتا تو وہاں جا نہیں سکتی تھی، اچانک لائٹ چلی جاتی تو میری اوپر والی سانس اوپر اور نیچے والی نیچے رہ جاتی، جسم پسینے سے شرابور ہو جاتا، نجانے کیوں ہر وقت احساس ہوتا کہ میرے پیچھے کوئی کھڑا ہے یا جب میں سو رہی ہوں تو میرے سرہانے کوئی کھڑا ہے اور ابھی میری گردن دبا دے گا۔ بیٹھے بیٹھے اچانک لگتا کہ میرے آگے سے یا پیچھے سے کوئی گزر کر گیا ہے۔ پھر ہمارے گھر میرے ابو ایک دن ماہنامہ عبقری لے آئے، میں نے جب پڑھا تو مجھے اس میں اپنی اس انوکھی بیماری کا حل نظر آیا، میں نے اس میں دی گئی ماہنامہ روحانی محفل بتائے گئے طریقے (باقی صفحہ نمبر 20 پر)

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

عبقری رسالہ ادویات، کتب آپ کے شہر میں

احمد پور شرقیہ میں عبقری کی پورے ملک کیلئے منظور شدہ
ہول سیل ایجنسی فارانی دواخانہ 0622272198

ادارہ کی طرف سے دواؤں، خزانہ اور کتب کے علاوہ کسی چیز کی ذمہ داری نہیں لیا جاسکتا۔ قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ ہے۔

نام شہر اور فون نمبر	نام شہر اور فون نمبر	نام شہر اور فون نمبر
احمد پور شرقیہ 0622272198 ادویات	حضرو 0301-5514113	کوٹ ادو 0333-6003909
احمد پور شرقیہ 0302-7768[illegible] رسالہ	خانیوال 0303-7372281	کوٹ ادو 0331-6007670
اٹک 057-2602020	خان پور 0685-572654	کوہاٹ 0922-511760
اسلام آباد 0321-5247893	خوشاب 0305-5038040	قصور 0322-7616470
اسلام آباد 0336-0195366	خانقاہ شریف: 0300-6812251	کاموکی 0323-8240642
ایبٹ آباد 0344-9381998	خیر پور ٹامیوالی: 0302-7779671	کھپرو 0336-0312694
ایبٹ آباد 0992-335847	راولپنڈی 0333-5648351	کوئٹہ 081-2824617
اوکاڑہ 0300-6968538	راولپنڈی 051-5505194	کلورکوٹ 0300-7780221
باغ آزاد کشمیر 0312-5819880	اے ون ڈ 0300-4719056	کھوڑ 0307-5137855
بورے والا 0300-7591190	رائے ونڈ: 0307-7397658	کسووال 0300-4340914
بھکر 0331-2344445	رحیم یار خان 068-5872626	کوہاٹ 0313-4874544
بھکر 0333-8045050	رحیم یار خان 0332-[illegible]	کمالیہ 0334-9630911
بہاولنگر 0333-6320766	رحیم یار خان 0331-7424506	کمالیہ 0334-7670840
بہاولپور 0333-6367755	رحیم یار خان 0333-6954044	کوئٹہ 0332-3801555
بورے والا 0673352712	دیر تیمر گرہ 0345-9651521	کوٹلہ ارب علی 0301-6267600
بنوں 0321-9632838	دیپالپور 0300-4059957	کمر مشانی 0301-8955413
بنوں 0334-8852912	دیپالپور 0343-4959350	گجرات 0302-6292132
بھاگٹانوالہ 0305-7655288	دریا خان 0303-9622443	گجرات 0333-8443093
بٹ خیلہ / چکدرہ 0344-9783610	وندا شاہ ولاول 0336-5953230	گجر خان 0332-5878032
پھل 0334-4306823	دولتانہ: 0336-5167423	گوجرانوالہ 0300-6453745
پشاور 0314-9007293	ڈیرہ اسماعیل خان 0345-2567447	گوجرانوالہ 0300-6422516
پشاور 0333-9161237	ڈسکہ 0305-6007845	لیاقت 0345-8709947
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424	ڈیرہ غازیخان 0334-6781558	0334-6945606
پنڈی گھیب 0334-5800786	ڈیرہ غازیخان 0315-8701970	لاہور 0320-9439889
پاکپتن شریف 0314-3650234	سرگودھا 0301-6762480	لاہور 0322-8081147
پتوکی 0334-4062698	سیالکوٹ 0321-7120318	لاہور 0322-4614031
پھالیہ 0324-6188707	سکھر 0336-9312436	لاڑکانہ 0345-9228855
تلہ گنگ 0346-5771975	سمندری: 0300-0310313	لورا 0321-5500221
ٹانک 0301-8790927	سرائے عالمگیر: 0335-8088451	لودھراں 0300-6348123
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0321-7531597	سکھو: 0334-8724786	لالہ موسیٰ 0322-5884388
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6870706	سکھیکی منڈی: 0342-6565723	لالہ موسیٰ: 0300-6255837
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0345-7555271	سمبڑیال: 0300-7160811	مرید کے 0300-8583677
جھنگ صدر 0333-6756493	ساہیوال 0321-6938847	منڈی بہاؤالدین 0345-6810615
جھنگ صدر 0477-621733	شیخوپورہ 0341-6616915	مظفر گڑھ 0333-6031077
ٹیکسلا 0307-8321046	شجاع آباد 0300-2539685	ملکوال 0346-6565765
جہانیاں 0321-7359861	شہداد پور 0334-3100962	میلسی 0321-7982550
جہلم دینہ 0333-5806101	شورکوٹ کینٹ 0302-7296211	میانوالی 045-9233999
جنڈ 0333-5480393	شورکوٹ شہر 0300-7505322	میانوالی: 0313-9831959
جام پور 0336-6758452	شاہکوٹ 0312-3710911	مانسہرہ 0300-2753463
جتوئی 0301-6956848	شکر گڑھ: 0301-6644331	ملتان 0300-6301461
جلال پور پیروالا 0300-8985689	صادق آباد 0333-7452600	ملتان: 0300-8632292
جٹیال گلگت 0312-9934607	صوابی 0314-9661622	مری 051-3410777
چکوال 0333-5783167	ظاہر پیر 0333-6353870	مری 0300-5506082
چکوال 0333-5778810	ظفر وال 0333-8749464	مردان 0300-9175500
چکوال 0306-5785684	عارف والا 0322-7849580	میاں چنوں 0333-8884615
چونیاں 0333-4398877	علی پور 0333-7674684	مینگورہ سوات: 0345-4947759
چیچہ وطنی 0315-6905313	غذر: 0344-5419941	منڈی بہاؤالدین 0345-5861514
چشتیاں 0302-6989035	فیصل آباد 0301-7118200	ملہوالی: 0333-5333389
چوآسیدن شاہ 054-3580102	فیصل آباد: 0300-6698022	مظفر آباد 0312-4602800
چترال 0302-8062355	فیصل آباد: 0313-6648000	میر پور آزاد کشمیر 0332-5855356
چوک اعظم 0300-6767661	فتح پور 0333-6843333	منچن آباد 0331-7584075
حسن ابدال 0306-5601613	کنگری ضلع نورانی 0828-601084	نارووال 0342-6301084
حافظ آباد 0320-5751062	کراچی 0300-3218560	نوشہرہ خیبر پختونخواہ 0321-9702005
حضرو 0314-2192166	کراچی 0333-3364127	نوشکی 0332-7846812
حیدر آباد 0333-8775548	کراچی 0300-2680248	نور کوٹ 0301-6195500
حویلیاں ہزارہ 0346-9520528	کراچی 0333-3317134	وہاڑی 0306-8281075
		وزیر آباد 0345-6892591

"عبقری" نام ہر جسٹرڈ ہے کسی بھی ایجنسی یا ایڈورٹائزنگ ایجنسی کے ساتھ عبقری کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ جو لوگ اس نام کو استعمال کررہے ہیں وہ اپنا ذمہ دار خود ہوں گے۔ ادارہ کسی قسم کے نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

ایجنسی سے صرف پیکنگ شدہ دواؤں کی کھلی دوائی ہرگز نہ لیں۔ صرف عبقری ادویات ہی لیں۔ خود ساختہ دوائی نہ لیں۔

نام شہر اور فون نمبر	نام شہر اور فون نمبر	نام شہر اور فون نمبر
واہ کینٹ 0301-5497007		آزاد کشمیر و گردونواح
وانا: 0301-3232634		اُگی 0300-2753463
ہارون آباد 0333-4985886		ڈڈیال آزاد کشمیر 0302-5898995
ہارون آباد 0334-6188787		لاچی 0346-9770019
ہڈالی 0315-7390079		اسلام گڑھ آزاد کشمیر 0345-8537064
ہری پور ہزارہ: 0314-9204421		بھمبر آزاد کشمیر 0345-6783685
یزمان 0311-6346000		سنجاوی 0313-8078491
نیو جرسی یو ایس اے 01-683-1882		منگ آزاد کشمیر 0323-5432252
شکاگو 630-589-6432		درہ پیتر و 0300-9097993
یو کے 0044-7880-9842-16		درہ آدم خیل 0342-9233590
		کوٹلی آزاد کشمیر 0314-5602192

پورے سال کی مبارک گھڑیاں تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے

ہر سال رمضان المبارک کے پرنور و بابرکت لمحات، قیمتی گھڑیاں اور اپنی زندگی سنوارنے کیلئے پورا رمضان المبارک تسبیح خانہ لاہور میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی زیر نگرانی گزاریئے۔ سحری و افطاری کا مکمل اور بہترین انتظام، چوبیس گھنٹے بجلی کی بلاتعطل فراہمی ہوگی۔ **27 ویں شب:** رمضان المبارک کی 27 ویں شب تراویح میں ختم القرآن کے مبارک موقع پر حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم ایمان افروز درس کی صورت میں انمول موتی بکھیریں گے۔ درس میں خاص الخاص وظیفہ اجازت کے ساتھ بتایا جائے گا جو زندگی کی ہر پریشانی، روحانی و جسمانی امراض سے شفاء یابی کا ذریعہ ہوگا۔ ہر سال جمادی الاول کی تیسری جمعرات بسم اللہ کا خصوصی عمل کروایا جائے گا

شب برأت: ہر سال پندرہ شعبان المعظم کی مکمل شب تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے، حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا پرسوز درس میں خاص اذکار اور اعمال۔ ساری رات وہ عبادات جو صحیح احادیث سے ثابت ہیں۔ تہجد کے وقت حضرت حکیم صاحب برکاتہم خصوصی رقت آمیز دعا کروائیں گے۔ دور رکھنے والے افراد کیلئے سحری کا انتظام ہوگا۔ **جشن آزادی پاکستان:** آزادی پاکستان کے حوالے ہر اگست کو تسبیح خانہ لاہور میں خاص درس ہوگا۔ جس میں قیام پاکستان 1947ء کیلئے خصوصی دعا کی جائے گی اور انہیں خراج تحسین پیش کیا جائے گا

اظہار: 10،9 محرم الحرام اظہار اول یہ محافل اور مجالس رہیں گی۔ صبح اور شام شیخ الوظائف کے خصوصی ذکر حسینؓ اور فضائل اہل بیت اطہارؓ پر درس ہوں گے۔ اہل بیت اطہارؓ کے آزمودہ ایسے شکل کشا وظائف اور عملیات کا انکشاف جس سے لاکھوں کروڑوں لوگوں کی مشکلات اور پریشانیاں حل ہوئیں، ایسی پرنور دعائیں جو کہ حضرت امام حسینؓ، حضرت امام جعفر صادقؒ، حضرت امام زین العابدینؒ اور دوسرے اہل بیت اطہارؓ کی ہیں، جن کا ورد نسلوں کیلئے برکتیں خیریں عزتیں، عافیتیں، دولت اور حسن لائے۔ یہ دو دن تسبیح خانہ میں گزاریں سعادتیں حاصل کریں، خواتین اور مرد حضرات کو تسبیح خانہ میں دو دن گزارنے کی اجازت عام ہے۔ ان شاء اللہ سحری و افطاری 10،9 محرم الحرام کا انتظام ہوگا۔ مجبور اور مریض کیلئے تین وقت لنگر کا انتظام بھی ہوگا۔ نوٹ: معذور اور مریض حضرات کیلئے تین وقت کھانے کا انتظام ہوگا۔

نوٹ: تسبیح خانہ لاہور میں قیام کیلئے آنے والے حضرات حسب موسم بستر ہمراہ لانا ہرگز نہ بھولیں!

http://www.urdutube.net/

رمضان المبارک 2017ء میں تسبیح خانہ میں مقیم حضرات کے شیخ الوظائف کو بتائے آزمودہ طبی چٹکلے، روحانی اعمال، تجربات اور مشاہدات

رمضان المبارک تسبیح خانہ میں گزارنے والے مقیمین کے ساتھ حضرت حکیم صاحب وقتاً فوقتاً مختلف مجالس کا انعقاد فرماتے رہے، جس میں لوگ اپنے روحانی وطبی تجربات ومشاہدات بے تکلف کھڑے ہوکر بیان کرتے، وہ تمام آزمودہ درآزمودہ دلوں کے راز قارئین عبقری کے فائدہ کیلئے شائع کیے جارہے ہیں۔

نظر کی کمزوری کے لئے: رمضان المبارک میں درس کے بعد ہونے والی محفل میں ایک صاحب اپنا مشاہدہ سنانے کیلئے اٹھے اور بولے میری بائیں آنکھ کی نظر ساڑھے تین نمبر کی کمزور تھی۔ رمضان میں [illegible] کروائی۔ شیشہ ٹوٹ گیا تھا اب ڈھائی [illegible] ٹوٹکہ یہ استعمال کرتا ہوں کہ نماز پڑھنے کے بعد اپنا مسواک کو اپنی دونوں آنکھوں پر پھیرتا ہوں، اس مسواک (جو میری جیب میں سے مسواک نکال کر سب کو دکھاتے ہوئے) کی برکت سے میری نظر کی کمزوری ایک نمبر کم ہوگئی ہے۔ میری عمر 61 سال ہے۔

موروثی عینک ٹوٹ گئی! نظر بالکل ٹھیک: ایک صاحب نے بتایا: سونف کو توے پر تھوڑا سا گرم کریں، پھر کسی برتن میں ڈال کر مسلیں گے تو اس کے اوپر کا چھلکا اتر جائے گا تو اس میں سے چاول کی طرح باریک دانہ نکلے گا، جس کو سونف کا چاول کہتے ہیں اس کو پیس لیں۔ اب سونف کے چاول کے ہم وزن گلوکوز لے کر دونوں کو مکس کرلیں، بڑوں کیلئے دو چائے کے چمچ دودھ کے ہمراہ اور چھوٹوں کیلئے ایک چائے کا چمچ دودھ کے ہمراہ لیں۔ دودھ میں میٹھا نہیں ڈالنا، اس سے معدے کا نظام بہت اچھا ہوجاتا ہے، ہاتھوں کی ہتھیلیاں اور پاؤں کے تلوے جلتے ہوں وہ بھی ٹھیک ہوجاتے ہیں اور نظر بھی صحیح ہوجاتی ہے۔ بچوں کے لئے مسلسل تین ماہ استعمال کریں۔ میرے بھانجے کو باپ کی طرف سے موروثی عینک تھی۔ وہ موروثی عینک ختم ہوگئی اور نظر ٹھیک ہوگئی۔ ایک چھٹانک سونف کو پیس کر اس کے چاول نکال کر ان کو پیس کر ہم وزن گلوکوز میں ملا کر ایک ڈبے میں رکھ دیں اور بڑوں اور بچوں کو درج بالا طریقے سے استعمال کراتے رہیں۔

چونا لگایا گردن کے موہکے ختم: محترم شیخ الوظائف! میری گردن میں موہکے تھے، نائی سے ریزر سے کٹوائے، چند دنوں [illegible] ہوگئے۔ میں نے نائی سے دوبارہ کٹوائے مگر پھر بھی ختم نہ ہوئے۔ پان فروش سے چونا لیا، (جو وہ پان پر لگاتا ہے) ماچس کی تیلی سے موہکوں کے اوپر چند دن لگایا۔ کچھ عرصے کے بعد [illegible] تو جگہ سرخ ہوگئی اور کچھ عرصہ کے بعد نشان ہی ختم ہوگئے اب کوئی نشان نہیں ہے۔

دل کے مریض کی بے چینی ٹوٹکہ سے ختم: میرے سسر دل کے مریض ہیں اور [illegible] بہت کم ہے جس کی وجہ سے ان کو نیند بالکل نہیں آتی اور ہر وقت بے چین رہتے ہیں۔ اس کے لئے ہم نے حکیم صاحب سے رمضان المبارک میں بتایا نسخہ استعمال کروایا۔ وہ اس طرح ہے کہ تخم بالنگو (جسے تخم ملنگا بھی کہتے ہیں) اور گوند کتیرا یہ دونوں ایک ایک چھٹانک لے کر مکس کرلیں۔ ایک چمچ لے کر گرمیاں ہوں تو ٹھنڈے دودھ میں بھگو کر پانچ سے دس منٹ رکھ لیں اور پھر مکس کرکے پلا دیں۔ یا رات کو بھگو کر رکھ لیں اور صبح مکس کرکے پی لیں۔ اس کے ساتھ اگر دودھ میں مشروب عبقری کا ایک چمچ ڈال کر پیا جائے تو سونے پر سہاگہ والی بات ہوجاتی ہے۔ انتہائی لذیذ مشروب تیار ہوتا ہے۔ ہم نے ان کو یہی مشروب استعمال کروایا ان کی بے چینی بھی ختم ہوجاتی ہے اور دوسرا ان کو نیند بہت اچھی آتی ہے۔

شیخ الوظائف نے بتایا یورک ایسڈ کا آسان ترین علاج: ایک بیماری ہے یورک ایسڈ اس سے جسم میں درد بڑھ جاتا ہے۔ ڈاکٹر کی دوائی سے معدہ خراب ہوجاتا ہے تو اس کے لئے ایک ٹوٹکہ ہے۔ ھوالشافی: نیاز بو (جس کو پیری بھی کہتے ہیں) عربی میں اس کا نام ہے ریحان تو اس کے پتوں کی چٹنی پودینے کی طرح بنالیں۔ 5 یا 7 دن کھانے کے ساتھ کھائیں تو ان شاء اللہ یورک ایسڈ ختم ہوجائے گا۔ ہلکا نمک اور ہلکی سی مرچ ڈال کر بنائیں۔ اگر سبز مرچ کا زمانہ ہو تو سبز ڈال دی جائے ورنہ سرخ ڈال دی جائے۔ جوڑوں کا درد بھی نہیں ہوتا جسم میں درد بھی نہیں ہوتا۔ **میرے والد کو شوگر کا زخم اور دوست کا یورک ایسڈ:** محترم شیخ الوظائف! میرے والد کو شوگر ہے کبھی کبھی پاؤں پہ چوٹ بھی لگ جاتی ہے۔ زخم بھی ہوجاتا ہے۔ وہ کھانے کے ساتھ ادرک کا استعمال زیادہ کرتے ہیں۔ ادرک سے کمر کا درد بھی ختم ہوجاتا ہے اور زخم بھی جلدی بھر جاتا ہے۔ ایک اور ٹوٹکہ میرا آزمودہ ہے وہ یہ کہ میرا ایک دوست ہے۔ اس کو گردے میں کافی دیر سے درد ہورہا تھا۔ یورک ایسڈ کا بھی مسئلہ تھا اور اس کا پیشاب بھی رکا ہوا تھا، میں نے اسے تیز پتی کا قہوہ بنا کر دیا، چینی بالکل نہیں ڈالی تو اس کے پینے سے اس کا پیشاب جاری ہوگیا اور درد بھی ختم ہوگیا۔

بچوں کے اسہال کیلئے انڈے کی سفیدی کا استعمال: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میری بیگم میری نواسی کو پال رہی ہیں، وہ جب ایک سال کی ہوئی تو اس نے دانت نکالنے شروع کردیئے۔ اس کے ساتھ ہی اس کو اسہال شروع [illegible] اور اتنے زیادہ ہوئے پریشان ہوکر ڈاکٹر کے پاس [illegible] ڈاکٹر نے تقریباً 1200 کی ادویات لکھ دیں۔ چند دن استعمال کیں مگر فائدہ نہ ہوا۔ میرے والد حکیم تھے، مجھے اچانک [illegible] لیا۔ جب بچوں کی ایسی حالت ہوتی تھی تو وہ دیسی انڈے کی سفیدی نکال کر اس میں پانی ڈالتے تھے، اس کو پھینٹ کر اس کی جھاگ ہٹا لیتے، پھر پھینٹتے پھر جھاگ ہٹا دیتے، تیسری مرتبہ کے بعد جو پانی بچ جاتا [illegible] پانی تھوڑا تھوڑا پلاتے تو بچوں کے پاخانے [illegible] جاتے [illegible] یہی ٹوٹکہ آزمایا بچی صحت یاب ہوگئی۔

خونی بواسیر کے لئے بہترین ٹوٹکہ: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرے پاس خونی بواسیر کا ایک بہترین ٹوٹکہ ہے۔ ھوالشافی: سرخ پھٹکڑی لے لیں۔ (یاد رہے پھٹکڑی دو طرح کی ہوتی ہے، ایک بالکل سفید ور ایک سرخ پھٹکڑی) سرخ پھٹکڑی کا پاؤڈر بنالیں اور ایک چائے والا چمچ اس پاؤڈر کا لیں اور اس کے اوپر ایک گلاس دودھ پی لیں تو خونی بواسیر سے ہمیشہ کے لئے جان چھوٹ جائے گی۔ میں نے یہ ٹوٹکہ بے شمار پر آزمایا الحمدللہ سب

اکسیر البدن
کامیاب بچپن، لاجواب جوانی
بے مثال بڑھاپا
☆ نبوی جڑی بوٹیاں، وٹامن سے بھرپور قیمتی جنتی پھل، سمندری صدف اور ایسی ایسی جڑی بوٹیاں ڈالی گئی ہیں جن کی ایک ایک خوراک صحت میں شادابی لاتی ہے ☆ دل ودماغ، جگر کی خصوصی نگہداشت ☆ لڑکے لڑکیوں کی تمام کمزوریوں کا آزمودہ حل ☆ بے رونق جسم، پچکے گال، آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ، امتحان کا خوف یا دماغی وجسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی پائیں ☆ چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال ☆ دل ودماغ اور جگر کی طاقت پائیں ☆ ٹائیفائیڈ بخار ہو یا بخار کے بعد کی کمزوری، رمضان میں اکسیر البدن کو ساتھی بنائیں اور کمال خود دیکھیں۔ (قیمت صرف -/300 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

http://www.urdutube.net
Digitized by Google

کو اللہ پاک نے شفاء سے نوازا ہے۔

نظر کیلئے بہترین چیز: میں نے یہ ٹوٹکہ عبقری میں پڑھا تھا کہ زرشک شیریں نظر کی کمزوری' اعصاب کی کمزوری اور جس کا جگر خون نہ بناتا ہو ان سب کے لئے بہت زبردست ہے۔ میں نے کئی لوگوں کو استعمال کروایا خود بھی استعمال کیا بہترین رزلٹ پایا اس کے استعمال کا طریقہ یہ ہے۔ ایک چمچ زرشک شیریں دودھ کے ساتھ لیں اور چبا چبا کے کھانی ہے' اسی طرح ایک چمچ بادام کو دودھ کے ساتھ چبا چبا کر کھانا ہے۔ یہ نظر اور اعصاب کے لئے بہترین چیز ہے۔ **بھڑیا مکھی کاٹ جائے تو فوراً یہ ٹوٹکہ آزمائیں:** جس کو بھڑیا مکھی جس جگہ کاٹے اس متاثرہ جگہ پر کوئی بھی چیز بھی ہو چھری وغیرہ اس جگہ پر اچھی طرح رگڑیں۔ تین چار منٹ بعد نہ درد ہوگا اور نہ ہی نشان رہے گا۔ ان شاء اللہ۔

موروثی بواسیر تین دن میں ختم: ہمارے خاندان میں بواسیر موروثی بیماری ہے' میری خالہ کی عمر تقریباً 70 سال ہے۔ بوڑھی عورت ہے' ان کو بواسیر تھی' میں نے ان کو روحانی پھکی دی۔ انہوں نے دو تین دن چنے کے برابر کھائی۔ ان کی بواسیر کی بیماری ختم ہو گئی۔ **معدہ کی بیماری اچانک ختم:** محترم شیخ الوظائف! میرا عبقری سے تعلق 2010 میں بنا۔ اس سے پہلے میرے دوست کو معدے میں تکلیف تھی' ہم اکٹھے بیٹھے تھے تو سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ کیا کریں۔ اچانک ایک دن دل میں خیال آیا کہ ہلدی اور سفید زیرہ بزرگوں سے سنتے آئے ہیں کہ وہ معدے کے لئے اچھے ہوتے ہیں۔ میرے دماغ میں اچانک خیال آیا اور میں نے اس کی چھوٹی انگلی (چھنگلی) کے برابر ہلدی اور تھوڑا سا بالکل ناخن کے برابر سفید زیرہ لے کر اس کی پھکی بنا کر اس کو کھلا دی تو اس کے 10 منٹ کے اندر اندر اس کے معدے کا درد ٹھیک ہو گیا اور اللہ تعالیٰ نے شفاء دی۔ **افطاری کے بعد ہونے والی بے چینی کا علاج:** افطاری کے بعد اکثر لوگ ٹھنڈا پانی پیتے ہیں جس سے معدے میں گیس' تبخیر' جلن اور ایسی ڈکار آتا کہ ابھی الٹی آئے گی۔ حکیم صاحب کا ایک نسخہ میں نے عبقری میں پڑھا کہ تخم بالنگو اور دیسی شکر والا۔ وہ میں نے پینا کرنا شروع کیا اور شربت میں ہمیشہ افطاری میں پیتا ہوں۔ اس سے یہ فائدہ ہوا کہ نہ تبخیر ہے' نہ الٹی ہے' نہ معدے کی جلن ہے۔ اس سے طبیعت بالکل فریش رہتی ہے۔ تراویح میں بوجھل رہتا تھا نیند آتی تھی اب تراویح میں بالکل چست رہتا ہوں۔

ترکیب:۔ براؤن شکر پانچ چمچ اور ایک چمچ بالنگو کا شربت بنایا ایک لٹر پانی میں صبح کو بھگو کر افطار میں استعمال کیا۔ اس سے نہ کھٹے ڈکار ہیں نہ معدے کی تبخیر ہے نہ بوجھل پن ہے نہ ہی جسم میں درد ہے۔ **منہ میں چھالے ہیں تو پان والے کے پاس جائیں:** منہ کے اندر بعض لوگوں کو اکثر گرمیوں میں اور خاص کر رمضان المبارک میں چھالے بن جاتے ہیں' سوموجل وغیرہ لگانے سے آرام نہیں آتا تو پان والے کی دوکان سے کتھا لے کر چھالوں پر لگانے سے منہ کے چھالے ختم ہو جاتے ہیں' میں نے خود آزمایا ہے۔ **میری زندگی کا ناقابل فراموش واقعہ:** محترم شیخ الوظائف! میں آپ کے تمام درس بہت شوق سے سنتا ہوں' آج تراویح کے بعد آپ کا درس سن رہا تھا تو یہ واقعہ میرے ذہن میں آیا جو کہ میری زندگی کا ناقابل فراموش ہے۔

میں انگلینڈ میں رضاکارانہ طور پر 4 ہائی اسکولوں میں جا کر اسلامک اسٹڈیز کے لیکچر دیتا تھا۔ مجھے اس کی تنخواہ نہیں ملتی تھی۔ ایک ہائی اسکول میں میرے سال میں 8 لیکچر ہوتے تھے۔ اسلام کے بارے میں انفارمیشن دینی ہوتی تھی کہ اسلام کیا ہے تو جب میرا دوسرا لیکچر تھا تو میں نے 25 منٹ لیکچر دیا اور 5 منٹ دیئے کہ اگر سوال ہو تو مجھ سے پوچھیں۔ اب یہ پتہ نہیں ہوتا کہ کون سٹوڈنٹس کیا سوال پوچھتے ہیں لیکن ایک اسٹوڈنٹ تھا اس کا نام تھا مارک لوئیس وہ A لیول کا اسٹوڈنٹ تھا' 17 یا 18 سال کی عمر کا جوان تھا اس نے مجھے کہا کہ ہمارے اسکول میں جب ڈنر کا مینیو ہوتا ہے تو مسلمان سور (خنزیر) کا گوشت نہیں کھاتے کیونکہ آپ کے نبی (ﷺ) نے اسلام کی تبلیغ شروع کی تھی اس زمانے میں ویٹرنری ڈاکٹر نہیں ہوتا تھا۔ دوسرا یہ کہ وہاں فریج نہیں ہوتا تھا' اب جو ویٹرنری ڈاکٹر ہیں' وہ چیک کرتے ہیں کہ اس میں کوئی بیماری تو نہیں اور وہ اس کو پاس کرتے ہیں اور اس پر مہر لگاتے ہیں اور تب جا کر دکانوں پر سور کا گوشت بکتا ہے اور پھر یہ ہے کہ اس کو فریج میں رکھتے ہیں تاکہ اس میں کوئی بیماری پیدا نہ ہو۔ اب آپ کے بچے کیوں نہیں کھاتے؟ خیر اس نے سوال کیا میں نے سنا اللہ تعالیٰ نے فوری طور پر میرے ذہن میں یہ بات ڈال دی۔ میں نے کہا: جس قسم کی چیزیں آپ کھائیں آپ کی نیچر میں اس قسم کی تبدیلیاں آجاتی ہیں' میں نے کہا: آپ دیکھیں جو سبزیاں کھاتے ہیں عام طور پر ان کے بارے میں مشہور ہے کہ لڑائی کم کرتے ہیں اور جو گوشت کھاتے ہیں وہ جنگیں زیادہ کرتے ہیں۔ میں نے کہا آپ کی تاریخ میں دیکھ لیں۔

ہر 25 سال کے بعد یورپ والے آپس میں لڑتے ہیں اب اقوام متحدہ بن گئی ہے تو آپ لڑائی نہیں کر رہے لیکن یہ ہے کہ آپ تاریخ اٹھا کر دیکھیں تو یورپ کا ہر ملک 25 سال بعد لڑائی شروع کر دیتا ہے اور پھر یہ ہے کہ شراب بھی ایک خوراک ہے' جب آپ شراب پیتے ہیں تو آپ دوسرے کو گالی دیتے ہیں۔ لڑائی شروع کر دیتے ہیں میں نے کہا: اگر آپ کو دیکھنا ہو تو ہسپتال میں آجائیں جہاں میری ڈیوٹی ہوتی ہے تو صبح کم از کم 15 یا 20 ایسی عورتیں آتی ہیں کہ جن کی آنکھ کے نیچے کی جگہ نیلی ہوئی ہوتی ہے تو جب میں ان سے سوال کرتا ہوں یعنی ان سے پوچھتا ہوں کہ آپ کو کیا ہوا ہے؟ وہ کہتی ہے کہ میرے خاوند نے رات کو شراب پی ہوئی تھی میں نے اس سے بات کی تو اس نے غصہ میں مکا مارا اور میری آنکھ سوج گئی ہے تو میں نے کہا کہ یہ چیزیں کھانے سے آپ کا کردار بدل جاتا ہے۔ آپ کی سوچ بدل جاتی ہے تو اس لئے جو لوگ سور کا گوشت کھائیں گے وہی کیریکٹر میں چیزیں پیدا ہوں گی جو سور میں ہیں ایک تو وہ گندگی کھاتا ہے اور آپ بھی گندگی سے پرہیز نہیں کریں گے اور دوسری بات یہ ہے جانوروں میں شہوت کے اعتبار سے سب سے بے حیا جانور ہے (مزید وضاحت یہاں بیان نہیں کی جاسکتی) دیکھیں دنیا کے جتنے باقی جانور ہیں وہ اگر کسی کی مادہ کے پاس دوسرا جانور آتا ہے تو اس کے ساتھ لڑنے مرنے پر تیار ہو جاتا ہے کہ تم کیوں آئے ہو یہ مادہ میری ہے جبکہ سور ایسا نہیں کرتے۔ میں نے کہا کہ جو لوگ سور کا گوشت کھائیں گے ایک تو یہ کہ وہ گندگی ہے ان کو غیرت نہیں ہوگی اور دوسرا یہ کہ ان کے خاندان میں سور کی خصلتیں پیدا ہو جاتی ہیں اور اس طرح آپ کی فیملی میں طلاق کے واقعات بے تحاشا ہوں گے' گھر میں بے حیائی انتہا کو چھو رہی ہوگی' لڑائیاں ہوں گی' جھگڑے ہوں گے اور سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ 24 گھنٹے کام کرے گا پھر بھی آپ کے مسائل ختم نہیں ہوں گے تو جب میں نے یہ باتیں کیں تو میں نے کہا اگر آپ کا میرے اوپر اعتماد نہیں ہے تو بریڈ فورڈ کے فارمر ہیں اس کے پاس آپ چلے جائیں' یہاں بے شمار فارمر ہیں اس سے کہیں کہ مسٹر حیات نے جو بات کہی ہے وہ صحیح ہے یا نہیں اور اگر کہے کہ اس نے جھوٹ بولا ہے تو جو سزا کہیں وہ میں

الرجی' چھینکیں' دائمی نزلہ' ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)

دائمی نزلہ' الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس ☆ سفید اور گرتے بال' دماغ کمزور' حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا۔ ☆ کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا ☆ تو دائمی نزلہ' الرجی' ناک کی ہڈی کا بڑھنا' ناک کا بند رہنا' جلدی مسائل' حتیٰ کہ الرجی کا دمہ ان تمام کیلئے "الرجی' چھینکیں' دائمی نزلہ' ناک کی ہڈی کا بڑھنا" (کورس) انتہائی آزمودہ اور مؤثر ہے۔

(قیمت صرف -/600 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

اس کلاس میں لینے کو تیار ہوں۔ اگر آپ کو اپنے ملک میں امن چاہیے اور آتشک اور سوزاک کی بیماریاں چاہتے ہیں کہ کم ہوں تو پھر آپ کو اپنی عادتوں کو بدلنا پڑے گا تو اس کا اس نے کوئی جواب نہیں دیا لیکن اس کلاس میں 25 کے قریب بچے تھے جس میں سے چار مسلمان تھے تین لڑکیاں اور ایک لڑکا باقی سارے انگریز تھے یا کہ انڈین تھے پیریڈ کے ختم ہونے کے بعد چاروں مسلمان بچے دوڑ کر میرے پاس آئے اور کہا کہ ہمیں آپ کو چوم لیں کیونکہ یہ جو عورت ہے (آرای کی ٹیچر جو تھی وہ بھی بیٹھی ہوئی تھی) یہ ہمیشہ اسلام کے خلاف کوئی نہ کوئی بات کرتی ہے لیکن ہم چونکہ سٹوڈنٹس ہیں' بول نہیں سکتے لیکن آج آپ نے دلیل کے ساتھ بات کر کے ان کا منہ بند کیا ہے ہمارے خیال کے مطابق یہ کافی دیر تک اسلام کے خلاف بات نہیں کریں گے۔ بہرحال وہ پیریڈ ختم ہو گیا میں چلا گیا تو دو دن کے بعد مجھے خط ملا ہیڈ ماسٹر کی طرف سے کہ جو آپ کے چھ لیکچر ہیں وہ ہم ختم کرتے ہیں۔ اور آپ آئندہ لیکچر دینے کے لئے نہ آیا کریں بعد میں مجھے پتہ چلا کہ وہ A لیول کے لڑکوں نے ہڑتال کر دی کہ آپ مسٹر حیات کو دوبارہ بلائیں ہم اسی سے پڑھنا چاہتے ہیں لیکن اسٹاف کی باقاعدہ میٹنگ ہوئی انہوں نے مجھے بلایا اور وہ آرای کی جو عورت ٹیچر تھی اس نے کہا اگر یہ مسٹر یہاں لیکچر دے گا تو A لیول کے بچوں کو یہ مسلمان کر دے گا اس لئے میں نہیں چاہتی کہ یہ آ کر یہاں لیکچر دے تو وہ ہیڈ ماسٹر نے کہا کہ آپ پلیز مان جائیں۔ آپ اس لڑائی جھگڑے کو بڑھائیں نہیں تو آپ نہ آیا کریں' میں نے کہا یہ ٹھیک ہے لیکن یہ مسئلے کا حل نہیں' مجھے کہیں کہ آپ لیکچر دیں' آپ کے پاس کوئی اس کا سائنٹفک جواز ہے تو وہ مجھے دیں پتہ چلے کہ آپ صحیح ہیں اور میں غلط تو اس نے کہا اس کا کوئی جواب ہمارے پاس تو ہے نہیں ہماری میٹنگ ہوئی ہے ہم نے ڈسکس بھی کیا ہے لیکن ہم کیا کر سکتے ہیں؟ ہم انگریزوں کو یہ تو نہیں کہہ سکتے کہ سور نہ کھائیں ساری قوم کھاتی ہے اور یہ آتشک کے جو مریض ہیں وہ بھی یہاں بے شمار ہیں۔

کلینک میں میرے دو سیشن ہوا کرتے تھے ایک بروز صبح دس بجے سے لیکر دوپہر بارہ بجے تک اور دوسرا جمعرات کو شام ساڑھے پانچ بجے سے ساڑھے سات بجے تک کم از کم ہر سیشن میں 25 کے قریب مریض آتے ہیں' یہ سارے وہ ہیں جو مختلف عورتوں کے پاس جاتے ہیں یا عورتیں جو ہیں وہ مختلف مردوں کے پاس گئی ہیں۔ یہ بیماری ایک عام بیماری ہے تو سور کے کھانے کی ایک وجہ یہ ہے چونکہ میں نے عملی طور پر ادھر تقریباً ساڑھے اٹھائیس سال گزارے ہیں میں نے سوچا کہ آپ کو بتاؤں کہ اس لحاظ سے اسلامی معاشرہ انتہائی شاندار معاشرہ ہے' آتشک اور سوزاک کی بیماری شاید ہی ہوں یہاں پر لیکن اس طرح نہیں ہے جس طرح کہ یورپ میں ہے جس طرح نزلہ زکام یہاں عام بیماری ہے اسی طرح وہ بیماریاں ادھر عام ہیں۔

بواسیر کی تکلیف اور بارش کا پانی: بواسیر کی تکلیف اس سے اللہ تعالیٰ معاف کرے' میرے اوپر یہ بیماری گزری ہوئی ہے۔ اتنی شدید بیماری ہے کہ کھانا کھاتے ہوئے میں اٹھ جایا کرتا تھا' اتنی سخت ٹیسیں اٹھتی تھیں۔ دوائیاں کھا کھا کر میں بڑا تنگ آ گیا۔ حضرت حکیم صاحب کا بارش کے حوالے سے ماہنامہ عبقری میں طبی آرٹیکل پڑھا جو کہ چند اقساط لگاتار چلا۔ اس کے علاوہ چار پانچ سال پہلے کی بات ہے۔ اس وقت محترم حکیم صاحب نے کسی درس میں بارش کے حوالے سے بات کی تھی مجھے اب صحیح یاد نہیں۔ ایک دن میں اس بیماری سے تنگ آ گیا اور اتفاق ایسا ہوا کہ اللہ پاک نے بارش بھی برسا دی۔ میں نے بالٹیاں وغیرہ ساری اکٹھی کر لیں اور بیوی کو بھی کہا' بیوی کو بھی کہا یہ ساری باہر رکھ دو۔ سب برتن ساری بالٹیاں بھر گئیں' بوتلیں بھر گئیں' میں نے وہی پینا شروع کر دیا۔

میرا تصور تھا کہ یا اللہ مجھے اس بیماری سے نجات دلا۔ یہ تیری رحمت والا پانی ہے مجھے اس بیماری سے نجات دلا۔ الحمد اللہ چار پانچ سال ہونے والے ہیں اس کے بعد سے اس تکلیف سے مجھے ایسی نجات ملی ہے کہ آج تک دوبارہ نہیں ہوئی۔ چٹخورہ پن میرے اندر بہت ہے' اس کے بعد اتنا کھایا پیا کہ اللہ کی نعمتیں اتنی ملیں لیکن بواسیر دوبارہ نہیں ہوئی۔ اگر پانی پینا چھوڑ دیا تو دوبارہ ہو جانے کی صورت میں بارش کا پانی استعمال کرتا ہوں۔ **بواسیر کا مسکارے سے علاج:** بواسیر سے جان نہ چھوٹتی ہو تو سوڈا منٹ کی گولیاں اور مسکارا جو عورتیں لگاتی ہیں' برابر وزن میں لے کر پیس کر 500 ملی گرام کا چھوٹا کیپسول بھر لیں' صبح کو ایک چھوٹا کیپسول اور شام کو بھی کھائیں۔ ان شاء اللہ اگر موکے ہوں گے تو وہ بھی ختم ہو جائیں گے اور خونی بواسیر ہو گی تو وہ بھی ختم ہو جائے گی۔ **خارش کے ٹوٹکے:** نیم کے پتے تازہ اور مہندی کے پتے دونوں برابر وزن کے ہوں' ان کو کوٹ لیں' اس کا پانی نکالیں اس کے برابر سادہ پانی ملا دیں اور مریض کو روزانہ پلائیں' جس کو خارش ہو وہ بیسن کی روٹی کھائے اور کچھ نہ کھائے ایک ہفتہ کھائے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے خارش جتنی بھی ہو گی ختم ہو جائے گی۔

قبض' باہ' دردوں اور معدہ کے دیگر امراض کیلئے: ھوالشافی: منقیٰ ایک چھٹانک' بادام ایک چھٹانک' مُصبر سیاہ آدھا چھٹانک۔ ان کو رگڑ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ گولیاں بناتے وقت ہاتھ پر تھوڑا سا گھی لگائیں گولیاں آسانی سے بن جائیں گی۔ روزانہ ایک گولی سادہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

نزلہ' زکام' کھانسی کا آئس کریم سے علاج: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! اگر بندے کا گلا خراب ہو یا نزلہ زکام ہو' وہ چاہتا ہو کہ فوراً آرام آ جائے تو بندہ آئس کریم کھا لے۔ آئس کریم کھانے سے فوراً آرام آ جائے گا' میں خود ہی آئس کریم بناتا ہوں اور کھاتا ہوں' بظاہر تو لوگ ہنس پڑیں گے لیکن یہ میرا اپنا آزمودہ ہے اگر کسی کو یقین نہ ہو اور اس کو نزلہ زکام ہو' ابھی سے آئس کریم کھا لے اللہ پاک کی توفیق سے شفاء ملے گی۔ یہ بات سن کر شیخ الوظائف نے فرمایا: تجربات اور مشاہدات بعض اوقات ایسے ہوتے ہیں جو عقل سے ٹکراتے ہیں۔ لیکن فائدہ موجود ہوتا ہے۔

سچا منجن کے بارے میں ایک اور تجربہ: تقریباً تین ماہ پہلے سردیاں تھیں اور میں نماز بغیر کُلی کے پڑھتا تھا ایسی سخت حالت خراب تھی۔ دانت میں شدید درد رہتا تھا ٹھنڈا گرم لگتا تھا۔ میں نے کہا سچا منجن آزما لیتے ہیں جب استعمال کیا تو بہت فرق پڑا ہے۔ ابھی بھی میری جیب میں سچا منجن ہے میں اس کو استعمال کرتا رہتا ہوں۔

جوڑوں کے درد کیلئے لاجواب: ھوالشافی: یہ نسخہ عبقری سے لیا ہے۔ سنڈھ' ریوند چینی اور میٹھا سوڈا۔ یہ تمام ہم وزن لے لیں اور باریک پیس لیں اور ایک چمچ صبح' ایک چمچ دوپہر اور ایک چمچ شام کو لیں۔ یہ جوڑوں کے درد کے لیے لاجواب چیز ہے۔ ہر درد کے لئے لاجواب چیز ہے۔ یوں سمجھیں کہ دوائیوں کا مجموعہ ہے اس کے بہت سے فوائد ہیں۔ کمر درد' مہروں کا درد' جوڑوں کا درد اور ہاضمہ کے لئے لاجواب چیز ہے۔ شوگر کے لئے بھی مفید ہے۔

میرا آزمودہ ایک اور نسخہ: ھوالشافی: گلابی پھٹکڑی' آنبہ ہلدی اور تیسری چیز لونگ سمجی۔ تینوں چیزیں برابر مقدار میں

آنکھ شفاء

موتیا بند و بائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے

آشوب چشم' موتیا بند' دھندلا پن' سوزش چشم' ضعف چشم' آنکھیں رو رو کر تی ہوں' صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑ جاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں آنکھوں کے سامنے پتنگے سے اڑتے ہوں' آنکھوں میں دھندلا' غبار یا جالا ہو' آنکھوں میں خارش ہو' نظر دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہو' آنکھوں کی جلن' ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ نظر کو تقویت دیتا ہے' مسلسل استعمال کرنے والوں کو عینک سے چھٹکارا ملتا ہے۔ اس میں خاص بات یہ ہے کہ یہ آنکھوں کو چبھتا نہیں۔ ترکیب استعمال: دن میں دو سے پانچ بار ایک ایک قطرہ آنکھوں میں ڈالیں۔ قیمت:-/70 روپے علاوہ ڈاک خرچ

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

یک لاکھ نیکیاں اور درجات: جو تیسرا کلمہ ایک بار پڑھے گا ایک لاکھ نیکیاں پائے گا ایک لاکھ برائیاں دور ہوتی ہیں ایک لاکھ درجے بلند ہوتے ہیں۔ رمضان المبارک میں اس کا اجر ستر گنا بڑھا دیا جاتا ہے۔

لے کر گرائنڈ کرلیں اور سرسوں کے تیل میں ملا کر مرہم بنالیں اور محفوظ کرلیں۔ اگر کسی کو کوئی اندرونی چوٹ لگ گئی ہے' ہڈی ٹوٹی پر ہے یا ورم ہے' اس پر لگائیں' انشاء اللہ دو سے تین ہفتوں میں مکمل آرام آجائے گا۔ **رمضان میں قبض اور معدے کی گیس کے لئے:** ہڑ بڑ کا مربہ سوتے وقت رات کو تین ہڑ توڑ کر دھو کر اگر کھا لیے جائیں تو یہ معدہ اور قبض کیلئے نہایت ہی اچھا ہے بلکہ میرا آزمودہ بھی ہے۔

جڑی بوٹی ایک فائدے بے شمار: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے علاقے میں ایک جڑی بوٹی ہے۔ اس کو کہتے ہیں سُنبل اور بعض اس کو سنبلو بھی کہتے ہیں' ہمارے مانسہرہ کے علاقے میں پہاڑی علاقوں میں پودا ہوتا ہے اس کے ساتھ پھل بھی لگتا ہے۔ حضرت حکیم صاحب نے پوچھا: کالے رنگ کا؟ جواب: جی۔ حضرت صاحب: اسی کالے رنگ کے پھل کو تو ''زرشک'' کہتے ہیں جو ہیپاٹائٹس کا علاج' نظر کی کمزوری کا علاج اور جس کو شاہین شکر کھا تا ہے تو میلوں دور سے اپنے شکار کو دیکھتا ہے۔

اس کی جڑیں نکال کر اس کا چھکا اتار کر جس کو پنجابی میں سک کہتے ہیں اس کو اتار کے خشک کرلو اور پھر اس کو پیس کر رکھ لیں۔ کھانے کا ایک چمچ ایک گلاس دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ دودھ خالص ہو پانی والا نہ ہو تو یہ جسم میں اتنی مضبوطی لاتا ہے اور کمر اتنی مضبوط ہو جاتی ہے لوہے کی طرح یہ ٹوٹی ہڈیاں جوڑ دیتا ہے' یہ پنساریوں سے بھی ملتا ہے اس سُنبل میں اور جو اپنا سُنبل نکالے اس میں بہت فرق ہوتا ہے۔ جو پنساریوں سے ملتا ہے وہ ایک موس میں نہیں نکالتے دوسرا وہ اوپر جو ٹہنی ہوتی ہے اس کے چھلکے بھی اتارتے ہیں۔ ساتھ لکڑی بھی ہوتی ہے صرف جڑ کا چھلکا ہو اور موسم میں ہی نکالیں۔ اس کا موسم خزاں شروع ہونے سے بہار آنے تک ہے۔ یعنی خزاں اور بہار کے درمیان۔ اس موسم میں اس کی جڑیں نکالی جائیں اور خاص کر زیادہ مفید جب بہار پھوٹنے والی ہو تو اس وقت اس کی جڑیں نکالی جائیں۔ صرف جڑ کا چھلکا ہو ''سک ہو'' اس کو خشک کر کے پیس لیا جائے اور گھر میں کسی ڈبی میں رکھ لیں اگر دوسرے طریقے سے استعمال کرے مثلاً دو کلو دودھ پکا پکا کر آدھا کلو رہ جائے تو اس کے ساتھ استعمال کرے۔ ٹوٹی ہڈیاں مضبوط کرتا ہے' یہ سُنبل اتنی اچھی چیز ہے اور خون صفا کے لئے بہترین ٹانک ہے۔ خاص کر یہ خیال رکھیں کہ گرمیوں میں استعمال نہ کریں۔ اگر گرمیوں میں استعمال کریں تو ایک ہفتہ یا پانچ سات دن وقفہ کے ساتھ کریں ورنہ گرمی ہو جائے گی۔ سردیوں کے موسم میں اس کا استعمال ایک ہفتہ یا دس دن آپ استعمال کرلیں تو بہت سارے فائدے دے گا' پٹھے اور ہڈیاں اور کمر بہت مضبوط کرتا ہے۔ یہ بات سن کر حضرت حکیم صاحب نے فرمایا: انہوں نے لاجواب بات کی ہے۔ یہ کہتے ہیں خزاں اور بہار کے درمیان ہوتا ہے' دراصل خزاں میں اوپر سے پتے ہٹ جاتے ہیں اوپر کی طاقت نیچے چلی جاتی ہے۔ اب نقطہ سمجھئے اوپر کی طاقت ساری نیچے چلی جاتی ہے اور جب پودا ہوتا ہے تو نیچے سے سب کچھ کھینچتا ہے' بچہ ماں کو کھینچتا ہے تو بڑا ہوتا ہے۔

سُنبلو کا فائدہ: ہمارے گاؤں میں ایک لڑکے کو کینسر ہو گیا تھا تو ڈاکٹر نے کہا تھا کہ چھ مہینے کے بعد مر جائے گا تو اس کے والد نے اس کو یہ ''سنبلو'' پیس پیس کے دینا شروع کر دیا ایک مہینے کے بعد وہ بالکل ٹھیک ہو گیا۔ جب اس کو ڈاکٹر کے پاس لے گئے تو ڈاکٹر نے کہا اس کو کیا دیا یہ تو ٹھیک ہے تو انہوں نے بتایا کہ سُنبلو دیا۔ **رتن جوت کا قہوہ پیا دل کے بند ہونا کھل گئے:** ایک بوٹی ہے رتن جوت تو جس کا دل کا دل بند ہونا کے لئے بہت فائدہ مند ہے۔ اس کا قہوہ بنا کر اسے لائیں تو ان شاء اللہ دو یا تین دن پینے سے بہت افاقہ ہوگا۔ دن میں تین یا چار بار قہوہ بنا کے پئیں۔ پچھلے سال کی بات ہے ہمارے جاننے والے ہیں ان کا سی ایم ایچ میں آپریشن تھا' وہ رات کو سو کے اٹھے تو کہنے لگے اور کہا کہ اب پتہ نہیں' زندگی کا ملتے ہیں یا نہیں۔ رات کو ان کو تکلیف ہوئی انہوں نے اپنی بیگم سے کہا کوئی قہوہ بنا کے دو۔ انہوں نے کہا یہ بوٹی پڑی ہوئی ہے اس کا قہوہ بنا کے دوں انہوں نے کہا ہاں بنا دو۔ بیگم نے تھرموس بھر کے قہوہ رکھ دیا کہ رات کو پیتے رہیں جب صبح اٹھے تو ان کی طبیعت کافی بہتر تھی' وہ چڑھائی نہیں چڑھ سکتے تھے' ایوبیہ کی طرف وہ خود چل کر گئے۔ چڑھائی پر وہ کافی دور تک چلے انہوں نے کہا میری طبیعت تو بالکل ٹھیک ہے کیا وجہ ہے اس کی وہ سی ایم ایچ آئے اور ڈاکٹر کو بتایا کہ میں اتنی دور پیدل چل کر آیا ہوں تو دوبارہ میرا چیک اپ کریں جب دوبارہ چیک اپ ہوا تو ڈاکٹر نے کہا آپ کے تو وال کھل گئے ہیں آپ نے کیا کیا؟ انہوں نے کہا میں نے تو کچھ نہیں کیا بس یہ قہوہ پیا ہے میرا اپنا بھی آزمودہ ہے جب بھی تکلیف ہوتی ہے تو میں یہی قہوہ بنا کے پیتا ہوں۔ ہمارے بڑے بوڑھے بھی پیتے تھے اس سے ان کو بہت فائدہ ہوتا تھا۔ ترکیب: ایک کپ میں چائے کے دو چمچ یا ایک چمچ رتن جوت کو پانی میں ابال کر قہوہ بنانا ہے۔

پاؤں سے بدبو آئے تو: اکثر لوگ سارا دن جرابیں پہنے رہتے ہیں جب کبھی وہ بوٹ اتارتے ہیں تو ان کے پاؤں سے بدبو آتی ہے اس بدبو کو ختم کرنے کے لئے صبح جب جرابیں پہنیں اور شام کو جب اتاریں تو پھٹکری والے پانی سے پاؤں دھولیں تو ان شاء اللہ وہ بدبو ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گی۔ **مسواک کی وجہ سے اسلام قبول کیا:** فرانس میں اردن کے ایک مسلمان ڈاکٹر کام کرتے تھے اور ان کی جیب میں اکثر مسواک رکھی ہوتی تھی تو ایک فرنچ ڈاکٹر نے ان سے کہا کہ آپ اس کو کیوں استعمال کرتے ہیں' بڑے بڑے شاندار برش ملتے ہیں اچھی اچھی پیسٹ ہیں آپ اس کو کیوں ترجیح دیتے ہیں؟ تو ڈاکٹر نے ان کو نبی کریم ﷺ کی سنت کے مطابق ساری باتیں بتائیں تو وہ سن کے اس نے دل میں سوچا کہ میں پتہ تو کروں کہ اس زمانے میں نبی کریم ﷺ نے 1400 سو سال پہلے کہا ہے اس وقت تو کوئی لیبارٹری نہیں تھی کوئی ایکسرے نہیں تھا۔ وہ ڈاکٹر مسلمان نہیں تھا لیکن اس نے مسواک کو باریک پیس کے پاؤڈر سا بنا لیا اور اس کو لیبارٹری میں ٹیسٹ کرنے کی کوشش کی۔ میں آپ کو بتا دوں کہ دانتوں کو جو ٹھنڈا گرم لگتا ہے کوئی نہ کوئی بیماری ہو جاتی ہے اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ دانتوں پر جو قدرتی فلورائیڈ ہے وہ ختم ہو جاتا ہے ڈاکٹر کے پاس جائیں اور ان سے کہیں کہ یہ تکلیف ہے تو وہ آپ کو ایک اسپیشل ٹوتھ پیسٹ دیتے ہیں جس میں فلورائیڈ زیادہ ہوتا ہے تا کہ آپ کے دانت صحت مند ہو جائیں تو اس فرنچ ڈاکٹر نے اس کا پیسٹ بنا کے لیبارٹری میں ٹیسٹ کروایا اور دوسرے دن اس نے ڈاکٹر سے کہا کہ میں مسواک کروں یا نہ کروں لیکن ایک بات میں تمہیں یقین سے کہتا ہوں کہ تمہارے نبی ﷺ واقعی اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھیجے ہوئے سچے نبی ﷺ تھے کیونکہ ان کے پاس لیبارٹری نہیں تھی لیکن یہ جو بات بتائی کہ [illegible] سے آپ کے دانت ٹھیک ہو جاتے ہیں میں نے [illegible] میں فلورائیڈ ہے اور اس کی وجہ سے دانت ٹھیک ہو جاتے ہیں اور اس مسواک کی وجہ سے اس نے اسلام قبول کرلیا۔ **انہیں معاف کیا:** ہمارے پٹھان بھائی چائے زیادہ پیتے ہیں' کچھ بھائی امریکہ میں سفر کیلئے گئے ہوئے تھے' وہاں ایک پارک میں انہوں نے چائے بنانے کیلئے آگ جلائی تو امریکی پیٹرولنگ پولیس آئی انہوں نے کہا آپ یہ کیا کر رہے ہیں؟ پارک میں آگ لگ جائے گی نقصان ہوگا۔ انہوں نے فی بندہ 11 ڈالر کا فائن کیا۔ اب سارے پریشان ہو گئے کہ اتنے پیسے ہم کہاں سے لائیں۔ انہوں نے کہا: امیر صاحب کیا کرنا چاہئے؟ فرمایا: ایسا کرو وضو کرو اور مسواک کرو اور دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگتے ہیں' ابھی یہ مسواک کر رہے تھے تو دوسری پولیس جو فائن وصول کرنے والی وہ آئی اس نے دیکھا جن کے پاس پیسٹ کے پیسے نہیں' لکڑی سے دانت صاف کر رہے ہیں وہ بیچارے کیا دیں گے' انہوں نے کہا ہم نے تمہیں معاف کر دیا۔

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

زبان کی لکنت ختم کرنے کے لئے اور زبان میں فصاحت لانے کے لئے دانتوں میں مسواک کرنے کے بعد تین دفعہ زبان پر پھیریں یہ بہت مجرب عمل ہے۔ زبان میں فصاحت آئے گی اور لکنت ختم ہو جائے گی۔ **ڈاکٹر بولے تین ماہ میں اندھے ہو جاؤ گے:** تین چار مہینے پہلے میری آنکھوں میں دھندلاپن آنا شروع ہوئی سرجن کے پاس گیا۔ اس نے کہا کہ تمہاری آنکھوں کے اندر موتیا آ گیا ہے۔ مئی کے مہینے کے تک تم بالکل اندھے ہو جاؤ گے' اس وقت تک دیکھ نہیں سکو گے جب تک تمہاری سرجری نہیں ہو گی۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے حضرت حکیم صاحب نے کئی سال پہلے مجھے مسواک کا عمل بتایا تھا کہ ان کو آنکھوں پہ پھیرو تو میں یقین کے ساتھ مسواک کو آنکھوں پر پھیرتا تھا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جب سے کر رہا ہوں میری آنکھوں میں بہت فرق ہے اور میں صاف دیکھ رہا ہوں کوئی سرجری نہیں کوئی اینٹی بایوٹک نہیں صرف مسواک کا استعمال ہے۔ **آک کا استعمال اور دانت درد:** گزشتہ سال تسبیح خانہ میں لوگ اپنے تجربات و مشاہدات بتا رہے تھے تو ایک بابا جی انگلینڈ سے آئے تھے۔ انہوں نے بتایا تھا: آک کی جڑ دانتوں کے امراض میں استعمال کریں۔

جب میں واپس اپنے شہر گیا تو وہاں پر جو دوست تھے انہوں نے کہا کہ آپ تسبیح خانہ سے آئے ہیں ہمیں بھی نسخہ دو' میں نے کہا آک کی جڑ لو اور لگاؤ۔ اس کو دانتوں میں درد تھا' اس نے آک کی خشک جڑ کا سفوف اپنے دانتوں پر لگایا اسے بہت فائدہ ہوا' چند دنوں بعد آ کر میرے ہاتھ چومنے لگا اور کہا بہت اچھا نسخہ دیا ہے۔ میں خود ایک سائیڈ سے تکلیف کی وجہ سے نہیں کھا سکتا تھا تو میں نے سوچا سب کو فائدہ ہوتا ہے میں کیوں نہ استعمال کروں پھر میں نے بھی شروع کر دیا اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے کھا رہا ہوں اور کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

فٹ بال کھیلتا تو دانت ہلتے: محترم شیخ الوظائف! میرا ذاتی تجربہ ہے کہ میں جوانی کے زمانے سے اسکول میں گول کیپر کی حیثیت سے فٹ بال کھیلتا تھا تو میرے سارے دانت ہلتے بھی ہیں اور (مشاہدہ کر سکتے ہیں) تمام دانتوں میں کھوڑ ہے' میں نے اسکول لائف کے بعد ملازمت میں آ کے تقریباً مسواک استعمال کرنا شروع کر دی' ڈاکٹر کے پاس جب بھی گیا ہوں وہ کہتا ہے تم کھاتے کیسے ہو اور تم کیا استعمال کرتے ہو۔ کھوڑ بھی ہیں اور سارے دانت ہلتے بھی ہیں' سوراخ بھی ہیں مگر تم سب کچھ کھاتے پیتے ہو اور تندرست ہو۔ اس نے پوچھا کہ تم کیا استعمال کرتے ہو تو میں نے کہا میں آپ کو اخروٹ توڑ کے دے سکتا ہوں' بادام توڑ کے دے سکتا ہوں اس لئے کہ میں مسواک کرتا ہوں اور الحمد اللہ میں جب بھی لاہور آتا ہوں مسواک کے بنڈل لے کے جاتا ہوں اور آفس میں میری ٹیبل کے دراز میں بھی پڑے رہتے ہیں اور گاڑی میں بھی اور لوگوں کو میں ہدیہ کرتا ہوں۔

مسواک سے ٹانسلز کا علاج: میرا مسواک سے متعلق آزمودہ ٹوٹکہ یہ ہے کہ گلے کی ایک بیماری ہے جو کہ اکثر ہر ایک بندے کو لاحق ہوتی ہے اور اس سے ہائی ٹمپریچر ہوتا ہے جسے ٹانسلز کہا جاتا ہے' ہائی اینٹی بایوٹک سے تھوڑا ریلیف ہوتا ہے اس کا مستقل علاج آپریشن ہے لیکن اللہ تبارک وتعالیٰ نے مسواک میں وہ تاثیر رکھی ہے جو بندہ مسواک کرے یا مسواک کرنے کے بعد اس مسواک سے گلے میں مساج کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ ٹانسلز ٹھیک ہو جائیں گے اور آپریشن کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ جنوری 2017ء میں ہم لاہور مسجد میں رہتے تھے تو اس وقت میرے ساتھ پیشاب کا مسئلہ بہت زیادہ تھا۔ کبھی کبھار پیشاب رک جاتا تھا۔ نماز کے دوران مجھے یہ تکلیف بہت زیادہ تھی۔ پھر ایک دن میں نے پیشاب کا یہ مسئلہ مسواک کے ذریعے حل ہوتا ہے جب سے میں نے مسواک کرنا شروع کی تین سے چار دن میں یہ مسئلہ حل ہو گیا۔

ایک راز تھا جو آج بتا رہا ہوں: میرا یہ راز ہے میں بتانا نہیں چاہ رہا تھا لیکن حضرت نے زور دیا تو میں بتا رہا ہوں۔ مجھے زندگی میں جب بھی کوئی مسئلہ ہوتا زیادہ پریشانی ہوتی ہے تو میں کچھ مسواک لا کر نمازیوں میں تقسیم کرتا ہوں میں رکھ دیتا ہوں تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے میرے مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہر رمضان کے پہلے روزے سے میں نے کھجور کھانا شروع کی تو دانتوں میں درد شروع ہو گیا تھا۔ ٹھنڈی میٹھی چیز اور شربت سے بھی درد ہوتا تھا۔ مسواک کی یہاں پہ عادت بنی ہوئی ہے۔ مسواک کرنا شروع کیا ہے تو الحمد اللہ میں کھجوریں کھاتا ہوں تو دانتوں میں درد نہیں ہوتا۔ ٹھنڈا پانی پیتا ہوں تو بھی درد نہیں ہوتا۔ **ڈینگی بخار اور پیپل کی مسواک:** 2016ء کے آخری دو ماہ کی بات ہے مجھے ڈینگی بخار ہو گیا۔ کافی ادویات استعمال کیں بخار نہیں جاتا تھا۔ شیخ الوظائف کی ایک مشہور و معروف کتاب ہے "میرے طبی رازوں کا خزانہ" وہ میں نے دفتر ماہنامہ عبقری سے خریدی' اس میں پیپل کی مسواک کے بارے میں لکھا ہوا تھا میں نے پیپل کی مسواک استعمال کی تو ایک ہفتہ میں میرا بخار ٹھیک ہو گیا۔ **فوراً ڈکار:** مسواک کا میرا ذاتی تجربہ ہے کہ کھانے کے بعد پیلو کی مسواک اور زیتون کی مسواک سے فوراً ڈکار آ جاتی ہے یہ ایسا ہے جیسے پھکی کھائی کھانا فوراً ہضم ہو جاتا ہے۔ **نیند لانے کا اس سے سادہ ٹوٹکہ نہ ملے گا:** یہ ایک چھوٹا سا نسخہ ہے جو میں نے ایک میڈیکل ریسرچ میگزین میں کئی سال پہلے پڑھا تھا برطانیہ میں بہت سے لوگ ہیں برطانیہ میں جن کو نیند نہیں آتی۔ اگر وہاں کسی عورت کا پرس آپ کھولیں تو اس میں اور کوئی چیز ملے یا نہ ملے نیند کی گولیاں ضرور ملیں گی تو اس ریسرچ میں ڈاکٹروں نے یہ بتایا ہے کہ جس شخص کو نیند نہ آتی ہو وہ شام کو ایسا کھانا کھائے جس میں نمک بہت ہی کم ہو۔ بالکل معمولی سا ہو اور سونے سے تھوڑی دیر پہلے کوئی نہ کوئی تازہ فروٹ کھالے تو اس کو نیند جلدی آ جائے گی۔

بڑوں کی نسبت نے بچالیا: جب میں انگلینڈ گیا ہوں تو تقریباً دو مہینے کے بعد ہاؤسنگ آفیسر کے طور پر جاب مل گئی اور اس دفتر میں سوائے تین مردوں کے باقی سب عورتیں تھیں وہ بھی ساری 19۔18۔17 سال کی اور میں نے اتنی خوبصورت عورتیں پہلے کبھی دیکھی نہیں تھیں اور دوسرا یہ کہ وہ پرفیوم اتنا شاندار استعمال کرتی تھیں کہ کوئی عورت میری میز کے نزدیک آنے سے پہلے اس کی پرفیوم کی خوشبو آنی شروع ہو جاتی تھی تو میں دفتر کے کاموں کے علاوہ ان کو دیکھتا رہتا تھا کہ یہ کیسی ہے وہ کیسی ہے اور پھر مجھے ایک دن خیال آیا کہ یہ میں کیا سوچ رہا ہوں' میری ماں تہجد گزار' میری دادی تہجد گزار اور میرا دادا پانچ وقت کا نمازی۔ یہ ہفتہ کا دن تھا دفتر سے چھٹی تھی تو میں ظہر کی نماز کے بعد مسجد میں گیا۔ ہاورڈ اسٹریٹ میں مسجد ہے یہ بریڈفورڈ کی سب سے پرانی مسجد ہے تو جب سارے لوگ مسجد سے چلے گئے میں نے دو نفل پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ یا اللہ پاک یہاں کی برائیوں سے مجھے بچا۔ میرے لئے بچنا بڑا مشکل ہے' 22 سال میری عمر ہے میری شادی بھی نہیں ہوئی اور مجھے شرم آ رہی ہے یہ دعا مانگ رہا تھا اور رو رہا تھا اور اس کے بعد میں نے اٹھ کر دو نفل پڑھے [illegible] کے بعد پاکستانیوں کی ایک دوکان پہ گیا وہاں سے میں نے [illegible] کی ایک کتاب خریدی اور وہ میں نے اپنی جیب میں ڈال لی۔ پورے ساڑھے اٹھائیس سال وہ کتاب ہمیشہ میرے سوٹ میں رہی تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے

عرق موٹاپا شفاء

موٹاپا [illegible] کے باعث بنتا ہے [illegible] موٹاپے کی طرف بڑھ رہا ہے اور ہر دوسرا شخص [illegible] موٹاپے کا شکار ہے۔ موٹاپا بیماریوں کا گھر تا جا رہا ہے۔ مرد وں کی نسبت خواتین میں موٹاپا بہت تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ اس کی تیزی سے بڑھنے کی وجہ فاسٹ فوڈ، ہوٹل اور بیکری کی چیزیں ہیں۔ موٹاپا نہ صرف انسان کی خوبصورتی ختم کرتا ہے بلکہ مختلف خطرناک قسم کی بیماریوں کا باعث بنتا ہے۔ خواتین میں تو اب بچپن سے موٹاپا آنا شروع ہو گیا ہے موٹاپے کی وجہ سے خواتین کم عمر میں ہی بوڑھی نظر آتی ہیں اور انہیں بار بار مسئلہ رہتا ہے۔ موٹاپے کی وجہ سے کئی بچیوں کی شادی نہیں ہو پاتی۔ شادی ہو بھی جائے تو کئی بچیاں اولاد کی دولت سے محروم رہتی ہیں۔ "عرق موٹاپا شفاء" بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹس کے جسم کی چربی کو پگھلاتا ہے اور جسم سلم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ سانس کا پھولنا ختم ہو جاتا ہے۔ دل پر بوجھ کم ہو جاتا ہے۔ ایسی خواتین جن کو ایام یعنی حیض وقت پر نہیں آتا یا رک رک کر آتا ہے ان کیلئے "عرق موٹاپا شفاء" بہترین شفاء ہے۔ "عرق شفاء سیپ" ایسی خواتین کیلئے بھی مفید ہے جو ڈیلیوری کے بعد موٹاپے کا شکار ہو جاتی ہیں۔ (قیمت 350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

میں نے وہاں کی ہر میننگ اٹینڈ کی ہے۔ بُری بھی اور اچھی بھی شراب خانوں میں بھی گیا ہوں سب جگہ پہ گیا ہوں لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے نہ تو میں نے شراب پی ہے اور نہ میں نے زنا کیا ہے۔ **جنہوں نے اسلام قبول کیا:** یہ 1984ء کی بات ہے میں نے یہ ایک میگزین میں بھی پڑھا اور ریڈیو سے بھی سنا فرنچ نیوی انگولا اور موزمبیق کے درمیان سمندر کا سروے کر رہی تھی۔ غوطہ خور سمندر میں گئے تو انہوں نے دیکھا کہ وہاں سمندر میں ایسے چشمے ہیں جن میں سے میٹھا پانی نکلتا ہے۔ وہ نمکین پانی اور سمندر کے اندر چشموں کا میٹھا پانی بھی بھر کے سیل کے اوپر لے آئے جب لیبارٹری میں ٹیسٹ کیا تو وہ بڑے حیران تھے سمندر میں پانی نمکین ہے۔ اگر اس کے چند گھونٹ بھی پی لیں تو موت واقع ہوسکتی ہے۔ یا تو اس کو موشن ہو جائے گی یا الٹی ہو جائے گی لیکن یہ میٹھا پانی جو ہے اگر آپ پی لیں تو اس کی کوئی خرابی نہیں ہوتی۔ وہ بڑے حیران تھے لیکن اسی لیبارٹری میں ایک اردن کا مسلمان تھا اس نے کہا کہ اس میں حیرانگی والی کون سی بات ہے۔ یہ تو ہماری کتاب میں 1400 سال پہلے لکھا ہوا ہے تو انہوں نے کہا کہ تم کیا بک بک کرتے ہو ایسا کیسے ہوسکتا ہے اس زمانے میں تو آکسیجن بھی ابھی نہیں بنی تھی اور کوئی اتنا غوطہ بھی نہیں لگا سکتا تھا کہ وہ ان چشموں کو دیکھ سکے تو یہ تمہاری کتاب میں کیسے آ گیا تو اس نے کہا کہ ہماری کتاب اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے اللہ تعالیٰ کے نبی ﷺ کو دی گئی تھی اس میں کوئی بات غلط نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ کل لے کر آنا وہ قرآن مجید لے کر گیا اس نے وہ صفحہ مبارک پڑھا جس میں یہ لکھا ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سمندر کے اندر میٹھے پانی کے چشمے رکھے ہوئے ہیں تو وہ انجینئر کہنے لگا کہ کیا آپ کے نبی پاک ﷺ نے کبھی سمندر کا سفر کیا ہے؟ اس نے کہا کہ جہاں تک میں نے پڑھا ہے ہمارے نبی ﷺ نے کبھی سمندر کا سفر نہیں کیا۔ وہ ایک ریگستان کے رہنے والے تھے اور وہ تجارت کے لئے شام میں گئے بھی تھے لیکن انہوں نے سمندر کا سفر نہیں کیا تو اس نے کہا اگر انہوں نے سمندر کا سفر نہیں کیا تو اس وقت ابھی آکسیجن بھی ایجاد نہیں ہوئی تھی تو میں سمجھتا ہوں کہ ان کو اسی ہستی نے ہی یہ بات بتائی ہوگی جس نے سمندر کو بنایا ہے تو اس کے بعد اس نے اسلام قبول کر لیا اور پھر اسی شخص نے ایک کتاب بھی لکھی جس کا فرنچ میں تو نام کوئی اور تھا لیکن انگریزی میں اس کا ترجمہ ہوا تھا اور اس کا نام تھا اسلام اینڈ سائنس اور چونکہ وہ نیوی کا بہت بڑا سائنس دان تھا۔ اس کے اسلام قبول کرنے کی خبر جب چھپی چونکہ وہاں سب اسلام کے خلاف ہیں اس لئے زیادہ تفصیل سے خبر نہیں چھپی چھوٹی سی خبر تھی اور اس کی ہیڈنگ یہ تھی کہ سائنس ٹیچرز اسلام یعنی وہ شخص جو صحیح معنوں میں سائنس کی تعلیم حاصل کرے وہ اسلام کے زیادہ قریب آسکتا ہے۔ آج کل یہ سمجھا جاتا ہے کہ سائنس پڑھنے سے بچہ بے دین ہو جائے گا یہ بالکل غلط ہے برطانیہ میں جتنے اعلیٰ کوالیفائیڈ لوگ جو ہیں انہوں نے اسلام قبول کیا ہے ان میں سے کوئی بھی ان پڑھ یا معمولی نہیں وہ سارے ٹاپ کے لوگ ہیں جنہوں نے اسلام قبول کیا۔ **جسم کے درد کے لئے:** اگر کسی شخص کے جسم میں درد موج آ گئی ہو ہڈی پر چوٹ لگی ہو اور اس کا درد ہو زخم کا درد ہو اس کے لئے ایک چھٹانک تل کا تیل اور دو چمچ رتن جوت اس کو ہلکا گرم کریں۔ ہلکا ٹھنڈا کر کے چھان لیں اور درد والی جگہ پر اس کا مالش کر کے کچھ دیر کے لئے کپڑا باندھ لیں اس کے بعد ان شاء اللہ سوجن بھی ختم ہو جائے گی۔ موچ کا درد بھی ختم ہو جائے گا اور ان شاء اللہ جو اندرونی درد ہے ختم ہو جائے گا۔ **جسم کا کوئی حصہ اگر جل جائے تو:** اگر جسم کا کوئی حصہ جل جائے آگ یا کسی بھی چیز سے تو اس کیلئے درج ذیل ٹوٹکہ میں نے درس میں سنا تھا۔ **ھوالشافی:** ایک پاؤ کسٹر آئل لیں اور آدھ کلو دودھ۔ **ترکیب:** دودھ کو گرم کرنا ہے اور اس میں کسٹر آئل مکس کرنا ہے اس کے بعد ٹھنڈا ہونے پر متاثرہ جگہ پر اس کا لیپ کریں، تین لیپ کے بعد نشان بھی نہیں رہتا اور زخم بھی ٹھیک ہو جاتا ہے۔ (عمر حیات صاحب کے تجربات)

پیٹ اور ویٹ دونوں ٹھیک: محترم شیخ الوظائف یہ ٹوٹکہ بھی آپ کا ہی بیان کردہ ہے۔ ایک چھٹانک چھوٹی الائچی اور ایک چھٹانک میتھرے کے بیج۔ **ترکیب:** ان کو کوٹ کر مکس کر لیا جائے آدھ چمچ صبح وشام کھایا جائے۔ اس سے پیٹ بھی ٹھیک ہو جاتا ہے اور ویٹ ختم ہو جاتا ہے، جوڑوں کا درد بھی ختم ہو جاتا ہے بے اولاد افراد کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ **دھاگہ باندھا موہکا ختم:** میری گردن کے پیچھے موہکا نکلا ہوا تھا تو میں بہت پریشان تھا کہ کیا کروں، بچپن میں سنا تھا کہ گھوڑے کا جو بال ہوتا ہے اس سے اس موہکے کو باندھ لو تو وہ خود بخود ختم ہو جاتا ہے۔ بال تو نہیں مل سکا البتہ نائی کے پاس گیا تو اس نے دھاگہ باندھ دیا اور تین چار دنوں کے بعد خود بخود وہ ختم ہو گیا۔ **جن کو گردے کی پتھری کا مسئلہ ہے صرف ان کیلئے:** جن لوگوں کو گردے کی پتھری کا مسئلہ ہو تو اس کے لئے ایک ٹوٹکہ ہے وہ یہ ہے کہ ایک لیموں روزانہ ایک گلاس پانی میں ملا کر پی لیں تو پتھری ان شاء اللہ نکل جائے گی اور دوبارہ نہیں ہوگی۔ **صفراء یرقان کے لئے ایک نسخہ:** افسنتین ایک جڑی بوٹی ہے اس کے پتے لے کے صاف اور باریک کر کے ان کو شہد میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنا لیں، دو گولیاں صبح دوپہر شام خالی پیٹ پانی کے ساتھ کھائیں۔ ان شاء اللہ سات دن میں صفراء یرقان کا خاتمہ ہو جائے گا۔ خواتین کے لئے اور خاص طور پر حاملہ خواتین کے لئے بہت فائدہ مند ہے۔ ان کی اٹھراء کی کیفیت اور [illegible] یہ ٹھیک کرتا ہے اور انشاء اللہ بچہ دوسرے بچوں سے زیادہ گورا پیدا ہوتا ہے۔ **ہمارے گھر میں بچھو بہت تھے مگر:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے علاقے میں بچھو بہت [illegible] میں نے پڑھا تھا کہ املی کی گٹھلیاں لے کر ان کو گھس کے بچھو نے کاٹا ہے وہاں لگا دیا جائے تو وہاں وہ چپک جائے گا اور اس کا زہر چوس کے پھر وہ گرتا ہے اور میں نے یہ تجربہ کیا اور کامیاب گیا۔ بغیر کسی گولی یا انجکشن کے وہ مریض ٹھیک ہو جاتا ہے۔ **ہائی بلڈ پریشر کو نارمل کرنے کیلئے:** ایک کپ پانی ابالیں اس میں چند دانے چائے کی پتی کے ڈال دیں۔ اس کو تھوڑا ابال آئے تو اتار دیں اور اس میں دو تین قطرے لیموں کے رس کے ڈال دیں اور ایک چمچ چھوٹی مکھی کا شہد (یا جو بھی ملے) ملا دیں۔ قہوے کی طرح چسکی چسکی پی لیں۔ ہائی بلڈ پریشر نارمل ہو جاتا ہے، بلڈ پریشر والوں

برص پھلبہری کورس

انسان کی شکل کو بدنما اور بردا فدار بنانے والی ناسور اور بیماری کا آزمودہ علاج جس نے بھی آزمایا لاجواب پایا

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہو رہی ان کی پریشانی ہوئی ختم

حسن کو لگے گہن کا آزمودہ علاج

باقاعدگی کا استعمال ہی اس روگ سے نجات کا باعث

برص، خارش، چنبل، ایگزیمیا، کوڑھ، جزام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج

خون صفاء

(بڑوں، بچوں کیلئے یکساں مفید)

نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج

☆ چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو، داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے جو کسی کریم، ابٹن یا لوشن سے نہ جاتے ہوں آپ نے لاکھ پرہیز کیا لیکن پھر بھی مسئلہ حل نہ ہوا، بس ایک ڈبیہ خون صفاء آپ کی بے اعتمادی کو اعتماد کا لباس پہنا دے گی۔

☆ جلد کی خرابی پانی خارش [illegible] خون کی خرابی ہو کسی قسم کا انفیکشن ہو داد، رتی ہو یا کوئی وجہ ہے، بس خون صفاء کے استعمال سے یہ جلدی امراض سے چھٹکارا۔

خون صفاء جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب مرکب ہے جو نہایت بے ضرر اور بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں نے اس مرض میں آزمایا اور مفید پایا۔ قیمت -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

ایک ہزار سال تک نیکیاں: جو ایک دفعہ جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ پڑھے گا 70 ہزار فرشتے ایک ہزار سال تک نیکیاں لکھتے رہیں گے۔ رمضان میں اس اجر ستر گنا بڑھا دیا جاتا ہے۔

کے لئے بہترین ہے اگر روٹین میں رکھیں تو بلڈ پریشر نارمل ہو جائے گا۔ **تازگی اور فرحت کا طوفان:** دوسرا ان لوگوں کے لیے جو زیادہ سوتے ہیں اور سونے کے بعد اٹھتے ہیں تو ان پر غنودگی طاری ہوتی ہے اور جسم ٹوٹا ہوا رہتا ہے اس کے لئے ایک نسخہ ہے۔ ترکیب: ایک گلاس دودھ کو گرم کر لیں اس میں دو دانے انجیر کے ڈالیں اور 10 دانے زرشک کے ڈالیں ان تینوں چیزوں کو گرم کر لیں اس کے بعد اس کو اتار کر انجیر اور زرشک کھائیں اور دودھ بھی پی لیں تو ان شاء اللہ نیند کے بعد جب اٹھیں گے تو بالکل تر و تازہ اٹھیں گے جن کی ٹانگوں میں درد رہتا ہے یا جسم میں درد رہتا ہے وہ درد نہیں ہوگا۔

دانتوں کے لئے نسخہ: حضرت شیخ الوظائف نے ماہنامہ عبقری میں ایک مرتبہ لکھا تھا کہ دانتوں میں خلال کرنا چاہیے کسی تنکے سے یا کسی اور چیز سے اس کے بعد آپ مسواک استعمال کریں اور اس کے بعد تھوڑی سی سونف چبائیں اس طرح چبائیں کہ اس کا پانی سارے دانتوں میں لگ جائے اگر چاہیں تو اس کو نگل لیں چاہیں تو پھینک دیں اور اس کے بعد کھانا کھائیں۔ ساری زندگی ان شاء اللہ دانتوں کو کیڑا نہیں لگے گا اور نہ ہی ٹھنڈا گرم لگے گا انشاء اللہ۔ الحمدللہ! میں آزما چکا ہوں بالکل ایسے ہی ہے۔

گردے کی پتھری کے لئے: میتھی دانہ جو اچار میں ڈالتے ہیں ایک چمچ رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح سویرے بغیر چبائے وہ دانے اسی پانی سے نگل لے۔ تین دن کے بعد ان شاء اللہ پتھری نہیں ہوگی۔ **خون چہرے پر ایسے چھلکے کہ بس!!!:** جگر کی بیماری ہوتی ہے اکثر لوگ پیلے پیلے نظر آتے ہیں چہرے پر خون کی رنگت نہیں ہوتی۔ کوہاٹ سے ایک دوست نے بتایا کہ 40 سال سے میرے چہرے کی رنگت پیلی رہتی تھی اور خون چہرے پر نظر نہیں آتا تھا تو انہوں نے بتایا کہ انجیر کے دو دانے رات کے وقت سرکہ انگوری میں بھگو دیں اور صبح سویرے خالی پیٹ کھا لیں؛ چالیس دن یہ عمل کرنا ہے چہرہ گلاب کے پھول کی طرح نکھر جاتا ہے میں نے کئی دوستوں کو بتایا اور خود بھی استعمال کیا۔ اللہ تعالیٰ کے کرم سے بہت فائدہ ہے جگر خون بناتا ہے اور خوب بناتا ہے۔

پاؤں کی انگلیاں گل جاتی ہوں: سردیوں میں اکثر فٹ راڈ ہوتے ہیں یعنی پاؤں کی انگلیاں گل جاتی ہیں اس کے لئے کیکر کے پھول پیس کر اس کا پاؤڈر بنا کر انگلیوں کے اندر ڈال دیں افاقہ ہو جاتا ہے۔ دوسرا یہ کہ جو بجری دھوپ میں گرم ہو ان کو قابل برداشت حالت میں انگلیوں کے درمیان رکھیں اس بیماری کا فوری علاج ہے۔ **رتن جوت کان کیلئے بہترین ہے:** رتن جوت تھوڑے سے سرسوں کے تیل میں ملا کر گرم کر لیں۔ یہ کان کے درد کے لئے اکسیر ہے ویسے درد ہو یا ریشہ بہتا ہو اس کے لئے رتن جوت بہت ہی مفید ہے۔ **بواسیر کا لاجواب علاج:** میتھرے اور چھوٹی الائچی بواسیر کی بیماری کے لئے بہت مجرب ہے۔ دونوں کو ہم وزن ملا کر پیس کر ان کو کھانے کے ایک چمچ استعمال کریں۔ تین وقت کھانے کے بعد۔ بواسیر کے لئے بہت مجرب اور مفید ہے۔ **نشاستہ کا حلوہ اور اندرونی چوٹ:** نشاستہ کا حلوہ پکا کر دیسی گھی میں اندرونی چوٹوں کے لیے بہت ہی مفید ہے۔ دیہاتی لوگ اس کو جانتے ہیں نشاستہ کا حلوہ پکا کر پرانے لوگ زچہ کو دیتے تھے اور اس کو دوسری چیزیں نہ بھی دی جائیں نشاستہ کا حلوہ دیسی گھی میں پکا کر اس کو کھلایا جائے یا سی لیں اندرونی چوٹیں لگ گئی ہیں اس کے لئے بہت مفید ہے۔ **موٹاپے کیلئے شرطیہ اور آزمودہ نسخہ:** دارچینی لونگ اور سبز الائچی ہم وزن لے کر پیس لیں اور رات کو ایک کپ پانی میں ایک چٹکی ڈال کر جوش دیں ٹھنڈا ہونے کے بعد پی لیں اس سے موٹاپا کم ہوتا ہے اور قبض کا شرطیہ علاج ہے۔ اس کے اوپر پانی نہیں پینا ہے پی کر سو جانا ہے اگر گرمیاں ہوں تو ایک بار استعمال کریں اور سردیاں ہوں تو دو بار استعمال کریں۔ اس میں پٹھوں کا علاج بھی ہے۔ جوڑوں کا درد کا علاج بھی ہے پوشیدہ امراض کا بھی علاج ہے۔ **بال گرتے ہوں تو۔!!!** جن حضرات کے بال گرتے ہیں اور سر پر وقت سائیں سائیں کرتا رہتا ہے ان کے لئے ضروری ہے کہ شیمپو اور کنڈیشنر وغیرہ چھوڑ دیں اس کی جگہ صابن استعمال کریں اور تیل کی مالش کریں پھر کمال دیکھیں۔ **شیمپو استعمال کرتا تھا مگر!!!:** محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں شیمپو اور کنڈیشنر استعمال کرتا تھا جس سے میرے بال بہت خراب ہو گئے۔ 17 یا 18 سال کی عمر میں تو میں نے ڈاکٹر سے رجوع کیا اس نے کہا کہ پاکستان میں اصلی چیزیں نہیں آتیں۔ آپ باہر سے منگوائیں میرے کافی رشتہ دار باہر رہتے ہیں تو میں نے دبئی سے کافی ساری پراڈکٹس منگوائیں اور تقریباً تین چار سال استعمال کیں لیکن کوئی فرق نہیں پڑا اور مسئلہ ویسے ہی خراب رہا۔ جب آپ سے نسبت بنی تو آپ نے فرمایا تھا کہ سادہ صابن استعمال کریں وہ استعمال کیا تو بہت فرق پڑ گیا۔ شیمپو اور دوسری چیزیں استعمال کرنے سے جسم میں بہت ساری کمیاں ہو جاتی ہیں۔ اس کی وجہ سے بال بہت زیادہ خراب ہونا شروع ہو گئے تھے ہر وقت دماغ میں سائیں سائیں کی آوازیں سی آتی تھیں۔ بڑی عجیب سی صورتحال رہتی تھی میں سافٹ ویئر انجینئر ہوں ہر وقت سکرین کا ساتھ ہوتا ہے میری نظر پر بھی اثر پڑتا ہے۔ بچپن سے سنتا آ رہا تھا لیکن جب آپ کے درس میں سنا تو پھر خیال آیا دراصل آپ کے منہ سے جو بات نکلتی ہے وہ اثر رکھتی ہے تو پھر میں نے کہا کہ یہ لازمی صابن استعمال کرنا ہے پھر شیمپو کو میں نے اپنی زندگی سے ہی ڈیلیٹ کر دیا۔ اب ایک سال سے میرے بال نہیں گرتے۔ دوسرا یہ کہ پہلے میرے بال بہت لمبے تھے تو مجھے شوق ہوا کہ میرے بال دوبارہ آئیں تو عبقری کا جو آئل ہے میں نے استعمال کرنا شروع کیا تو میرے بال اتنے لمبے ہو گئے کہ کمر سے منہ تک آ گئے تھے اس دفعہ تو ٹنڈ کروائی تو جال چھوٹی۔ **چھوٹی الائچی اور میتھرے کے فوائد جو مجھے** محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! آپ کے درس میں یہی نسخہ سنا تھا میں نے بنایا اس سے ایک تو معدے کا مسئلہ ٹھیک ہو گیا اور مزدوری کرنے کی وجہ سے جو جسم میں تھکن ہو جاتی ہے وہ دور ہو گئی۔ ہاضمے کا نظام بہتر ہوا تھکاوٹ دور ہو گئی۔ اور ہاں دوسرا اور خاص فائدہ یہ ہوا کہ میری ازدواجی زندگی میں بہترین اور پرلطف ہو گئی ہے۔ میں نے خود آزمایا ہے۔ نسخہ اس طرح ہے کہ چھوٹی الائچی کے بیج اور میتھرے ہموزن لے کر مکس کر لیں اور صبح و شام ایک چمچ چائے والا کھا لیں۔

عبقری دواخانہ کے ریسرچ سنٹر کی سالہا سال کی انتھک محنت کے بعد نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج

بستر پیشاب شفاء

اچانک پیشاب کا نکل جانا سب کے سامنے شرمندہ کر دیتا ہے بار بار پیشاب یا بستر پر پیشاب کا نکل جانا بہت بڑا مسئلہ! مگر اب نہیں! ماؤں کو اب بار بار راتوں کو اٹھ کر بستر نہیں تبدیل کرنے پڑیں گے بستر شفاء کے استعمال سے ماؤں کو سکون ملا' بچوں کو سکول ملا

(قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

روحانی عطر رزق میں بے برکتی کی شکایت کرنے والے ایک مرتبہ ضرور استعمال کریں

نیک جنات روحانی عطر لگانے والے کی حفاظت کرتے ہیں' عطر لگانے والے کیلئے نیک صالح جنات دعا کرتے ہیں۔ عطر لگانے والے کو اللہ والوں کا قرب ملتا ہے۔

روحانی عطر لگانے والے کو دنیا میں عزت ملے گی' ذکر میں دھیان ہوگا

قیمت صرف 240 روپے

بہت سے موذی امراض کا علاج ہے

بے سکونوں کو سکون اور بیماروں کو شفاء ملے

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

بے اولادی کے لئے بھی یہی کام کرتا ہے: محترم شیخ الوظائف! مری میں آپ کا درس تھا آپ نے یہ ٹوٹکہ فرمایا تھا گاڑی میں ہم آئے تھے۔ ڈرائیور کہہ رہا تھا ہماری ملاقات حضرت جی سے ہو جائے میں نے کہا ملاقات نہیں ہو سکتی آپ اپنا کام اپنے دل میں جو خواہش ہے رکھ لیں۔ آپ کو درس میں اس کا جواب مل جائے گا' اس کی اولاد نہیں تھی۔ آپ نے مری میں درس میں فرمایا تھا کہ میتھرے کے بیج اور چھوٹی الائچی ہم وزن کے تراستعمال کریں اس ڈرائیور نے یہی ٹوٹکہ استعمال کیا اور اللہ پاک نے اسے اولاد سے نوازا۔

اسی دوران ایک صاحب کھڑے ہوئے اور بولے: 2013ء میں آپ کے درس میں ساھانی نسخہ میں نے یہ نسخہ استعمال کیا اور اپنے گھر والوں کو بھی استعمال کروایا مجھے جو فائدے حاصل ہوئے وہ یہ ہیں:۔ سب سے پہلے تو جسم میں طاقت سی آجاتی ہے۔ اس سے مردانہ کمزوری بھی دور ہو جاتی ہے اور ایک چستی سی آجاتی ہے۔ حافظہ میں بھی بہت فائدہ مند ہے۔ اس سے دوسرے بھی فوائد ہیں۔ خواتین کی کمر کا جو درد ہے' جوڑوں کا' مردوں کا بھی خواتین کے ڈسک کے مسائل ہیں' کمر کا درد' پٹھوں کا کھچاؤ تناؤ اور خواتین کے بعض نسوانی امراض۔ ان میں بھی یہ لاجواب نسخہ ہے۔ ھوالشافی:

چھوٹی الائچی سبز ہو اور میتھرے کے بیج ہم وزن پیس لیں۔ ایک چمچ' آدھا چمچ' چوتھائی چمچ دن میں ایک بار دو بار' تین بار' چار بار حسب طبیعت دودھ یا پانی سے لے سکتے ہیں۔

اہلیہ کی سانس کا مسئلہ حل: میری اہلیہ کو سانس کا مسئلہ تھا اور سانس لینے میں آواز ایسے نکلتی تھی جیسے سیٹی بج رہی ہو اور سالہا سال سے مسئلہ تھا۔ میں نے میتھرے کے بیجوں کا قہوہ بنا کر استعمال کروانا شروع کیا تو بلغم میں ایسے لمبے لمبے ریشے نکلے جیسے lungs کی شیپ ہوتی ہے آگے جا کر باریک اور لمبے ہو جاتے ہیں تو جو اندر کا بلغم تھا میتھرے کے بیجوں کے تھوڑے سے استعمال سے وہ نکلنا شروع ہو گیا اور سانس کا جو مسئلہ تھا اور سانس میں اتنی دقت ہوتی تھی کہ گرمی میں سانس لینے میں سیٹی بجنا شروع ہو جاتی تھی اور سفر وغیرہ میں بھی بہت دقت ہوتی تھی۔ اس میتھرے کے بیج کے قہوے کے استعمال سے سانس لینا بہت آسان ہو گیا۔ میں نے یہ نسخہ شیخ الوظائف کی کتاب ''میرے طبی رازوں کا خزانہ'' میں پڑھا تھا۔ پھر میں نے بواسیر کیلئے بھی اس کو استعمال کیا جو کہ مجھے خود تھی تو اس کو استعمال کیا بہت زیادہ فائدہ ہوا چند دنوں میں ٹھیک ہو جاتی ہے۔

منہ کی بدبو کا تسلی بخش علاج: السلام علیکم! بعض حضرات کے منہ سے معدے کی خرابی کی وجہ سے بہت زیادہ بدبو آتی ہے کہ وہ کسی کے قریب بیٹھ کے گفتگو نہیں کر سکتے اگلا بندہ اس سے کافی پریشان ہو رہا ہوتا ہے تو اس کے لئے سبز الائچی چھوٹی کو اگر منہ میں رکھ لیا جائے اس کا ایک فائدہ تو یہ ہوگا کہ آپ کے منہ سے خوشبو آتی ہے گی' دوسرا یہ کہ دوسرا بندہ تسلی سے آپ کی بات سنے گا اور منہ سے آنے والی بدبو آپ کے منہ سے ہرگز نہ آئے گی۔

آسان ٹوٹکہ اور خون کا آزمودہ علاج: بعض لوگوں میں خون کی کمی ہو جاتی ہے' نہیں کہا جاتا یہ استعمال کریں وہ استعمال کریں خون دو بنانے کیلئے کئی چیزیں ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ وہ جو مختلف لوگوں نے بتائے ہیں ہو سکتا ہے چند دن کے لئے فائدہ ہو لیکن مستقل فائدہ نہیں ہو گا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سب سے پہلے آپ کو پتہ ہونا چاہیے کہ آپ کے جسم میں خون کی کمی کیوں ہے؟ کیا وجہ ہے؟ کچھ قسم کے انسان ہیں اور میں بتاتا چلوں یہ کوئی بیماری نہیں ہے۔ بعض لوگ ایسے ہیں کہ جن کا معدہ قدرتی طور پر جو چیز کھائیں وہ آئرن چوس لیتا ہے اور کچھ لوگ ایسے ہیں کہ جن کا معدہ آئرن کو چوستا نہیں۔ یہ کوئی بیماری نہیں یہ ایک عام بات ہے جیسے کسی کے سر کے بال موٹے ہیں اور کسی کے باریک اور بعض کے گھنے ہیں اور لمبے ہیں تو جس آدمی کو یہ تکلیف ہو کہ خون کی کمی ہو جاتی ہے وہ ہر تین دن کے بعد پانچ تریاں تھوم کی کاٹ کر اپنے سالن میں ڈالیں روز کھانے کی ضرورت نہیں' یہ ہر تیسرے دن ان کو کچھ عرصہ کھائے تو اس کا معدہ جو بھی کھائے گا اس میں سے آئرن اس کو چوس لے گا اور یہ میڈیکل میں بھی ہے۔ یہ میری بات نہیں ہے میڈیکل کی کتب میں بھی یہ نسخہ دیا گیا تھا کئی سال پہلے میں نے پڑھا تھا۔

اب دوسری بات! میں دو دفعہ حج پہ گیا ہوں اور میں نے دیکھا کہ وہاں 20 لاکھ انسان ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے مکہ کی فضا کو اتنا پاک اور صاف کیا ہے کہ جب جماعت کھڑی ہوتی ہے تو کسی کو کھانستے ہوئے نہیں سنا۔ یہ معجزے سے کم بات نہیں ہے اور کل سے میں سوچ رہا تھا کہ یہاں تسبیح خانہ میں کم سے کم تین ہزار آدمی یہاں بیٹھے ہوئے ہیں اور جماعت جب کھڑی ہوتی ہے تو کسی کے کھانسنے کی آواز نہیں آتی' اس سے پتہ چلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت یہاں پر ہے اگر آپ اپنے گاؤں میں جائیں اس محفل کے بعد تو فجر کی نماز کے وقت آپ دیکھیں گے کہ دو ڈھائی صفیں وہاں ہوں گی اور کسی نہ کسی کے کھانسنے کی آواز ادھر سے آئے گی لیکن یہاں اتنے آدمی ہونے کے باوجود کسی کو کھانسی نہیں آرہی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہاں کی فضا ذکر کے نور کی وجہ سے پاکیزہ بنا دی ہے۔

شیخ الوظائف کی شیمپو اور کپڑے دھونے والے صابن پر ریسرچ: شیمپو کا سب سے بڑا نقصان جو سائنس بیان کر رہی وہ حد سے زیادہ ہو رہا ہے۔ اس کی میں پہلے مثال دیتا ہوں [illegible] جو تیل لگاتے ہیں اس کا اثر جسم پہ ہوتا ہے اور سو فیصد [illegible] ہے۔ بلغم میں ایک چھوٹی سی مثال دوں۔ آنکھوں میں سرمہ لگاتے ہیں تھوک اور بلغم میں سرمہ نکل کے آتا ہے۔ لگایا تو آنکھوں میں تھا پہنچا آنکھوں میں سرمہ لگانے کا مزاج ہی ختم ہو گیا اسی لئے مثال سمجھ میں ہی نہیں آرہی۔ اچھا چلو یہاں مالش گھٹنوں میں بٹوں میں سوج نکل آئی ہو انہوں نے کہا فلاں بام لگاؤ وہ کو پر لگاتے ہیں [illegible] اندر کیا ہوتا ہے۔ یہ جو میٹریل استعمال ہوتا ہے [illegible] شیمپو میں وہ پہلے کتنی خوبصورت ڈبیا ہو' خوشبو ایسی ہو [illegible] جائے خوشبو اور وہ مصنوعی چیزیں یہ جسم کو ایسے خراب کرتی ہیں ان کے مسامات سے سب چیزیں ختم کر کے فارغ کر دیتی ہیں۔ اسی لئے جب سے شیمپو آیا ہے' عینک کا استعمال زیادہ ہوا ہے۔ جب سے شیمپو آیا ہے بالوں کا گرنا بڑھ گیا ہے' یہ میں سائنس کی تحقیق بتا رہا ہوں' آپ انٹرنیٹ سے سرچ کر کے چیک کر لیجئے گا۔ خودکشی کے رجحان بڑھ گئے ہیں' غصہ' ٹینشن' جھنجھلاہٹ' گھبراہٹ' عدم برداشت' لڑائی یہ سب بڑھ رہی ہے۔ جب سے شیمپو آیا ہے مردوں

بلڈ پریشر شفا بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے جڑی بوٹیوں کے جوشاندہ سے تیار کردہ

ہائی بلڈ پریشر ایک موذی مرض ہے جو آج کل بہت تیزی سے بڑھ رہا ہے، دماغی کام کرنے اور کرسی پر بیٹھنے والوں میں یہ مرض بہت زیادہ ہوتا ہے۔ بلڈ پریشر کی وجہ سے ہر وقت سر درد، غصہ، چڑچڑا پن، کبھی کام کو دل نہ کرنا، نیند بالکل ختم ہو جانا، کبھی آدھے اور کبھی پورے سر میں درد ہوتا ہے، سر چکرا جاتا ہے، آنکھوں کے سامنے ہر چیز گھومتی نظر آتی ہے اور اس کیلئے بہت گولیاں اور بانی ڈوز گولیاں کھانا پڑتی ہیں جس سے مریض دواؤں کا عادی بن جاتا ہے۔ محترمی کی پراڈکٹ ''بلڈ پریشر شفاء'' ایک ایسی دوا ہے جو بلڈ پریشر کو نارمل پر لاتی ہے۔ اگر بلڈ پریشر ہائی ہو تو نارمل کرتی ہے اور اگر لو ہو تو بھی نارمل کرتی ہے۔ ''بلڈ پریشر شفاء'' پینے میں کڑوی لیکن شفاء میں میٹھی ہے، کبھی ایسے مریض جو بلڈ پریشر کیلئے ڈھیروں گولیاں کھاتے تھے پھر بھی سکون نہیں تھا ''بلڈ پریشر شفاء'' سیرپ نے انہیں سب دواؤں سے آزاد کر کے شفاء دی۔ یہ سیرپ خالص جڑی بوٹیوں کے جوشاندہ سے تیار ہے بغیر کیمیکل اور سٹیرائیڈ سے پاک ہے، بڑے چھوٹے خواتین سب کھلئے یکساں مفید ہے۔

''بلڈ پریشر شفاء'' سیرپ مستقل اور دائمی شفاء دیتا ہے اور سب دواؤں سے آزاد کر دیتا ہے۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

سخت گرمی' لُو' گرم ہوائیں' پریشان نہ ہوں!

ٹھنڈک پیکیج سب کیلئے سدا کیلئے

دل دماغ جگر کو تر و تازہ رکھے

موسم گرما کی جلتی بھنتی ساعتوں میں شفاعوں کی ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار گرمی سے پیدا ہونے والے تمام امراض کیلئے ''ٹھنڈک پیکیج''

ایک نفیس' پرکیف اور حیرت انگیز ذریعہ شفاء

حکیموں اور ڈاکٹروں سے بے نیاز کر دینے والا شاندار پیکیج

یوبرک ایسڈ' ہیوی پریشن' ٹینشن کے پرانے مریض صرف ایک بار آزمائیں

قیمت:-/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

کی زیر ناف تکالیف اور عورتوں کی زیر ناف تکلیفیں بہت زیادہ بڑھ رہی ہیں (جس کی وضاحت مناسب نہیں) اور ایک چیز جس کا بہت زیادہ نقصان ہوا ہے بے اولادی کے مسائل بڑھ گئے ہیں۔ جتنی بے اولادی اب ہے تقریباً ہر گلی میں کئی سو جا نہیں تھا' محلے میں ایک آدھ گھر ہوتا تھا جہاں بے اولادی کے مسائل ہوتے تھے۔ اب ایک بندہ کہے میں نے شیمپو استعمال کیا مگر پھر بھی بے اولادی کے اثرات ہیں' بعض اوقات ایسا ہوتا ہے' بعض اوقات ضروری نہیں اس نے شیمپو استعمال کیا ہو۔ بے اولادی کی وجہ ہر بندے کی اپنی ہے' لیکن کہنے کا مقصد یہ ہے کہ شیمپو سے بھی مسائل بڑھ رہے ہیں۔ اصل بات یہ ہے اور جو بھی صابن جتنا ہوتا جائے گا اتنا اس کے فوائد بڑھتے جائیں گے' اور جو صابن جتنا دیسی ہوتا جائے گا اتنے اس کے فوائد بڑھتے جائیں گے۔ ایک بات بتاؤں جو کپڑے دھونے والا صابن ہے وہ دُنیا کی آخری خارش کے لئے آخری علاج ہے جس کو خارش جاتی ہو' جس کی الرجی نہ جاتی ہو' یہاں بیٹھے میرے دوست اس بات کی یقیناً تصدیق کریں گے۔ ایک صابن ہوتا ہے کالا صابن' جو تول پہ ملتا ہے' نیورول کہتے ہیں' ڈنڈے والا صابن بھی کہتے ہیں' کالا صابن وہ بالکل رف صابن ہوتا ہے۔ خارش کا آخری علاج ہے۔ اس سے اگر جو بندہ نہائے تو پھوڑے' پھنسی' خارش' الرجی' درد وغیرہ ختم ہو جاتا ہے۔ کپڑے دھونے والے صابن کا ہماری جلد کے ساتھ بڑا تعلق ہے۔ **شیخ الوظائف کی بات سن کر ایک شخص نے اپنا تجربہ سنایا:** میں لاہور سے ہوں میرے بال بہت اچھے تھے' شیمپو طرح طرح کے لگانے سے آج یہ حال ہو گیا ہے بال بالکل ختم ہو گئے ہیں۔ تو صابن لگانے سے بال دوبارہ آنے شروع ہو گئے ہیں اللہ کا بڑا کرم ہے۔ **شیخ الوظائف نے مزید فرمایا:** صابن جس سے چیز سے بنتا ہے اس میں ایک آئل ہوتا ہے اور ایک سوڈیم سلیکیٹ کہلاتا ہے' سوڈیم سلیکیٹ جو کپڑے دھونے والا صابن ہوتا ہے اس کا وزن بڑھانے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اس میں جو آئل استعمال ہوتے ہیں وہ تقریباً تین چار قسم کے ہوتے ہیں' ایک رائس براؤن آئل کہلاتا ہے ایک کاٹن لیسڈ آئل کہلاتا ہے۔ کاٹن سیڈ آئل سے مراد بنولے کا تیل اور بنولے کا تیل جلد کا آخری علاج ہے۔ لاجواب ترین علاج ہے بنولے کا تیل جلد کے لئے بہترین علاج ہے۔

رائس براؤن تیل جو چاولوں کے چھلکے میں سے نکلتا ہے تو سلیکیٹ والا صابن کچھ کی رائے یہ تھی کہ اس سے جسم میں جو خارش ہوتی ہے یا جسم اکڑ جاتا ہے وہ صابن جس میں سوڈیم سلیکیٹ کی زیادتی ہو جاتی ہے وہ جسم میں ایسی صورت حال پیدا کرتا ہے لیکن یہ جو کارخانے والے بناتے ہیں اس سے صرف اس کا وزن بڑھانے کے لئے سلیکیٹ کا استعمال کرتے ہیں۔ نہانے کے لئے جو بہترین صابن ہے اس کو نائلون کا صابن کہتے ہیں اس میں سلیکیٹ نہیں ہوتا۔

جو اچھا صابن ہوتا ہے اس میں ایک اور چیز بھی استعمال ہوتی ہے اور وہ گلیسرین ہے۔ گلیسرین سکن کے لئے خود لاجواب ہے۔ **کسی کے عشق میں دیوانہ تھا:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 22 سال ہے' میں کسی کے عشق میں دیوانہ تھا' اسی طرح کئی برس گزر گئے مگر کچھ بھی حاصل نہ ہوا۔ دن رات ایسے ہی گزر رہے تھے' میں تنگ آچکا تھا کہ اس بدنظری کا کیا کروں؟ پھر میں نے آپ کے درس میں ایک دعا سنی جس کو میں نے پڑھنا شروع کر دیا۔ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ النِّسَاءِ وَحِبَالَةِ الشَّيْطَانِ اَنْتَ خَالِقُ النُّوْرِ یقین جانیے اس دُعا کی تاثیر یہی ہے غیر محرم اور دیوار بن جاتی ہے یہ بدنظری کی سلائی ہے' یہ حیاء کا سرمہ ہے' اگر حیاء کا سرمہ ہے اس کو استعمال کریں اور اس کے بعد اس کا پچھلا حصہ آنکھ پہ پھیر لیں اور درج بالا دُعا ہے جس کے معنی ہیں۔ ''مولا میں تیری پناہ میں آنا چاہتا ہوں عورت کے فتنے سے کہ وہ شیطان کے جال ہیں تین اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام ہیں اور ان صفاتی ناموں میں بڑی طاقت اور بڑی تاثیر ہے۔'' بڑی عجب دُعا ہے جس وقت بھی خیال آئے اور پڑھ لیں۔ اس کے علاوہ جس وقت کوئی بُرا خیال دل میں آئے تو شہادت کی انگلی سے دل کے اوپر عمر لکھ لیں۔ فوراً بُرا خیال وسوسہ غائب ہو جاتا ہے۔ اگر شیطانی خیالات بہت زیادہ تنگ کرتے ہیں تو ناف میں انگلی رکھ کر صرف گیارہ مرتبہ یَا قَهَّارُ پڑھ لیں' بس! کام بن گیا۔ ان شاء اللہ۔ یہ تمام اعمال میں درس سے سنے اور میری زندگی اس گندی دلدل سے نکل آئی' ورنہ سارا دن اور تمام رات غلیظ خیالات میں گزرتی۔ گانوں' فلموں اور بے حیائی کا رسیا تھا مگر آج کبھی دل میں خیال بھی نہ آیا بلکہ کوئی کہے کہ فلم دیکھنے چلو یا گانا سنتے ہیں تو اس شخص سے بھی نفرت سی ہو جاتی ہے۔

لفظ قطمیر کے انوکھے فوائد: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے حیدر آباد میں آپ کا درس سنا تھا' جس میں آپ نے لفظ قطمیر کے فوائد بتائے تھے۔ الحمدللہ میں نے اس لفظ کو بڑا آزمایا ہے۔ میں نے تقویٰ پایا' نماز میں خشوع اور خضوع ہوتا ہے' بدنظری ختم ہو گئی صرف ایک دفعہ لکھتا ہوں۔ لفظ قطمیر حفاظت کے لئے بھی بہت اچھا ہے' بیگ اور ہیلمٹ پہ لکھتا ہوں۔ کراچی کے حالات کب خراب ہو جائیں کچھ پتہ نہیں چلتا' جب سے لفظ قطمیر اور کہف بائیک اور ہیلمٹ پہ انگلی سے لکھنا شروع کیا اللہ تعالیٰ نے بڑی حفاظت فرمائی۔ گاڑی پہ روزانہ لکھتا ہوں قطمیر اور کہف آج تک نہ کوئی واقعہ ہوا ہے اور نہ کوئی حادثہ ہوا ہے۔

جہاں آگ لگی ہو صرف لکھ دیں آگ بجھ جائے گی: اصحاب کہف کے نام دائرے میں لکھ کے درمیان میں قطمیر لکھ دیں جہاں بھی آگ لگی ہو ڈالیں آگ بجھ جائے گی۔ ہم بال روڈ پر جا رہے تھے پلازہ میں آگ لگی ہوئی تھی' وہاں پر بھی لکھنا مناسب نہیں تھا' کہاں سے کاغذ قلم لاتا' کیسے پھینکتا' کھڑے کھڑے وہیں انگلی سے اصحاب کہف کے نام لکھ کے درمیان میں قطمیر لکھ کر اس کو پھونک ماردی۔ فائر بریگیڈ آنے سے پہلے آگ بجھ گئی۔ لفظ کہف کتے کیلئے گولی ہے' اگر کوئی کتا آپ پر بھونک رہا ہے یا کاٹنے کو آرہا ہے تو لفظ کہف پڑھ لیں' وہ ان شاء اللہ وہیں ٹھہر جائے گا۔ میرا ایک اور مزید مشاہدہ ہے کہ شیخ الوظائف کو لکھے خط کا جواب اکثر دیر سے آتا تھا جب سے خط کے اوپر انگلی سے کہف قطمیر لکھ دیتا ہوں تو جواب جلدی آجاتا ہے۔ **جب سے جیب میں نقش ڈالا پیسے ختم نہیں ہوتے:** محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں نے ایک مرتبہ درس میں سنا تھا کہ اگر روزانہ سورج نکلنے سے پہلے 41 بار یَا قَهَّارُ کے لفظ جدا جدا کاغذ پہ لکھ لیں تو رزق کے سلسلہ میں اس کا بہت فائدہ ہوتا ہے۔ جادو جنات کے لئے بھی بہت کارآمد چیز ہے۔ **محمد رسول اللہ احمد رسول اللہ کے نقش کا فائدہ:** محترم شیخ الوظائف! پہلے میری جیب سے پیسے ختم ہو جاتے تھے۔ آپ نے گزشتہ رمضان المبارک [illegible] کو یہ نقش جمعہ کی نماز کے بعد لکھوایا' جب سے میں نے [illegible] جیب میں رکھا ہے میری جیب سے پیسے اب ختم ہی نہیں ہوتے۔ اس کے علاوہ میرا بچہ بہت زیادہ روتا تھا' چپ ہی نہیں کرتا تھا' میں نے ذیل طریقے سے نقش جمعۃ المبارک کے دن لکھا' کاغذ پانی کی بوتل میں ڈالا اور یہ نقش والا پانی اس کو پلاتے رہے اور بچہ بالکل پرسکون اور ٹھیک

مایوس اور ناکام مریض متوجہ ہوں اور گھر کے آنگن میں اولاد کی نعمت پائیں (صرف مرد حضرات کیلئے)

بے اولادی اور بانجھ پن قابل علاج

دنیا کی سب نعمتیں ہیں لیکن اولاد کی نعمت سے محروم اب تسلی رکھیں! ایسے حضرات جو ٹیسٹ کے مطابق اولاد پیدا کرنے کے قابل نہیں تو عبقری کے ریسرچ سنٹر کا تیار کردہ بارہا کا آزمودہ کورس استعمال کریں۔ (قیمت -/2500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

"بے اولادی کورس" ایسے مردوں کو بھی فائدہ دے گیا ہے جو بالکل زیرو تھے

دوائی استعمال کرنے سے پہلے ٹیسٹ کروائیں اور ایک ماہ کی دوائی کھانے کے بعد ٹیسٹ دوبارہ کرائیں۔ آپ حیرت انگیز فرق محسوس کریں گے۔ ابتدائی طور پر کم از کم ایک ماہ دوائی کھانا لازم ہے۔

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

ہوگیا۔ **نقش لکھنے کا طریقہ:** ایک سادہ کاغذ کا گتہ لے کر اس پر جمعۃ المبارک کے دن جمعہ کی نماز کے فوراً بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے 35 مرتبہ محمد رسول اللہ احمد رسول اللہ لکھنا ہے۔ عمل زندگی میں صرف ایک مرتبہ ہی کرنا ہے اور لیمینیشن کروا کر اپنی جیب میں رکھ لیں۔ ہر روز صبح کی نماز کے بعد درود سلام پڑھتے ہوئے صرف ایک مرتبہ دیکھ لیں۔ ہر مسئلہ، مشکل، تنگدستی، بیماری، کاروباری اور گھریلو الجھنوں کا سو فیصد علاج ہے۔ یہ نقش آپ ہر جمعۃ المبارک کو لکھ کر کسی کو دے بھی سکتے ہیں۔ انتہائی طاقتور اور تیر بہدف عمل ہے۔ **بسم اللہ کے نقش کا فائدہ:** محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرا ایک دوست صفائی کمپنی میں ملازمت کرتا تھا' اس کو نامعلوم وجوہات کی بنا پر وہاں سے نکال دیا گیا' حالانکہ نوکری بہت اچھی تھی اور وہ وہاں بہت خوش تھا' جب اس کو وہاں سے نکالا گیا تو وہ بہت زیادہ پریشان تھا' میں نے اپنے اس دوست کو درج ذیل بسم اللہ کا نقش لکھ کر دیا' اس نے وہاں نوکری بحال ہونے کی نیت سے وہ نقش پانی کے ساتھ نگل لیا۔ صرف تین دنوں کے بعد کمپنی والوں نے اس کو دوبارہ بلایا اور نوکری پر رکھ لیا۔ بسم اللہ کا نقش' لکھنے کا طریقہ: ایک چھوٹا سا کاغذ کا ٹکڑا لیں اس پر کالی سیاہی (یا جو بھی میسر ہو) سے ب 19 مرتبہ ایک لائن میں لکھیں۔ اس کے نیچے دوسری لائن میں س 19 مرتبہ لکھیں۔ پھر اس کے نیچے تیسری لائن میں م 19 مرتبہ لکھیں۔ جب یہ تین لائنیں مکمل ہوجائیں تو ان سب کے اوپر بڑا سا لفظ ''اللہ'' لکھیں جو کہ ان تین لائنوں کے اوپر آجائے۔ پھر اس نقش کو جو بھی نیت مقصود ہو ذہن میں رکھ کر پانی کے ساتھ نگل لیں۔ جب تک مقصد پورا نہ ہو روزانہ کا ایک تعویذ نگل لیں۔ ان شاء اللہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

شرابی کی شراب چھوٹ گئی:1۔ کوٹ ادو کے سائیڈ پر تونسہ جو نیا روڈ نکلا ہے اس کے ساتھ میرے چند دوست رہتے ہیں' ان کے پاس اکثر کام کے سلسلے میں آنا جانا ہوتا تھا۔ ان میں سے ایک آدمی مجھ سے بہت دور بیٹھتا تھا لیکن آہستہ آہستہ وہ میرے نزدیک ہوگیا۔ وہ آدمی شراب پیتا تھا' زنا کی محفلیں اٹینڈ کرتا تھا' سارا دن شراب پانی سے بڑھ کے پیتا تھا۔ ملازم تھا لیکن ملازمت پر جاتا نہیں تھا اس کے ماں باپ بہت پریشان تھے۔ ایک دن مجھے کہنے لگا کوئی عمل بتاؤ' دنیا کا چکر نہ ہو' صرف عمل ہو۔ میں نے کہا: مجھے میرے مرشد نے ایک عمل بتایا ہے' اس نے کہا نماز میں نہیں پڑھوں گا آپ صرف عمل بتائیں' بس وہی پڑھوں گا۔ میں نے اس سے کہا **یا قَھَّارُ** پڑھا کر' جتنا تم سے ہوسکتا ہے اٹھتے' بیٹھتے' چلتے' پھرتے کھلا پڑھتے رہو' کوئی پابندی نہیں۔ حقیقت کی بات ہے اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس بندے پر اتنا کرم کیا کہ وہ اب تہجد کے وقت اٹھ اٹھ کر رو رہا ہوتا ہے اور سورۃ یٰسین مبین کے ساتھ روزانہ سات مرتبہ پڑھتا ہے۔ تیس ہزار مرتبہ روزانہ **یا قَھَّارُ** پڑھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا اتنا کرم ہوا کہ ایک دن مجھ سے کہنے لگا: میرے دوست نے مجھے فون کر کے بلایا' میں اس کے پاس گیا تو دیکھا کہ وہاں محفل لگی ہوئی ہے' یعنی شراب و شباب کی۔ جب میں اندر گیا تو اندر لڑکیاں موجود تھیں' میری آنکھوں میں آنسو آگئے۔ میں نے اپنے دوست سے کہا یار نہیں' مجھے یہ کام نہیں کرنا اور میں روتا ہوا باہر نکل آیا۔ وہ میرے پیچھے آیا اور مجھ سے پوچھا' تجھے ہوا کیا؟ تو ہمارا ساتھی تھا' خوشی غمی میں ہمارا ساتھ دیتا تھا آج ہم نے اتنا بڑا ''بندوبست'' انتظام کیا ہے اور تو نے رونا شروع کر دیا اور وہاں سے اٹھ کر آگیا۔ میرے منہ سے اس کی بات کا کوئی جواب نہ نکلا اور میں گاڑی میں بیٹھا اور گھر آگیا۔ مجھے مزید کہنے لگا: مجھے برائی سے اتنی نفرت ہوگئی ہے کہ میں آپ کو بتا نہیں سکتا۔ جیسے کہ اصل مزہ شراب آنا شروع ہوا ہے۔ شراب میں ٹن رہتا تھا پھر بھی نیند سے کوسوں دور تھا' الحمدللہ! عشاء کی نماز کے بعد اعمال کرتا ہوں تب سکون نیند آتی ہے کہ میں بتا نہیں سکتا۔ زندگی سکون سے بھر گئی ہے۔ ساری بے چینی' بے سکونی ختم ہوگئی ہے۔

غلیظ جن کا عورت کو نوچنا اور عمل کی طاقت: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے جاننے والے ہیں ان کے گھر کی ایک عورت پر ایک غلیظ جن آتا تھا' وہ جن اس عورت کو باقاعدہ نوچتا تھا اور اتنا نوچتا کہ اس کے وجود پر کالے داغ پڑ جاتے تھے' عورت کو نماز نہیں پڑھنے دیتا تھا' قرآن نہیں پڑھنے دیتا تھا میں نے ایک سید صاحب کو بلایا' اس کے گھر لے کر گیا کہ آخر حقیقت ہے کیا؟ انہوں نے سارے عمل کیے' مگر بے سود' میں نے سید صاحب سے کہا کہ آپ اس پر چند بار اسم الٰہی یا قہار پڑھ کر دم کریں انہوں نے چند بار پڑھ کر عورت پر دم کیا تو عورت فوراً بالکل ٹھیک ہوگئی۔ سید صاحب کا کہنا تھا کہ میں نے سارے عمل کیے مگر یا قہار میں بہت طاقت ہے' بجلی سے بھی بڑھ کر طاقت ہے۔ وہ کہنے لگی مجھے بڑے بڑے پیروں نے بڑے اللہ والوں نے تعویذ دیئے اتنا سکون نہیں آیا جتنا آپ کے پڑھنے سے سکون ملا ہے۔ **یا قَھَّارُ** کی بڑی طاقت ہے یہ چند سیکنڈ بھی نہیں لیتا پھونک مارو بندہ صحیح ہوجاتا ہے۔ یا قہار سارا دن کھلا پڑھیں۔ اس کے علاوہ صبح وشام گیارہ تسبیح اول وآخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟
صدیوں سے
چہرہ شفاء آزمودہ طبی فارمولہ
چہرے کے تمام امراض' داغ' کیل مہاسے' جھائیاں' داغ' گڑھے' پیپ دار دانے الرجی' رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہوجانا اعتماد سے استعمال کریں۔
معدے کی تیزابیت' جسم کی الرجی' پرانے دانے
پرانی خشک وتر خارش کیلئے ''چہرہ شفاء'' لاجواب چیز ہے۔
آزمودہ طبی فارمولہ جس کے کوئی سائیڈ ایفکیٹ نہیں۔ قیمت -/150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

بواسیر کے لئے روحانی ٹوٹکہ: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! بواسیر کی بیماری سے بہت پریشان تھا' مجھے کسی نے یہ ٹوٹکہ بتایا فجر کی دو سنتوں' ظہر کی دو سنتوں' مغرب کی دو سنتوں اور عشاء کی دو سنتوں میں پہلی رکعت میں سورۃ الم نشرح اور دوسری میں الم ترکیف جو باقاعدگی سے پڑھے گا اس کو اگر بواسیر نہیں ہے تو ساری زندگی نہیں ہوگی اور اگر ہے تو اس کو اللہ تعالیٰ ان شاء اللہ شفاء سے نواز دیں گے۔ میرا آزمودہ نسخہ ہے۔ اگر کبھی غفلت میں نہیں پڑھتا تو تکلیف ہوجاتی ہے اور پھر پڑھنا شروع کرتا ہوں تو ان شاء اللہ آرام آجاتا ہے تکلیف ختم ہوجاتی ہے۔ **ہر بیماری کا علاج اور حسن کا خزانہ یہ روحانی ٹوٹکہ:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم نے گزشتہ رمضان المبارک بھی تسبیح خانہ لاہور میں گزارا تھا' اور اس مرتبہ بھی یہیں موجود ہیں۔ آپ نے دو دن قبل اپنے ایک درس میں **یا خَالِقُ یا مُصَوِّرُ یا جمیلُ** کا خزانہ ہے' یہ بڑی سے بڑی بیماری کا علاج ہے۔ یہ عمل خود بھی آزمایا اور اپنے کئی دوستوں کو بھی بتایا۔ الحمدللہ! چہرے کے مسائل بدصورتی' داغ' دھبے چھائیوں تو ایسے ختم ہوئی ہیں کہ پیچھے مت۔ بہت سے دوستوں کے جسمانی درد ختم ہوگئے' گردے کی بیماری والے دوست کو بتایا تو اس نے طبی علاج کے ساتھ یہ روحانی ٹوٹکہ بھی آزمایا تو اس کی طبیعت بہت تیزی کے ساتھ بہتر ہونا شروع ہوگئی۔ عمل کا **طریقہ:** ہر نماز کے بعد ایک تسبیح **یا خَالِقُ یا مُصَوِّرُ یا جمیلُ** کی پڑھیں۔ **شیخ الوظائف نے بتایا کہ ان شاء اللہ وساوس کا انوکھا علاج:** نماز میں اور خاص طور پر تراویح کی نماز میں بار بار خیالات آتے ہیں تو اس کا ایک آسان سا حل یہ ہے کہ ہر نماز سے پہلے پانچ' سات یا پندرہ منٹ پہلے کوئی سا بھی ذکر کر لیں' درود پاک پڑھ لیں' کلمہ پڑھ لیں۔ یہ تسلی کر لیں تو نماز میں خیالات آنا بند ہوجاتے ہیں۔ ان شاء اللہ۔ **خون کی الٹی اور موشن آنا بند:** محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! ہمارے ایک بزرگ تھے ان کو خون کی

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

الٹی اور موشن آنا شروع ہو گئے' ہم ان کو فوراً ہسپتال لے گئے' انہوں نے جواب دیا کہ ساہیوال لے جاؤ' ہم ساہیوال لے کر آئے تو انہوں نے علاج شروع کر دیا۔ ان کے خون کے موشن اور الٹی نہیں رک رہی تھی' مجھے اچانک خیال آیا کہ درس میں سنا تھا' استسقیم اور آذان والا عمل سنا تھا۔ میں نے وضو کر کے سورۃ یٰسین پڑھنا شروع کر دیا' کچھ دیر پڑھتا رہا' اس کے بعد معوذتین اور ہمارے بزرگ کو جو درد ہو رہا تھا وہ درد ختم ہو گیا اور ان کے موشن آہستہ آہستہ رکنے شروع ہو گئے حتیٰ کہ موشن اتنے رکے کہ ان کو قبض ہو گئی۔ میں اس عمل کو مسلسل دو، چار دن کرتا رہا۔ اس عمل کے پڑھنے سے ڈاکٹروں نے قبض کا علاج شروع کر دیا۔ **اذان اور استسقیم کے عمل کا طریقہ:** سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات سات مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں کندھوں پر دم کریں' عمل کی کا تصور کر کے بھی کر سکتے ہیں اور عمل کرنے کے بعد جس کا تصور کیا اس پر دم کر دیں یا اگر وہ سامنے ہے تو اس پر دم کر دیں۔ اس کے علاوہ مریض کے کان میں بھی سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کر سکتے ہیں۔ یہ عمل دن میں کئی بار بھی کر سکتے ہیں۔ ہر قسم کے جادو جنات' گھریلو الجھنوں' کاروباری پریشانیوں' بیماریوں' بچوں کی ضد اور ہٹ دھرمی' غم کا آزمودہ در آزمودہ علاج ہے۔ بے شمار اس عمل سے فیض پا چکے ہیں۔

سو فیصد یقینی عمل! جو مانگو گے ملے گا: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرے پاس ایک انوکھا عمل ہے جو میں نے ایک تفسیر میں پڑھا تھا۔ یہ ایک روحانی عمل ہے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت ہے کہ سورۃ حدید کی پہلی دس آیات اور سورۃ حشر کی آخری دس آیات ایک ایک مرتبہ پڑھ کے جو دُعا مانگو گے قبول ہوتی ہے حتیٰ کہ آپ اس سے مردہ بھی زندہ کروا سکتے ہیں۔ تفسیر روح المعانی کے اندر یہ بات لکھی ہوئی ہے۔ میں نے خود پڑھ کے دُعا مانگی ہے اور اللہ تعالیٰ نے قبول فرمائی ہے۔ الحمدللہ!۔

بیت الخلاء کی دعا نے رزق کے دروازے کھلوا دیئے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں الحمدللہ! یہ رمضان المبارک تسبیح خانہ میں گزار رہا ہوں' میرے بہت سے مسائل حل ہوئے' میں جسمانی طور پر خود کو بہت تندرست محسوس کر رہا ہوں۔ میں نے ایک واقعہ سنانا ہے کہ میں نے آپ کے ایک گزشتہ درس میں بیت الخلاء کی دعا کے کمالات سنے تھے۔ میرا ایک دوست درزی کا کام کرتا ہے اور اس کا گزشتہ تین چار مہینے سے کام بالکل بند تھا۔ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ رات کو تمام گھرانہ سویا ہوا تھا کہ ان کی جوان بچی نے ایک زوردار چیخ ماری' تمام گھر والے اٹھ بیٹھے' بھاگ کر جب اس کی چارپائی کے پاس گئے تو دیکھا اس کے ہاتھ کی ایک انگلی کی ہڈی ٹوٹی ہوئی ہے اور اس نے کہا کہ کسی نے اچانک پکڑ کر توڑ دی ہے۔ اس واقعہ کے اگلے دن اس نے مجھ سے ذکر کیا' پہلے بھی وہ اپنی پریشانی بتاتا رہتا تھا۔ لیکن آج مسئلہ بہت گھمبیر تھا۔ جب اس نے مجھے بتایا تو مجھے سمجھ آ گئی کہ یہ خبیث جنات کی کارستانی ہے۔ میں نے اس سے کہا ایسا کرو کہ بیت الخلاء کی دعا تم بھی اور تمام گھر والے سارا دن کھلی پڑھو۔ انشاء اللہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔

وہیں بیٹھے بیٹھے میں نے اس کو یہ دُعا یاد کروائی اور اس نے جا کر گھر والوں کو یاد کرائی۔ ان لوگوں نے پڑھنا شروع کر دیا اور اللہ تعالیٰ کی اتنی مہربانی ہوئی کہ دوسرے دن چالیس سوٹ کوئی آدمی لے کر آیا کہ یہ شادی کے ہیں' سلائی کر دو اور ایڈوانس پیسے ہیں' جو بھوکا مر رہا تھا جب اس نے اچانک اتنا کام اور ایڈوانس پیسے دیکھے تو خوشی سے اس کی آنکھوں سے آنسو نکل آئے اور زبان سے الحمدللہ!۔ اس سے پہلے اکثر اس کے باتھ روم اور گھر سے چھوٹے چھوٹے سانپ وغیرہ نکلتے رہتے تھے مگر جب سے اس نے بیت الخلاء والی مسنون دعا پڑھنا شروع کی۔ تو اس کے گھر سے کبھی کسی قسم کا سانپ نہیں نکلا۔ میں نے کہا اس کو ہمیشہ پڑھتے رہو۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے اس کے سارے مسائل حل ہو گئے۔ اس کے بعد انہوں نے نہ کوئی چیز دیکھی ہے نہ کوئی پریشانی دیکھی ہے اور اللہ تعالیٰ جو رزق دیتا ہے وہ کھاتے ہیں۔

حفاظتی روحانی دیوار جسے بم بھی نہ گرا سکا: ایک روحانی عمل ہے بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ تین مرتبہ صبح اور شام پڑھنے سے ناگہانی بلاؤں سے اللہ تعالیٰ محفوظ فرمائے گا یہ میرا آزمودہ عمل ہے تقریباً 40' 30 گز کے فاصلے پر بم دھماکہ ہوا' سوائے میرے' میرے اردگرد تقریباً 40' 30 افراد تھے سب کے سب شہید ہو گئے۔ میرے کان کا ایک حصہ معمولی زخمی ہوا اس دُعا کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے نئی زندگی عطا فرما دی جس پر میں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں۔ **مجھے نوکری کیسے ملی؟ انوکھا واقعہ:** محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! یہ بڑی پرانی بات ہے' یہ بات اس لیے سنا رہا ہوں کہ سب کو اس سے فائدہ پہنچے۔ آج سے بہت عرصہ پہلے کی بات ہے میری عمر اس وقت 20 سال کی تھی میں کالج سے پڑھ کر نکلا تو اپنا نام جہلم میں نوکری کے لئے درج کرایا۔ ایک مہینے کے بعد خط ملا کہ آپ انٹرویو کے لئے آ جائیں' وہاں اینٹی میریا آفیسر کی جاب ہے۔ میں انٹرویو کے لئے ایک دن پہلے پہنچ گیا کیونکہ جہلم شہر میں نے دیکھا ہوا نہیں تھا' وہاں میں نماز پڑھنے مسجد گیا جب عشاء کی نماز پڑھ لی تو باہر شدید بارش شروع ہو چکی تھی۔ میرے پاس وہی کپڑے تھے جو میں نے پہنے ہوئے تھے۔ ایک چادر میرے پاس تھی' میں وہ لے کر لیٹ گیا' خیال تھا کہ بارش ختم ہو گی تو چلا جاؤں گا۔ جب میں لیٹا تو اس کے بعد میرے دل میں خیال آیا کہ میں اپنے رب سے اپنے گھر کی کیفیت بتاؤں کہ اگر نوکری نہ ملی تو کیا مصیبتیں کھڑی ہو جائیں گی تو جب میں لیٹا تو اللہ تعالیٰ سے کہا کہ میرا دادا اپنے گاؤں کا سب سے امیر آدمی تھا' اس نے اپنے ایک بیٹے کو ایم بی بی ایس کرایا اس کی موت واقع ہو گئی' دوسرے بیٹے (جو کہ میرا باپ تھا) کو اس نے بی اے کرایا' اس کو ٹی بی ہو گئی اس کی بھی موت ہو گئی۔ اب ہمارے گھر کی حالت یہ ہے کہ میں کرایہ مشکل سے دے کر جہلم پہنچا ہوں اور یہ جاب مجھے نہیں ملی تو گاؤں میں ہم بالکل بھیک منگتے بن کے رہ جائیں گے اور جو ہماری زمین ہے وہ اتنی تھوڑی سی ہے کہ اس سے کچھ گندم آ جاتی ہے کچھ چاول آ جاتے ہیں اور میرا دادا اب اتنا بوڑھا ہے کہ وہ دوبارہ نوکری نہیں کر سکتا تو یہ نوکری مجھے ملنی چاہیے۔ میرے اوپر رحم کریں' یہ باتیں کرتے کرتے میں سو گیا جب میں سو گیا تو ایک خواب دیکھ رہا تھا کہ میں ایک کمرے میں بیٹھا ہوں میرے آگے ایک ٹیبل رکھی ہے اور میرے دائیں طرف ایک کھڑکی ہے اور ایک کھڑکی بالکل میرے سامنے ہے اس کے آگے بچ لوگوں کے بیٹھنے کے لئے پڑا ہوا ہے اور بائیں طرف کا دروازہ' خواب میں بڑے حیران سے اس کو دیکھ رہا ہوں۔ اتنی دیر میں ایک آدمی نے میرے پاؤں کو ٹھوکر لگائی کہ اٹھیں تہجد کا ٹائم ہو گیا ہے' میں اٹھا وضو کر کے نماز پڑھی اور صبح جب وہاں انٹرویو کے لئے گیا تو میرے علاوہ وہاں پر گیارہ آدمی مزید تھے اور ان میں سے سب سے چھوٹی عمر کا لڑکا میں تھا۔ باقی ایسے تھے جن کی پانچ سال یا چھ سال کی سروس ہے اور ایک آدمی کوئٹہ سے آیا جو کہ جہلم کا تھا اور اس لئے کہ اس کو اپنے گھر کے نزدیک جاب مل

نومولود بچوں کو اسپیر انیمیا اور اینیمیا یا یونہی ادویات سے کھائیں
دیسی اور قدرتی جڑی بوٹیوں کا شفا بخش مرکب استعمال کرائیں
عبقری چلڈرن سیرپ
جمال، پتے دست، متلی، قے، پیٹ درد، پیچش، بدہضمی، کھٹی ڈکاریں اور سینہ جلنے ایک خوش ذائقہ سیرپ
عبقری چلڈرن سیرپ بچوں کے پیٹ کے تمام امراض کا سو فیصد شافی علاج۔ بچوں کو بھوک خوب لگائے' خون خوب بنائے۔
دانت نکالتے بچوں میں بے انتہا جواب ٹانک
اسہال کے بعد ہونے والی نمکیات کی کمی کو دور کرتا ہے
(قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

جائے اور وہ سب مجھے کہہ رہے تھے کہ تم کیوں آئے ہوں؟ یہ نوکری بڑی خراب ہوتی ہے' تم سنٹرل گورنمنٹ کی کوشش کرو لیکن میں نے سوچا کہ میں مشکل سے پہنچا ہوں کم از کم دیکھ تو سہی انٹرویو ہوتا کیا ہے۔ بہرحال وہ انٹرویو ہوا اور ہوا یہ کہ آپ سارے لوگ باہر بیٹھ جائیں۔ ایک بجے ہم اعلان کریں گے جب ایک بجے کلرک آیا تو اس نے سیدھا آکر مجھ سے آپ کو کہہ لیا ہے۔ بہرحال مجھے بڑی خوشی ہوئی۔ سارے لوگ کہنے لگے کہ تم کتنے چھوٹے آدمی ہو' تم نے ضرور کوئی بڑی سفارش کروائی ہے ورنہ تو ہم پانچ سے چھ سال کا تجربہ بھی رکھتے تھے اور ہم ابھی ان سے نکلے ہو' یہاں بدمعاشی ہو رہی ہے' یہ سارے افسر بے ایمان ہیں۔ میں اٹھ کے ایک طرف ہو گیا۔ چپڑاسی جب مجھے بیسٹ سیٹ کے اندر لے گیا اور ہیڈ کلرک کو بتایا کہ یہ ان کا اپوائنٹمنٹ لیٹر ہے میرا آفیسر کی حیثیت سے ہے۔ انہوں نے عزت افزائی کی اور اس کو چابی دی کہ اس کا کمرہ کھول کے دکھاؤ جب میں اس کمرے میں داخل ہوا اور کرسی پر بیٹھا تو میں حیران ہوا کہ یہ وہی کمرہ ہے جو میں نے خواب میں دیکھا تھا بالکل اسی طرح کا ٹیبل پڑا ہوا ہے' ایک کھڑکی اس طرف ہے اور دوسری اسی طرف سامنے ہے اور پھر میرے دل نے کہا یہ فیصلہ ڈسٹرکٹ آفیسر نے نہیں کیا یہ فیصلہ اللہ تعالیٰ کر دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے باتیں کرنے کا نقد انعام: اور اسی طرح کا ایک اور واقعہ بھی ہوا کہ جب میں انگلینڈ میں انٹرویو کے لئے گیا تو وہاں پر بھی 11 آدمی تھے' بارہواں میں تھا۔ میں نے اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگی کہ یا اللہ پاک یہ مجھ سے زیادہ پڑھے لکھے ہیں' جو ہندو یہاں آئے ہیں اور انگریز دو تین ہیں جب ان کو دینی تھی جو انگریزی کے علاوہ دو تین زبانیں جانتا ہو' میں نے کہا یا اللہ پاک یہ مقابلہ میرا پہلی دفعہ ہو رہا ہے۔ میرا دل نہیں چاہتا کہ میں یہ سوچوں کہ مجھے ہندوؤں کے مقابلہ میں شکست ہوئی کیونکہ انہوں نے دہلی یونیورسٹی سے ڈگری لی ہوئی تھی جبکہ میرے پاس ڈگری نہیں تھی۔ بہرحال میں انٹرویو کے لئے کمرے میں گیا تو وہ چار آدمی تھے دو ڈاکٹر تھے ایک ایڈمنسٹریشن آفیسر تھا اور ایک چیف اکاؤنٹنٹ' ان دنوں پاکستانیوں کو بہت نفرت سے دیکھا جا رہا تھا کہ پاکستانی لڑکی جو تھی چیچک کی وجہ سے اس کی موت واقع ہو گئی جس ڈاکٹر نے اس کا علاج کیا وہ بھی مر گیا' جو نرس اس کی ہسپتال میں تیمارداری کر رہی تھی' وہ بھی مر گئی جو ڈاکٹر تھے انہوں نے پاکستان کے لیے لیٹر تقسیم کرنے سے انکار کر دیا کہ ان میں جراثیم ہیں' ہم ان کو تقسیم نہیں کریں گے۔ بہرحال جب میں انٹرویو کے لئے گیا تو انہوں نے وہی باتیں مجھ سے پوچھیں کہ plx small کیا ہے بہرحال یہ میرا subject تھا' میں نے ان کو جواب دے دیا لیکن ساتھ میں ان سے کہا کہ مجھے پاکستان سے آئے ہوئے ابھی دو ماہ بھی نہیں ہوئے ہیں' میری انگریزی بڑی کمزور ہے' بات کرنے میں دقت ہو رہی ہے تو کہا کوئی فکر نہ کریں' تمہاری بات کی مجھے سب سمجھ آ رہی ہے تو اس نے سارے سوال مجھ سے پوچھے اور تین افسر جو تھے انہوں نے کوئی سوال نہیں کیا۔ انہوں نے کہا آج ہی کام شروع کریں اور میں نے سمجھا کہ وہ جو میں نے اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگی تھی کہ مجھے فتح نصیب ہو وہ اللہ تعالیٰ نے مجھے فتح نصیب کی ہے۔

روزگار کا آزمودہ وظیفہ: اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ اس دُعا کو روزانہ 90 بار پڑھنا ہے جو بیروزگار ہو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے 90 دن سے پہلے ہی اللہ پاک روزگار کا ذریعہ بنا دیں گے ان شاء اللہ۔ محترم شیخ الوظائف! میں بیروزگار تھا' آپ کے درس میں یہ دعا اور اس کے فوائد سنے' میں نے درج بالا دعا پڑھنا شروع کی' ابھی مجھے 60 دن ہی ہوئے تھے اللہ تعالیٰ نے روزگار کا ذریعہ بنا دیا۔ اس کے علاوہ دوستوں کو بھی یہ دُعا دی جو بیروزگار تھے' بیمار تھے' روزگار کا کوئی ذریعہ نہیں تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو روزگار سے نوازا۔ اس کے علاوہ میرے جاننے والے باپ بیٹا دونوں بیروزگار تھے' میں نے ان کو بھی یہ دعا بتائی' انہوں نے پڑھنا شروع کی تو ابھی پچاس دن بھی نہیں ہوئے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے اچھی جگہ دونوں کا روزگار بنا دیا' وہ بڑے خوش ہیں اور آپ کو دُعائیں دے رہے ہیں۔ **نظر بد کا آزمودہ در آزمودہ روحانی علاج:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ نظر بد کے لئے روحانی علاج ہے جس سے بچے یا بڑے کو نظر بد لگ جائے تو اس بات کا پتہ چل جائے کہ فلاں شخص کی نظر لگی ہے یا بچے کو اس کے والدین کی نظر لگی ہے' بھائی بہنوں کی نظر لگی ہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ جس کی نظر لگی ہے وہ آدمی وضو کرے' اس پانی سے اس بچے یا بڑے کو نہلائیں جس کو نظر لگی ہے نظر ختم ہو جائے گی یعنی جس پانی سے وضو کرے وہ پانی اس پر پلٹ دیں جس کو نظر لگی ہے یہ جاننے کے لئے کہ نظر کس کی لگی ہے آدھی بالٹی پانی کی بھر لیں اگر چھوٹا بچہ ہے بڑا عمل کرے گا اور بڑا ہے تو خود عمل کرے گا اپنے ہاتھ اس پانی میں ڈبو لے اور ساتھ درود ابراہیمی سات بار پڑھے' سات دفعہ سورۃ فاتحہ' سات دفعہ آیۃ الکرسی' سات دفعہ آخری چاروں قل پڑھے اور سات بار درود شریف پڑھے۔ پانی میں ہاتھ ڈبوئے رہیں اور پڑھتا رہے اس پانی سے 21 دن نہائے ان شاء اللہ نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا۔

چوٹ شفاء جسم پر ہر قسم کی چوٹ کھلتے ٹانک درد سے کراہتے مریضوں کیلئے شفاء کا پیغام
ایکسیڈنٹ کی چوٹ ہو یا کسی حادثہ کی ہو چوٹ کی وجہ سے گوشت پھٹ گیا ہو اور شدید تکلیف ہو یا ہڈی ٹوٹ گئی ہو اعتماد سے استعمال کریں اور صحت یاب ہو جائیں۔
ساتھ کرامانی تیل کا استعمال کیا جائے تو سونے پر سہاگہ
انوکھا تجربہ: تجربات نے انوکھا فائدہ ضرور بتایا کہ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کرنے سے موٹاپے اور پیٹ کے بڑھنے سے نجات' میں اس کے لاجواب رزلٹ ملے۔ (قیمت صرف -/100 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

پرسکون نیند پانے کے بائیس آزمودہ راز

رمضان المبارک میں تراویح کے بعد ہونے والی مجالس مجذوبی میں شیخ الوظائف نے مختلف شہروں و ممالک سے آنے والے احباب سے دریافت فرمایا کہ پرسکون نیند کے حوالے سے اپنے تجربات و مشاہدات بیان کریں۔ لوگوں نے اپنے آزمودہ تجربات و مشاہدات ایک ایک کر کے بیان فرمائے جسے قارئین کی نذر کیا جا رہا ہے۔

1۔ رات سوتے وقت سرسوں کے تیل کی پاؤں کے تلوؤں پر کم از کم ایک منٹ مالش کرنے سے پرسکون اور گہری نیند آتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ ٹوٹکہ ٹینشن' ڈیپریشن' نظر کی کمزوری' کمر درد' جوڑوں کے درد کا آزمودہ علاج بھی ہے۔ شرط صرف یہ ہے کہ روزانہ بلاناغہ یہ ٹوٹکہ کیا جائے۔ 2۔ مزید ایک صاحب نے بتایا کہ رات سوتے وقت ایک [illegible] اور سرسوں کا تیل پاؤں کے تلوؤں پر (درج بالا طریقے) لگانے سے پرسکون نیند آتی ہے۔ 3۔ ایک صاحب نے بتایا کہ درود پاک کو کثرت سے پڑھتے رہیں بہترین نیند آتی ہے۔ اس کے علاوہ وضو کر کے قرآن پاک کی تلاوت شروع کر دیں ایک دو رکوع بھی مکمل نہ پڑھے جائیں گے نیند آ جائے گی۔ 4۔ رات سونے سے پہلے مدینے والے صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کیلئے دعائے شفاعت کریں فوراً نیند آ جاتی ہے۔ دل پہ ہاتھ رکھ کے گیارہ مرتبہ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ پڑھنے سے فوراً نیند آتی ہے اور بہترین آتی ہے۔ 5۔ محترم شیخ الوظائف! میں تو بس انٹرنیٹ یا موبائل پر درس لگا رہا ہوں اور بس پتہ ہی نہیں چلتا نیند آ جاتی ہے۔ 6۔ جناب! میں تو درود شریف کی تسبیح اور استغفار کی تسبیح پڑھتا ہوں' فوراً بہترین نیند آتی ہے۔ 7۔ میں رات سونے سے پہلے اللہ تعالیٰ سے باتیں کرنا شروع کر دیتا ہوں' اپنے دل کا تمام حال اللہ رب العزت کو سناتا ہوں' بس باتیں جاری ہوتی ہیں کہ بہترین نیند آ جاتی ہے۔

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

8۔ مجھے ایک دور میں نیند بالکل نہیں آتی تھی' صورت حال یہ تھی کہ میں نیند کے کیپسول کھاتا تھا' سونے سے تقریباً دو گھنٹہ پہلے دو کیپسول کھاتا تھا کچھ عرصہ بعد ان دو کیپسولز سے بھی نیند نہ آتی پھر ڈاکٹر نے چار کیپسول کر دیئے' دو صبح کھانا اور دو شام کے وقت کھانے پڑتے۔ مجھے ہر وقت سر میں درد اور اکڑاؤ سی لگی رہتی تھی اور دوسرا نیند ہرگز نہیں آتی تھی۔ میں مجبوراً وقت کیپسول کھاتا تھا تو عشاء کے وقت تک نیند آتی پھر ایک مرتبہ کسی نے عبقری میگزین دیا' اس کو پڑھا' پھر اسی سے جڑتا جڑتا تسبیح خانہ لاہور سے جڑ گیا۔ اس کے بعد الحمد اللہ مستقل ہوا کبھی کوئی درس نہیں چھوٹا۔ اب نیند کی صورت حال یہ ہے کہ گزشتہ کچھ دنوں سے دُعا مانگ رہا ہوں کہ یا اللہ میری نیند کو کم کر دے میرے جو ذکر ہیں جو عبادت ہے جتنی میں کرنا چاہتا ہوں اتنی ہو نہیں پاتی' اس کی وجہ یہ ہے میری نیند بہت زیادہ ہو گئی ہے یا اللہ بس چھ سات گھنٹے سے زیادہ نیند نہ آئے۔

9۔ اگر سونے سے پہلے آپ غسل کر لیں تو نیند اچھی آتی ہے اور دوسرا یہ کہ اگر اپنے گناہوں پہ آپ ندامت کر لیں تو جسم سکون میں آجاتا ہے اور فوراً نیند آجاتی ہے اور ہمیں سونے سے پہلے ندامت ضرور کرنی چاہیے۔ 10۔ محترم حضرت حکیم صاحب آپ نے ایک مرتبہ درس میں فرمایا تھا کہ کھانا کھانے سے پہلے سات مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اور سات مرتبہ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ پڑھ کر کھانا کھائیں تو پیٹ میں جو بھی بیماری ہے وہ ختم ہو جائے گی اور نیند بھی بہت آتی ہے۔ میں نے تو کئی لوگوں کو یہ عمل کروایا ہے وہ کہتے ہیں ہمارے پاس کوئی ڈھول بجا رہا ہو تو پتہ نہیں چلتا اور ہم پرسکون نیند کے مزے لے رہے ہوتے ہیں۔ 10۔ اگر نیند نہ آرہی ہو تو چند بار یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ کا ورد کریں اور اس کے بعد پوری امت میں جتنے لوگوں کو نیند نہیں آرہی ہو ان کے لئے دُعا کریں کہ یا اللہ جو لوگ بے چین ہیں جن کو نیند نہیں آتی ان کو سکون والی نیند عطا فرما اور ویسی ہی مجھے بھی عطا فرما۔ تو بڑی اچھی نیند آجاتی ہے۔ 11۔ مجھے تو جب بھی نیند نہ آرہی ہو میں تسبیحات فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پڑھتا ہوں فوراً نیند آجاتی ہے۔ تسبیحات فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا یہ ہے:۔ 33 بار سبحان اللہ۔ 33 بار الحمد اللہ اور 34 بار اللہ اکبر۔ 12۔ مجھے ڈراؤنے خواب مہینے میں ایک دو بار آتے ہیں' میں جہاں جاب وغیرہ کے سلسلہ میں باہر کہیں ہاسٹل میں رہتا ہوں تو میرے ساتھ سونے والے دوسرے لوگ بھی ڈر جاتے ہیں کیونکہ خوف کی وجہ سے میری آواز نکل جاتی ہے ایسا لگتا ہے جیسے کسی نے مجھے دبا دیا ہے' یہاں تسبیح خانہ میں مجھے 30 دن سے زیادہ ہو گئے ہیں ابھی تک مجھے کوئی خواب نہیں آیا' مجھے سکون کی نیند آئی ہے اور دوسرا یہ کہ زندہ کی خدمت عبادت یا ذکر میں لگا ہوا اور اپنے آپ کو تھکانے کے بعد سوئے تو بڑی سکون کی نیند آجاتی ہے۔ 15۔ سونے سے پہلے 11 مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھنے سے پرسکون نیند آجائے گی اور دل پہ ہاتھ رکھ کے 11 دفعہ یَابَاعِثُ یَانُوْرُ دل پہ ہاتھ رکھ کے پڑھیں اس سے بھی نیند پرسکون آتی ہے یہ بھی ماہنامہ عبقری کے ایک سائل نے میں پڑھا تھا اور بہت فائدہ ملا ہے۔ 16۔ وضو کر کے اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ چند بار پڑھنے سے بہترین نیند آجاتی ہے میرا اپنا ذاتی تجربہ ہے۔ 17۔ محترم حضرت حکیم صاحب! کئی بار ایسا ہوا کہ مجھے نیند نہیں آرہی تھی سوچتا رہا کہ نیند کیوں نہیں آرہی کروٹیں بدلتا رہا تو خیال آیا کہ بیعت والی تین تسبیحات نہیں پڑھیں جیسے ہی تسبیحات پڑھتا ہوں نیند فوراً آجاتی ہے۔ 18۔ محترم حضرت حکیم صاحب ایک تسبیح درود پاک کی پڑھتا ہوں فوراً نیند آجاتی ہے۔ 19۔ گزشتہ سال رمضان المبارک میں نے تسبیح خانہ لاہور میں گزارا' مذاکرے کے دوران ایک بزرگ فرمانے لگے کہ مجھے 32 سال ہو گئے ہیں میں کبھی سویا نہیں' مجھے پتہ ہی نہیں پرسکون نیند کیا ہوتی ہے تو انہوں نے کہا کہ جب میں تسبیح خانہ میں آیا تو مجھے یہاں سے الحسبتم اور اذان کے عمل کے متعلق معلوم ہوا' میں نے وہ عمل کرنا شروع کر دیا' الحمدللہ! اللہ پاک نے بہترین نیند سے نواز دیا۔ 20۔ گھر میں تھا تو رات کو نیند نہیں آتی تھی۔ اب ادھر تسبیح خانہ رمضان گزارنے آیا ہوں تو سارا دن روزہ بھی ہوتا ہے اور رات کو نیند بھی پرسکون آتی ہے اور بدن بھی ہلکا پھلکا ہو جاتا ہے۔

21۔ محترم حضرت حکیم صاحب! آپ حیدرآباد درس کیلئے تشریف لائے تھے وہاں آپ نے مختلف مسائل' جادو جنات' گھریلو' کاروباری الجھنوں' بیماریوں کیلئے ایک آیت بتائی تھی فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ (سورۂ کہف) اس آیت کے پڑھنے سے بہترین نیند آتی ہے۔ یہ آیات اپنا مسئلہ تصور میں رکھ کر سارا دن' باوضو کھلی پڑھیں۔ روزانہ سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں' چند ہفتے' چند مہینے یا جب تک مقصد پورا نہیں ہوتا۔ 22۔ محترم شیخ الوظائف! سونے سے پہلے سونے کی مسنون دعا اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيَا پڑھنے سے نیند بہت اچھی آتی ہے اور میرا اپنا تجربہ ہے کہ سورۃ الملک جب پڑھنا شروع کرتا ہوں تو یہ مکمل نہیں ہوتی کہ نیند آنی شروع ہو جاتی ہے۔

رمضان میں رمضان گزارنے کے جو فوائد ہمیں ملے:

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پہلے مجھے بہت غصہ آتا تھا گھر والوں پر دوستوں پر جہاں بھی میرا اٹھنا بیٹھنا ہوتا تھا اپنے جذبات کو قابو کرنے میں بہت مشکلات ہوتی تھیں۔ بہت مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ اور ایسے وظائف پڑھتا رہتا تھا لیکن اپنے دل کو قابو کرنا بہت مشکل ہوتا تھا۔ میں نے پہلے تسبیح خانہ کا نام سنا تھا' تسبیح خانہ لاہور میں' میں اپنے گناہوں سے بچنے کے لئے آیا تھا' پورا مہینہ یعنی رمضان المبارک میں یہاں رہنے کا ارادہ کیا الحمدللہ یہاں میں نے بہت سے اعمال کرنا شروع کر دیئے ہیں۔ طبیعت میں بہت فرق محسوس ہو۔ الحمدللہ!

بارہ سال کی بے چینی' بے سکونی ختم: 12' 10' سال سے

تقریباً مجھے اتنی بے چینی اور بے سکونی تھی کہ نہ مجھے گھر میں سکون تھا' نہ مجھے باہر سکون تھا' نہ کھانا کھانے کو دل کرتا تھا' نہ رات کو نیند آتی تھی جب میں یہاں آیا تو الحمدللہ وہ چیز تو میری ختم ہو گئی اب میں کھانا اتنا کھاتا ہوں کہ میں خود حیران

گرمی کی جلن' سوزش جب جسم میں بڑھے اور بے پناہ امراض گھیر لیں تو صرف
ٹھنڈی مراد شفاء کا انوکھا فرحت بخش ٹھنڈا خزانہ ہے
نئی زندگی، شادابی اور شخصیت میں نکھار
ہاتھ پاؤں میں جلن' سر چکرانا' منہ کی خشکی' آنکھوں کے سامنے اندھیرا' دل ڈوب جانا' چہرہ سیاہ ہو جانا' قبض' بواسیر' بلڈ پریشر' ماہانہ و مردانہ پوشیدہ امراض ان تمام امراض کیلئے ٹھنڈی مراد صدیوں سے آزمودہ ہے۔ گزشتہ چالیس سال سے تیار ہونے والی نہایت کامیاب ترین دوا
جسم ٹوٹے' دل گھبرائے یا پتھری ستائے صرف ٹھنڈی مراد سے چین پائیں
عورتوں مردوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہر موسم میں بہترین
(قیمت -/20 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

معجون شفاء یابی
گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا
معذور اپاہج لوگوں کیلئے نئی زندگی
لولے' لنگڑے' اپاہج' معذور' مفلوج میں پانی بھر جانا' مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا' اس مرض میں مبتلا ہونے یا بے سب کیلئے یکساں مفید
پولیو کے شکار' ٹیڑھے پاؤں' لنگڑے' گردن مڑگئی ہو' کمر بوجھ نہ برداشت کر سکتی ہو' جسم کی نشوونما نہ ہو رہی ہو' دماغ کی کمزوری ہو' ہڈیوں کا مڑ جانا' ڈسک پرابلم' مہروں کا درد' عضو کا پھڑکنا' لاغری' لقوہ' رعشہ' کمر کا درد' پنڈلیوں کا درد' نقرس' مہروں کا خلا' پٹھوں کا درد' اعصابی درد' پانی میں بھیگ جانے سے سردی کا لگنا' بجلی کا شاک لگنے کے بعد کی کمزوری' بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفاء یابی بڑھاپے کا سہارا ہے
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

اسلام کی تکمیل: حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا تمہارے اسلام کی تکمیل یہ ہے کہ تم اپنے اموال کی زکوٰۃ (بھی) نکالو۔

ہوں۔ اتنا کھانے کو میرا دل کیوں کرتا ہے جبکہ گھر میں دو نوالے بھی نہیں کھا سکتا تھا اکثر منہ میں چھالے رہتے تھے یہاں آنے کے بعد الحمدللہ میری ساری تکالیف ختم ہوگئی ہیں اور یہ ہمارے ساتھ معاملات تھے میرے گھر کے سارے افراد ٹینشن اور ڈیپریشن میں مبتلا تھا اور ہر وقت پریشان رہتے تھے یہاں آنے کے بعد الحمدللہ مجھے بہت فائدہ ہورہا ہے اور ان شاء اللہ جب گھر جاؤں گا وہاں بھی حالات بدلے ہوئے ہوں گے۔ (محمد عبداللہ، مانسہرہ)۔ **میری بدقسمتی دور ہورہی ہے:** محترم شیخ الوظائف! میں پانچویں مرتبہ الحمدللہ تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے کیلئے آیا ہوں۔ میں نے محسوس کیا ہے کہ میری بدقسمتی دور ہورہی ہے۔ میرے ہر کام میں بندش وغیرہ تھی وہ اب الحمدللہ ختم ہوگئی ہے۔ (ج، فیصل آباد)۔ **بیٹے کو ہدایت مل گئی:** محترم حضرت صاحب! میرا بیٹا زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں پڑھتا ہے دوسرے سال میں اس کی حالت یہ تھی کہ نماز کے قریب نہیں جاتا تھا اور یہ پتلون جو پہنتا تھا وہ اتنی ایڑیوں کے نیچے ہوتی تھی جب میں اسے روکتا تو وہ اوپر کردیتا ورنہ ویسے ہی رہتی بڑی کوشش کی پچھلے سال تسبیح خانہ میں آیا تھا۔ دُعا کی اللہ تعالیٰ نے کرم کیا۔ اس کی حالت اللہ تعالیٰ بالکل ہی بدل دی ہے، پانچ وقت کی نماز پڑھتا ہے، تہجد بھی پڑھتا ہے، پینٹ شرٹ پہننا بند کردی ہے، شلوار اب ٹخنوں سے اوپر ہوتی ہے۔ (ش، فیصل آباد)۔ **غصہ چڑچڑا پن گیا:** پہلے مجھے غصہ بہت زیادہ آتا تھا ابھی میں یونیورسٹی میں پڑھتا ہوں ہر دوسرے بندے سے میں لڑتا تھا، یہاں تک کہ ایک دفعہ جب لڑائی ہوئی تو یونیورسٹی کی ایڈمن کو 20 لڑکے نکالنے پڑے۔ میں بہت زیادہ غصہ کرتا تھا۔ پھر جب میرا تسبیح خانہ سے تعلق بنا تو میرا غصہ کافی کم ہوگیا ہے اور ابھی میں خود معافی مانگ لیتا ہوں اور میں نے ارادہ کیا ہے کہ جو بھی دوست مجھ سے ناراض ہیں میں گھر جاکر ان سے خود ہی معافی مانگوں گا جب میں اپنے علاقے میں جاؤں گا اور اس کے علاوہ مجھے ادب بھی بہت ملا ہے والدین کا ادب ملا ہے، مجھے علماء کا ادب ملا ہے، پہلے میں ادب نہیں کرتا تھا۔ **روزگار کی وجہ سے پریشان تھا:** میری نوکری نہیں تھی روزگار کی وجہ سے کافی پریشان تھا، پچھلے رمضان تسبیح خانہ میں گزارا، یہاں اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر مانگا کہ یا اللہ میری نوکری نہیں ہے کچھ غیب سے مدد کر اللہ تعالیٰ کی رحمت نازل ہوئی اور گھر بیٹھے مجھے نوکری مل گئی وہ بھی اچھی خاصی تنخواہ کے ساتھ جو میرے وہم و گمان میں بھی نہ تھا۔ **دل کی بات نہ مانوں گا:** محترم حضرت حکیم صاحب! کل میں تہجد کے نفل پڑھ رہا تھا، التحیات میں بیٹھا تھا تو ایک بندہ میرے آگے سے گزر گیا، مجھے بڑا غصہ آیا، میں نے وہیں نماز میں سلام پھیر دیا حالانکہ بندہ بڑا تھا نانا جی نہیں تھا کہ غلطی سے گزرا ہو تو مجھے اس پر بہت غصہ آیا میں نے دل میں سوچا کہ ذرا اس کو اچھی طرح سمجھاؤں لیکن [illegible] اچانک میں نے غصے کو پی گیا، پھر میں نے دوبارہ نفل پڑھے اور اس کے بعد میں نے تہیہ کیا کہ آئندہ کے بعد نفس پر قابو رکھنا ہے اور نفس پر چوٹ مارنی ہے پھر اس کے بعد میں نے دو تین بار اس کو شش کی ہے کہ جو چیز میرے دل نے کی ہے میں نے اس طرح نہیں کرنا۔ درس کیلئے آپ کے سامنے گھنٹہ پہلے آکر بیٹھ گیا، وضو کی حاجت ہوئی تو میں اپنی جگہ پہ کپڑا رکھ کے نہیں گیا میں نے کہا جی [illegible] بے شک میری جگہ پہ بیٹھ جائے تو میں نے یہ تہیہ کیا کہ نفس کی بات کم مانوں گا اور اس پہ قابو کرنے کی کوشش کروں گا۔ **تبدیلی:** گھر میں کھانا کھاتا تھا تو ہمیشہ اکیلا کھانا کھاتا تھا اور کوئی میرے ساتھ بیٹھتا تھا تو اگر اس کے منہ سے آواز آرہی ہو یا اور کوئی گڑبڑ کررہا ہو کھانا کھاتے وقت تو مجھے بہت غصہ آتا تھا اب یہاں سب ساتھیوں کے ساتھ اکٹھے کھانا کھاتے ہیں۔ ایک دم دل کے اندر غصہ آتا ہے کہ کیا کررہا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کا بڑا شکر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے غصے پر کنٹرول دے دیا ہے اب اللہ تعالیٰ کرے گا تو گھر میں بھی اکٹھے کھانا کھائیں گے۔ محترم حضرت السلام علیکم! جس گاؤں سے میرا تعلق ہے وہاں جس زمانے میں میں چھوٹا تھا نہ کوئی اسکول تھا نہ کالج، کوئی تعلیمی ادارہ نہ تھا۔ میں نے اپنی تعلیم وراصل ہاسٹل میں رہ کر حاصل کی ہے اور مجھے یاد نہیں آتا کہ میں نے کبھی کسی کے گلاس میں پانی پیا ہو۔ مجھے یہ بات اچھی نہیں لگتی تھی بلکہ یہ کہ اگر گلاس وہاں پہ رہتا نہیں ہے تو میں اٹھ کے چلا جاتا تھا کہ میں بعد میں کھانا کھالوں گا، یہ پہلے کھالیں لیکن جب سے میں تسبیح خانہ میں آیا ہوں تو پہلے چند ایک دن میں نے کوشش یہ کی کہ تھوڑا سا پانی اس میں ڈالوں اور وہ میں پی لوں یا کسی نے چھوڑا ہوا ہے تو وہ خالی ہوجائے تو پھر میں اس میں پانی ڈال کے پیوں لیکن اب یہ ہے کہ کئی دنوں سے میں دوسروں کے چھوڑے ہوئے پانی میں اور پانی ڈال کے پی لیتا ہوں اور طبیعت میں جو پہلے نفرت تھی وہ ختم ہوگئی ہے۔ یہ آپ کی تعلیم کی وجہ سے ہے میں اس کے لئے اللہ تعالیٰ کا بھی شکر ادا کرتا ہوں اور سچی بات ہے کہ دل کی گہرائیوں سے اللہ تعالیٰ کے بعد آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

دل سے معاف کردیا: دوسری بات جو میں آپ سے کہنا چاہتا ہوں کہ چونکہ میرے والدین فوت ہوچکے تھے میری ایک قریبی رشتہ دار جو بہت زیادہ میرے ساتھ ظلم کرتی تھی، گالیاں دیتی، مارنا، بدنام کرنا کہ یہ برا کام کردیا ہے وہ کردیا ہے تو ہر وقت میرے ذہن میں غصہ آتا تھا کہ یہ اگر اب زندہ ہوجائے تو [illegible] جوتا لے کر اس کو ماردوں تو ایک درس میں آپ فرمارہے تھے کہ جنہوں نے آپ پر ظلم کیا ہے ان کو معاف کردیں اور میں [illegible] بیٹھے بیٹھے کہا یا اللہ میں نے اس کو معاف کردیا۔ تسبیح الوظائف کا فرمان: اللہ پاک تسبیح خانہ کی سچی قدردانی عطا فرمائے، سچی قدردانی اور یہاں کا رہنا قدردانی کے ساتھ ہو، یہاں کا اٹھنا یہاں کا بیٹھنا یہاں کے اعمال یہاں کے معمولات یہاں کے اجتماعی عمل یہاں کا کھانا یہاں کا پانی یہاں کی ہر چیز میں اللہ تعالیٰ مجھے اور آپ کو قدردانی دے بس قدردان کو ملتا ہے اور قدردان پاجاتا ہے کہ کرے نکالتا ہے اور جو اعتراض ہی کرتا رہتا ہے رب بڑا بے نیاز ہے۔ بس ایک بات یاد رکھیے کہ یہاں کے ماحول یہاں کے اعمال یہاں کا ذکر یہاں کی تسبیحات اور یہاں کی قدردانی اس پر اللہ تعالیٰ غیب کے خزانوں سے دلوں کی کایا اور دلوں کی دُنیا بدل دیتے ہیں۔ **دل نورانی ہوا:** جب بندہ اپنی معمول کی زندگی میں ہوتا ہے تو کچھ صحبت اس قسم کی ہوتی ہے کہ بندے کے دل پہ اس قسم کا گرد و غبار جمع ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے نہ عبادت میں دل لگتا ہے نہ اعمال میں دل لگتا ہے نہ تسبیحات میں دل لگتا ہے حتیٰ کہ

ہارمونز شفاء
ماہواری کی بے قاعدگیوں کا باقاعدہ علاج

ایسی خواتین جن کے ماہانہ ایام ٹھیک نہیں آتے، دن چڑھ جاتے ہیں۔ رُک رُک کے آتے ہیں، خاص ایام کے دنوں میں شدید تکلیف ہوتی ہے۔ جسم کا جوڑ جوڑ ٹوٹتا ہے، پیٹ میں شدید کرب اور بے چینی ہوتی ہے۔ سر چکرانا، متلی، قے آنا، افسردگی، بے چینی، گھبراہٹ، پسینے چھوٹنا، یا منہ کی خرابی، چہرہ پہ مہاسے، خارش، متلی، پیڑوں اور ناف کے آس پاس اذیت ناک درد ہونے سے مریضہ آنسو بہاتی ہے۔ حمل بار بار گرتا ہے۔ ایسی مجبور خواتین کیلئے ہارمونز شفاء کورس ترتیب دیا گیا ہے۔ جس کے استعمال سے ماہانہ ایام کھل کر پورے دن اور باقاعدگی کے آتے ہیں۔ ایسی نوجوان بچیاں جنہوں نے جوانی کی دہلیز پر قدم تو رکھا لیکن حساسیت میں آگئی کیونکہ ان کو ماہانہ ایام بھی نہیں آتے اور گندہ خون اندر ہی رک کر زہر بن گیا اور ان وجوہات کی بنا پر لڑکی کے منہ پر بال اگنے لگے، بعض لڑکیاں موٹی ہونا شروع ہوجاتی ہیں لڑکیوں کا منہ کیل جھائیوں سے بھر جاتا ہے۔ ہارمونز شفاء ایسی بچیوں کیلئے بہت مؤثر دوا ہے، خون صاف کرتی ہے چہرہ شیشے کی طرح صاف کرتی ہے۔ (قیمت صرف 300 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

اصلاح معدہ وجگر پیکیج
قیمت صرف -/440 روپے علاوہ ڈاک خرچ

معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج

معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے	معدے کے زخم کی خاص دوا
قیمتی قدرتی جڑی بوٹیاں جو سوزش اور معدہ کے زخم بھرنے میں مدد دیتے ہیں	
رحم کے ورم کی شکار خواتین کیلئے بہترین ٹانک	معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کرکے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔

چہرہ پر چھائیاں ہوں یا رنگت پیلی بے فکر ہوکر یہ پیکیج استعمال کریں اپنی سائنس میں مفید

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

قے کی شکایت دور: اگر روزانہ قے کی شکایت ہو تو ایک پاؤ تربوز کا پانی کوزہ مصری ملا کر روزانہ صبح کے وقت پی لینے سے یہ شکایت دور ہو جاتی ہے۔

فرض نمازوں بھی چھوٹنا شروع ہو جاتی ہیں رمضان سے پہلے کچھ میرا بھی حال ایسا ہی تھا اور جب رمضان میں یہاں پر آیا تو پہلے ایسا لگا کہ دل سے بہت سا غبار اور گند پہلے اُترا۔ گند اور غبار اُترنے کے بعد ایک نور نے دل کو گھیر لیا دل نورانی ہوا' روشن ہوا اس کے بعد اب نماز میں بھی دل لگتا ہے اعمال میں بھی دل لگتا ہے قرآن پاک پڑھنے میں بھی مزہ آتا ہے۔ آنکھوں کی بھی حفاظت ہوئی اور بہت سے عہد جو رمضان پاک میں دل میں اٹھے ہیں اب میں نے عمل کرنا ہے کہ نفس کو بھی دبانا ہے نظروں کو بھی بچانا ہے اور بہت سارے ایسے ارادے میں نے کئے ہیں جس کا پہلے میں نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا۔

میں حیران ہوں!: بارہ یا چودہ سال کے بچے اتنی بے سکونی تھی کہ میں بتا نہیں سکتا اور نماز کا جب وقت آتا تھا تو میں دروازہ بند کر کے اندر چلا جاتا تھا جب سے یہاں آیا ہوں اتنا سکون ملا ہے کہ میں حیران ہوں اللہ تعالیٰ نے میرے ساتھ خصوصی کرم کیا اور اپنی رحمت اور مہربانی کا معاملہ فرمایا۔ الحمد اللہ میں کھانا بھی سکون سے کھاتا ہوں مجھے نیند بھی آتی ہے' پہلے مجھے نیند نہیں آتی تھی' نہ میرا وقت گزرتا تھا۔ مگر اب سکون ہی سکون ہے۔ **کنال کا گھر' اپنی دکان' رزق کی ریل پیل:** محترم شیخ الوظائف دو سال سے تسبیح خانہ میں آنا شروع ہوا ہوں' حضرت صاحب آپ نے سورۃ کوثر کا اور سورۃ فاتحہ کا وظیفہ عنایت فرمایا تھا۔ جب سے وہ شروع کیا ہوا ہے پہلے تو ڈاڑھی نہیں تھی وہ بھی رکھ لی دوسرے اس کے بعد چھ سات ماہ بعد جب حج کیلئے درخواستیں جمع ہونا شروع ہوئیں تو میری جیب میں ایک پیسہ بھی نہ تھا۔ اللہ تعالیٰ نے غیب سے مدد کی اور پرائیویٹ طور پر ہم میاں بیوی حج پر چلے گئے اور حج کے بعد جب فوراً آئے تو دو تین مہینے بعد اللہ تعالیٰ نے ایک کنال کے گھر کے لئے پلاٹ دیا ہے اور اب تقریباً ایک ماہ ہو گیا دکان کرائے پر تھی' اللہ تعالیٰ نے اپنی دکان کے لئے ایک مرلہ جگہ بھی دے دی اور وہ بھی مین روڈ پر اب گھر میں اتنی برکت ہے کہ پتہ نہیں چلتا کہ یہ نظر تو نہیں آتا لیکن سب آپ کی دُعاؤں کی برکت اور یہ اعمال ہم تھوڑے بہت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اس میں برکت دے دے۔ (ش، چارسدہ)

مایوسی ناامیدی ختم: السلام علیکم! میں بھکر سے آیا ہوں اور عرصہ دراز سے بہت مایوسی ناامیدی اور ملازمت کے گھر کے شدید قسم کے مسائل crises میں مبتلا تھا بعض اوقات تو ایسی صورت حال ہو جاتی تھی کہ خود کشی کے خیالات ذہن میں آتے تھے نماز روزہ یا تلاوت قرآن پاک سے کوسوں دور بعض اوقات اگر جائے نماز پہ کھڑے ہونے کی اللہ تعالیٰ توفیق دیتا بھی تھا تو وہ بھی اپنے خیالات کے اندر گم ہو جاتے تھے اور حافظ قرآن ہونے کے باوجود ایک سال تک میں تلاوت قرآن سے محروم رہا صرف اپنے آپ کو کالج اور یونیورسٹی کی تعلیم تک محدود کر لیا تو اب حالات یہ تھے کہ بہت ہی پریشان کن تو اچانک ایک message آتا ہے 40404 سے کہ مایوسی کے اندھیروں سے نکلنے کے لئے تسبیح خانہ تشریف لائیں تو صرف امتحان کے طور پر میں یہاں پہ آیا اور نویں روزے کو یہ پچھلا گیٹ جو ہے یہاں پہ آیا تھا اس سے پہلے عرض کر دوں کہ میرا پیر' بزرگ اور ایسی چیزوں پہ میرا بالکل بھی اعتقاد نہیں تھا کیونکہ بچپن کے اندر ہمارے گاؤں میں ایک پیر صاحب آیا کرتے تھے وہ بالکل کلین شیو تھے اور گاؤں میں تین دن رہتے تھے' ہمارے ہمسائے میں ایک گھر کے اندر وہ قوالی کراتے تھے اور جاتے ہوئے پانچ سات بھینسیں اور آٹھ دس لاکھ روپیہ اکٹھا کر کے لے جاتے تھے تو اس چیز کو دیکھتے ہوئے اور اس مشاہدے کو دیکھتے ہوئے میرا قطعاً اس چیز پہ اعتقاد نہیں تھا کہ ان چیزوں کی بھی کوئی اہمیت حاصل ہے تو جب میں یہاں تسبیح خانہ میں آیا تو پچھلے گیٹ پر آیا' گیٹ بند تھا' معلوم نہیں تھا کہ اس کا اصل دروازہ کون سا ہے پھر میرے ایک محترم تھے میں نے ان کو فون کیا تو فون بھی ان کا آف جا رہا تھا تو عصر کے بعد یہاں ذکر کی آواز آ رہی تھی تو میں نہایت مایوس ہو کر پھر واپس چلا گیا یہاں سے چار سو کلو میٹر دور میرا گھر ہے' نویں روزے کی شام جب گھر پہنچا تو رات بڑی بے چینی میں گزری' اگلے دو روزے بھی بہت بے چینی سے گزرے تو میری کیفیت ایسی تھی جیسے کسی بھوکے کے آگے سے کھانا اٹھا لیا گیا ہو' جیسے کسی پیاسے کے آگے سے پانی اٹھا لیا گیا ہو جیسے ایک حشرات ہوتے ہیں اور رات کو روشنی کے پاس آتے ہیں لیکن جب روشنی بجھ جاتی ہے تو وہ دور جا کے گر پڑتے ہیں۔ میں بھی اسی طرح گرا تو اچانک دل میں خیال آیا کہ کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ میں بہت قیمتی چیز' قیمتی دولت چھوڑ کر چلا آیا ہوں تو میں نے اگلے ہی دن دوبارہ گھر والوں کو بتایا کہ میں تسبیح خانہ جا رہا ہوں۔ انہوں نے کہا یہ کیا مذاق ہے' لیکن خود پر جبر کرتے ہوئے یہاں پھر آ گیا' کارڈ بھی لیا اب یہاں پر میری جو کیفیت تھی ایسی تھی جیسے دارالحرب میں ہوتا ہے شیطان کی اور میری جنگ تھی' وہ مجھے دن کے اندر بیسیوں بار یہ کہا کہ یہاں سے چلا جا' لیکن میرا یہ ٹوٹل قیام تسبیح خانہ کے ساتھ تعلق سات دن کا ہے آج مجھے یہاں پر ساتواں دن ہے لیکن میں عرض کر دوں کہ ان سات دنوں کے اندر جیسے یہاں پہ سن رکھا ہے یہاں پہ لوگوں کو بہت بڑی بڑی چیزیں' بہت بڑے بڑے روحانی کمالات حاصل ہوئے ہیں میرے ساتھ ایسا تو کوئی معجزہ تو نہیں ہوا لیکن کچھ چیزیں ہیں جو یہاں سے میں نے سیکھی ہیں وہ اگرچہ غیر معمولی ہیں وہ ساتھ آنے والی

مجھے ضرور پڑھیں!!!

الحمد للہ لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ اگر کہیں سے تحریر لیں تو متعلقہ حوالہ ضرور لکھیں۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔

ایڈیٹر کی کتابیں' رسالہ آپ کی نظر سے گزرا۔ حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے۔ بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے۔ ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب اور رسائل اور جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے یہ وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں کہ جس کتاب سے حوالہ لیا گیا ہے مؤلف کا انکے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

حکیم صاحب کو موصول ہونیوالی ڈاک میں سے بعض کیساتھ جوابی لفافہ نہیں ہوتا لہٰذا ان کا جواب نہیں دیا جاتا۔ قارئین! جوابی لفافہ بمعہ ٹکٹ ساتھ ضرور ارسال کیا کریں۔

بعض قارئین اخبارات و رسائل سے تحریریں من و عن نقل کر کے اپنے نام سے ارسال کرتے ہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔ ورنہ آئندہ ان کی قلمی تحریر بھی شائع نہیں کی جائیگی۔ (ادارہ)

صنعت کار، تاجر، دفتری کام کرنے والے، دماغی یا جسمانی محنت کرنے والے، گھریلو خواتین اور طالب علم سب کیلئے یہ اعلیٰ درجے کی طاقت اور پٹھوں میں فریش کرنے والی انوکھی دوا۔

ستر شفائیں انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء

فوڈ الرجی' قے' حاملہ کی شدید ترین قے صرف ایک خوراک سے ختم

جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق

دل کے والوکھولنے میں اتنی لاجواب ہے کہ بڑے بڑے سرجن حیران رہ گئے

ذہنی پریشانی اور خاص طاقت سے محروم ہو یا جوانی یہ دوائی اتمام اور عمر سے سے استعمال کریں

ذھیروں الاعلاج مریض صرف چند ڈبیوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب

جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا آخری بار بہا کا آزمودہ علاج

طرح طرح کے امراض میں مبتلا بس ایک خوراک منہ میں ڈالیں اور صحت کی کرن دیکھیں معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید (قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

جوہر شفاء مدینہ ہر مرض کا علاج

معدہ کا مسئلہ بلڈ پریشر' جگر' گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں۔

شفاء کا ایسا نایاب بہا خزانہ جس کا انتخاب بیشتر نبوی جڑی بوٹیوں سے کیا گیا سالہا سال کے تجربات نے اسے خود کار تنی اور کسوٹی بنا دیا ہے

بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہو جاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے

52

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

ستر سال کی عبادت: جو شخص صبح بیدار ہو کر چوتھا کلمہ پڑھے تو ستر سال کی عبادت کا ثواب ملے گا جو شب جمعہ کو چالیس بار چوتھا کلمہ پڑھے حج کا ثواب پائے گا۔ رمضان میں عمل کا اجر ستر گنا تک بڑھا دیا جاتا ہے۔

نہیں لیکن میں وہ ضرور آپ کے ساتھ شیئر کرنا چاہتا ہوں کہ میں نے وہ کیا کیا چیزیں سیکھی ہیں۔ 1۔ سب سے پہلے ایک کہ معاشرے کے اندر مایوسی اور ناامیدی کی جو فضا ہے لوگ ہنسنا بھول گئے ہیں تو یہاں دروازے کے اندر آتے ہی وہ ڈنڈا بردار بھی صاحب کھڑے تھے میں نے جب ان سے پوچھا کہ بھئی صاحب تسبیح خانہ یہی ہے؟ انہوں نے کہا جی اللہ والے کی ہے اور ان کے چہرے پہ جو مسکراہٹ تھی یقین جانیں کہ اسی وقت دل کو بڑی تسکین اور راحت کا احساس گزرا تھا کہ "میں اللہ والا" میں اللہ والی گناہوں اور ذلتوں کی زندگی گزارنے والا اور یہ مجھے اللہ والا کہہ رہا ہے تو مجھے بڑا ہی اچھا لگا تو میں آگے آیا جب کارڈ والوں سے انٹرویو کی باری آئی تھی تو وہ بزرگ اتنے شفیق لہجے سے بات کر رہے تھے تو میرا یقین بڑھتا چلا گیا کہ اصل چیز یہی ہے کہ جن کی معاشرے کے اندر کمی ہے وہ چیزیں ان شاء اللہ تعالیٰ یہاں مل جائیں گی۔

2۔ دُعا مانگنے کا قرینہ سلیقہ میں نے یہاں سے سیکھا ہے مجھے نہیں یاد کہ اپنی 30 سال کی زندگی کے اندر کبھی میں اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگتے ہوئے رویا ہوں اور ہمارا دُعا مانگنا اللہ تعالیٰ سے صرف یہی تھا کہ اگر کبھی نماز پڑھ لی تو اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ آمین اور شکوے گلے بھی اللہ تعالیٰ سے کہ اللہ تعالیٰ ہماری دُعائیں قبول نہیں کرتا جبکہ ہمیں دُعا مانگنے کا قرینہ ہی نہیں آتا جب میں یہاں پہ آیا تو اگلے دن تہجد کے وقت یہاں ستون کے پاس ایک کوئی 16 سال کا بچہ دُعا مانگ رہا تھا سر پہ اس نے عمامہ باندھا ہوا تھا اور میں نے دیکھا کہ وہ 38 منٹ لگاتار اس نے دُعا مانگی ہے اور اس کی آنکھوں سے آنسوؤں کی لڑی چل رہی ہے تو مجھے اپنا آپ اور نیچا کمتر محسوس ہوا کہ جس طرح تو دُعا مانگتا تھا ایسے دُعائیں نہیں مانگی جاتیں دُعائیں تو ایسے مانگی جاتی ہیں۔ میں نے بھی کوشش کی جب میں نے ہاتھ اٹھائے تو وہ یہ تھا کہ جلدی جلدی ہاتھ نیچے کرو شیطان کے وار تھے لیکن اب آہستہ آہستہ دو چار پانچ منٹ بڑھانے کی کوشش ہے اور اب اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ میں نے یہ بھی محسوس کیا ہے کہ دُعا مانگتے ہوئے آنکھوں میں نمی آجاتی ہے اور دل کی جو شقاوت ہے وہ بھی دور ہو جاتی ہے۔ 3۔ میں نے جو سب سے بڑھ کر یہاں چیز دیکھی ہے وہ بلاتفریق انسانوں سے محبت کا سبق ہے۔ آج ہمارے معاشرے کے اندر سب سے زیادہ قابل اسی چیز کا ہے سب سے زیادہ انتشار کی وجہ یہی ہے منبر و محراب سے بھی ایسی صدائیں اٹھ رہی ہیں جو امت کو فتنوں کے اندر دھکیل رہی ہیں لیکن یہاں شیخ الوظائف کی زبان سے ایسی باتیں نکل رہی ہیں ایسے سبق نکل رہے ہیں کہ ہر مسلک کے لوگ یہاں پر موجود ہیں اور یہ ایک سب سے مثبت پہلو ہے جو تسبیح خانہ کا ہے کہ یہ فضاء معاشرے کے اندر جانی چاہیے اور معاشرے کے اندر امن اور روحانیت اگر اس کا نام رکھا گیا ہے تو انہی دو چیزوں کی ضرورت ہے۔ روحانیت انفرادی طور پہ اور امن اجتماعی طور کے لئے ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت جی کی اور آپ سب کی کوششوں کو قبول فرمائے اور معاشرے کے اندر امن کا بول بالا کر دے۔

4۔ میں نے انسانوں کی خدمت کا جذبہ یہاں سے سیکھا ہے۔ حضرت صاحب سے سیکھا کہ اپنا تن من دھن سارا ان لوگوں کے لئے جن کے ساتھ ان کی کوئی خواہش کوئی غرض وابستہ نہیں ہے ان کے لئے اپنا دن رات کا سکون وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول کروا رہے ہیں تو یہاں سے میں نے سیکھا اور دوسرا جو خدمت والے احباب ہیں ان سے میں نے خدمت کا جذبہ سیکھا خدا گواہ ہے کہ جب انظامی کے لئے صبح سحری کے لئے چھت پر جانا ہوتا ہے تو وہ لوگ اس طرح مصروف انداز میں خدا کی رضا کے لئے خدمت کر رہے ہوتے ہیں ایسا لگتا ہے کہ اللہ مجھے معاف کرے جیسے فرشتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے ہم لوگوں کی خدمت کے لئے اتارے ہیں۔ یہ میں نے ان (خدمت والوں) سے سیکھا ہے کہ دوسروں کی خدمت جیسے اخلاص کے ساتھ اور ریاکاری کے بغیر خالصتاً اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کی جاتی ہے۔ 5۔ میں نے صفائی کا سبق یہاں سے سیکھا ہے اطہور شطر الایمان یہ سب کو یاد ہے منبر و محراب سے بھی آواز آتی ہے نکلتی ہیں یہ صدائیں لیکن کہیں بھی عملی طور پہ اس کا مظہر دیکھنے کو نہیں ملتا۔ اس چیز کی بھی حضرت صاحب کو مبارک باد دیتا ہوں آپ سب لوگوں کو بھی مبارک دیتا ہوں اور اللہ تعالیٰ کا بہت شکر گزار ہوں کہ یہاں پہ اطہور شطر الایمان عملی طور پر نافذ ہے اور ہر بندہ اس کی بخوبی کوشش کر رہا ہے۔

6۔ میں نے دوسروں کو نصیحت کرنے کا انداز یہاں سے سیکھا ہے نصیحت نرمی سے کی جائے اثر انداز ہوتی ہے لیکن اتنی نرمی سے کی جائے جتنی یہاں سے کی جاتی ہے خدا گواہ ہے کہ جب حضرت صاحب کے منہ سے ایسے کوئی نصیحت آموز الفاظ نکلتے ہیں تو کٹ مرنے کو دل کرتا ہے اور جب مولانا صاحب عشاء کی نماز سے پہلے آ کے انتہائی التجائیہ انداز میں کہتے ہیں اللہ والو موبائل سائلنٹ پر لگاؤ اللہ والو دوسرے کا جوتا نہ پہنو بار بار۔ آج 20 دن ہو گئے ہیں وہ اس سبق کو دہرا رہے ہیں لیکن ہم کبھی کبھی اس پر عمل کر جاتے ہیں لیکن کسی کے منہ سے غلط لفظ غلط رویہ نہیں ہے۔ اتنی نرمی سے نصیحت کی جاتی ہے کہ خدا جانے بات دل میں اتر جاتی ہے اور جو لوگ دیکھتا ہوں کہ وہ ایسا کر رہے ہیں جس چیز سے منع فرمایا جا رہا ہے ان پر انفرادی طور پہ بھی غصہ آتا ہے کہ انہوں نے کتنے التجائیہ انداز میں کہا تھا اور ہم پھر بھی کر رہے ہیں۔ اس کے بعد میں نے دُنیا کے اندر کسی بھی کام کو سرانجام دینے کے لئے یا کسی بھی بڑے مقصد کو پانے کے لئے وہ میں نے یہاں سے راز حاصل کیا ہے اور انشاء اللہ میرے جو گزشتہ مسائل تھے میں انشاء اللہ اسی طریقے سے حل کرنے کی کوشش کروں گا۔ حضرت صاحب نے بتایا کہ کسی بھی کام کو کرنا ہے اپنے آپ کو مقبول بندوں کی صف میں شمار کروانا ہے تو دو ہی چیزیں ہیں۔ ایک بیٹھنا اور ایک برداشت سے بیٹھنا یہ ہے کہ ڈٹ کر لگے رہو تھک جاؤ تو بھی لگے رہو کوئی رکاوٹ ہو تو بھی لگے رہو اور دوسرا یہ ہے کہ رکاوٹوں کو برداشت کرنا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس سبق پر چلتے ہوئے مجھے اور آپ کو منزل مقصود سے ضرور نوازے گا۔ 7۔ اور اس کے بعد اجتماعی کھانے کے آداب میں نے یہاں سے سیکھے ہیں معاشرے کے اندر اگر کوئی شادی ہے اگر کوئی خیرات ہے اگر کچھ بھی ہے آپ سارے لوگ اس بات کے گواہ ہیں کہ کس طرح بدنظمی کا مظاہرہ وہاں ہوتا ہے ایک دوسرے کی ہتک عزت کی جاتی ہے رزق کی ناقدری کی جاتی ہے لیکن یہاں پر جب اوپر سے نصیحت کی جاتی ہے تو اس کا اثر ہوتا ہے اور ہم لوگ اس کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

طب نبویؐ ہیئر آئل بالوں کی ہر بیماری کا آزمودہ علاج
قیمت 300/- روپے علاوہ ڈاک خرچ
چھوٹے بال، خشکی، مکری سے پریشان اب دل چھوٹا نہ کریں۔ یہ تیل صرف مایوس اور ناامید لوگوں کیلئے سر کی خشکی کیلئے قبل از وقت بال سفید ہونے کیلئے بال دوشاخے اور ٹوٹ رہے ہوں سر میں مسلسل درد اور ٹینشن کی وجہ سے پریشانی بال اتنے جھڑیں کہ سر گنجا ہو گیا ہو۔ سر پکڑانے وغیرہ کیلئے بہت مفید ہے۔ نگاہ تیز ہوتی ہے۔ طبیعت پرسکون ہو اور راحت ہوتی ہے۔ اگر اس کا مسلسل استعمال کیا جائے تو فالج، لقوہ، ہیمرج اور ٹینشن سے مکمل نجات ہوتی ہے۔ حافظہ لاجواب بھول جانے کا مرض ختم بچوں کو اگر سر پر مسلسل لگایا جائے تو بچوں کی نگاہ طاقت ور اور بال ملائم اور بہترین ہوتے ہیں۔ بھوتے کی عادت ختم ہوتی ہے۔

خاتون شفاء ماہواری کی بے قاعدگی کا آزمودہ علاج
جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج
چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں
ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں
حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن
شادی کے بعد جسم موٹا ہو رہا ہو تو چند بوتلیں خاتون شفاء کی استعمال کریں
موٹاپے کا بہترین علاج۔ داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج
صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

http://www.urdutube.net/
Digitized by Google

اجتماعی کھانے کے لئے جاتے ہیں نہ کسی صف میں کوئی ذرہ گرا پڑا ملتا ہے' نہ کسی کی ایک دوسرے کے ساتھ جھڑپ ہوتی ہے' محبتوں کے ساتھ ایک ہی برتن میں اپنی ساری خواہشات کو اپنے پیٹ کے نیچے رکھ کے وہ لوگ کھا رہے ہیں اور میں دُعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ یہاں پہ جو یہ سیکھا گیا سبق ہے اس کو ہم اپنی شادی بیاہوں اپنے دوسرے معاملات کے اندر بھی جاری کرنے کی توفیق دے اور اس کے بعد یہ ہوا جو ہے اس کو پورے عالم کے اندر اللہ تعالیٰ چلا دے۔8۔ اس کے بعد میں نے جو چیز یہاں سے سیکھی ہے وہ ڈسپلن ہے وہ نظم ہے ہمارے ہاں معاشرے کے اندر حادثہ ہو جائے تو پہ ہسپتال کے اندر یا بل جمع کروانے کی لائن کے اندر 15 سے 20 لوگ اکٹھے ہو جائیں تو وہاں پہ دھکم پیل شروع ہو جاتی ہے وہاں پہ پولیس بلانی پڑتی ہے اور وہاں پر لاٹھی چارج کرنا پڑتا ہے' یہاں پر تقریباً ہزار لوگوں کا مجمع ہے اور وہ بڑی محبت کے ساتھ بیٹھنے میں اٹھنے میں کھانے کے لئے جانے میں آنے میں وضو کرنے میں جس طرح نظم وضبط کا مظاہرہ کر رہا ہے یہ قابل دید ہے' قابل مثال ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو قبول فرمائے اور اس کو مزید بہتر کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس کے بعد ایک جو راز ہے وہ میں حضرت صاحب کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں کہ جب میں یہاں پر آیا بہت سارے سوالات ذہن کے اندر ہلچل مچا رہے تھے روز کوئی نہ کوئی نیا سوال آتا تھا اور میں اس چیز پر پریشان ہوں کہ جب میں رات کو جاتا یہاں پر اپنی جگہ کے اندر تو سوال آٹھ دس پندرہ بیس منٹ دو تین سوال آتے اور جب میں صبح نماز پڑھ کے یہاں پر بیٹھتا تو مجھے اگلے دن فجر کے درس میں ان سارے سوالوں کے جواب مل جاتے تھے میں اس راز پہ انگشت بدنداں ہوں دماغ میرا ماؤف ہے کہ کیسے ہے کہ جو آگے تک پہنچ جاتا ہے۔ میں نے نہیں بتایا میں نے کچھ نہیں لکھ کے دیا۔ مجھے آج ساتواں دن ہے اور مجھے کامل تجربہ ہے اس چیز کا اور یقین ہے اس بات پہ کہ جو بھی دو تین عرض کرتا ہوں اگر تبلیغ کے حوالہ سے آیا تھا تو اگلے دن اجتماع کے موضوع پر درس ہوتا۔ اگر پاکیزگی کے حوالہ سے سوال آتے ہیں تو پاکیزگی پر درس کے اندر سارے سوالات کے جواب مل جاتے ہیں تو مجھے ایسا لگتا ہے کہ اگر یہ میرے ساتھ ایسا ہے میرے ذہن کے اندر اٹھنے والے سارے سوالات کا جواب مل جاتا ہے تو یقیناً آپ لوگوں کے ساتھ بھی ایسا ہوگا۔ سارا دن میرا اس خوشی کے اندر گزرتا ہے کہ میں نے رات کو درس سننا ہے اور ساری رات میری اس خوشی کے اندر گزرتی ہے کہ میں نے فجر کے بعد بیان سُننا ہے میرے یہ سات دن اسی طرح اسی انتظار کے اندر گزرے ہیں۔ ایک اور چیز میں نے دوسرے مذہب کے لوگوں کے بارے میں پڑھا تھا اس کے اندر ایک مراقبہ کا خیال تھا اور میرا پسندیدہ تھا کہ انڈیا کے اندر ایک اوشو ہے بہت بڑا مراقبہ ہے وہ میں لوگوں کو پڑھتا تھا اس کی پیروی بھی کرتا تھا اس کو اچھا بھی سمجھتا تھا تو میں سوچتا تھا کہ کیا اسلام میں اس کا کوئی متبادل ہے تو مجھے یہاں آ کے پتہ چلا کہ اسلام نے تو اس سے پہلے بھی مراقبہ کا تصور دے دیا تھا اور وہ جو حضرت صاحب ہمیں صبح وشام یہاں پہ مراقبہ کرواتے ہیں۔ وہ مراقبہ کا تصور جو ہے وہ میں نے بھی یہاں آ کے سیکھا ہے حضرت صاحب نے بتایا: ''حضور نبی کریم ﷺ غار حراء کے اندر یہی مراقبہ فرمایا کرتے تھے' غور وفکر کیا کرتے تھے'' تو یہ ساری باتیں تھیں جو آپ کو بتانا تھیں۔ (ق' بھکر)

مجھے تسبیح خانہ سے کیا نہیں ملا؟: شیخ الوظائف السلام علیکم! آپ نے سوال کیا ہے کہ تسبیح خانہ سے کیا ملا؟ مجھے تسبیح خانہ سے کیا نہیں ملا' مجھے تسبیح خانہ وہ سب کچھ ملا جو میری دُنیا وآخرت کی ضرورت تھی۔ انسانیت کی فکر ملی' جھکنا ملا' برداشت بھی آ گئی روحانی اور جسمانی رزق بھی وافر ملا۔ اللہ تعالیٰ سے مانگنے کا طریقہ آ گیا۔ اللہ تعالیٰ سے باتیں کرنے کا گُر آ گیا دُعاؤں کی کیفیت مل گئی دوسروں کے لئے دُعاؤں کا نکلنا شروع ہو گیا عاجزی آ گئی حلال اور حرام کی تمیز آ گئی۔ معاف کرنا آ گیا دوسروں کے بارے میں خیر خواہی آ گئی' حکمرانوں کے لئے' فوج کے لئے' پولیس کے لئے' رینجرز کے لئے دُعائیں مانگنی آ گئیں۔ زمین پر چلتے ہوئے بھی ڈر لگتا ہے پاؤں آہستہ رکھتا ہوں کہیں زمین کو تکلیف نہ پہنچے۔ میں حضرت صاحب کے پاس 2003ء سے آ رہا ہوں بڑی جرأت کر کے حضرت صاحب کے پاس آیا ہوں پہلے تو تسبیح خانہ سے اللہ تعالیٰ نے مجھے اور میری والدہ کو اور میرے خاندان کو بہت نوازا ہے میں تو رات کو صبح وشام دفتر آتے جاتے جب بھی سڑک سے بائیک پر گزرتا ہوں تو تسبیح خانہ' روحانی منزل' درود محل اور دارالتوبہ اور ہجویری محل کے لئے اور حضرت صاحب کے لئے خصوصی دُعا کر کے گزرتا ہوں بے شک وہ صبح کا وقت ہے یا آدھی رات کا وقت یہی کوشش ہوتی ہے کہ حضرت صاحب کو دیکھ لوں۔ حضرت صاحب مجھے راستے میں مل جائیں حضرت گلی سے آ رہے ہوں پوری کوشش ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کسی نہ کسی طریقے سے حضرت صاحب سے ملا دیتا ہے تو کہنے کا مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت' کرم اور حضرت صاحب کی خصوصی محبت' شفقت اور دعا نے میرے بیٹے کو حافظ قرآن بنایا۔ میری کوشش یہی ہوتی تھی کہ میں اور میرا بیٹا حضرت صاحب کے پاس تسبیح خانہ میں آئیں۔ حضرت صاحب اس کو دیکھیں اور اس کو دم کریں تو اللہ تعالیٰ نے اس کو بغیر کسی رکاوٹ کے اتنی جلدی حافظ قرآن بنا دیا کسی قسم کی کوئی رکاوٹ کوئی پریشانی نہیں آئی۔ وہ حضرت صاحب کے اعمال تسبیح خانہ میں آنے کی وجہ سے اور حضرت صاحب کی شفقت کی نگاہ اور محبت کی وجہ سے ہوا اور اس کے بعد میری والدہ ہر وقت تسبیح خانہ اور حضرت صاحب کے لئے دُعا گو رہتی ہیں۔ ابھی تسبیح خانہ میں بیٹھ کے یَامُصَبِّبَ الْاَسْبَابِ سَبِّبْ لِیْ

عروسی سہاگ کورس
شادی سے پہلے اور بعد (صرف مردوں کیلئے)

آیئے ہم آپ کو جینے اور طاقت پانے کا گُر سکھائیں

زندگی کی بہاریں اندھیری راہوں میں لٹانے والوں کیلئے خوشخبری

بڑھاپے کی طرف مائل دوبارہ اٹھارہ سال جیسا شباب حاصل کر سکتے ہیں

قدرتی لازوال جڑی بوٹیوں کے نچوڑ سے تیار شدہ بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ

ہر عمر کا مرد بلا جھجک استعمال کرے اور قدرتی جڑی بوٹیوں کا کرشمہ دیکھے	سالہا سال سے کھوئی ہوئی قوتوں کو دنوں میں واپس لائے

(قیمت -/5000 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

ہمارے مہینے

اسلامی	انگریزی	دیسی	ہندی
محرم الحرام	جنوری	عاشورہ	چیت
صفر المظفر	فروری	تیرا تیزاں	بیساکھ
ربیع الاول	مارچ	بارہ وفاتاں	جیٹھ
ربیع الثانی	اپریل	عرس والا	ہاڑ
جمادی الاول	مئی	خالی	ساون
جمادی الثانی	جون	بیاخالی	بھادوں
رجب المرجب	جولائی	معراج	اسوج
شعبان المعظم	اگست	شعبان	کاتک
رمضان المبارک	ستمبر	رمضان	مگھر
شوال	اکتوبر	عیدوالہ	پوہ
ذی قعدہ	نومبر	خالی	ماگھ
ذوالحجہ	دسمبر	بقرعید	پھاگن

خالص شہد کے متلاشی متوجہ ہوں!

نبی کریم ﷺ کی پینے والی غذا میں سب سے زیادہ پسندیدہ غذا ''شہد'' کیمیائے صحت مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ دل ودماغ اور معدہ وجگر کو غضب کی تقویت بخشے ''شہد'' مصفی خون ہونے کے علاوہ مولد خون بھی ہے۔

عنقری کا شہد سو فیصد خالص ہے۔ موسمی تبدیلی کی وجہ سے شہد کا جمنا فطری عمل ہے مصنوعی اور ملاوٹ نہ سمجھی جائے۔

قیمت: 330 گرام 240 روپے۔ ایک کلو پیکنگ 700 روپے
500 گرام 350 روپے

http://www.urdutube.net/

Digitized by Google

آخیر پڑھا ہے پچھلے رمضان میں تسبیح خانہ کی تعمیر کے لئے یہ حضرت صاحب نے پڑھائی بڑی کثرت سے کروائی تھی تو میں جب یہ عمل کرتا تھا تو تسبیح خانہ کے لئے دُعا کرتا تھا تو حضرت صاحب اپنے مکان کا بھی سلسلہ چلتا تھا تو میں نے اسی تسبیح کو جاری رکھا اور میں ایک گورنمنٹ ملازم ہوں حق حلال کی کمائی میں سے 500 اور 1000 روپیہ بچانا بھی بہت مشکل ہوتا ہے لیکن حضرت صاحب کی اللہ تعالیٰ کی رحمت سے تسبیح خانہ میں آنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے میرا چار مرلہ کا مکان اس پر تقریباً 20 لاکھ کے قریب لگا دیا حالانکہ میرے پاس کوئی پیسہ نہیں تھا کوئی سبب نہیں تھا کچھ بھی نہیں تھا یہ حضرت صاحب کو پتہ ہے مجھے جو اعمال بتائے تھے حضرت صاحب نے سورۃ الکوثر والا یا مسبب الاسباب والی تسبیح میں روزانہ کرتا تھا اور میرے پاس پیسے بھی نہیں تھے تو میں حضرت صاحب کے پاس آ جاتا تھا کہ میرے پاس حضرت صاحب کچھ بھی نہیں انہوں نے کہا بس تسبیح خانہ سے ہی جڑے رہو تو تسبیح خانہ میں آنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے میرا مکان بھی تعمیر کر دیا اور یہ تسبیح خانہ ہی سے ملا ہے۔ حضرت صاحب یہی فرماتے رہے کہ تسبیح خانہ کو وقت دو' آتے رہو اب بیٹی کے رشتہ کے لئے حضرت نے فرمایا فکر نہ کرو تسبیح خانہ آتے رہو انشاء اللہ یہ بھی ہو جائے گا وہ بھی سلسلہ چل رہا ہے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ تسبیح خانہ میں آنے سے میری خواہش اور جو ضروریات ہوتی ہیں تو میں ادھر آ جاتا ہوں آفس سے تھوڑا بہت ٹائم نکال کے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے رسول پاک ﷺ کے وسیلے سے اور حضرت صاحب کی خصوصی محبت اور شفقت ان کی دُعاؤں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ساری چیزوں سے نوازا ہے۔ بس اللہ تعالیٰ تسبیح خانہ' روحانی منزل' درود محل' دارالتوبہ ہجویری محل کو قیامت تک آباد رکھے اور غیب کے خزانوں سے ان کی ضروریات اور حاجات کو پورا فرمائے اور حضرت صاحب کی خصوصی دُعائیں ہمارے ساتھ رہیں۔ (م، لاہور)

تسبیح خانہ میں دینی و دنیاوی فوائد: محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں لودھراں سے آیا ہوں مجھے آئے ہوئے ابھی چار دن ہوئے ہیں مجھے دینی فائدہ بھی ہوا اور دُنیاوی فائدہ بھی ہوا ہے' دینی فائدہ یہ ہوا ہے کہ میری کیفیت یہ تھی کہ میں جمعہ نماز پڑھنے جاتا تھا تو صرف دو رکعت فرض پڑھتا تھا' باقی سارا ہفتہ نہ نماز پڑھتا تھا نہ کوئی ذکر نہ کوئی عبادت۔ اللہ تعالیٰ مجھے معاف فرمائے۔ دُنیاوی فائدہ یہ ہوا ہے کہ ہمارا خاندانی مسئلہ ریڑھ کی ہڈی کا ہے۔ میں جب تشہد میں بیٹھتا تھا تو بڑی مشکل سے بیٹھتا تھا۔ پانچ یا سات منٹ بمشکل بیٹھ سکتا تھا۔ اسی طرح میری والدہ کا بھی ہے اور خاندان میں بھی ہے چوتھا دن ہے ابھی الحمدللہ میں 12 بجے سے بیٹھا ہوں اور تین ساڑھے تین ہو چکے ہیں تو میں اپنی یہ کیفیت الفاظ میں بیان نہیں کر سکتا۔ میرے پاس الفاظ نہیں ہیں کہ میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کروں میں یہاں اس لئے آیا کہ عید کی چھٹیاں ہیں' میں اسکول میں ٹیچنگ کرتا ہوں تو عید تک ٹائم گزر جائے تو میری یہ حالت ہے کہ اب چار پانچ گھنٹے لگاتار بیٹھ رہتا ہوں پہلے عبادت میں ذرا بھی دل نہیں لگتا تھا' نماز پڑھتا تھا تو خیالات آتے تھے ایسے خیالات آتے تھے کہ بیان نہیں کر سکتا تو الحمدللہ یہ کیفیت بھی کافی تبدیل ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ میری ایک بیٹی ہے جو گھر میں ہے تین یا ساڑھے تین سال کی اس کے ساتھ ایک مسئلہ ہے وہ خوفزدہ ہے یعنی میں اگر آدھا گھنٹہ بھی اس کی نظروں سے اوجھل ہو جاؤں تو جدائی برداشت نہیں ہوتی وہ روتی رہتی ہے لیکن آج میں یہاں آئے ہوئے چوتھا دن ہے بچی ماشاء اللہ بالکل ٹھیک اور مطمئن ہے اس کو تھوڑا محسوس تو ہو رہا ہے لیکن پہلے والی کیفیت نہیں ہے بچی کو میں اپنے ساتھ اسکول لے کر جاتا تھا اگر کسی کام کے سلسلہ میں ادھر ادھر ہو جاتا تو بچی کا منہ کھل جاتا' آنکھیں کھل جاتیں اور رونا شروع کر دیتی تھی اور بعض اوقات بغیر آواز کے وہ بالکل گم سم سی ہو جاتی تھی لیکن اب کافی بہتر ہے الحمدللہ میں نے پتہ کیا ہے۔ دینی فائدہ یہ ہوا کہ اب الحمدللہ پانچ وقت نماز بھی پڑھتا ہوں اور تہجد بھی پڑھتا ہوں میں نے قرآن پاک کو سال کے بعد پڑھا ہے' مجھے صرف چار دنوں میں اتنا فرق محسوس ہوا ہے میں پہلے بھی کافی جگہ پہ گیا ہوں مجھے کہیں سکون نہیں ملا بس میں یہی کہوں گا میرا حال آپ کے سامنے ہے میں 15 سے 20 منٹ ریڑھ کی ہڈی کے مسئلہ کی وجہ سے نہیں بیٹھ سکتا تھا اب میں چار سے پانچ گھنٹے حضرت صاحب کا درس سنتا ہوں نماز بھی پڑھتا ہوں پوری تراویح بھی میں نے زندگی میں پہلی دفعہ باجماعت پڑھی ہے۔ اس سے زیادہ میرے پاس الفاظ نہیں ہیں کہ میں شکریہ ادا کروں آپ سب دوستوں سے دُعا ہے کہ میری والدہ کے لئے دُعا کریں۔ (ٹ، لودھراں)

تسبیح خانہ آیا' زندگی بدل گئی: تسبیح خانہ سے 2012ء سے منسلک ہوں' اس سے پہلے بہت سی برائیوں میں گھرا ہوا تھا شکر الحمدللہ تسبیح خانہ سے منسلک ہوا اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ کا احسان ہے سب سے پہلی چیز مجھے یہاں سے ملی' وہ یہ تھی کہ مجھے شیطان کی کارستانیوں کا اور کس طرح وہ ہماری زندگی میں شامل ہے بہت سی برائیاں ایسی تھیں جن کو ہم برائیاں نہیں سمجھتے تھے مگر اپنی زندگی میں نماز بھی پڑھتے تھے' اچھائی بھی کرتے تھے لیکن ان برائیوں کی نشاندہی ہمیں نہیں تھی جیسے بدنظری ہے' حرام حلال کی تمیز نہیں' جھوٹ بول دینا یہ عام باتیں تھیں ہم ان کو برائی نہیں سمجھتے تھے تو تسبیح خانہ میں آنے کے بعد ان برائیوں کا احساس ہوا کہ یہ برائیاں ہیں اور اچھائی اور نیکی اور بدی کا احساس ہوا زندگی بالکل بدلی یہاں تسبیح خانہ میں آنے کے بعد بہت برا حشر تھا' نماز پڑھنی شروع کی اللہ تعالیٰ نے یہ ڈاڑھی مبارک رکھنے کی توفیق عطاء فرمائی اور اس سے پہلے میں نے دو شادیاں کیں اور دونوں بری طرح ناکام ہو گئیں اور ڈاکٹرز نے مجھے یہ لکھ کر دے دیا تھا کہ میں کبھی باپ نہیں بن سکتا 2014ء میں میں نے تیسری شادی کی' تسبیح خانہ میں آنے کے بعد دس مہینے ہی شادی کو ہوئے تھے کہ رب تعالیٰ نے مجھے بیٹا عطاء کیا' میں نے اس کا محمد ابراہیم نام رکھا ہے۔

پوشیدہ کورس

صرف اور صرف پوشیدہ امراض میں مبتلا بہنوں کے نام

خواتین کی ان بیماریوں کیلئے جن کا اظہار شرم حجاب کا باعث بنتا ہے اور اندر اندر خواتین اپنا آپ گھلائے جاتی ہیں وہ صرف لیکوریا ہے' ایام کی کمی و زیادتی' بوجھ پڑنا' کمر میں درد' کولہے میں درد اور کھچاؤ' اندرونی ورم حتی کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ

صرف دس دن کی دوائی سے حیرت انگیز رزلٹ دیکھ کر آپ خود حیران رہ جائیں گی

خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہا سال کی تحقیق کے بعد کامیاب علاج

مایوس اور غیر مطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ہو وہ ضرور استعمال کریں

عبقری جب نہ ملتا ہو۔۔۔؟؟؟

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایت مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ نہیں ملتا یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈرز کی کارکردگی بہتر بنانے کے لئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ 1۔ بک سٹال جہاں رسالہ دستیاب نہ ہو؟۔ 2۔ شہر اور علاقے کا نام؟۔ 3۔ ممکن ہو تو بک سٹال کا فون یا موبائل نمبر۔ ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔

042-37552384-042-37425801-3

دفتر ماہنامہ عبقری' عالمی مرکز روحانیت و امن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

فٹنس پیکیج ذہنی و جسمانی تھکاوٹ خون کی کمی اور بے رونق زندگی کیلئے

فٹنس پیکیج خواتین کے حسن و صحت کیلئے بے مثال

